★آیت الکرسی بے شمار فضائل و برکات کی حاملِ ہے آیت الکرسی کی عظمت کے سبب سترہ ہزار (۱۷۰۰۰) فرشتے اس کے ساتھ نازل ہوتے ہیں۔ یہ آیت سدرۃ القرآن کہلاتی ہے۔ ★حضرت ابوذر غفاریؓ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سوال کیا کہ سب سے عظیم آیت قرآن شریف کی کونسی ہے تو سرکارِ ختمی المرتبت نے فرمایا ''آیت الکرسی'' ★امام حضرت علیؑ اور امام محمد باقرؑ سے منقول ہے جنابِ رسولؐ خدا کا ارشاد گرامی ہے کہ ''آیت الکرسی'' کے مقابلے میں قرآن شریف میں کوئی آیت نہیں۔ ★سورۃ البقرہ قرآن شریف کا سب سے طولانی سورۃ ہے اور سورۃ البقرہ کی سب سے بڑی آیت ''آیت الکرسی'' ہے اور اس کی فضیلت اس بنا پر ہے کہ اس میں توحید کے بارے میں اہم امور بیان ہوتے ہیں۔ ★جنابِ امیر المومنینؑ کا فرمان ہے کہ اگر مسلمان کو معلوم ہو جائے کہ آیت الکرسی کی کیا فضیلت ہے تو وہ اس کے پڑھنے سے کسی وقت غافل نہ رہے۔ ★تمام علوم باطنی میں آیت الکرسی کا حصار سب سے موثر ترین شمار کیا جاتا ہے۔ ★حضرت امام علیؑ کا ارشاد ہے کہ آیت الکرسی بعد نماز فریضہ پڑھنے والوں کو بہشت میں داخل ہونے سے کوئی اور مانع نہ ہوگا۔ ★جابرؓ نے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کی ہے کہ آیت الکرسی بعد نماز فریضہ پڑھنے والے پر خدا نظر۔ لطف اور رحمت فرماتا ہے اور ثواب عظیم عطا کرتا ہے۔ اور آیت الکرسی کے ہر حرف سے ایک فرشتہ پیدا کریگا جو پڑھنے والے کیلئے قیامت تک تسبیح خدا کریگا۔ ★اسمائے الٰہی میں ''یاحی یاقیوم'' کو تمام روحانی سلاسل میں اسم اعظم مانا جاتا ہے۔ آیۃ الکرسی کی ابتداء میں ہی دونوں اسمائے الٰہی موجود ہیں۔ ★اسم ذات اللہ کے بعد اسمائے صفات ''یاحی یاقیوم'' کی نورانیت میں کوئی شبہ نہیں ہے۔ ★امام محمد باقرؑ کا ارشاد ہے کہ جو شخص آیت الکرسی ایک مرتبہ روزانہ پڑھے گا وہ فقر سے امان میں رہے گا۔ ★حضرت امیر المومنینؑ اور تمام آئمہ معصومین کا فرمان ہے کہ ''یاحی یاقیوم'' اوّل وآخر درود کے بعد ان دونوں اسمائے الٰہی کا تسلسل وردِ حاجت روائی، وسعت رزق تحفظ جان ومال اور کامیابی کیلئے مجرب ہے۔ ★حضرت عیسیٰؑ ایک دن میں ہزاروں مریضوں کو تندرست کردیتے تھے۔ انکا وردِ یہی ''یاحی یاقیوم'' تھا۔ ★حضرت امام محمد باقرؑ سے روایت ہے کہ ہر وضو کے بعد ''آیت الکرسی'' پڑھنے سے خدا چالیس سال کی عبادت کا ثواب عطا فرماتا ہے۔ اور اس کے چالیس درجات بلند کئے جاتے ہیں۔ ★حضرت امام باقرؑ کا ارشاد گرامی ہے کہ جو ایک مرتبہ ''آیۃ الکرسی'' پڑھے گا خداوند عالم اس کی ہزار بلاؤں کو دفع کریگا۔ ★اپنی حفاظت کیلئے آیت الکرسی سات بار پڑھیں یعنی دائیں، بائیں آگے، پیچھے، اوپر اور نیچے اور ساتویں مرتبہ اپنے اوپر دم کریں جب آپ گھر سے باہر جائیں گے تو فرشتے آپ کی حفاظت کریں گے اور اگر آیۃ الکرسی کو لکھ کر یا اس کا نقش پاس رکھنے سے خودکش حملوں اور ناگہانی موت سے محفوظ رہیں گے۔ ★حضرت امیر المومنینؑ کا ارشاد گرامی ہے کہ ردِ بلا، پریشانیوں مشکلات اور اضطراب میں رسولؐ خدا ''یاحی یاقیوم'' پڑھتے تھے اور مصیبت اور پریشانیوں سے نجات ملتی تھی۔ ★دل پریشان رہتا ہو، طبیعت میں بے چینی رہتی ہو تو روزانہ پانچ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر پانی پر دم کر کے دُعا مانگ کر پانی پی لیا کریں انشاء اللہ یہ کیفیت جاتی رہے گی۔ ★بچے جب بھی گھر سے باہر جائیں ایک مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر بچوں پر پھونک دیا کریں، نظر بد نہ لگے گی اور اگر لگ گئی ہو تو اس کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔ ★حضرت امام رضاؑ کا ارشاد گرامی ہے سوتے وقت ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے گا تو وہ کبھی مرض فالج میں مبتلا نہ ہوگا۔ ★آیت الکرسی لکھ کر یا اس کا نقش گلے میں یا بازو پر باندھنے سے دُشمن / حاسد / سحر / جادو / جنات اور شیاطین سے محفوظ رہیں

سالانہ مجلس شب بیداری 22 رمضان المبارک 9 بجے شب مرکزی امام بارگاہ بلاک نمبر 11 خانیوال [illegible] Mob: 0300 6898110

محسن چوہان بک سیلر بی بی پاکدامن لاہور فون: 0300-8011880

شبیر کیسٹ اینڈ شکیل برادرز بی بی پاکدامن لاہور فون: 36312227

گے۔★عوام / لوگوں / محفلوں / آفس میں عزت واحترام ہونے کیلئے روزانہ گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ لیا کریں۔★جو شخص آیۃ الکرسی کو اپنا ورد بنالے وہ شیطان کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔ دُشمنوں / حاسدوں سے بچا رہتا ہے۔★ہر فریضہ نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھنا بہت بڑا ثواب ہے۔★جنگل، بیابانوں، سنسان جگہوں سے اگر آپ کا گذر ہو تو سر پر ہاتھ رکھ کر آیۃ الکرسی کا ورد کرتے رہیں تو وہاں سے بخیریت گذر جائیں گے۔★جو شخص آیۃ الکرسی کو روزانہ سو مرتبہ پڑھے گا تو اس کو پوری عمر کی عبادت کا ثواب عطا ہوگا۔★آیۃ الکرسی لکھ کر یا اسکا نقش بچے کے گلے میں ڈالیں بچہ اگر روتا ہو تو رونا ختم ہو جائیگا۔ اور ہر قسم کے ضرر سے امان میں رہے گا۔★امتحان میں کامیابی کیلئے گھر سے جاتے وقت گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھنے سے انشاء اللہ کامیابی ملے گی★نماز فجر کے بعد سات مرتبہ پڑھنے سے ہر قسم کے ضرر و نقصان سے محفوظ رہیں گے اور روزی کے دروازے تمام دن کھلے رہیں گے ★جب گھر سے باہر جائیں اور دروازے پر تالا لگائیں تو اس پر ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کر دیا کریں انشاء اللہ گھر چوروں اور ڈاکوؤں سے محفوظ رہے گا۔★دکان میں لکھ کر یا گھر کی دیوار پر لٹکا دیں تو باعث برکت اور باعث حفاظت ہے۔★آیت اللہ کشمیری فرماتے ہیں کہ آیت الکرسی "ھم فیھا خالدون" تک اکیس ۲۱ مرتبہ روزانہ پڑھنا قوت حافظہ کیلئے انتہائی نفع بخش ہے۔★روزانہ نماز فجر کے بعد ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ "اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ" کا پڑھنا نورانیتِ قلب کیلئے خاص طور سے نفع بخش ہے۔★اگر پیٹ درد یا تکلیف رہتی ہو تو جب بھی پانی یا کوئی مشروب پئیں تو سات مرتبہ "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ" پڑھ کر پانی پر دم کر کے یا مشروب پر پی لیا کریں۔ انشاء اللہ جلد ہی یہ کیفیت ختم ہو جائیگی۔★جناب رسولؐ خدا سے منقول ہے کہ جو شخص آیت الکرسی روزانہ پابندی سے پڑھے گا تو خداوند عالم اس کے قلب کو حکمت، ایمان، خلوص، توکل اور وقار سے بھر دیگا۔★اگر آیۃ الکرسی کو "خالدون" تک پڑھ کر اور سات دن تک گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں تو بخار سے نجات ملے گی اور شفایابی ہوگی۔★حافظہ قوی کرنے کیلئے آیۃ الکرسی کو زعفران سے چینی کی پلیٹ پر لکھیں اور زبان سے چاٹیں سات دن تک عمل کریں انشاء اللہ حافظہ قوی اور تیز ہوگا۔★فراخی رزق کیلئے ہر فریضہ نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھ لیا کریں روزی رزق میں اضافہ اور وسعت رزق کی دُعا مانگیں انشاء اللہ رزق میں اضافہ ہوگا۔★کسی بھی سواری پر سوار ہوتے وقت آیۃ الکرسی پڑھی لی جائے تو انشاء اللہ بخیریت منزل پر پہنچے گی اور کوئی حادثہ پیش نہ آئے گا۔★حفاظت جان و مال اور دُشمن کے شر سے بچنے کیلئے گیارہ مرتبہ روزانہ آیت الکرسی "وَهُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ" تک پڑھیں اوّل اور آخر درود کے ساتھ دُعا مانگ لیا کریں۔★جو شخص ہر فریضہ نماز کے بعد پڑھے گا خدا اس پر کبھی عذاب نازل نہ کریگا اور نظر رحمت سے اس کو دیکھے گا اور اس پر تونگری کے دروازے کھول دیگا۔★آیۃ الکرسی لکھ کر یا اس کا نقش بچوں کے گلے میں ڈالیں نظر بد، خواب میں ڈرنا، رونا، وبائی امراض، حادثات، جادو، سحر، شیطان، جنوں، دُشمنوں اور حاسدوں سے محفوظ رکھے گا۔ نقش یہ ہے۔

۵۱۶ 8	۵۱۹ 11	۵۲۲ 14	۵۰۹ 1
۵۲۱ 13	۵۱۰ 2	۵۱۵ 7	۵۲۰ 12
۵۱۱ 3	۵۲۴ 16	۵۱۷ 9	۵۱۴ 6
۵۱۸ 10	۵۱۳ 5	۵۱۲ 4	۵۲۳ 15

★آیۃ الکرسی لکھ کر یا اسکا نقش مولود کے گلے میں ڈالیں مولود ہر آفت، بیماری اور نظر بد سے محفوظ رہے گا۔ قبر پر پندرہ مرتبہ آیۃ الکرسی گیارہ مرتبہ سورۂ توحید پڑھ کر دُعائے مغفرت کرنے سے مرحوم کیلئے باعثِ مغفرت اور اپنے لئے سعادت دارین کا ذریعہ ہے۔★جو شخص ہر نماز کے بعد اٹھارہ مرتبہ "وَهُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ" پڑھے، باعث طول عمر اور وسعت معاش میں اثر عظیم رکھتا ہے۔★آیۃ الکرسی کا روزانہ اکیس مرتبہ پڑھنا قوت حافظہ بڑھانے اور قرآنی سوروں کو یاد کرنے کیلئے انتہائی مجرب ہے۔★جو شخص مرنے سے پہلے آیت الکرسی پڑھے گا وہ بہشت میں اپنی جگہ دیکھ لے گا۔★ہر روز جو شخص بعد نماز فجر وعشاء آیت الکرسی پڑھے گا تو وہ چور، ڈاکو اور آتش زدگی سے محفوظ رہے گا۔★مولائے کائنات امیر المومنینؑ فرماتے ہیں کہ غزوۂ بدر کے وقت میں نے ایک وقت پر چاہا کہ حضور اکرمؐ کو دیکھوں کہ آپ کیا کر رہے ہیں جب پہنچا تو دیکھا کہ آپ سجدے میں ہیں اور بار بار کہہ رہے ہیں۔★حضرت امیر المومنینؑ فرماتے ہیں کہ رسولؐ خدا کو منبر پر کہتے سنا کہ جو شخص نماز واجب کی تعقیبات میں آیت الکرسی پڑھے گا تو کوئی چیز اس کے اور جنت کے درمیان حائل نہ ہوگی۔ اور سیدھا جنت میں جائیگا۔ جو شخص ہر فریضہ نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھے گا اس کی نماز قبول ہوگی۔

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے رسالۂ حقوق کا ترجمہ مع شرح

مرسلہ: سیّد بابر حسین رضوی۔ کراچی
0313-2009666

حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کے آثار میں سے ایک بڑی قیمتی چیز جو باقی رہ گئی وہ آپ کا ''رسالۂ حقوق'' ہے۔ اس رسالے کو ابن شعبۃ الحرانیؒ نے اپنی کتاب ''تحف العقول'' میں تفصیل کے ساتھ اور شیخ صدوقؒ نے ''مَنْ لا یحضُرہُ الفقیہ'' ''خصال'' اور ''امالی'' میں قدرے اختصار کے ساتھ ذکر فرمایا ہے۔

''رسالۂ حقوق'' کا ترجمہ (مع شرح) قارئین کرام کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے۔

(ترجمہ و شرح) ''رسالۂ حقوق''

حقِ خدا خداوند عالم کا حق اُس کے بندوں پر یہ ہے کہ اُس کی عبادت کریں اُس کے سوا کسی کو بھی معبود قرار نہ دیں۔ (کیونکہ سب سے زیادہ خطرناک بات یہ ہے کہ لوگ اپنے نفس کو اپنا معبود بنا لیتے ہیں پھر جو حکم اُن کا نفس دیتا ہے اُس پر عمل کرتے ہیں، اور خدائے تعالیٰ کے حکم کو پسِ پشت ڈال دیتے ہیں۔ مثلاً اذان شروع ہوئی، لوگ اپنی باتوں میں مصروف رہے۔ کیونکہ نفس یہ کہتا ہے کہ ابھی ضروری نہیں ہے کہ فوراً نماز کے لیے جائیں بلکہ ابھی بہت وقت باقی ہے کسی وقت بھی پڑھ سکتے ہیں۔ پتہ چلا کہ یہاں پر نفس کارفرما تھا، خدا کارفرما نہیں تھا۔ اِسی بات کو خدا نے قرآن میں اِن الفاظ میں ارشاد فرمایا ہے کہ:

''اَرَءَیْتَ مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ط اَفَاَنْتَ تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ○

پارہ 19 (سورۂ الفرقان آیت ۴۳)

یعنی (اے میرے حبیبؐ!) کیا آپؐ نے اُسے دیکھا کہ جس نے اپنی خواہش نفس کو اپنا معبود بنا لیا ہے؟ پھر بھلا آپؐ اُس کی طرف سے اُس کے وکیل (کارساز یا شفاعت کرنے والے، کیونکر ہو سکتے ہیں)

اسی بناء پر اللہ نے کلمہ میں لَآ اِلٰهَ پہلے کہلوایا، تاکہ سارے معبودوں سے بیزاری اختیار کرلے پھر کہے۔ اِلَّا اللّٰہُ ورنہ اُس کلمہ گو نے اپنے اصل معبود کو معبود قرار نہیں دیا بلکہ اُس کا معبود وہی ہے جس کی اطاعت کرتا نظر آتا ہے)

اگر خلوص سے خدا کی عبادت کریں گے تو وہ اُن کی دُنیا و آخرت دونوں کو سنوار دے گا۔

حقِ نفس نفس کا حق انسان پر یہ ہے کہ اُس کو خداوند عالم کی عبادت میں لگاؤ۔ (اور اُس سے ایسا سخت کام نہ لو کہ جس کی وجہ سے وہ اُس سے بیزار ہو جائے۔ کیونکہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ: ''دل کبھی مائل اور کبھی اُچاٹ ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا جب مائل ہوں، اُس وقت اُنہیں مستحبات کی بجا آوری پر آمادہ کرو اور جب اُچاٹ ہوں تو صرف واجبات پر اکتفاء کرو۔''

☆ دوسری جگہ آپؑ نے یہ بھی ارشاد فرمایا:

''قُلُوْبُ الرِّجَالِ وَحْشِيَّةٌ فَمَنْ تَاَلَّفَهَا اَقْبَلَتْ عَلَيْهِ ○''

''یعنی لوگوں کے دل صحرائی جانور (کے مثل ہوتے) ہیں جو اُن کو سدھائے گا اُس کی طرف جھکیں گے۔''

حقِ زُبان زُبان کا حق انسان پر یہ ہے کہ وہ اُس کو برائی اور بیہودہ گوئی سے روکے اچھی باتوں کے لیے اُسے استعمال کرے۔ اور ایسی بات نہ کہے کہ جس میں کوئی فائدہ نہ ہو لوگوں کے ساتھ نیکی اور خوبی کا سلوک کرو۔

(کیونکہ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا کہ: ''منافق کی زبان اُس کے دل کے آگے اور مومن کی زبان اُس کے دل کے پیچھے ہوتی ہے۔ کیونکہ منافق بے سوچے سمجھے جھٹ سے ایسی بات کہہ دیتا ہے جو کسی کو بُری لگے لیکن مومن سوچ سمجھ کر بات کرتا ہے۔''

☆ اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:

''يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ○'' كَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰهِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ○'' ''یعنی: اے ایمان والو! تم ایسی بات کیوں کہتے ہو جس پر تم خود عمل نہیں کرتے۔ اللہ کے نزدیک یہ بات نہایت بُری اور ناپسندیدہ ہے کہ تم زبان سے وہ کچھ کہتے ہو جو تم خود نہیں کرتے۔''

حقِ گوش کان کا حق یہ ہے کہ کسی کی غیبت نہ سنو، بلکہ اُس کو تمام حرام چیزوں (غنا و موسیقی۔ گانے بجانے) وغیرہ سے محفوظ رکھو اور اُس کو مواعظہ حسنہ، ذکرِ خدا اور رسولؐ اور ائمہ طاہرینؑ سننے کے لیے استعمال کرو۔

(اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ:
"وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ O" یعنی: جب قرآن پڑھا جائے تو اُس کو خاموشی سے سنتے رہو تا کہ تم پر رحم کیا جائے (یا رحمت نازل کی جائے)۔" پارہ 9 اعراف 204

☆ امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: "جب کوئی بات سنو تو جھٹ سے اُس پر عمل نہ کرو جب تک اس کی تحقیق و تصدیق نہ کرلو۔" پھر فرمایا جب کوئی حدیث سنو تو اُسے عقل کے معیار پر پرکھ لو، صرف نقلِ الفاظ پر بس نہ کرو کیونکہ علم کے نقل کرنے والے تو بہت ہیں اور اُس میں غور و فکر کرنے والے کم ہیں۔"

حقِ چشم یعنی آنکھ کا بھی حق ہے، وہ یہ ہے کہ اُس کو حرام چیزوں کی طرف نہ دیکھنے دو (یعنی کسی نامحرم عورت یا مرد کو نہ دیکھو۔ ایک دفعہ اگر اچانک نظر پڑ جائے تو دوبارہ نہ دیکھو اور نظریں جھکا لو) اور عبرت انگیز مناظر دیکھ کر عبرت حاصل کرو۔

(یعنی: کسی عجیب الخلقت انسان کو دیکھو تو فوراً اللہ کا شکریہ ادا کرو کہ پالنے والے میں ایسا نہیں ہوں۔ میرے ہاتھ پاؤں ٹیڑھے نہیں ہیں میرے جسم کے تمام اعضاء درست اور سالم ہیں، دونوں آنکھیں، کان وغیرہ صحیح ہیں۔ کسی فٹ پاتھ پر سونے والے کو دیکھو تو شکریہ ادا کرو، کہ ہمارے پاس کم از کم معمولی سا مکان تو ہے، کسی بھوکے کو ہوٹل کے سامنے بیٹھا ہوا دیکھو (جو اس بات کا منتظر ہے کہ کوئی ہمیں کھانا کھلا دے) شکریہ ادا کرو اور اُس سے عبرت حاصل کرو کہ ہم ایسے نہیں ہیں۔ عزت کے ساتھ اپنے گھروں میں بیٹھ کر اپنے اہل و عیال کے ساتھ حلال کا کھانا کھاتے ہیں۔)

حقِ دست (ہاتھوں کا حق) یہ ہے کہ اُن سے فعلِ حرام انجام نہ دو۔

(حضورؐ اکرم نے ارشاد فرمایا: "مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے لوگ محفوظ رہیں)

(اور قیامت کے دن یہی ہاتھ ہماری ساری رُوداد اللہ تبارک و تعالیٰ کے سامنے بیان کردیں۔ جن کو درحقیقت ہم بظاہر اپنے ہاتھ کہتے ہیں، یہ بھی تو اپنے نہیں ہیں اصل میں یہ اللہ تعالیٰ کے لاؤ لشکر ہیں جو دُنیا میں تمہارے فرمانبردار اور اطاعت گذار ہیں۔ چاہے کسی پر ان سے بندوق چلا کر قتل کردو، یا کسی دُکھی کی مدد کرو۔ لیکن ہاتھ منع نہ کریں گے۔ جناب امیر المومنینؑ نے فرمایا: "اَعْضَاؤُكُمْ شُهُوْدُهٗ وَجَوَارِحُكُمْ جُنُوْدُهٗ O"، یعنی: تمہارے ہی اعضاء اُس کے سامنے گواہ بن کر پیش ہوں گے اور تمہارے ہی ہاتھ پاؤں اُس کے لشکر ہیں۔" اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ: "تُكَلِّمُنَا اَيْدِيْهِمْ" "اُن کے ہاتھ

ہمیں (سب کچھ بتادیں گے)۔

حقِ پاء (پاؤں کا حق) یہ ہے کہ حرام جگہوں پر مت جاؤ بلکہ صراط مستقیم پر گامزن رہو۔ اور اس بات سے ہوشیار رہو کہ کوئی تمہیں صراطِ مستقیم سے منحرف نہ کرنے پائے۔

(حرام جگہوں سے مراد یہ ہے کہ ایسے مقام پر نہ جاؤ جن کے بارے میں اللہ نے منع فرمایا ہے۔ اُس طرف قدم مت بڑھاؤ جہاں گناہ سرزد ہونے کا اندیشہ ہے، کسی کو قتل کرنے، کسی کا مال لوٹنے، کسی کی حق تلفی کرنے یا حرام کی روزی۔ "وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ" (سورۂ یٰسین آیت نمبر) یعنی: "اور اُن کے پاؤں اُس کی گواہی دیں گے جو کچھ اُنہوں نے اُن کے ذریعہ سے کمایا ہوگا۔" اس لئے نیک کاموں میں قدم بڑھاؤ۔)

حقِ شکم (پیٹ کا حق) یہ ہے کہ اس کو حرام چیزوں سے پُر نہ کرو اور ضرورت سے زیادہ نہ کھاؤ۔

(کیونکہ جو لوگ حلال رزق حاصل کر کے ضرورت سے زیادہ، بھوک ہے دو روٹیوں کی، اور کھالی جاتیں تین روٹیاں تو نتیجہ سب کو معلوم ہے۔" (بدہضمی اور حکیم ڈاکٹر) اسی لیے امیر المومنین علیہ السلام نے فرمایا: "اتنا کھانا کھاؤ کہ بھوک بھی مٹ جائے اور پیٹ بھرا ہوا بھی محسوس نہ ہو۔ کھانے کے بعد پانی کی جگہ معدے میں چھوڑ دو۔" تا کہ سستی پیدا نہ ہو۔ شکم پُری کے بعد سستی پیدا ہونا لازمی ہے اور صحت کا راز یہ ہے کہ (کم خوردن، کم خفتن، کم گفتن) کے مقولے پر عمل کرتے رہو۔ علاوہ ازیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "اے لوگو! جو کچھ بھی زمین میں حلال اور پاک (روزی) ہے، اُسے کھاؤ اور (حرام چیزیں کھا کر) شیطان کے نقشِ قدم پر نہ چلو، بیشک وہ تمہارا کھلم کھلا دُشمن ہے۔"

(سورۂ بقرۃ آیت ۱۶۸)

حقِ عورت (شرمگاہ کا حق) یہ ہے کہ اُس کو زنا، فحشا اور منکر سے محفوظ رکھو۔

(قرآن مجید میں زانی مرد اور زانیہ عورت کیلئے بہت ہی سخت سزا آتی ہے۔ ارشاد ہوا کہ: "اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مِائَةَ جَلْدَةٍ ص وَّلَا تَاْخُذْكُمْ بِهِمَا رَاْفَةٌ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ج وَلْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ"

(سورۂ نور نمبر ۲۴ آیت نمبر ۲)

یعنی: ("زنا کرنے والی عورت اور زنا کرنے والے مرد، اِن دونوں میں سے ہر ایک کو سو سو کوڑ مارو اور اگر تم خدا اور روزِ آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو حکم خدا کے نافذ کرنے میں تم کو اُن کے بارے میں کسی طرح کا رحم و ترس کا لحاظ نہ

ہونے پائے۔ اور ان دونوں کی سزا کے وقت مومنین کی ایک جماعت کو موجود رہنا چاہئے۔"

حقِ نماز (نماز کا حق) یہ ہے کہ یہ جان لو کہ نماز خداوند عالم کے حضور میں حاضر ہونا ہے۔ خداوند عالم کی عظمت وجلالت کے سامنے کھڑا ہونا ہے اور جب تمہیں اِس بات کا یقین ہو جائے گا تو تم اِس طرح سے کھڑے ہو گے کہ جس طرح سے ایک معمولی سا غلام ایک عظیم ترین بادشاہ کے سامنے کھڑا ہوتا ہے اور اس وقت تمہاری تمام تر توجہ اُس مالکِ حقیقی کی طرف ہی ہوگی۔"

(خداوندِ عالم کا ارشاد ہے کہ: "یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ خُذُوْا زِیْنَتَکُمْ عِنْدَ کُلِّ مَسْجِدٍ (سورۃ نمبر ۷ الاعراف آیت نمبر ۳۱)

یعنی: "اے آدمؑ کے بیٹو! ہر نماز کے وقت بن سنور کے نکھر جایا کرو۔"

امام حسینؑ نماز کے وقت بہت ہی نفیس کپڑے زیب تن فرمایا کرتے تھے۔ جب کسی نے دریافت کیا کہ اس زینت کا کیا سبب ہے؟ تو آپؑ فرماتے ہیں کہ: "اِنَّ اللّٰہَ جَمِیْلٌ وَّیُحِبُّ الْجَمَالَ"

یعنی: "اللہ تعالیٰ خود حسین وجمیل ہے اس لیے وہ زینت وجمال کو پسند فرماتا ہے۔" یوں بھی اگر غور وفکر سے کام لیا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ بھی اللہ تعالیٰ کی نعمت کی ناشکری ہے کہ اُس نے ہمیں اچھے لباس کے مہیا کرنے کی توفیق عطا فرمائی، مال عطا فرمایا۔ اُس مال سے اپنی مالی حیثیت کے مطابق لباس نہ پہنیں۔ یا اگر عمدہ لباس پہن بھی لیں تو صرف گھر سے باہر جانے ہی میں استعمال کریں۔ اپنے دفاتر جاتے وقت، کسی شادی یا دیگر محافل میں تو عمدہ لباس زیب جسم کریں لیکن جس اللہ نے یہ سب کچھ عطا فرمایا ہے۔ جب اُس کی بارگاہ میں حاضری دیں تو گھر میں پہننے والے میلے یا گھٹیا کپڑے پہنیں، کچھ لوگ تو صرف بنیان اور تہمند میں بھی نماز پڑھنے میں کوئی عیب نہیں جانتے۔ یہ اللہ کی عطا اور خود اللہ کی کس قدر بے قدری ہے۔

☆ سرکارِ رسالتؐ نے فرمایا: "اے ابوذرؓ نماز پڑھتے ہوئے یہ خیال کیا کرو کہ میں خداوند عالم کے سامنے کھڑا ہوا ہوں اور اُسے اپنے سامنے دیکھ رہا ہوں۔ اگر تم اُسے نہیں دیکھ رہے ہو تو وہ تمہیں ضرور دیکھ رہا ہے۔

☆ حضوریٔ قلب کے لیے یہ ضروری ہے نماز پڑھتے وقت جو سورۃ پڑھ رہے ہو اُس کے معانی کی طرف توجہ ہونی چاہئے۔ (باقی آئندہ انشاءاللہ)

مرسلہ: سیّد بابر حسین رضوی۔ کراچی. 0313-2009666

(تحفہ امیر المومنین علیہ السلام)

حرز عظیم

مجرب لقضاء الحاجت

علامہ زاہد نقوی۔ مختار الاعمال روحانی مرکز

ناصر شہید روڈ محلہ بخاری پرانا بکر خانہ احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور پنجاب پاکستان

Mob:0301-7776838/0331-7559391/0301-7776838

سرکار حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا جو شخص سورۃ الحمد۔ سورۃ بقرہ کی پہلی چار آیتیں۔ آیۃ الکرسی اور سورۃ بقرہ کی آخری تین آیات با قاعدہ تلاوت کرے تو ہر قسم کے شر سے محفوظ رہے۔ بشرطیکہ روزی حلال ہو۔ جھوٹ نہ بولے اور پابندی صوم وصلوٰۃ ہو۔ درج شدہ حرز کے پڑھنے سے اللہ تبارک وتعالیٰ انسان کو جنت میں بہت بڑا مقام عطا کرے گا۔ اگر سفر میں پڑھا جائے تو ہر قسم کے خوف وخطر سے محفوظ رہیں گے رات کے وقت تلاوت کر کے سوئیں 70 ملائکہ حفاظت کریں گے۔ دُنیا کی ہر آفت اس سے دور رہے گی۔ رزق وسیع ہوگا جابر وظالم حاکم کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ نقشِ حرز پاس رکھ سکتے ہیں مشاورت اور مزید معلومات کے لیے رابطہ کر سکتے ہیں۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُفَرِّجُ کُلِّ کَرْبٍ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُعِزُّ کُلِّ ذَلِیْلٍ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُغْنِیْ کُلِّ فَقِیْرٍ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُقَوِّیْ کُلِّ ضَعِیْفٍ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مَفْزِعُ کُلِّ لَھِیْفٍ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کَاشِفُ کُلِّ کُرْبَۃٍ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُنْتَھٰی کُلِّ رَغْبَۃٍ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ رَافِعُ کُلِّ حَسَنَۃٍ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دَافِعُ کُلِّ سَیِّئَۃٍ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ عَالِمُ کُلِّ خَفِیَّۃٍ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلِیُّ کُلِّ نِعْمَۃٍ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کُلُّ شَیْءٍ خَاشِعٌ لَّہٗ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کُلُّ شَیْءٍ مُشْفِقٌ مِّنْہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا کُلُّ شَیْءٍ رَاغِبٌ اِلَیْہِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کُلُّ شَیْءٍ رَاھِبٌ مِّنْہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا کُلُّ شَیْءٍ قَائِمٌ بِہٖ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کُلُّ شَیْءٍ مَصِیْرُہٗ اِلَیْہِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کُلُّ شَیْءٍ مُطِیْعٌ لَّہٗ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کُلُّ شَیْءٍ ذَلِیْلٌ لَّہٗ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کُلُّ شَیْءٍ فَقِیْرٌ اِلَیْہِ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کُلُّ شَیْءٍ مُّنِیْبٌ اِلَیْہِ وَالْخَلْقُ کُلُّھُمْ فِیْ قَبْضَتِہٖ وَالنَّوَاصِیْ کُلُّھَا بِیَدِہٖ وَالْمَلٰٓئِکَۃُ مُشْفِقُوْنَ مِنْ خَشْیَتِہٖ لَہُ الْحَمْدُ حَمْدًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا طَیِّبًا دَائِمًا بُکْرَۃً وَّاَصِیْلًا وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا

ضرورت مند حضرات 27 آیات قرآنی اور اس حرز عظیم کا نقش رابطہ کر کے منگوا سکتے ہیں

قرآن مقدس کا قلب سورۃ یٰسٓ کی کرامت

تحریر: بزرگ روحانی محقق آغا حسنین احمد 0300-6802983/0331-7560412

ہر سال امامیہ جنتری لاہور کے لیے ایسا مضمون لکھتا ہوں جو عام فہم ہوتا ہے کہ سب مومنین ومومنات آسانی سے استفادہ کر سکیں۔ قرآن مقدس 30 پاروں اور 114 سورتوں پر مشتمل ہے اکمل واصدق ہے لاریب فیہ ہے۔ ومن یقنت پارہ نمبر 22 کی سورۃ یٰسٓ مکی نمبر 36 کی کل آیات 83 ہیں ان میں 7 مبین ہیں۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (شروع کرتا ہوں نام اللہ کے جو بہت مہربان اور رحم والا ہے) (1) یٰسٓ والقرآن الحکیم (2) انک لمن المرسلین (3) اے س، قسم ہے محکم قرآن کی یقیناً آپ بھی رسولوں میں سے ہیں۔ صفحات میں گنجائش نہیں کہ قرآن میں کئی جگہوں پر اللہ نے قسمیں کیوں اٹھائیں؟ قرآن مقدس: کلام اللہ جو بذریعہ وحی حضرت محمدؐ رسول رحمت خاتم الانبیاء پر نازل ہوا۔ ماہ مقدس رمضان کی لیلۃ القدر میں نزول کا آغاز ہوا۔ قرآن کے لفظی معنی ہیں، بہت زیادہ پڑھی جانے والی کتاب۔ سورۃ یٰسٓ کو قلب قرآن بھی کہتے ہیں۔ سورۃ یٰسٓ کو یاسین یا یٰسین لکھنا پڑھنا غلط ہے۔ قلب کے معنی ہیں ضمیر، من، دل، وسط، باب۔ سورۃ یٰسٓ کا قلب سورۃ فاتحہ ہے، سورۃ فاتحہ کا قلب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہے۔ بسم اللہ کا قلب ب ہے ب کا قلب نیچے والا نقطہ ہے۔ امیر المومنین مولائے متقینؑ نے فرمایا بسم اللہ کی ب کا نیچے والا نقطہ میں علیؑ ہوں۔ نقطہ آغاز علم ہے بلا فضل نقطے ملتے ہیں تو حرف بنتا ہے حروف کے اجتماع سے لفظ بنتا ہے الفاظ کے اجتماع سے فقرے اور فقروں کے اجتماع سے قرآن بنا ہے۔ قرآن پاک کی کئی سورتوں کے آغاز میں حروف مقطعات ہیں ان حروف کو الگ الگ پڑھا جاتا ہے مثلاً کھیعص کاف ہا یا عین صاد یٰسٓ بھی انہی حروف مقطعات میں سے ہے ان حروف کے معنی صرف محمدؐ وآل محمدؐ معصومین علیہم السلام منصوص من اللہ کو معلوم ہیں۔ کرامت کے معنی ہیں بزرگی، بڑائی، فضیلت بخشش سخاوت، خوبی، عمدگی۔

ترکیب عمل سورۃ یٰسٓ

بعد نماز صبح یا بعد نماز مغربین عشا کے باوضو مصلّی یا جائے نماز پر بیٹھ کر سورۃ یٰسٓ کی تلاوت شروع کریں مع بسم اللہ آیت نمبر 12 اول مبین تک تلاوت کر کے پھر یٰسٓ سے شروع کر کے آیت نمبر 17 کی دوسری مبین تک تلاوت کریں۔ پھر یٰسٓ سے شروع کر کے آیت نمبر 24 کی تلاوت تیسری مبین تک تلاوت کریں۔ پھر یٰسٓ سے شروع کر کے آیت نمبر 47 کی تلاوت چوتھی مبین تک تلاوت کریں۔ پھر یٰسٓ سے شروع کر کے آیت نمبر 60 کی پانچویں مبین تک تلاوت کریں پھر یٰسٓ سے شروع کر کے آیت نمبر 69 کی چھٹی مبین تک تلاوت کریں پھر یٰسٓ سے شروع کر کے آیت نمبر 77 کی ساتویں مبین تک تلاوت کریں۔ بارگاہ خداوندی میں بتوسل چہاردہ معصومینؑ اپنے مقصد کی دعا کریں اور منت مانیں کہ مقصد پورا ہونے پر مکمل سورۃ یٰسٓ کی تلاوت الیہ ترجعون تک کروں گا یا کروں گی۔ یہ 7 دن کا عمل ہے ہر مومن ومومنہ کو دعوت ہے پڑھنے کا کوئی خوف خطرہ (Reaction) نہیں ہوگا۔ مجرب ہے کرامت ہوگی۔

حضور سرور کائنات خاتم الانبیاءؐ کا ارشاد پاک ہے جو آغاز دن میں سورۃ یٰسٓ کی تلاوت کرے اس دن اسکی حاجت پوری ہوگی۔ احادیث میں اس سورۃ کے بہت سے فوائد بیان ہوئے ہیں سورۃ یٰسٓ کی تلاوت کا ثواب پورے قرآن کی تلاوت کے برابر ہے۔ اس سورۃ کی تلاوت قاری کی مغفرت کا باعث ہے میں نے جو طریقہ لکھا ہے اس طریقہ تلاوت سے جادو، سحر، آسیب، پریشانیوں سے نجات، ناحق قید سے رہائی، حصول روزگار، اولاد کی تعلیم، ناگہانی آفات سے بچاؤ اور خواہشات کی تکمیل میں مجرب ہے۔ جو کرم فرما تلاوت کا عمل نہ کر سکیں وہ سورۃ یٰسٓ کی پالش لوح وردشدہ مجھ سے طلب کریں ہدیہ -/600 روپے مضمون کا کوئی جز سمجھ نہ آئے تو فون یا خط سے رابطہ کریں۔ ماہنامہ روحانی فیض ہر ماہ مفت حاصل کرنے کے لیے اپنا نام اور ڈاک کا مکمل پتہ SMS کریں یا خط لکھیں

استخارہ فون پر مفت کرائیں۔ اپنی پریشانی کا روحانی حل معلوم کریں آغا حسنین احمد 0331-7560412 0300-6802983

سورۂ اخلاص کا خاص الخاص عمل

دو رکعت نماز پڑھیں ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد 101 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ پھر نماز ختم کر کے سجدہ میں 11 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں پھر سجدے کے بعد تشہد میں 11 مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھیں۔ اسی طرح 11 مرتبہ یہ عمل کریں۔ پھر 11 مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر 11 مرتبہ استغفار پڑھیں۔ 11 منٹ تک رو رو کر آنکھیں پرنم کر کے 11 منٹ تک دعا مانگیں اور اپنے مقصد کی کامیابی کے دعا مانگیں۔ عمل صبح شام کر سکتے ہیں۔ کسی بزرگ سے سنا ہے کہ یہ عمل بزرگ جنات بھی کرتے ہیں۔ مشکل کشائی کا بہترین عمل ہے۔ ہر مومن کو میری طرف سے اجازت ہے۔ سورۃ الحمد اور دعائے کمیل سے شفائے امراض کے لیے رابطہ کریں۔ منجانب: محمد علی کمیلی چک 3/4L تحصیل احمد پور سیال ضلع جھنگ۔ فون 0332-6996581

تسبیح اسمائے حسنیٰ

شرِ جنات کے خوف واذیت سے محفوظ رہنے کے لئے وقتاً فوقتاً 70 مرتبہ ان اسماء کا ورد کرنا ڈھال کا درجہ رکھتا ہے

یَا حَافِظُ یَا حَفِیْظُ یَا رَقِیْبُ یَا مُھَیْمِنُ یَا نَاصِرُ یَا قَوِیُّ

اصدق واکمل قرآن مقدس کی آیات سے حصول مقاصد

تحریر: آغا جعفر حسین سٹیلائیٹ ٹاؤن احمد پور شرقیہ نمبر 5 ضلع بہاولپور Ph: 0300 7807248, 0312 7807248, 0331 8000134

آسمانی کتب میں سے قرآن مقدس کا دعوی ہے کہ لَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ ؁ کوئی تر وخشک نہیں جسکا اس کتاب ظاہر میں میں ذکر نہ ہو اور فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ لوگوں کے لیے شفاء ہے۔ اور لکلّ داء اور اسی قرآن مقدس میں ہر درد کی دوا ہے۔ چودہ معصومین علیہم السلام راسخون فی العلم کی نسبت سے قرآن مقدس کی چند آیات لکھ رہا ہوں جو مجرب و مسلم ہیں۔ آپ بلا شک وشبہ استفادہ کریں اور اسکے صلہ میں امامیہ جنتری کے بانی آغا نثار احمد مرحوم کی مغفرت کی دعا کریں اور میرے والد بزرگوار محقق قبلہ آغا حسنین احمد صاحب کی صحت وسلامتی کے ساتھ درازی عمر کی دعا دیں اور اللہ پاک ہمارے، ملک پاکستان کو سلامت رکھے۔ ہر آیت سے قبل اول وآخر درود پاک اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِ مُحَمَّدٍ 11 بار ضرور ورد کریں۔

آیت سے قبل ایک بار بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں۔ یہ عمل باوضو عشا کو مکمل کریں مسلسل 40 شب تک۔

نمبر	آیت قرآنی	مقصد	تعداد
1	قُلْ رَّبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا	حصول علم	144 بار
2	لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ؁	تسخیر خلق	108 بار
3	اِفْتَحْ اَبْوَابَ فَتْحِكَ لِيْ يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ	فتحیابی	74 بار
4	نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ نَصْرٌ مِّنَ اللّٰهِ وَفَتْحٌ قَرِيْبٌ ؁	امداد ربی	218 بار
5	قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا	حب	182 بار
6	وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ؁	حفظ وامان	92 بار
7	وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ؁	فراخی رزق	106 بار
8	وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ	شفاء از مرض	101 بار
9	حَاجَةً فِيْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قَضٰهَا ؁	من پسند شادی	36 بار
10	يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ	غناء	36 بار
11	رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ؁	حصول اولاد	38 بار
12	وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ ؁	غلبہ	111 بار
13	يَا قَاهِرُ ذُو الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ يُطَاقُ اِنْتِقَامَهٗ ؁	دفع دشمن	99 بار
14	سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ؁	حفظ جادو	51 بار

بعد تکمیل ورد آیات دعا کے لیے دونوں ہاتھ میانہ بلند کر کے یہ دعا ایک بار ضرور پڑھیں اور بارگاہ خداوندی میں مقصد عرض کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاَنْتَ الْمَحْمُوْدُ وَبِحَقِّ عَلِيٍّ وَاَنْتَ الْاَعْلٰى وَبِحَقِّ فَاطِمَةَ وَاَنْتَ فَاطِرُ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَبِحَقِّ الْحَسَنِ وَاَنْتَ الْمُحْسِنُ وَبِحَقِّ الْحُسَيْنِ وَاَنْتَ قَدِيْمُ الْاِحْسَانِ وَبِحَقِّ تِسْعَةِ الْمَعْصُوْمِيْنَ مِنْ ذُرِّيَّةِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ ؁

نوٹ ہر ماہ کی 9 تاریخ کو لاہور اور ہر ماہ کی 10 تاریخ راولپنڈی میں بالمشافہ ملاقات کریں۔ ملاقات کی کوئی فیس نہیں ہے۔

جشن امام علی رضاؑ و دفتر کی عرس مبارک امام زادہ سید لال حبیب زیدی لکھنؤ ۱۰-۱۱ ذیقعد۔ بمقام کوٹ غلام محمد خاں لاہور 0302-6816392

عون کیسٹ، C.D سنٹر دربار بی بی پاکدامن لاہور 0322 4312112 زیدی بک سٹال محمدی مسجد حالی روڈ گلبرگ لاہور فون: 0321 4871774

مجلس عزاو ماتم داری بسلسلہ چہلم 15 صفر المظفر 2 بجے تارات امام بارگاہ آغا طالب علی نمبردار 38 چپ دیوار تحصیل و ضلع فیصل آباد

مجرب وظائف حضرت بی بی فاطمۃ الزاہرا سلام اللہ علیہا

سیّدہ صوفیہ نقوی: 042-37911884

استغاثہ بحضور حضرت فاطمہ

بعد از غسل نصف شب دو رکعت نماز ادا کرے پھر تسبیح حضرت فاطمہؑ پڑھے اور نماز و تسبیح کا ثواب سیّدہ عالمینؑ کو ہدیہ کرے اسکے بعد درج ذیل کلمہ "استغاثہ" سجدے میں سر رکھ کر سو مرتبہ کہے پھر دائیں رخسار کو زمین پر رکھ کر سو مرتبہ یہی ذکر پڑھے پھر بائیں رخسار کو زمین پر رکھ کر سو مرتبہ یہی ذکر پڑھے پھر سیدھا سجدگاہ پر سر رکھ کر سو مرتبہ یہی ذکر پڑھے۔

يَا مَوْلَاتِي يَا فَاطِمَةُ اَغِيثِينِي (اے میری مخدومہ اے فاطمہؑ میری فریاد کو پہنچیں)

نماز خوف

حضرت فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا سے روایت ہے کہ حضرت رسول خداؐ نے فرمایا کہ ہر قسم کے خوف اور بڑے وقت کے ازالہ کے لیے جبکہ وہ خوف زدہ ہو چار رکعت نماز دو، دو رکعت کر کے اس طرح بجالائے کہ ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورۂ توحید پچاس مرتبہ پڑھے۔ حضرت فاطمہؑ ضمانت دیتی ہیں کہ وہ ہر قسم کے خوف سے محفوظ رہے گا۔

حرز حضرت فاطمہ

یہ حرز جانی نقصان کا ضامن اور چار دیواری کا کام دیتا ہے جو کوئی اس کو جان کی ضمانت و حفاظت کے لیے لکھ کر باندھے یا سجدے میں سر رکھ کر پڑھ لے تو وہ ہر قسم کے جانی و مالی نقصان سے محفوظ رہے گا۔ تجربہ شدہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے

يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيثُ فَاَغِثْنِي وَلَا تَكِلْنِي

اے زندہ اے پائندہ تیری رحمت کے ذریعے فریاد کر رہا ہوں پس میری فریاد رسی کیجیے اور مجھے حوالے نہ کرنا

اِلٰى نَفْسِي طَرْفَةَ عَيْنٍ وَّاَصْلِحْ لِي شَاْنِي كُلَّهُ

میرے نفس کے پلک جھپکنے جتنے (وقت) تک بھی اور میرے تمام حالات میں بہتری پیدا فرما

اسرار قضائے حاجات

جو کوئی مہم حاجات رکھتا ہو تو وہ دو رکعت نماز ہدیہ برائے حضرت فاطمہؑ پڑھتے ہوئے قنوت میں یہ دعا پڑھے یقیناً اللہ تعالیٰ اسکی تمام حاجات پوری فرمائے گا۔

اَللّٰهُمَّ بِفَاطِمَةَ وَاَبِيهَا وَبِفَاطِمَةَ وَبَعْلِهَا وَبِفَاطِمَةَ وَبَنِيهَا وَبِفَاطِمَةَ وَالسِّرِّ الْمُسْتَوْدَعِ عَلَيْهَا اِقْضِ حَاجَتِي وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

ترجمہ اے اللہ بنام فاطمہؑ اور ان کے باباؐ اور بنام فاطمہؑ اور ان کے شوہرؑ اور بنام فاطمہ اور انکے دونوں بیٹوںؑ کے اور اس راز کے جوان پر کھولا گیا میری تمام حاجات پوری فرما اور اللہ کی رحمت ہو محمدؐ و آلِ محمدؐ پر۔

ہر بیماری سے شفاء کے لیے

بی بی پاک فاطمہؑ کا فرمان ہے کہ ہر بیماری سے شفا کے لیے نماز فجر کے بعد پانی پاس رکھ کر روزانہ سورہ دہر پڑھیں اور پانی پی لیں۔

دعائے مغفرت

حضرت فاطمہؑ نے فرمایا جو شخص شب جمعہ میں مرحوم مومنین و مومنات کے لیے درج ذیل دعا پڑھے گا اُس پر جنت واجب ہو جائے گی۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِينَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِينَ وَالْمُسْلِمَاتِ

اے اللہ تو بخش دے تمام (مرحومین) مومنین و مومنات اور تمام مسلمان مردوں اور عورتوں کو۔

سیدہ صوفیہ نقوی
042-37911884

عمل برائے زیارت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

جو شخص خواب میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت سے مشرف ہونا چاہے تو اس کو چاہیے کہ دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد 100 مرتبہ سورۃ اخلاص یعنی (قل هو الله شریف) پڑھے۔ جب نماز سے فارغ ہو جائے تو اس دعا کو 7 مرتبہ پڑھے اور کسی سے بات نہ کرے اور سو جائے۔ (دعا)

يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ اَرِنِي وَجْهَ حَبِيبِي وَنَبِيِّي مُحَمَّدٍ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

انشااللہ ضرور زیارت سے مشرف ہوگا۔ اس عمل کو پڑھتے وقت ان باتوں کا خاص خیال رکھنا ضروری ہے۔ عمل کرنے والے کا جسم پاک صاف ہو، کپڑے پاک ہوں الگ کمرہ ہو عطرمات سے ہر چیز کو بسائے، اس عمل کو منگل ختم ہو کر بدھ کی شب کرے۔ انشااللہ پہلی شب میں ورنہ تین راتوں میں ضرور زیارت سے مشرف ہوگا۔

عامل روحانی ریاض حسین جعفری (ایم) زائچہ بنوانے کے لیے رابطہ کریں 0300-5036347/0333-5765851

جشن ظہور امام زمانؑ 15 اور 16 شعبان کی درمیانی رات امام بارگاہ امام حسینؑ بمقام گاؤں چکری ضلع راولپنڈی میں منعقد ہوگا۔ میزبان: ولی العصر فاؤنڈیشن چکری۔ فون 0333 5289675

احمد بک سٹال محمدی مسجد حالی روڈ لاہور 0300 4967975
رضا بکس ای ایم ای سوسائٹی ملتان روڈ لاہور فون: 0300-4135250

بخت کشادگی، شادی خانہ آبادی، بوسیلہ بی بی پاک فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا

لعل بخش قلندری (روحانی عامل) 0336-9266110, 0301-4243709, 0308-6692514

بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد صاحب مرحوم اور اپنے پیرومرشد قبلہ مولانا حافظ زوار حسین صاحب ڈھکو قلندری مرحوم کے بلندی درجات کیلئے سورہ فاتحہ اور دعائے مغفرت کی گذارش ہے اس کے ساتھ ساتھ محترم آغا افتخار حسین صاحب کا اور ان کے تمام احباب / کارکنان کا جو امامیہ جنتری شائع کرنے کے سلسلے میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں اور قارئین امامیہ جنتری سب کا مشکور ہوں۔ اور سب کے لئے دعا گو ہوں۔

بخت کشادگی، شادی خانہ آبادی ہر بالغ شخص مرد عورت کی خواہش و ضرورت ہے اور رب کریم نے نسل انسانی کا سلسلہ جاری رکھنے کا ایک ذریعہ بھی بنایا ہے۔ شادی خانہ آبادی نکاح کے بارے میں معصومین علیہ السلام کے بہت سے فرامین بھی ہیں۔

رب کریم و خالق نے حضرت آدم علیہ السلام کے لئے ان کی ساتھی حضرت بی بی حوا سلام اللہ علیہا کو خلق فرما کر دونوں کو اکٹھے کر دیا۔ ان دونوں کے دل و دماغ میں ایک دوسرے کیلئے آپس میں پیار محبت وانسیت رکھ دی۔ اور یہ بات وحی یا الہام کے ذریعہ ان تک پہنچوائی کہ آپ دونوں نے زندگی کیسے گذارنی ہے۔ تاکہ نسل آدم بڑے اور معاشرہ تشکیل پائے۔ وقت گذرتا گیا اولاد آدم پیدا ہوئی حضرت ھابیل اور قابیل پیدا ہوئے۔ ان کے لئے بھی رب کریم نے زندگی گذارنے اور نسل آگے چلانے کیلئے ساتھی عطا فرمائے مگر بات پسند اور ناپسند پر آ گئی اور قابیل نے حضرت ھابیل کو قتل کر دیا۔ اس سے ایسی 2-3 بہت خاص باتوں کا پتہ چلتا ہے۔ جسے آج کل تقریباً اکثر لوگ نظرانداز کر دیتے ہیں۔

(1) کس کی شادی خانہ آبادی کس کے ساتھ ہوگی۔ اور؟ (2) کس عورت کے بطن سے کس مرد کی نسل آگے چلانی ہے۔؟ یہ بات قدرت نے اپنے اختیار میں رکھی ہے۔ اور اس معاملہ میں لڑکے یا لڑکی کی پسند یا ناپسند نہیں چلتی۔ پسند کی شادی مرضی کی شادی تب ہی ممکن ہے اگر قدرت کو منظور ہو۔ وگرنہ ناممکن اور باعث فساد۔ **اور من پسند حسب خواہش شادی کروا دینے والوں کے سب دعوئے دھرے رہ جاتے ھیں**۔ (3) بعض مردوں اور بعض عورتوں کیلئے قدرت نے اس دنیا میں تنہا بغیر شادی خانہ آبادی کے زندگی گذارنا لکھا ہوتا ہے۔ مرد یا عورت خوب صورت ہوتے ہیں۔ خوب سیرت ہوتے ہیں۔ کنبہ خاندان قبیلہ اچھا ہوتا ہے۔ صاحب حیثیت بھی ہوتے ہیں۔ برسرروزگار ہوتے ہیں ہر طرح کے اچھے حالات بھی میسر ہوتے ہیں۔ شادی خانہ آبادی کی خواہش بھی رکھتے ہیں۔ اور اس کیلئے وہ خود ان کے والدین۔ بہن بھائی۔ رشتہ دار۔ دوست احباب سب کوشش کرتے ہیں کہ اس کی شادی کسی اچھی جگہ۔ پھر کسی جگہ۔ اور جب تھک جاتے ہیں تو پھر کسی بھی جگہ ہو جائے مگر سب بے کار جاتا ہے۔ اور ایسے مقدر والے مرد حضرات اور عورتیں ساری زندگی تنہا شادی کے بغیر ہی گذار کر اس دنیا سے رخصت ہو جاتے ہیں۔ ایسی بہت سی مثالیں ہر مذہب و ملک میں تقریباً ہر ایک کی نظر و علم میں ہوں گی۔ کہ لاکھ کوششوں کے باوجود حتی کہ 50-60-70-80-90 سال کی عمر تک بھی ان کی شادی نہیں ہو پاتی۔ **پتہ چلتا ھے کہ شادی ضرور ہو گی کے اشتہارات دینے والوں کا یہ دعوی بھی غلط ھی ہوتا ھے۔**

قرآن کریم میں رب رحمٰن و رحیم نے کئی جگہ دعا مانگنے کا کہا ہے۔ کہ تم مجھے پکارو میں تمہاری پکار سنتا ہوں تم مجھ سے مانگو میں تمہاری حاجت روائی کرتا ہوں تم مجھ سے دعا مانگا کرو میں تمہاری دعائیں قبول کرتا ہوں۔ اور میں سب کو دیتا ہوں۔ امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کا فرمان ہے۔ رب کریم سے اچھے مقدر کی دعا مانگا کرو۔ دعا تقدیر مقدر کو بدل دیتی ہے۔ وگرنہ رب رحمٰن و رحیم کبھی دعا مانگنے کا نہ کہتا۔ لہذا دعا ضرور مانگا کرو۔ رب کریم کی ذات پر ایمان و بھروسہ کرتے ہوئے اچھی تدبیر سے بھی برے حالات یا تقدیر کو بدلا جا سکتا ہے۔ بخت کشادگی، شادی خانہ آبادی کیلئے رب رحمٰن و رحیم کے اسمائے حسنی۔ قرآن کریم کی مقدس آیات۔ اور سب سے بڑھ کر اس کی خاص منتخب شدہ ذوات مقدسہ کا اگر وسیلہ پکڑا جائے تو رب کریم کی بارگاہ میں ضرور کامیابی ملتی ہے۔ اور دامن مراد ہاتھ آ جاتا ہے۔

درجہ بالا گذارشات کو مدنظر رکھتے ہوئے بخت کشادگی اور شادی خانہ آبادی کے لئے خاص وقتوں میں لوح تیار کی گئی ہے۔ جس کا عکس بھی دیا گیا ہے۔ تاکہ ضرورت مند دی گئی ہدایات کے مطابق اپنے لئے تیار کر کے اس کی برکات سے فائدہ اٹھا سکیں۔ اس لوح کا نام لوح بی بی پاک فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا / مخلوط سیارگان رکھا گیا ہے۔

اس لوح مبارکہ کی تیاری کیلئے رب رحمٰن و رحیم کے اسماء حسنی، یا مسھل (آسان کرنے والا) یا لطیف (لطف و مہربانی کرنے والا) یا معطی (عطا کرنے والا) (عطیہ کرنے والا) یا من خلق الزوجین الذکر والانثی (اے مرد اور عورت کا جوڑ پیدا کرنے والے) قرآن کریم کی سورۃ مبارکہ

یٰسین کی آیت نمبر 36 **سبحن الذی خلق الازواج کلھا مما تنبت الارض و من انفسھم و مما لا یعلمون**

اور سیدۃ النساء العالمین بی بی پاک فاطمۃ الزہرا سلام اللہ علیہا کے اسم گرامی سے مدد لی گئی ہے۔ رجال الغیب کا خیال رکھتے ہوئے شرف قمر۔ شرف زہرہ۔ شرف شمس یا مشتری کی تثلیث کے موقعہ پر تیار کی جائے تو بہترین رزلٹ ملتا ہے۔ سفید کاغذ پر زعفران سے لکھ کر گلے میں پہنیں۔ تانبا پر لکھ کر سونا پالش کروا کر گھر میں رکھیں۔ انشاء اللہ رب کریم کی مہربانی سے جلد بخت کشادگی، شادی خانہ آبادی کے اسباب مہیا ہو جائیں گے۔ اور رب کریم آپ کو اس مقصد میں کامیابی عطا فرمائے گا انشاء اللہ۔ اپنے لئے خود تیار کر کے استعمال میں لائیں۔ یا رابطہ کر کے ہمارے ادارہ سے حاصل کریں

یا لطیف کے اعداد 129 یا معطی کے اعداد 129 یا مسھل کے اعداد 135 اسم مبارک بی بی پاک فاطمہ کے اعداد 1

ترکیب استعمال کا پرچہ جوابی لفافہ بھیج کر منگوا سکتے ہیں۔ لعل بخش قلندری P-505 قلندری چوک گلی نمبر 7 منیر آباد متصل رضا آباد فیصل آباد

۷۸۶

٤٤	٣٩	٤٦
٤٥	٤٣	٤١
٤٠	٤٧	٤٢

یا روفیائیل
ابو عبداللہ
المذھب
یا سرفیائیل
ابو ولید
سید الشمھورش

یاحی یاقیوم

طالع سعلیط کلعلک کلع لللک ابرثا صبرثا صارثا صورثا

۷۸۶ اقسمت علیکم یا ملائکۃ المقربین یا ارواح العلویات و السفلیات و موکلات ھذ الوح و نقوش یاد کقغغائیل۔ یا القغغائیل۔ یا دلقغغائیل یا طلقغغائیل۔ یاحکشحغائیل۔ یاھلقائیل۔ یاطکقائیل حامل لوح و نقوش کی پریشانیاں دور کرنے میں مدد کرو روزی رزق میں فراخی و برکت ہو قرض سے نجات ملے جلد باعزت بابرکت بخت کشادگی ہو بحق الاسمائے اعظم یا مسھل یا لطیف یا معطی و یا من خلق الزوجین الذکر و لانثی و آیت مقدسہ۔ سبحن الذی خلق الا زواج کلھا مما تنبت الارض و من انفسھم و مما لا یعلمون و بحق سیدۃ النساء العالمین بی بی پاک فاطمۃ الزھرا سلام اللہ علیھا۔ العجل الساعۃ الوحا اللھم اجعل لی من امری فرجا و مخرجا

یا مسھل۔ یالطیف۔ یامعطی۔ بحق سیدۃ النساء العالمین بی بی پاک فاطمۃ الزھرا سلام اللہ علیھا حامل لوح / نقش کی مشکلات آسان فرما روزی رزق میں برکت و فراخی ہو جلد باعزت بابرکت بخت کشادہ فرما اللھم اجعل لی من امری فرجا و مخرجا

ہر قسم کی بندش کو توڑنے کے لیے اور مشکلات کا حل

2014 کی امامیہ جنتری میں عدد 4 کے اعمال شائع ہوئے تھے۔ جس سے ہزاروں افراد نے فائدہ اٹھایا۔ اب 5 سے 9 تک کے اعمال دیئے جاتے ہیں۔

عدد 5 کے لیے نِعۡمَ الۡمَوۡلٰی وَنِعۡمَ النَّصِیۡرُ بمعہ اول و آخر 14 مرتبہ درود پاک بعد نماز فجر و نماز عشا 18 مرتبہ روزانہ 41 دن تک

عدد 6 کے لیے نَصۡرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتۡحٌ قَرِیۡبٌ **عدد 7 کے لیے** آیت الکرسی 304 مرتبہ مع اول و آخر درود پاک 7 مرتبہ 25 دن تک روزانہ بعد نماز عشا

عدد 8 کے لیے سورۂ مزمل 17 مرتبہ بعد نماز صبح 35 مرتبہ بعد نماز عشا مع اول و آخر درود پاک مرتبہ 35 دن روزانہ

عدد 9 کے لیے اِنَّا فَتَحۡنَا لَکَ فَتۡحًا مُّبِیۡنًا بعد نماز عشا 1233 مرتبہ مع اول و آخر درود پاک 9 مرتبہ 36 دن روزانہ

قاری منیر حسین محمدی

اِدارہ روحانی و قرآنی فیض

نقش قرض کی ادائیگی
نقش قلب کے امراض کیلئے دسواس گھبراہٹ و بے چینی
نقش ردِ سحر جادو نظر بد آسیب و نحوسات سیارگان
نقش حصول مال و دولت و رزق برکت اور ملازمت
نقش فتح و نصرت و کامیابی در مقدمات
نقش حصول رشتہ و شادی
جادو شکن کیسٹ و CD
نقش تمام امراض کیلئے یرقان، کینسر وغیرہ
نقش تسخیر حکام و افسران
نقش محبت و الفت زوجین
زائچہ رمل و جفر اعداد
نقش سفر میں رکاوٹ دور کرنے کیلئے

اور ہر قسم کے نقش جو مشک و زعفران سے تیار کئے جاتے ہیں منگوانے کیلئے فون کریں یا خط لکھیں۔ ملاقات کرنے کیلئے فون کر کے تشریف لائیں۔

محمدیہ قرآن سنٹر و ادارہ روحانی و قرآنی فیض 111/C ہما بلاک، کالی کوٹھی نزد مون مارکیٹ اقبال ٹاؤن لاہور

قاری منیر حسین محمدی 0331-4572500, 0300-4352315, 0313-8127214,

نوٹ Skype پر قرآن مجید قرآت سیکھنے کے لیے اور فقہی مسائل کے لیے رابطہ کریں۔ بچوں اور بڑوں کے لیے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نقش عین (ع) علیؑ

سید ضیاء حسین نقوی نزد امام بارگاہ حسینیہ شین باغ خورد تحصیل و ضلع اٹک

0301-7899755, 0321-5702541

طمحح	طمحح	طمحح	طمحح	طمحح	طمحح	طمحح

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

الرحمٰن علی العرش استویٰ له ما فی السّمٰوات وما فی الارض وما بینهما وما تحت الثریٰ

انا فتحنالک فتحاً مبینا لیغفر لک اللّٰه ما تقدم من ذنبک وَمَا تَاخَرّ وَیُتِمَّ نِعۡمَۃ عَلیک وَیَھۡدِیکَ صِراطاً مستقیما کھٰیٰعٓصٓ طٰهٰ حمٓعسٓقٓ یٰسٓ والقران الحکیم

سبحان الذی اسریٰ بعبدهٖ لیلا من المسجد الحرام

آیت بنی اسرائیل

حم حم حم حم حم حم

طسٓ الٓمٓ الٓر الم ص ق ن والقلم وَمَا یَسۡطُرُون

یاعلی یاعلی یاعلی

نَادِ عَلِیًّا مَظۡھَرَ الۡعَجَائِبِ تَجِدۡهُ عَوۡنًا لَکَ

ادرکنی

علی

امامیہ جنتری کے قارئین کے لئے ایک بے مثال نادر عمل و نقش پیش خدمت ہے۔ یہ درِ محمدؐ و آلِ محمدؐ کی گدائی کے طفیل ملا ہے۔ میں 1982ء سے مسلسل اپنے امامیہ کاروان زیارات کے ذریعہ ایران، عراق، شام کے مقدس مقامات کی زیارات کی سعادت حاصل کررہا ہوں۔ 1999ء میں ایک عالم دین شیخ احسان علی سے ایک نادر کتاب "جامع اسرار المقاصد" (اصل نسخہ قدیم فارسی رسم الخط) بصد اصرار میں نے خریدی۔ یہ کتاب از علوم غریبیہ و خواص اسماء الحسنہ کا مخفی خزانہ ہے مؤلف کتاب الشیخ حبیب بن موسیٰ رضا ابن شیخ نظر علی افشاری متولد نجف الاشرف نے دس سال کے عرصہ میں سعی بلیغ سے بمقام نجف اشرف مکمل کی۔ مؤلف رقم طراز ہیں کہ دریں شکل عین (ع) علیؑ کے بہت زیادہ خواص و کمالات ہیں مگر صرف پچاس تجربہ شدہ کا ذکر کیا ہے۔ اس حقیقت سے انکار نہیں کہ مؤلف موصوف نے موالیان و محبان علیؑ پر عظیم احسان کیا ہے۔ معزز قارئین! بندۂ عاجز نے اس میں سے حسب ذیل پچیس اوصاف وکمالات عین علیؑ جنتری کے صفحات کی قلت کے باعث سپرد قرطاس کئے ہیں۔ جو کہ درج ہیں۔

① ۔ اگر کوئی قید میں ہو تو اِس کو بابرکت عین کی لوح پاس رکھے تو قید سے رہائی ملے۔ اِنشاء اللہ ② ۔ اگر مسافر کے پاس یہ لوح یا نقش ہوگا تو دوران سفر حرق وغرق، حادثہ، رہزنی اور جانوروں کے گزند سے بفضل خدا محفوظ رہے گا۔ ③ ۔ حاملہ عورت پاس رکھے تو زچہ بچہ بآسانی اور خیریت سے ہو۔ ④ ۔ حامل لوح ہذا خلائق میں معزز و مکرم رہے گا عزت و رفعت حاصل ہوگی۔ ⑤ ۔ لوح ہذا سے جن، دیو، پری کے گزند سے محفوظ اور آسیب زدہ کو شفا ملے۔ ⑥ ۔ حاکم وقت یا افسرانِ بالا سے کوئی کام ہو تو یہ لوح یا نقش مکرم پاس رکھے تو کامیابی ہو۔ ⑦ ۔ اگر کوئی دوست ناراض ہوجائے تو سات کنوؤں کا پانی مٹی کے کورے برتن میں جمع کر کے اس سے یہ نقش مبارک مشک و زعفران و گلاب سے سعید وقت میں لکھ کر، نقش کو اس پانی سے اس دوست کا نام لے کر منہ دھوئے کم از کم تین دن اسی طرح کرے تو مثل لیلیٰ مجنوں دوستی ہوجائے گی اور پہلے سے زیادہ ہوئی۔ ⑧ ۔ اگر شوہر و زوجہ کے درمیان ناچاقی ہو یا نفرت ہو تو در تثلیث سعدین کواکب حسب قاعدہ یہ نقش مبارک لکھ کر تکیہ کے نیچے رکھیں تو دونوں میں عظیم محبت پیدا ہوجائے گی۔ ⑨ ۔ اگر لڑکی یا بیٹی کا بخت واقبال باندھ دیا گیا ہو یا نصیبہ گردش میں ہو تو وہ اِس بابرکت لوح کو چالیس روز بعد نماز صبح دیکھے اور یوں دُعا مانگے "یا مُفَتِحَ الابواب" میرا بخت کشادہ فرما اِنشاء اللہ بخت کھل جائے گا۔ ⑩ ۔ اگر کسی پر کالا علم یا ٹونہ سحر و جادو کیا گیا ہو تو اس لوح کی برکت سے شفاء ملے گی۔ ⑪ ۔ کسی قسم کا مرض یا سر درد ہو تو لوح یا نقش کو سر پر باندھنے سے شفاء ملے گی۔ ⑫ ۔ اگر کوئی بچہ بہت روتا ہو تو اس کے گلے میں ڈالے آرام و سکون ملے گا۔ ⑬ ۔ جس گھر میں یہ لوح مبارک آویزاں ہوگی تو اس کے مال و رزق میں وسعت و برکت ہوگی۔ ⑭ ۔ حالت خواب میں ڈرنا یا بیداری کے عالم میں خوف آتا ہو ڈر لگتا ہو تو اس لوح کی برکت سے ختم ہوجائے گا۔ ⑮ ۔ فتح و کشائش کے لئے ہر صبح اس لوح مبارک پر نظر ڈالے تو مہمات آسان اور انتہائی کشائش ہوں۔ ⑯ ۔ اگر کوئی عدم پتہ ہو تو اس نقش پر غائب شدہ کا نام لکھ کر قبلہ رو ہو کر درخت سے باندھے تا کہ ہلتا رہے تو غائب جلدی گھر واپس آجائے گا۔ یا اطلاع مل

خصوصی مجلس جمادی الثانی کا پہلا اتوار بمقام دربار امام حسین ڈیوڑھی والی گلی محلہ پورن نگر سیالکوٹ۔ منجانب: سید جمشید الحسن رضوی و برادران

جائے گی۔ (۱۷) ۔ اگر کسی کو کوئی عظیم مہم درپیش ہو یا کسی شدید غم میں مبتلا ہو تو باوضو ہو کر لوح مبارک کو ہاتھوں میں لے کر اِس پر نظریں جمائے اور قاضی الحاجات کی بارگاہ میں یوں دُعا کرے۔ یا کاشف الکرب اِکشف کربی بحق ہذا عین علیؑ تو اس کا غم خوشی میں بدل جائے گا مہم آسان ہوگی۔ (۱۸) ۔ تسخیر خلائق کے لئے نہایت موثر ہے۔ ہرن کی کھال پر لکھ کر رکھے۔ (۱۹) ۔ اگر کوئی کم خوابی یا بے خوابی میں مبتلا ہو تو اس لوح مبارک کو پاس رکھنے سے پرسکون نیند آجائے گی۔ (۲۰) ۔ غنی ہونے کے لئے چالیس روز لگاتار صبح کو نماز پڑھ کر اس لوح مبارک کو ہاتھوں میں لے کر اس پر نظریں جمائے اور 330 مرتبہ یا علیؑ پڑھے اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ دُرود پڑھے اِنشاء اللہ غنی ہو جائے گا۔ (۲۱) ۔ جو غافل و کاہل نماز ہو تو اس مقصد سے پاس رکھے بفضل خدا نمازی بن جائے گا۔ (۲۲) ۔ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے مشک و زعفران و گلاب سے مناسب وقت میں لکھ کر آب رواں میں ڈالے تو دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ (۲۳) ۔ خاوند یا بیوی کے یا دو اچھے دوستوں کے درمیان مخالفت ہو تو فریقین کے نام معہ والدہ بساعت سعدی حسب ہدایت لکھ کر آبِ رواں میں ڈالے تو باہمی نفرت ختم ہو جائے گی۔ (۲۴) ۔ بے اولاد حضرات اس عین مبارک کو حسب ہدایت لکھ کر عرق گلاب سے دھو کر تین دن پئیں تو خالق کائنات اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائے گا۔ (۲۵) ۔ اگر کسی شخص سے کوئی حاجت ہو اور امید کم ہو تو اس لوح مبارک کو اپنے سینے پر لٹکائے اس شخص کے پاس جائے تو اس کی حاجت روائی ہوگی۔ اِنشاء اللہ

ہدایات وشرائط: (۱) ۔ اس نقش مبارک کو صرف ایسے لوگ لکھنے کے مجاز ہیں جنھوں نے کم از کم حروف تہجی کی زکواۃ اصغر ادا کی ہو۔ (۲) ۔ عروج ماہ میں مشک و زعفران گلاب اور کاہی کے قلم سے باوضو لکھیں۔ (۳) ۔ اگر سونے یا چاندی کی لوح پر کندہ کرنا ہو تو پہلے خود لوہے کی قلم سے لکھیں پھر کسی نمازی سنار سے کندہ کروائیں۔ سریع الاثر دھات سونا ہے، چاندی بھی زود اثر ہے اگر ان کی استطاعت نہ ہو تو پھر زعفرانی نقش لکھیں وہ بھی وقت کے ساتھ ساتھ اثر دکھائے گا۔ (۴) ۔ رجال الغیب کو مدنظر رکھیں کہ وہ سامنے نہ ہوں اور قمر در عقرب بھی نہ ہو۔ (۵) ۔ حُب اور سعد کاموں کے لئے سعدین کواکب کی تثلیث یا تسدیس کا وقت ہو اور دوسرے کاموں کے لئے نحسین کواکب کی تربیع یا مقابلہ کا وقت ہو۔ (۶) ۔ متعلقہ ستاروں کے بخورات کا استعمال ضروری ہے۔ (۷) ۔ ناجائز اور خلاف شرع کاموں کے لئے ہرگز ہرگز استعمال نہ کریں ورنہ فائدہ کی بجائے نقصان ہوگا۔ (۸) ۔ بدعقیدہ لوگوں کو یہ لوح عظیم نہ دی جائے۔ (۹) ۔ لکھنے والے کے لئے پابند صوم وصلوۃ ہونا واجب ہے ورنہ اثر نہ ہوگا۔

(سیّد ضیاء حسین نقوی اٹک)

عظیم مہمات اور مشکلات کا حل

یہ عمل بیاض مطبوعہ تہران سے ہے۔ اگر کوئی مشکل کام درپیش ہو تو سوتے وقت باوضو ہو کر سات بار سورہ قدر، سات بار سورہ والشمس اور سات بار دُرود پڑھے پھر یہ دُعا پڑھے: " اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیْ مِنْ اَمْرِیْ ھٰذَا فَرَجاً وَّ مَخْرَجاً "

پھر سات مرتبہ دُرود پڑھ کر اپنے داہنے ہاتھ کی ہتھیلی پر بائیں ہاتھ سے یہ حروف لکھے لیکن شرط یہ ہے کہ اِن حروف کے لکھتے وقت پلک نہیں جھپکنی چاہیئے نیز مندرجہ بالا دُعا میں ھذا کی جگہ اپنا مطلب کہے پھر فَرَجاً و مَخْرَجاً کہے۔ حروف یہ ہیں: " من ھب من ھب ھب توطا لا تسمیہ وغیرھا ا ب و ک م ن و لا ی " اس کے بعد دائیں ہتھیلی کو دائیں رخسار کے نیچے رکھ کر دائیں کروٹ روبقبلہ ہو کر سو رہے۔ رات کو ایک بزرگ خواب میں آ کر اس کام کے حل ہونے کی تدبیر بتائیں گے۔ میرا تجربہ شدہ عمل ہے۔ **نوٹ:** یہ عمل امتحاناً یا کسی آسان کام کیلئے نہ کرے۔ شدید ضرورت کے تحت کرے۔ **سیّد ضیا نقوی اٹک**

پریشانی سے بچاؤ کے لئے — نماز فجر کے بعد اکتالیس مرتبہ اس وظیفہ کو پڑھیں پریشانی دور ہوگی۔

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ رَبِّ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ وَاَنْتَ خَيْرُ النّٰصِرِيْنَ

امامیہ جنتری میں تمام مضامین نیک نیّتی کے جذبے سے شائع کئے جاتے ہیں۔ کسی مضمون یا اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں اِدارہ ہرگز ذمہ دار نہ ہوگا البتہ کوئی شکایت ہو تو ضرور مطلع فرمائیں۔ مطلع کیا جاتا ہے کہ امامیہ جنتری کاپی رائٹ ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ ہے رجسٹریشن نمبر 9573 ہے۔ جعلی ایڈیشن چھاپنے اور فروخت کرنے والوں کے خلاف قانونی کاروائی کی جا رہی ہے۔ (اِدارہ) افتخار بک ڈپو مین بازار اسلام پورہ لاہور

0300 9472320

دُعا اور درود

اقتباس ماخوذ از کتاب ''اوراقِ دعا'' مؤلفہ: علامہ ڈاکٹر سید معصوم عابدیؔ (امریکہ)
0321-4396776

پیغمبر اکرمؐ کا ارشاد گرامی ہے لَيْسَ شَيْءٌ اَكْرَمُ عَلَى اللّٰهِ تَعَالٰى مِنَ الدُّعَاءِ یعنی اللہ کے نزدیک دعا سے زیادہ کوئی چیز بزرگ تر نہیں ہے۔ درحقیقت دعا اللہ کی جانب سے اپنے بندوں کے لئے ایک نعمت غیر مترقبہ ہے اور یہ ایک ایسا تحفہ ہے جس کی افادیت کبھی ختم نہیں ہوتی۔ دعائے افتتاح کے الفاظ پر غور کیجئے جس میں اس جانب واضح اشارہ ملتا ہے کہ اگر اللہ کا اذن شامل نہ ہو تو دعا کی توفیق حاصل نہیں ہوتی؛ اَللّٰهُمَّ اَذِنْتَ لِيْ فِيْ دُعَائِكَ وَ مَسْئَلَتِكَ فَاسْمَعْ يَا سَمِيْعُ مِدْحَتِيْ وَاَجِبْ يَا رَحِيْمُ دَعْوَتِيْ وَ اَقِلْ يَا غَفُوْرُ عَثْرَتِيْ۔ ترجمہ خداوندا! تو نے ہی تو مجھے دعا اور سوال کرنے کی اجازت دی ہے تو اب تو میری دعا اور میرے سوال کو سن بھی لے اور پھر اے رحیم اس کو قبول بھی فرما اور اے غفور میرے گناہوں سے درگزر بھی فرما۔

دعا اس یقین کامل کے ساتھ کی جائے کہ خداوند متعال اسمع السامعین بھی ہے اور ابصر الناظرین بھی۔ اور جب کوئی بندہ اس کے حضور میں حاضری دے کر اس سے شرفِ کلام حاصل کر رہا ہے تو کیسے ممکن ہے کہ گریہ وزاری کے بغیر اپنا حالِ زار بیان کر سکے؛ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَجِلَتْ قُلُوْبُهُمْ وَاِذَا تُلِيَتْ عَلَيْهِمْ اٰيٰتُهٗ زَادَتْهُمْ اِيْمَانًا وَّعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٢﴾ (انفال)

ایک اور مقام پر قرآن مجید نے بندگان الٰہی کی تصویر یوں کھینچی ہے۔

الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ﴿١٩١﴾ رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ﴿١٩٢﴾ (آلِ عمران)

مذکورہ بالا آیت قرآنی میں ایک بات بہت وضاحت سے سامنے آرہی ہے کہ اللہ ظالمین کی مدد نہیں کرتا تو آدابِ دعا میں جہاں یہ ضروری ہے کہ وہ آنسوؤں اور آہوں سے عبارت ہو وہاں اس بات کا خیال کرنا بھی ایک لازمی اَمر ہے کہ جب بندہ اس کے حضور میں حاضر ہو تو کسی قسم کا مظلمہ اس کی گردن پر نہ ہو یعنی اگر کسی نے کسی بھی مخلوقِ خدا کو جانی یا مالی ضرر پہنچایا، غیبت کی، تہمت یا بہتان لگایا، بے جا خون بہایا یا کسی کا حق کھایا یا کسی کی آبرو کو برباد کیا تو یہ سب وہ مظالم ہیں جن کی رد کئے بغیر استجابت دعا ممکن ہی نہیں ہے۔ دعا کرنے والے کو ایسے مظالم سے بچنے کی کوشش کرنی چاہیے کیونکہ اللہ مظلمہ عباد میں دخل دینا پسند نہیں فرماتا۔ البتہ اس ارحم الراحمین نے مظالم عباد سے بچنے کے راستوں کا تعین بھی کیا ہے اور اولیاء اللہ علیہم الصلوات والسلام نے بعض دعاؤں اور صدقات کے ذریعے ان کے دفعیہ کی تعلیم بھی دی ہے جس کی تفصیل علما اور عرفا سے رابطہ کے ذریعے معلوم کی جا سکتی ہے۔ قبولیت دعا کے لیے منزل اضطرار تک پہنچنا گویا استجابت دعا کی ضمانت حاصل کرنا ہے۔ آیۂ قرآنی اَمَّنْ يُّجِيْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكْشِفُ السُّوْٓءَ (نمل/ ٦٢) کے اسلوب بیان سے یہ بات اور بھی واضح ہو کر سامنے آجاتی ہے۔ رسالت مآبؐ کا ایک اور ارشاد گرامی ملاحظہ کیجیے جس میں آپؐ فرماتے ہیں: ان الله يحب الملحين فى الدعا: بے شک اللہ دعا میں الحاح اور زاری کرنے والے کو محبوب رکھتا ہے اور آئمہ معصومینؑ کی تعلیم کردہ کئی دعاؤں میں بھی خالق کائنات کو ''حبیب الباکین'' کے نام سے یاد کیا گیا ہے جس کا مطلب ہے بکا کرنے والوں سے محبت کرنے والا۔ استجابت دعا کی ایک لازمی شرط محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجنا بھی ہے جس کی معروف ترین اور مختصر ترین عبارت اللّٰھم صل علی محمد و آلِ محمد ہے۔ حقیقت درود یہ ہے کہ ہم تمام خاطی انسان جو غیر معصوم ہیں اور جن کی قبائے حیات گناہوں سے تارتار ہے وہ اللہ کی برگزیدہ، چنیدہ اور معصوم مخلوق کی خدمت میں اپنا سلام عقیدت کس طرح پیش کر سکتے ہیں اور اگر کوئی اس کی جسارت کر بھی لے تو اس سلام و نیاز کی حیثیت ہی کیا ہو گی۔ اسی لئے پروردگار نے خود ہی ایمان والوں کو وہ راستہ بتا دیا جس کے ذریعے سے درود محمد وآل محمدؐ تک بھی پہنچ جائے جو ان کے شایان شان بھی ہو اور درجات ہمارے بھی بلند ہو جائیں جو استجابت دعا کے لئے ضروری ہیں یعنی ہم اللہ سے گزارش کریں کہ محمد و آل محمدؐ پر اپنے ملائک کے ساتھ ہمہ وقت درود و سلام بھیجنے والے ہمیں بھی درود بھیجنے والوں میں شامل فرما۔ فخرِ موجوداتؐ کا ارشادِ گرامی ہے۔ جو کوئی مجھ پر ایک بار درود بھیجتا ہے حق تعالیٰ اس پر دس بار درود بھیجتا ہے۔ جناب امام جعفر صادقؑ ارشاد فرماتے ہیں کہ پیغمبرؐ نے جناب امیرؑ کو یہ خوش خبری عنایت فرمائی کہ جب میرا کوئی امتی مجھ پر اور میرے اہل بیتؑ پر درود بھیجتا ہے تو اللہ آسمان کے دروازے اس کی دعا کے لیے کھول دیتا ہے اور فرشتے اس پر درود بھیجتے ہیں۔ لبیک وسعدیک کی صدائیں اس کی دعا کا استقبال کرتی ہیں اور یہ بھی فرمایا کہ جب کوئی میرا امتی مجھ پر درود بھیجے مگر میرے اہل بیتؑ کو شامل نہ کرے تو اللہ اس کی دعا اور آسمان کے درمیان ستر رکاوٹیں (حجابات) قائم کر دیتا ہے۔ اور اس کے لیے فرشتے لا لبیک ولا سعدیک کی صدائیں لگاتے ہیں۔ دعا کو یاسیت اور قنوطیت کا مظہر قرار دینا دراصل مفہومِ دعا سے کم آگاہی ہے۔ چوں کہ دعا تو تقدیرِ الٰہی کو بدلنے کی طاقت رکھتی ہے۔ دعا اگر یقینِ محکم اور تدبیرِ مستحکم کے ساتھ کی جائے تو وہ ایسا سلاحِ مومن ہے جو کائنات کی ہر شئے کو مسخر کر سکتا ہے۔

Email:masoom14@gmail.com

✦ تاریخی مجلس عزا و شبیہ تابوت امام حسنؑ ۲۸ صفر بمقام عزا خانہ زینبؑ چوہان روڈ اسلام پورہ لاہور۔ منجانب: آغا محمد عباس زیدی مرحوم و ممبران وڈواریتی

درود پاک مسائل کا حل

ماہر روحانیت
علی احمد کاشف
L-925 سیکٹر 2 نارتھ کراچی

Email: ailya28@yahoo.com Mob:0346-2489941/0345-2995094

محترم قارئین کرام السلام علیکم! امامیہ جنتری 2014ء میں آیۃ الکرسی پر میری تحریر کو ملکی اور غیر ملکی سطح پر پذیرائی ملی اس پر اللہ تعالیٰ و معصومین علیہم السلام کا شکر گزار ہوں اور امامیہ جنتری کے بانیان و کارکنان کے لیے دُعا گو ہوں۔ بلاشبہ امامیہ جنتری اور اُس کے مضامین ثواب جاریہ ہوتے ہیں۔ الحمد اللہ کہ اس میں شرکت کی پھر توفیق میسر ہوئی۔ معزز قارئین اکثر مومنین بیٹیوں کے رشتہ کے منتظر ہیں لیکن یا تو رشتے آتے نہیں یا آ کر واپس نہیں پلٹتے غور فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ نے بھوک دی ہے تو رزق حلال بھی دیا ہے۔ خوب سے خوب تر کی جستجو میں مناسب رشتے کو بھی ٹھکرا دینے سے ایسی صورتحال پیدا ہوتی ہے کہ بچیاں اور والدین دونوں پریشانیاں اُٹھاتے ہیں۔ اللہ ہمیں ہر پریشانی میں درود پاک سے مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

سورۂ احزاب کی آیت نمبر 56 کی رو سے اللہ اور فرشتے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام پڑھتے ہیں اور ایمان والوں کو بھی یہی حکم ہے۔ حدیث ہے کہ جس نے حضور پاک کا ذکر سنا اور دورد نہ پڑھا تو فقد جفانی یعنی مجھ پر ظلم کیا۔ (صلوٰۃ دوسری حدیث میں ہے کہ لاتصلو صلوٰۃ بترا۔ یعنی مجھ پر دم کٹا درود نہ پڑھو۔ یعنی ایسا درود جس میں آل محمد شامل نہ ہوں سورۃ الصافات آیت نمبر 130 اللہ نے بھی آل یٰسین کو سلام کرنے کا حکم دیا۔ درود کئی طرح سے پڑھا جا سکتا ہے۔

حوالہ جات: امالی شیخ صدوق۔ تفسیر قمی۔ بحار الانوار۔ تفسیر موضوعی۔ تفسیر مجمع البیان امالی شیخ طوسی۔ عیون اخبار الرضا۔ معاون الاخبار۔ خلاصہ الاذکار۔ مصباح الہدایہ۔ درود کے بغیر کسی بھی فرقے کی نماز مکمل نہیں ہوتی۔ دورد پاک روزی کی چابی ہے۔ دُعا قبول ہونے کا ذریعہ ہے۔ بیماریوں کا علاج ہے۔ درود پڑھنے سے جسم سے خوشبو آنے لگتی ہے۔ قبر میں خوشبو ہوتی ہے۔ جو باہر تک آتی ہے۔ جمعۃ المبارک کو 200 مرتبہ درود پڑھنے سے 200 سال کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں۔ قلب سے سیاہی دور ہوتی ہے۔ دل نرم ہوتا ہے۔ اخلاق بُلند ہوتے ہیں۔ اللہ کی رحمت اور رضا حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔ روحانیت میں نئے باب کھلتے ہیں اور آگاہیاں حاصل ہوتی ہیں۔ جنت واجب ہوتی ہے۔ درود کا ذاکر اپنی موت سے واقف ہوجاتا ہے۔ اس طرح توبہ کی توفیق ملتی ہے۔ درود کی تلاوت کائنات کی تخلیق اور اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کا طریقہ ہے۔ زیادہ فیوض و برکات کے حصول کے لیے ہر وقت باوضو رہیں۔ وضو کر کے سوئیں اور درود پاک کا مسلسل ورد رکھیں۔ 3 دن میں آپ خود کو نیند میں بھی درود میں مشغول پائیں گے۔ درود کے فوائد سے صرف محمد وآل محمد کے محبوں اور محبوں سے محبت کرنے والوں اور ان کے مخالفوں سے دلی نفرت کرنے والوں کو ہی میسر آتے ہیں۔ درود سے انکار کرنے والا دوزخ کے پست ترین مقام کا حقدار ہے۔ اللہ ہم سب کو درود پڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔ اپنی کسی بھی پریشانی یا جائز حاجت کے لیے ابجد قمری کے ذریعے اپنے لئے وظیفے کا انتخاب آپ خود کر سکتے ہیں۔ حبیب خدا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم مبارک شامل رکھیں۔

مثال نمبر 1

وسعت رزق	نام کاشف	محمد
843	401	92

کل تعداد 1336   1336 بار درود تلاوت اور دُعا بتوسل محمدؐ وآل محمدؐ

مثال نمبر 2

بیماری	مریض کا نام اکبر	محمد
263	223	92

کل تعداد 578   578 بار درود کی تلاوت کر کے مریض پر دم کریں اور دم کیا ہوا پانی پلائیں 40 یوم تک۔ اس کے علاوہ روحانی ترقی کے لیے مومنین کثرت سے درود کا ورد رکھیں۔ نوجوان بچے اور بچیاں کسی نامناسب مقصد کے لیے درود کا وظیفہ نہ کریں جواب طلب اُمور کے لیے فون کر لیں۔

قارئین امامیہ جنتری کیلئے

روغن شفا۔ آب شفاء ہزاروں بار سورۂ فاتحہ، چاروں قل، آیت الکرسی، سورۂ ملک، سورۂ جن، سورۂ مزمل، سورۂ یٰسین، سورۂ رحمن، دُعائے مشلول، دُعائے جوشن کبیر، دُعائے صد سبحان و دیگر قیمتی آیات دم کیا ہوا برائے شفا بیماری نظر بد و سحری اثرات بذریعہ رجسٹرڈ جوابی لفافہ یا فون فی سبیل اللہ مفت منگوائیں۔ شادی بیماری رکاوٹ جنات آسیبی اثرات جادو سفلی وغیرہ کی کاٹ کے لیے

مومنین کا خدمت گار۔ **علی احمد کاشف**

تحفہ عظیم حرز دافع بلیات

نہایت اہتمام کے ساتھ موم جامہ کیا گیا ہے۔ اس تعویز مبارک میں جوشن کبیر کے علاوہ سورۂ یٰسین، آیت الکرسی، چہار قل، سورۂ مزمل، پانچ نقش، مہر نبوت اور نادعلیؑ شامل ہیں۔ ہدیہ -/20 بازوبند -/25

علاوہ ڈاک خرچ

C.D جادو شکن وکیسٹ
تلاوت، قاری منیر حسین محمدی
ہدیہ -/75 علاوہ ڈاک خرچ

ملنے کا پتہ

افتخار بک ڈپو رجسٹرڈ اسلام پورہ لاہور

آیت قرآنی سے روحانی علاج

تحریر محمد الیاس
دجیاں معصوم آباد ہری پور ہزارہ
0345-6400017/0300-8367092

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ قرآن میں مومنین کے لیے شفا ہے۔ کسی متقی پرہیزگار شخص سے آیت شفا زعفران، عرق گلاب سے چینی کے برتن یا صاف کاغذ پر لکھ کر چینی کے برتن میں صبح نہار منہ 41 یوم تک بلاناغہ پلائیں۔ اگر پھر بھی افاقہ نہ ہو تو تا شفا پلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ قرآن کی برکت سے شفا ملے گی۔

آیت شفا درج ذیل ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا سَلَامُ بِحَقِّ وَ یَشۡفِ صُدُوۡرَ قَوۡمٍ مُّؤۡمِنِیۡنَ ۝

وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوۡرِ ۝

یَخۡرُجُ مِنۡ بُطُوۡنِهَا شَرَابٌ مُّخۡتَلِفٌ اَلۡوَانُهٗ فِیۡهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ۝

وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَةٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ۝

وَاِذَا مَرِضۡتُ فَهُوَ یَشۡفِیۡنِ ۝

قُلۡ هُوَ لِلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا هُدًی وَّشِفَآءٌ

مزید اسکے ساتھ سات سلام بھی لکھ تو دیں مریض کو جلد شفا ہو گی

دعائے عافیت ناطق قرآن مولا علی امیر المومنینؑ نے فرمایا۔ اے ابن عباس اگر کسی کو کوئی مشکل ہو یا مال میں کچھ نقصان ہو یا اہل و عیال میں کوئی بیمار ہو تو خضوع و خشوع کے ساتھ اس کو چاہیے کہ دعا مذکورہ پڑھے اور تفرع و زاری کے ساتھ اپنی حاجت طلب کرے۔ خداوند عالم اُس کی حاجت برلائے گا (نہج الاسرار)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡ اَتَوَجَّهُ اِلَیۡكَ بِنَبِیِّكَ نَبِیِّ الرَّحۡمَةِ وَاَهۡلِ الۡبَیۡتِ الَّذِیۡنَ اخۡتَرۡتَهُمۡ عَلَی الۡعَالَمِیۡنَ اَللّٰهُمَّ ذَلِّلۡ لِیۡ صُعُوۡبَتَهَا وَاکۡفِنِیۡ شَرَّهَا فَاِنَّكَ الۡکَافِیُ وَالۡمُعَافِیُ وَالۡغَالِبُ وَالۡقَاهِرُ

ترجمہ بارالہا تیرے نبی ﷺ کا واسطہ جو نبی ﷺ رحمت ہیں اور ان کے اہلبیتؑ کا واسطہ جن کو تو نے تمام عوالم پر فوقیت دی ہے۔ میں تیری طرف متوجہ ہوتا ہوں۔ اس مصیبت کی سختی کو میرے لیے آسان کر دے اور مجھ کو اس شر سے بچا لے اس لیے کہ تو ہی بچانے والا عافیت دینے والا اور غالب و قاھر ہے۔

دعائے امراض قلب اول و آخر تین مرتبہ درود شریف کی تلاوت اور 14 مرتبہ یہ دعا پڑھ کر دم کریں۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنۡتَ اَسۡئَلُكَ اَنۡ تُحۡیِیَ قَلۡبِیۡ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

پھوڑے پھنسی اور خارش کے لیے سفید چینی اور سرسوں کے تیل پر سورۃ فاتحہ بمعہ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ 11 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ پھر ان کلمات کو 7 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اس چینی کو دن میں چند بار تھوڑی تھوڑی مریض کو کھلائیں اور تیل کو متاثرہ مقام پر لگائیں مرض سے شفا ہو گی

بِسۡمِ اللّٰہِ تُرۡبَةُ اَرۡضِنَا بِرِیۡقَةِ بَعۡضِنَا یُشۡفٰی سَقِیۡمُنَا بِاِذۡنِ رَبِّنَا۔

فقر و فاقہ سے محفوظ حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ سے روایت ہے کہ جو شخص ہر روز صبح و شام یہ کلمات طیبات سو مرتبہ پڑھے گا وہ فقر و فاقہ سے محفوظ رہے گا۔ غنا کا دروازہ اس پر کھل جائے گا۔ دعا یہ ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الۡمَلِكُ الۡحَقُّ الۡمُبِیۡنُ

دیگر صبح صادق کے بعد سورج نکلنے سے پہلے

سُبۡحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمۡدِهٖ سُبۡحَانَ اللّٰهِ الۡعَظِیۡمِ سو مرتبہ پڑھیں

تنگدستی، قرض رفع ہو ہمیشہ بعد از نماز عشا اول و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر 1414 مرتبہ یَا وَهَّابُ پڑھ کر 100 مرتبہ یہ دعا پڑھیں

یَا وَهَّابُ هَبۡ لِیۡ مِنۡ نِّعۡمَةِ الدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ

نافرمان اولاد کے لیے سرکش نافرمان اولاد ہو یا بیوی سب کے لیے اس آیت مبارکہ کو اول و آخر 11-11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر 14 مرتبہ کسی میٹھی چیز چینی وغیرہ پر دم کر کے سب کو کھلائیں انشاءاللہ کلام پاک کی برکت سے نافرمانی سے باز رہے۔ قرآن پاک پارہ نمبر 5 سورۃ النساء آیت نمبر 80

مَنۡ یُّطِعِ الرَّسُوۡلَ فَقَدۡ اَطَاعَ اللّٰهَ۔

فیضِ علومِ قرآنی

فی سبیل اللہ خدمت گار الحمد والے شاہ جی
گلشن حدید بن قاسم (کراچی)
0333/0342/0312-2408821
Email:Zamanshah683@yahoo.com

سورۃ یٰسٓ اور سورۃ تَبٰرَكَ الَّذِی حدیث شریف ہے کہ سورۃ یٰسٓ پڑھنے والا کبھی خوف زدہ نہیں ہوگا۔ سورۃ یٰسٓ میں اَلرَّحْمٰن چار مرتبہ آیا ہے اور تین بار لفظ اللہ آیا ہے۔ اسی طرح تبارک الَّذِی میں آیا ہے۔ جب سورۃ یٰسٓ پڑھتے وقت الفظ اَلرَّحْمٰن آئے تو داہنے ہاتھ کی چھوٹی انگلی بند کردیں جب لفظ اللہ آئے تو بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے بند کرنا شروع کریں۔ جب سورۃ یٰسٓ مکمل ہوگی تو داہنی ہاتھ کی چار اور بائیں ہاتھ کی تین انگلیاں بند ہوگئیں اب سورۃ تبارک الذی پڑھتے وقت لفظ اَلرَّحْمٰن پر دائیں ہاتھ کی انگلیاں کھولتے جائیں اور لفظ اللہ پر بائیں ہاتھ کی۔ اب اپنے پروردگار سے گڑگڑا کر گریہ کر کے آل رسول کا واسطہ دیکر اپنی جائز حاجت طلب کریں صدقہ پنجتن پاکؑ کا کبھی مایوسی نہیں ہوگی انشاءاللہ یہ اس فقیر کا وعدہ ہے۔

ترقی، علم اور کشادگی ذہن کے لیے بہت سارے والدین شکایت کرتے ہیں کہ بچوں کو سبق یاد نہیں ہوتا اور تعلیمی امور میں دلچسپی نہیں لیتے یہ آیت نماز فجر کے بعد 21 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچوں کو پلائیں تو انشاءاللہ سبق بھی یاد رہیگا اور تعلیم کے حصول میں بھی دلچسپی لینگے۔

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي يَفْقَهُوا قَوْلِي ط

قرض کی ادائیگی کے لیے چاہے قرض پہاڑ جتنا کیوں نہ ہو یہ آیت صبح و شام نماز کے بعد سات مرتبہ پڑھیں اللہ پاک قرض سے نجات پانے کے اسباب پیدا فرمائینگے۔ انشاءاللہ العزیز

قُلِ اللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَن تَشَاءُ وَتَنزِعُ الْمُلْكَ مِمَّن تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَن تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَن تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط إِنَّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ط

ناف ٹل گئی ہو جس کی ناف ٹل گی ہو یہ آیت زعفران اور عرق گلاب سے تحریر کریں اور ناف پر باندھیں انشاءاللہ فوراً شفا ہوگی

ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ

بانجھ عورت کے لیے نہایت مجرب اور بارہا مرتبہ کا آزمودہ ہے۔ کامل یقین اور اہلبیت سے عقیدت رکھنا لازمی ہے۔ جب ہر طرف سے مایوسی نظر آرہی ہو تو یہ عمل کریں انشاءاللہ صاحب اولاد ہونگے پارہ نمبر ۱۸ سورۃ النُّور کی آیت نمبر ۴۰ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِي بَحْرٍ سے لیکر فَمَا لَهُ مِن نُّورٍ تک چالیس عدد لونگ لیں جن کے پھول موجود ہوں ہر لونگ پر یہ آیت دم کردیں۔ پاک ہونے کے بعد روزانہ رات کو ایک لونگ کھالیں بغیر پانی کے، ہر جمعرات کو مولا مشکل کشا کا معجزہ پڑھیں اور دعا مانگ کر شرینی تقسیم کردیں۔

بار بار بچہ ضائع ہو جاتا ہو جس عورت کا بار بار بچہ ضائع ہو جاتا ہو تو وہ یہ مجرب عمل کریں اور اللہ پاک کے کرم اور اہلبیتؑ کے در سے فیض پائیں پارہ نمبر ۱۴ سورۃ النحل کی آخری آیت نمبر ۱۲۸ اور ۱۲۷ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ سے لیکر هُم مُّحْسِنُونَ تک سات رنگ کا دھاگہ لیں قد کے برابر، درود شریف کے بعد ایک بار یہ آیت پڑھیں اور دھاگہ پر گرہ لگائیں اسی طرح ۹ گرہ لگائیں جب امید سے ہو تو پہلے ماہ ہی یہ دھاگہ باندھ لیں، انشاءاللہ پنجتنؑ پاک کے صدقے حمل ساقط نہیں ہوگا۔

زمین یا مکان پر ناجائز قبضے کے لیے اگر کسی نے آپ کی زمین، مکان یا دوکان پر ناجائز قبضہ کر رکھا ہو تو خلوص دل سے کامل یقین کے ساتھ یہ عمل کریں۔ چار کنکریاں لیکر اس پر سورۃ فاتحہ سات بار سورۃ اخلاص تین بار معوّذتین ایک بار سورۃ تبارک الذی (سورۃ الفرقان) ایک بار، آیت الکرسی دس بار اول و آخر درود شریف دس بار پڑھیں ان کنکریوں پر دم کریں۔ چار کنکریاں اُس مکان، زمین وغیرہ کے چار کونوں میں دفن کریں اور ایک پتھر درمیان میں دفن کردیں۔ انشاءاللہ 7 روز کے اندر ناجائز قبضہ ختم ہوجائیگا

رات کو نیند نہیں آتی بغیر دوائی کھائے نیند آئے گی۔ پارہ نمبر ۲۲ سورۃ الاحزاب آیت نمبر ۵۶ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ سے لیکر تَسْلِيمًا تک ۷ بار پڑھ کر روئی پر دم کریں اور وہ روئی اپنے کانوں میں ڈالیں اور سوجائیں انشاءاللہ خوب نیند آئے گی۔

نکسیر روکنے کا مجرب عمل جس کو ناک سے خون آتا ہو اور رکنے کا نام نہ لے تو اللہ کا نام لیکر یہ آیت سفید کاغذ پر لکھیں اور دونوں آنکھوں کے درمیان باندھ لیں انشاءاللہ فوراً نکسیر بند ہوجائیگی۔ سورۃ آل عمران کی آیت نمبر ۱۴۴ وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا سے لیکر وَسَيَجْزِي اللّٰهُ الشّٰكِرِينَ تک

0333-5141505 ... 11 محرم 24,25 صفر 27,28 رجب 19 رمضان 16 ... امام بارگاہ ... راولپنڈی

امامیہ جنتری (رجسٹرڈ) پاکستان میں ہر جگہ دستیاب ہے
اشرف بک ایجنسی کمیٹی چوک اقبال روڈ راولپنڈی فون: 051-5531610 سٹی اسلامک بک بنک مغل آباد نزد قصر ابو طالب راولپنڈی فون: 051-5113228

حضرت عباس علیہ السلام

کے اسم پاک کا کرشمہ

تحریر علامہ سیّد سجاد شبیر رضوی 0300-2363416

عطا کردہ عمل: استاد العماء مولانا سیّد حسن عباسؒ

باب الحوائج حضرت عباسؑ کا اسم مبارک ہر مصیبت، بیماری، تنگدستی، مالی پریشانی سے نجات کا ذریعہ ہے گزشتہ برس امامیہ جنتری میں امام حسینؑ کے اسم پاک کے حوالے سے لوگوں نے عمل کیا اور اپنی حاجات کو حاصل کیا۔ اسی طرح حضرت عباسؑ کے اسم پاک کا یہ عمل مندرجہ ذیل حاجات کے لیے نہایت موثر ہے۔ **اولاد کا نہ ہونا، بچیوں کی شادی، رزق میں فراوانی، حصول رزق کے لیے خصوصاً جان و مال کی حفاظت کے لیے** نوچندی جمعرات سے یہ عمل شروع کریں اور صبح کی نماز ادا کرنے کے بعد مصلی سے نہ اٹھیں ایک تسبیح اول و آخر درود کے بعد **یا باب الحوائج حضرت عباسؑ ادرکنی** تسبیح مکمل کرنے کے بعد دو رکعت نماز مثل صبح کی طرح ادا کریں سلام مکمل کرنے کے بعد ایک تسبیح **یاسکینہؑ بنت الحسینؑ ادرکنی** پڑھیں۔ اسکے بعد زیارت حضرت عباسؑ پڑھیں اگر زیارت وارثہ پڑھیں تو زیادہ بہتر ہے۔ اسکی دو رکعت نماز ادا کرنی ہوگی۔ یہ عمل 40 دن کرنا ہوگا۔ اگر ناغہ ہو یا خواتین جن دنوں میں نہ کرسکیں بعد میں شمار کریں۔ 40 دن گزرنے کے بعد۔ گھر میں دسترخوان حضرت عباسؑ کریں اس میں خصوصی طور پر ٹھنڈے شربت یا پانی پر شہزادی سکینہؑ کی نیاز ضرور دیں۔ عمل مکمل ہونے کے بعد پہلی جمعرات کو نقش زعفران سے صبح کی نماز کی ادائیگی کے بعد خود تحریر کریں اور اسکو گلے میں ہرے کپڑے میں سی کر پہن لیں یا گھر کے مرکزی دروازے پر لگا دیں انشااللہ شہنشاہ وفا غازی عباسؑ کے صدقے آپکے تمام مسائل حل ہونگے۔ امامیہ جنتری کے بانی مرحوم اور مولانا حسن عباس رضوی کے لیے سورۂ فاتحہ کی خصوصی گزارش ہے۔ اس عمل کے لیے اجازت لینے کی ضرورت نہیں اور اگر جگہ بدل بھی جائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

یاحی	۷۸۶	یاقیوم
یاعباسؑ ادرکنی	یاعباسؑ ادرکنی	یاعباسؑ ادرکنی
یاعباسؑ ادرکنی	یاعباسؑ ادرکنی	یاعباسؑ ادرکنی
یاعباسؑ ادرکنی	یاعباسؑ ادرکنی	یاعباسؑ ادرکنی
یاعباسؑ ادرکنی	یاعباسؑ ادرکنی	یاعباسؑ ادرکنی

سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ

رب انی مغلوب فانتصر

اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ

قرآن کریم سے مسائل کا حل

سید حیدر شاہ شیرازی ایڈووکیٹ 0344-2420784

موضع پیروالا ضلع جھنگ Email:ahs4845@yahoo.com

بے اولاد حضرات کے لیے قَالَ رَبِّ هَبۡ لِیۡ سے سَمِیۡعُ الدُّعَآءِ تک سورۃ آل عمران آیت 38 ق+1=1+100=1+1=2

اس آیت کو دو الگ الگ کاغذوں پر لکھ کر مرد و عورت اپنے پاس رکھیں اور اولا نرینہ کے لیے آخری دو ماہ عورت تلاوت کرے۔

بڑے آپریشن سے بچنے کے لیے اَوَلَمۡ یَرَوۡا کَیۡفَ سے اللّٰہِ یَسِیۡرٌ تک پارہ 20 سورۃ عنکبوت آیت 19

1+=1+200=201=2+0+1=3

اس آیت کو خالص زعفران سے زحل ساعت میں باوضو ہوکر 3 سطر میں لکھیں اور اشاپر میں لپیٹ کر عورت آخری 3 ماہ اپنے رحم پر باندھے اور حمل ٹھہرنے کے 3 ماہ بعد عورت اس آیت کی دن میں 3 دفعہ صبح، دوپہر، شام 5،5 مرتبہ تلاوت کرے۔

دشمن پر غلبے کے واسطے قُلۡنَا لَا تَخَفۡ اِنَّکَ اَنۡتَ الۡاَعۡلٰی تک۔ پارہ 16 سورۃ طٰہٰ آیت 68۔

ق+ی100+10=110=1+1+0=2

اس آیت کو سندور اور عرق گلاب سے صبح صادق کے وقت 2 مختلف کاغذوں پہ لکھیں اور جس دشمن پر غلبہ چاہیے اسکا نام مع والدہ لکھ دیں اور تعویذ اپنے پاس رکھیں جس دشمن کے سامنے بھی جائے گا اس پر رعب وتقویت رہے گی۔

ترقی و عزت کی سربلندی کے لیے لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ سے وَهُوَ الۡعَلِیُّ الۡعَظِیۡمُ تک۔ پارہ 25 سورۃ شوریٰ آیت 4۔

ل+م30+40=70=7+0=7

اس آیت کو پاک روشنائی سے باوضو ہوکر 7 کاغذوں پر لکھیں 3 کاغذ گھر میں رکھیں اور 4 اپنے گھر کے افراد بانٹ لیں۔ کاروباری ترقی اور معاشرے میں عزت کے لیے اس آیت کو صبح شام 7،7 مرتبہ تلاوت کریں۔

ہر پریشانی سے بچاؤ کے لیے

فَسَیَکۡفِیۡکَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ رَبِّ اَنِّیۡ مَغۡلُوۡبٌ فَانۡتَصِرۡ وَاَنۡتَ خَیۡرُ النّٰصِرِیۡنَ

استغفار کے بدلے نعمتیں:

صِرَاطَ الَّذِیۡنَ اَنۡعَمۡتَ عَلَیۡهِمۡ

ص	ر	ا	ط	ا	ل	ذ	ی	ن	ا	ن	ع	م	ت	ع	ل	ی	ھ	م	
۹۰	۲۰۰	۱	۹	۱	۳۰	۷۰۰	۱۰	۵۰	۱	۵۰	۷۰	۴۰	۴۰۰	۷۰	۳۰	۱۰	۵	۴۰	۱۸۰۷

اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰهَ

ا	س	ت	غ	ف	ر	ا	ل	ل	ھ	
۱	۶۰	۴۰۰	۱۰۰۰	۸۰	۲۰۰	۱	۳۰	۳۰	۵	۱۸۰۷

5 شعبان بعد نمازِ مغرب جشنِ حضرت عباس علمدارؑ و شہزادہ قاسمؑ قصرِ شاہِ نجف ریلوے روڈ کہروڑپکا۔ بانی خورشید الحسن عادل۔ سیّد محمد اصغر رضوی ✦ دوروزہ قدیمی مجلسِ عزا 28، 27 صفرالمظفر امام بارگاہ قصرِ شاہِ خراسان لبہ سادات کہروڑپکا۔ سیّد محمد اصغر علی رضوی

عمل شفائے امراض سورۃ فاتحہ

تحریر
راجا اعجاز حسین
(کراچی)
Email: raja.ejaz.hussain@gmail.com: 0345-2887965/03212542434

اللہ کی حمد وثناء کرتا ہوں اور اس سے مدد مانگتا ہوں اسکی کفایت اور دستگیری کا محتاج ہوں۔ قارئین امامیہ جنتری کے لیے شفائے امراض کا مجرب ونایاب عمل لیکر حاضر ہوا ہوں جیسا بھی مہلک سے مہلک مرض کیوں نہ ہو اور مسلسل علاج سے آفاقہ نہ ہو رہا ہو تو قارئین اس عمل سے استفادہ حاصل کر سکتے ہیں اللہ تعالیٰ نے محکم واکمل کتاب قرآن حکیم میں 114 سورتیں نازل فرمائی ہیں۔ یوں تو ہر سورۃ مبارکہ افضل ہے مگر سورۃ فاتحہ فیوض وبرکات میں اپنی مثل آپ ہے۔ اس سورۃ مبارکہ میں سب سے زیادہ شفائی صلاحیت موجود ہے۔ اللہ تعالیٰ خود قرآن حکیم میں ارشاد فرماتا ہے۔

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ

ترجمہ: اور ہم قرآن میں وہ چیز اتارتے ہیں جو شفاء اور رحمت ہے ایمان والوں کے لیے۔

قرآن پاک کی سورتوں میں سورۃ فاتحہ اپنے اندر کمال درجہ کے شفائی خواص و اثرات رکھتی ہے اسکی عظمت کی کوئی مثال نہیں۔ سورۃ فاتحہ ایسی شان وعظمت والی سورۃ مبارکہ ہے کہ قرآن حکیم، توریت، زبور، انجیل، میں ایسی شان رکھنے والی کوئی سورۃ نازل نہ ہوئی۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنہ میں سے زیادہ اسرار وخواص رکھنے والے اسمائے حسنہ، اللہ، رب، رحمن، رحیم اس سورۃ مبارکہ میں موجود ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اسکے اندر بے شمار اسرار مخفی ہیں اور بے شمار امراض کا شافی علاج اور لاتعداد مشکلات اسکے پڑھنے سے حل ہو جاتی ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ سورۃ فاتحہ کی برکت سے ہر بیمار کو شفاء اور ہر ایک کی مشکل و پریشانی دور فرمائے اور بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد صاحب (مرحوم) کی مغفرت فرمائے۔ آمین

دن	آیت	تعداد
اتوار	اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ	500
پیر	الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	556
منگل	مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ	211
بدھ	اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ	876
جمعرات	اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ	1040
جمعہ	صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ	1100
ہفتہ	غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ	407

ترکیب عمل

عروج ماہ میں چاند کے پہلے اتوار سے عمل شروع کرے نقش زعفران وعرق وگلاب کی سیاہی سے لکھیں یا چاندی کے پترے پر کندہ کر کے مریض اپنے پاس رکھیں اگر کاغذ پر لکھیں تو نقش مریض کے گلے میں ڈال دیں اور سورۃ فاتحہ کی سات آیات 7 دن تک الگ الگ ہر روز تعداد کے مطابق ورد کر کے پانی پر دم کر کے مریض کو کثرت سے پلائیں ہر روز ایک وقت مقررہ پر پڑھیں اس عمل سے ہر مومن، مومنہ خاص و عام استفادہ کر سکتا ہے۔

شوگر، ہیپاٹائٹس B.C، کینسر، پتھری اور تمام مہلک امراض کے لیے مجرب ہے۔ اور برسوں سے میرے مجربات میں سے ہے۔

آغاز عمل اول وآخر 11-11 مرتبہ درود پاک کا ورد کریں۔

اعداد سورۃ فاتحہ =۹۴۶۱ نفی ۳۰ =۹۴۳۱ ÷ ۴ = ۲۳۵۷ باقی بچا کسر خانہ ۵ میں ا کا اضافہ ہوگا۔ نقش پُر کرتے وقت جو چھوٹے ہندسے ہیں ہرگز نہ لکھیں یہ نقش کی چال ہے۔

میں نے ہر چیز کی وضاحت کر دی ہے اگر پھر بھی کچھ سمجھ نہ آئے تو فون پر راہنمائی حاصل کریں۔

قوّ شمکائیل — شفقیائیل
ہمعسق — کھیعص

۲۳۵۷ (1)	۲۳۷۱ (14)	۲۳۶۸ (11)	۲۳۶۵ (8)
۲۳۶۹ (12)	۲۳۶۴ (7)	۲۳۵۸ (2)	۲۳۷۰ (13)
۲۳۶۳ (6)	۲۳۶۶ (9)	۲۳۷۳ (16)	۲۳۵۹ (3)
۲۳۷۲ (15)	۲۳۶۰ (4)	۲۳۶۲ (5)	۲۳۶۷ (10)

فقطلشائیل — لوبیائیل

علی حسن بن غلام زہرا کو شفائے کاملہ عطاء ہو

وظیفہ برائے قلب

جسمانی وروحانی اور قلب کی قوت کے لیے کم از کم 11 مرتبہ پڑھا کرے
یَاقَوِیُّ اَلْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِیْ وَقَلْبِیْ

نماز شکرانہ پروردگار

یہ نماز دو رکعت ہے کسی بھی وقت پڑھی جا سکتی ہے۔

طریقہ: پہلی رکعت میں سورۂ الحمد ایک بار، سورۂ توحید ایک بار، رکوع و سجود میں چند بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ شُكْرًا شُكْرًا وَ حَمْدًا حَمْدًا

دوسری رکعت میں سورۂ الحمد ایک بار سورۂ کافرون ایک بار، رکوع وسجود میں یہ دُعا چند بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اسْتَجَابَ دُعَائِیْ وَاَعْطَانِیْ مَسْئَلَتِیْ وَقَضٰی حَاجَتِیْ (مصباح، کفعمی، مستدرک)

فضیلت: اس نماز کے پڑھنے سے خدا نعمتوں میں اضافہ فرماتا ہے۔

اتحاد نیوز ایجنسی موتی پلازہ مری روڈ راولپنڈی فون: 051-5504559

بخاری C.D اینڈ بک سنٹر دربار شاہ جن چراغ راولپنڈی

وَاِنَّهٗ مِنْ سُلَيْمٰنَ وَاِنَّهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بارگاہِ لم یزل

تاثیر بے مثل

روحانیت میں اضافہ کے لیے سورۃ البقرہ آیت مبارکہ 163 وَاِلٰهُكُمْ سے الرَّحِيْمُ تک روحانیت میں اضافہ کے لیے کوشش کریں اولاً نماز کی پابندی ہر حال میں کریں جب اس پر عمل پیرا ہو چکیں تو آیت مبارکہ نماز شب کے بعد کھڑے ہو کر 70 مرتبہ پڑھیں اول و آخر درود پاک 19 مرتبہ اور ہمیشہ ورد میں رکھیں۔

عالم الغیب سے رہنمائی کے لیے سورۃ العمران آیت نمبر 5 اِنَّ اللّٰهَ سے السَّمَآءِ تک۔ دور حاضر میں ہر امر میں رہنمائی درکار ہے چونکہ غلطی کو سدھارنے تک کا وقت نہیں نفسانفسی کے عالم میں جو پیچھے رہ گئے وہ پھر کامیابی سے بھٹک گئے ایسے حالات میں درست فیصلہ کے لیے مندرجہ بالا آیت مبارکہ کو روزانہ 50 مرتبہ پڑھیں مع اول و آخر درود پاک 19 مرتبہ تو انشاءاللہ آپ کی قوت فیصلہ مضبوط ہو جائیگی علاوہ ازیں عالم خواب میں بھی رہنمائی ملے گی۔

زندگی کی جملہ پریشانیوں سے نجات کے لیے پارہ نمبر 5 سورۃ النساء آیت نمبر 28 يُرِيْدُ اللّٰهُ سے ضَعِيْفًا تک زندگی میں درپیش تمام مسائل سے نجات کے لیے مندرجہ بالا آیت مبارکہ اکسیر اعظم کا درجہ رکھتی ہے اس کو 2000 مرتبہ بروز جمعۃ المبارک بوقت ظہر تا عصر بہت خشوع و خضوع سے ورد کریں اول و آخر درود پاک 70 مرتبہ پڑھیں۔ یاد رہے کہ بہت سکون سے ورد کرنا ہے۔

جائز محبت کے لیے نسخہ کیمیا سورۃ انفال آیت نمبر 62-63 وَاِنْ يُّرِيْدُوْا سے بِالْمُؤْمِنِيْنَ تک اور وَاَلَّفَ سے اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ تک۔ ان دو آیت مبارکہ کو نئے چاند کی پہلی جمعرات کو شروع کریں روزانہ 70 مرتبہ مع اول و آخر درود پاک 7 مرتبہ پڑھیں 40 یوم تک جاری رکھیں اس سے موثر و مجرب عمل میں نے آج تک مشاہدہ نہیں کیا۔ میرے بزرگوں کا آزمایا ہوا ہے خاص الخاص عمل ہے آپ کی خدمت میں بغیر کسی لالچ کے پیش کر دیا ہے خدارا غلط استعمال نہیں کیجئے گا غلط کی ذمہ داری قطعاً مجھ پر نہ ہوگی۔

ملازمت کے حصول کے لیے سورۃ یوسف آیت نمبر 76 فَبَدَاَ بِاَوْعِيَتِهِمْ سے عِلْمٍ عَلِيْمٌ تک۔ روزانہ اپنے نام کے اعداد ابجد قمری کے مطابق پڑھیں عمل کو بروز جمعۃ المبارک بوقت قریب عصر شروع کریں اور روزانہ عصر کے وقت پڑھیں اور ہر ابتدا سے قبل 2 رکعت نماز نفل حاجت قربۃً اِلَی اللّٰہ پڑھیں 21 یوم بلا ناغہ جاری رکھیں انشاءاللہ اچھی ملازمت مل جائیگی۔

شہرت کے لیے سورۃ الحجر آیت نمبر 16-17 وَلَقَدْ تا لِلنّٰظِرِيْنَ اور وَحَفِظْنٰهَا سے رَّجِيْمٍ تک۔ قارئین! کائنات میں دو چیزیں بے حد کوشش سے بھی میسر نہ ہوئیں 1 کیمیا گری 2 تسخیر کائنات۔ مگر یہ کہ نصیب والوں کو ضرور مل گئیں یوں سمجھ لیجئے کہ آپ کو یہ کیمیا گری کا نسخہ دے رہا ہوں میں نے بخل شکنی پہ قلم کو جنبش دی ہوئی ہے ہر وہ عمل آپ کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں جو مجتب المجرب قوی الاثر ہوتا ہے۔ نہ صرف شہرت کے لیے مندرجہ بالا آیات مبارکہ قوی الاثر ہیں بلکہ ہمزات الشیاطین سے بھی تحفظ فراہم کرتی ہیں۔ ان آیات مبارکہ کو شرف قمر اور ابتدائے قمری ماہ میں شروع کریں روزانہ 250 مرتبہ اول و آخر درود پاک 7 مرتبہ پڑھیں عمل کے دوران وقت اور مقام کا خاص رکھیں اگر ایک مرتبہ نہ ہو تو عمل کو دو مرتبہ مزید دہرائیں اللہ رب العزت آپ کو مقصد میں کامیابی سے ہمکنار فرمائیں گے۔

غلط تعلقات ختم کرنے کے لیے پارہ نمبر 6 سورۃ مائدہ آیت نمبر 64 (درمیانی سطر) وَاَلْقَيْنَا سے الْقِيٰمَةِ تک۔ ایام قمر در عقرب میں جب منگل کا یوم آجائے تو اس آیت مبارکہ کو ایک عدد مقناطیس کا ٹکڑا لیکر اس پر 360 مرتبہ پڑھیں اور پھر اس کو توڑ دیں لیکن توڑنے سے قبل جن کے غلط تعلقات ختم کرواتے ہوں ان کے نام مع والدہ لکھ لیں اب ٹوٹے ہوئے سروں کو اسی حالت میں قریب لا کر زمین میں دفن کر دیں جب تک دفن رہیں گے غلط تعلقات سے جان چھوٹ جائیگی۔

نفسیاتی امراض سے نجات کے لیے پارہ نمبر 13 سورۃ الرعد آیت مبارکہ 28 اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ سے الْقُلُوْبُ تک۔ روزانہ 40 مرتبہ ساعت عطارد میں اول و آخر درود پاک 19 مرتبہ مستقل ورد میں رکھیں انشاءاللہ تمام زندگی دوبارہ نفسیاتی بیماری کا حملہ نہیں ہوگا۔

قارئین! ہر ممکنہ وضاحت کر دی ہے مزید معلومات کے لیے ذیل پتہ پر بذریعہ خط و کتابت رابطہ کریں علاوہ ازیں فون پر بھی مکمل رہنمائی کی جائیگی۔

سیّد تجمل حسین شیرازی
موضع پیروالا تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ
0344-7654095/03127461038
Email: tajamalshah303@yahoo.com
www.facebook.com/syed.tajamal55

مجالس سرگرم 10 محرم الحرام روزانہ 9 بجے صبح بمقام امام بارگاہ سادات مہاجرین بھون روڈ چکوال۔ زیدی برادران: 0333-5576119

فہم القرآن

علی اکبر پشاور شہر 0300-5831879

قارئین امامیہ جنتری کیلئے سورۂ مریم پارہ ۱۶ حُب کا نادر روزگار عمل پیش کر رہا ہوں جو میرے استاد محترم غلام عباس شاہ (شاد گیلانی) نے از لطف نظر کرم خاص عنائت کیا ہوا ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ لوگوں کے دلوں میں آپ کی محبت پیدا ہو جائے رشتہ دار آپکو اچھا سمجھیں۔ میاں بیوی میں الفت بڑھے چھوٹے بڑے احترام اور وقار سے پیش آئیں۔ مخلوقات کے دل میں اُنس آجائے تو (۱۶ سورۃ مریم ۹۶)

قرآن پاک سورۂ مریم آیت نمبر ۹۶ میں اللہ پاک کا ارشاد ہے۔

إِنَّ الَّذِينَ آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمَٰنُ وُدًّا ○

یعنی جو لوگ ایمان لائے اور نیک عمل کئے۔ خدا اُن کی محبت (مخلوقات کے دل میں) پیدا کر دے گا۔

اب دونوں عمل غور سے پڑھیے۔ سمجھنے کی کوشش کیجئے۔ جائز کام کیلئے اللہ کا نام لے کر کسی نیک ساعت میں شروع کیجئے۔

عمل نمبر 1 مندرجہ بالا آیت کو باوضو بسم اللہ شریف۔ درود پاک کے ساتھ چلتے۔ پھرتے (لاتعداد مرتبہ روزانہ پڑھتے رہیں اور اپنی دائیں ہتھیلی پر دم کرتے رہیں۔ تو چند دنوں میں آپ خود محسوس کرنے لگیں گے۔ بالخصوص کسی ناراض فرد کا تصور رکھ کر پڑھیں گے۔ تو وہ خود بہ خود صلح پر راضی ہوگا۔ دونوں میں صلح ہو جائے گی۔ ناراضگی۔ نفرت دُور ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔

ناجائز کام کیلئے ہرگز نہ کریں ورنہ نقصان اُٹھائیں گے

عمل نمبر 2 برائے حب (صرف جائز کام کیلئے)

شروع کرنے کیلئے چند ایک باتوں کا جاننا ضروری ہے اس لئے پہلے ہی احتیاط کر لیں

اوقات: (۱) چاند کی پہلی جمعرات (نوچندی جمعرات) بشرطیکہ ان دنوں قمر در عقرب نہ ہو۔ جنتری دیکھ کر تسلی کر لیں۔ قمری مہینے کی سات اور چودہ بھی آغاز کرنے کے لیے مناسب ہے۔ (۲) ساعت نیک ہو (۳) رجال الغیب کو اپنی پشت پر رکھیں۔

باتصور۔ یا تصویر سامنے رکھ کر **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ**

ایک بار **بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ** پڑھیں۔ پھر اول۔ آخر ۳، ۳ بار درود شریف پڑھیں پھر ۱۰۱ بار مندرجہ ذیل کلمات پڑھیں۔

یَاوُدُوْدُ لِیا وُدُوْدُ وُدًّ وُدُوْدُ

حرف (لفظ) سورۂ مریم آیت نمبر ۹۶ میں آیا ہے جس کے معنی شروع میں لکھ چکا ہوں۔ اگر کوئی شخص ویسے ہی بغیر چلہ کے روزانہ پڑھے۔ تو کل عالم اُس کا احترام کرے کل عالم کے دل میں۔ اس کی محبت ڈالے۔ آیئے از روئے جفر دیکھتے ہیں

سوال یَاوُدُوْدُ لِیا وُدُوْدُ وُدًّ وُدُوْدُ
کو حُب کے لیے ۱۰۱ بار پڑھنا کیسا رہے گا۔

یا علیم ۵

از رو جفر منتخب حروف

حروف	منتخب حروف
ی ا و د و د	ی ل ا ب ک س دھ رد
ل ی ا و د و	لائے ب وخ وہ ک د
د و د و د و	لائے خوب کہدو
د ح ب ک ی ل	یعنی بہت اچھا ہے
ی اک س و ای ک ب ار	میری دعا ہے کہ اللہ پاک بہ صدقہ معصومین علیہ السلام اس کے سمجھنے میں آپ کا ادراک کھولے۔
ب ر ھ ن ا ک	
ی س ا ر ھ ی	
ک ا	آمین

نوٹ: کسی کے Miss Call یا Message کا جواب نہیں دیا جائے گا براہ راست فون کر کے پوچھ سکتے ہیں۔

نماز وحشت قبر

میّت کے دفن کی رات اس کیلئے دو (۲) رکعت نماز پڑھی جاتی ہے۔ جسے نماز وحشت قبر کہتے ہیں۔ یہ نماز میّت کیلئے قبر میں پہلی رات کے خوف کو دُور کرنے کیلئے پڑھی جاتی ہے اور دفن میّت کی پہلی ہی رات میں مغرب کی نماز کے بعد سے لیکر طلوع فجر تک پڑھی جا سکتی ہے کیونکہ میّت پر قبر میں پہلی رات سے زیادہ سخت گھڑی اور نہیں ہوتی ہے۔

طریقہ نماز: پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ (یعنی سورۂ الحمد) کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ قدر (یعنی انا انزلناہ) پڑھی جائے۔ سلام پڑھنے کے بعد کہو! (**اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّابْعَثْ ثَوَابَهَا تَيْنِ الرَّكْعَتَيْنِ اِلٰى قَبْرِ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ**) (فلاں بن فلاں کی جگہ پر میت اور اس کے باپ کا نام لے)

بس اللہ تعالیٰ اسی وقت اس میت کی قبر پر ایک ہزار ملائکہ بہشتی حلّے دیکر بھیجتا ہے اور اسکی قبر کو قیامت تک وسیع کر دیتا ہے۔ اور نماز پڑھنے والے کو بے شمار نیکیاں عطا کرتا ہے

حاجی برادرز بک سیلرز بھون روڈ چکوال 0543 553613
بسم اللہ بک سنٹر بیول پلازہ انوار چوک واہ کینٹ 0303 5128321

عمیر مغل (علوم فلکیات)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

2015 عیسوی

لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا ھُوَ

۱۴۳۶ھ ہجری

نوروز عالم افروز

طول بلد 73-04E

تحویل آفتاب در برج حمل

عرض بلد 33-43N

مورخہ 21 مارچ 2015ء بروز ہفتہ

بوقت 03 بجکر 45 منٹ 06 سیکنڈ قبل از فجر مطابق پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم

بادشاہ: زحل

وزیر: شمس

سپہ سالار: عطارد

مشیر: مریخ

رنگ: سیاہی مائل

بلوتو 15.21 — جدی — حوت — عطارد 12.12

زحل 04.54

طالع دلو 07.13

حمل — نیپچون 08.07

شمس 07.44

قمر 15.31

یورانس 22.00

مریخ

ذنب 09.58

راجع

قوس

عقرب

میزان

ثور

زہرہ 04.15

جوزا

راجع

مشتری 13.09

راس 09.58

اسد

سرطان

سنبلہ

خوراک: آلو بخارا، آملہ سیاہ، اروی، اخروٹ، اجوائن خراسانی، انگور سیاہ، توت سیاہ، تیزپات، جامن، زیتون سیاہ، خشخاش سفید، کاسنی، گوبھی، ساگ ہر قسم، تخم و گل نیلوفر، منقیٰ، مہندی (حناء) صندل سرخ و سفید ۔ لیموں

صدقات: ماش سیاہ، روغن سیاہ، لوہا تانبہ، نمک سیاہ، گل کاسنی، بھینس، لاجورد، سنگ سیاہ، چڑیا سیاہ، ابابیل، یاقوت (بروز ہفتہ بوقت دوپہر)

اہم نظرات زائچہ نوروز: شمس قمر قرآن، شمس زحل تثلیث، شمس عاشر تثلیث، قمر مشتری تثلیث، قمر زحل تثلیث، قمر یورانس قران، قمر پلوٹو تربیع، قمر راس مقابلہ، عطارد زحل تربیع، عطارد نیپچون قران، عطارد پلوٹو تسدیس، زہرہ مشتری تربیع، زہرہ نیپچون تسدیس، زہرہ طالع تربیع، مریخ مشتری تثلیث، مریخ یورانس قران، مریخ پلوٹو تربیع، مشتری زحل تثلیث، مشتری یورانس تثلیث، مشتری طالع مقابلہ، زحل نیپچون تربیع، زحل عاشر قران، یورانس پلوٹو تربیع، راس طالع تثلیث۔

نوٹ: سواری، پوشاک وغیرہ کی کیفیت صرف اہلِ ہنود میں پائی جاتی ہے۔ اسلام میں اس کا تصوّر نہیں۔

نوٹ: تحویل آفتاب کا وقت پاکستان کے سٹینڈرڈ ٹائم کے مطابق ہے۔ بیرون ملک قارئین نوروز کے پاکستانی ٹائم میں سے 5 گھنٹے نفی کر لیں تو گرین واچ ٹائم نکل آئے گا۔ اس میں سے اپنے ملک کا سٹینڈرڈ ٹائم جمع یا نفی کرنے سے مطلوبہ وقت نوروز حاصل ہو جائے گا۔

سالانہ مجلس عزا ... 29 محرم الحرام بمقام چک 19 ج ب ... تحصیل چک جھمرہ ضلع فیصل آباد ... 0334-2388082

احکام نوروز

مورخہ 21 مارچ 2015 مطابق 29 جمادی الاول بروز ہفتہ 1436 ہجری / 7 چیت 2071 بکرمی بوقت 03 بجکر 45 منٹ 06 سیکنڈ قبل از وقت فجر (پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم) مطابق دارالحکومت اسلام آباد (73 درجہ 04 دقیقہ مشرقی / 33 درجہ 43 دقیقہ شمالی) پاکستان کے مروجہ وقت شمس در بُرج حمل کے صفر درجہ پر تحویل آفتاب ہوگا۔

نوروز کی شرعی حیثیت

عید نوروز شمسی کیلنڈر کے حساب سے منائی جاتی ہے۔ نوروز 20 یا 21 مارچ کے بارے میں جو کچھ لکھا جاتا ہے۔ وہ علم نجوم اور حرکت سیارگان ہے۔ نیا دن اس لئے کہ شمس برج حمل میں داخل ہورہا ہے۔ یہ سب روایات گردش ایام سے متعلق ہیں جن کا دین اور شریعت سے کوئی تعلق ہرگز نہیں ہے۔ ۱۸ ذوالحجہ ۱۱ ہجری چونکہ اتفاقاً ۲۱ مارچ کو آ گیا۔ اس لیے اس جشن کو دوہرا منانے کے لیے دونوں تاریخوں کو عید نوروز سے معنون کردیا گیا۔ ہم جو اعمال بجالاتے ہیں وہ 20 یا 21 مارچ کو شمس کے برج حمل میں داخل ہونے کے نہیں ہیں بلکہ عید غدیر کے ہیں۔ شمسی کیلنڈر کی اکیسویں مارچ سے بہت سے اور تہوار بھی مربوط ہیں۔ مگر سال ہائے وقوع میں فرق ہے۔ اعمال کی کتب مفاتیح الجنان، تحفۃ العوام وغیرہ میں اس تاریخ کے جو اعمال آپ پڑھیں گے۔ وہ نوروز سے متعلق نہیں ہیں بلکہ عید نوروز سے تعلق رکھتے ہیں۔ مثلاً یہ واقعات ایک نئے دن سے متعلق ہیں۔ اس لیے یادِ خدا میں تشکر کے طور پر اعمال بجالائے جاتے ہیں۔ آئمہ معصومین علیہم السلام کے ارشادات اور اعمال سے ثابت ہے۔ کہ اس دن کو آل محمدؐ نے اپنا دن فرمایا ہے۔ (۱) اللہ تعالیٰ نے اس دن اپنے بندوں سے عہد لیا ہے کہ اس کی واحد نیت کے ساتھ عبادت کریں۔ (۲) یہ پہلا دن ہے کہ آفتاب کی پہلی کرن زمین پر پڑی۔ (۳) حضرت نوحؑ کی کشتی کا کنارے لگنا۔ (۴) رجعت آئمہ طاہرین اور حضرت علیؑ کی خلافت ظاہرہ (۵) حضرت محمدؐ پر نزول وحی کا آغاز ہونا۔ (۶) حضرت ابراہیمؑ کا کافروں کے بتوں کو توڑنا۔ (۷) حضرت علیؑ کا خوارج پر فتح پانا۔ (۸) حضرت علیؑ کا تطہیر کعبہ کا عمل بجالانا وغیرہ۔ عید نوروز کے اعمال مومنین اپنے تہواروں کی یاد میں مناتے ہیں۔ یہ اعمال، نوافل، دعائیں اور نمازیں تحویل آفتاب سے متعلق نہیں بلکہ متذکرہ بالا اسلامی تہواروں سے مربوط ہیں۔ جن کی یاد منانا باعث تقویت ایمان ہے۔

نقش نوروز

امامیہ جنتری کے کرم فرما ساعت نوروز میں تیار کردہ سونا پالش طلسم نوروز اور زرد کاغذ پر بنا ہوا نقش نوروز جوابی لفافہ بھیج کر **مفت** طلب کریں۔

آغا حسنین احمد عامل آغا ہاؤس، احمد پور شرقیہ ضلع بہاولپور

0300-6802983, 0331-7560412

رفتار ہائے سیارگان
بوقت تحویل آفتاب در برج حمل

ہفتہ 21 مارچ 2015ء بوقت 03 بجکر 45 منٹ 06 سیکنڈ قبل از فجر

سیارگان	درجہ۔ دقیقہ۔ ثانیہ در بروج	زائچہ میں درج کیے جانے والے درجات و دقائق	
طالع	07 درجہ 12 دقیقہ 37 ثانیہ برج دلو	07.12	دلو
شمس	00 درجہ 00 دقیقہ 00 ثانیہ برج حمل	00.00	حمل
قمر	07 درجہ 44 دقیقہ 13 ثانیہ برج حمل	07.44	حمل
عطارد	12 درجہ 12 دقیقہ 19 ثانیہ برج حوت	12.12	حوت
زہرہ	04 درجہ 14 دقیقہ 37 ثانیہ برج ثور	04.15	ثور
مریخ	21 درجہ 59 دقیقہ 41 ثانیہ برج حمل	22.00	حمل
مشتری	13 درجہ 08 دقیقہ 36 ثانیہ برج اسد	13.09	اسد
زحل	04 درجہ 53 دقیقہ 46 ثانیہ برج قوس	04.54	قوس
یورانس	15 درجہ 30 دقیقہ 44 ثانیہ برج حمل	15.31	حمل
نیپچون	08 درجہ 06 دقیقہ 45 ثانیہ برج حوت	08.07	حوت
پلوٹو	15 درجہ 21 دقیقہ 26 ثانیہ برج جدی	15.21	جدی
راس	09 درجہ 57 دقیقہ 52 ثانیہ برج میزان	09.58	میزان
ذنب	09 درجہ 57 دقیقہ 52 ثانیہ برج حمل	09.58	حمل

آب نیسان: نوروز سے ۲۳ دن کے بعد نیسان کا مہینہ شروع ہوتا ہے جو تیس روز کا ہے اس مہینے میں جو پانی برستا ہے اُسے آب نیسان کہتے ہیں امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ جو شخص اس پانی کو جمع کر کے اس پر سورۃ الحمد، آیت الکرسی، چاروں قل، اور سورۃ انا انزلناہ کو 70،70 مرتبہ پڑھے۔ 70 مرتبہ اللہ اکبر 70 مرتبہ لا الٰہ الا اللہ اور 70 مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر اُسے پیئے تو خداوند عالم اس کے دل کو نور کی روشنی اور فہم و فراست و بینائی سے بھر دے گا اور اسے تمام آفات و بلیات سے محفوظ رکھے گا۔ جو شخص 7 روز تک صبح شام اس پانی کو پیئے گا تو اس کی ہڈیوں اور رگوں سے ہر قسم کا درد اور بیماری ختم ہوجائیں گی۔ جس عورت کے لڑکا نہ ہوتا ہو تو وہ آب نیسان کو اس نیت سے پیئے تو خداوند عالم اس کو فرزند عطا کرے گا۔ اور بانجھ عورت ہو تو بفضل خدا اسکی گود ہری ہوگی۔

آداب و اعمال نوروز

تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک ہوتا ہے۔ یہ استجابت دُعا کا وقت ہے۔ مومنین کو چاہیے کہ مقررّہ وقت سے پہلے پاک صاف ہو کر لباس مطرہ زیب تن کریں اور کسی پاک جگہ پر پاک فرش کا اہتمام کریں۔ خوشبویات مثلِ لوبان، اگربتی وصندل وغیرہ سلگائیں۔ دسترخوان پر مٹھائی پھل میوے وغیرہ رکھیں اور نذر حضرت امیر المومنین علیہ السّلام دیں۔ بعدازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول ڈال دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں جو وقت تحویل کا ہوگا اس وقت خود بخود ساکن پھول میں حرکت پیدا ہوگی بس یہ وقت دُعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے۔ اس وقت ۳۶۹ مرتبہ "یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ" اور کم از کم ۳۶ مرتبہ یہ دُعا پڑھیں۔

یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا مُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّھَارِ یَا مُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَوِّلْ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ ؕ

مومنین کو چاہیے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین چار رکعت نماز اس طرح ادا کریں۔ اوّل یہ نیّت کریں کہ دو رکعت نماز نوروز پڑھتا ہوں۔ "قُرْبَۃً اِلَی اللّٰہِ۔ اَللّٰہُ اَکْبَرُ" اور اوّل رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ سورہ "اِنَّا اَنْزَلْنَاہُ" اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ "قُلْ یَااَیُّھَا الْکَافِرُوْنَ" اور بعد سلام ختم کرے اور پھر دو رکعت کی نیّت کر کے نماز شروع کریں۔ اوّل رکعت میں بعد سورہ حمد دس مرتبہ "قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ" اور دوسری رکعت میں بعد سورہ حمد دس دس مرتبہ "قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ" پڑھے اور بعد سلام ختم کرے اور سجدے میں جائے اور یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ن الْاَوْصِیَاءِ الْمَرْضِیِّیْنَ وَعَلٰی جَمِیْعِ اَنْبِیَائِکَ وَرُسُلِکَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِکَ وَبَارِکْ عَلَیْھِمْ بِاَفْضَلِ بَرَکَاتِکَ وَصَلِّ عَلٰی اَرْوَاحِھِمْ وَاَجْسَادِھِمْ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ لَنَا فِیْ یَوْمِنَا ھٰذَا الَّذِیْ فَضَّلْتَہٗ وَکَرَّمْتَہٗ وَشَرَّفْتَہٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَہٗ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْمَا اَنْعَمْتَ بِہٖ عَلَیَّ حَتّٰی لَا اَشْکُرَ اَحَدًا غَیْرَکَ وَوَسِّعْ عَلَیَّ فِیْ رِزْقِیْ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَللّٰھُمَّ مَاغَابَ عَنِّیْ فَلَا یَغِیْبَنَّ عَنِّیْ عَوْنُکَ وَحِفْظُکَ وَمَافَقَدْتُ مِنْ شَیْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِیْ عَوْنَکَ عَلَیْہِ حَتّٰی لَا اَتَکَلَّفَ مَالَا اَحْتَاجُ اِلَیْہِ یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

20 صفر قریشی مجلس وشبیہ ذوالجناح بمقام امام بارگاہ موسیٰ کاظمؑ معروف تحصیل تلہ گنگ۔ منجانب قصور حسین کاظمی و برادران: 0300-5476561

اس کے بعد، دُعا کرے بعض نے لکھا ہے کہ نوروز کے دن موافق اعداد ایام سال نکال کر اس دُعا کو پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ ھٰذِہٖ سَنَۃٌ جَدِیْدَۃٌ وَاَنْتَ مَلِكٌ قَدِیْمٌ اَسْئَلُكَ خَیْرَھَا وَخَیْرَمَافِیْھَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّمَافِیْھَا وَاَسْتَکْفِیْكَ مَئُوْنَتَھَا وَشُغْلَھَا یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (زادلمعاد)

سات سلام

مشہور ہے کہ جو شخص یہ سات سلام نوروز کے دن مشک وزعفران سے کسی چینی کے برتن پر لکھ کر گلاب کے عرق سے دھوئے اور اس میں سے پیئے تو آئندہ سال تک کوئی رنج ودرد اُس کو نہ ستائے گا۔ اگر زہریلا جانور کاٹے تو اس پر اثر نہ ہوگا۔

1. سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ ،
2. سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ ،
3. سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ ،
4. سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھَارُوْنَ ،
5. سَلَامٌ عَلٰی اٰلِ یَاسِیْنَ ،
6. سَلَامٌ عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْھَا خَالِدِیْنَ ،
7. سَلَامٌ ھِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ ط (از حاشیہ زادالمعاد)

مندرجہ ذیل نقش کو مشک وزعفران سے لکھ کر گلاب میں دھو کر پیئے وبا وامراضِ جسمانی سے محفوظ رہے گا۔ اس نقش کی انگوٹھی چاندی پر کندہ کر کے پہنے کبھی محتاج نہ ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
الا = ۱۱۱۹ ۱۱۱۱۹ = ۱۱۱ محطے

برائے درد زہ سات مرتبہ اس آیت کو گڑ، شکر یا کسی مناسب عرق پر پڑھ کر کھلائے یا پلائے۔ فوراً بچہ پیدا ہوگا۔

اِذَاالسَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَافِیْھَا وَتَخَلَّتْ

نقش نوروز

اعداد ۵۰۴۶

تحویل آفتاب کے وقت کسی پاک جگہ باوضو ہو کر گلاب وزعفران سے اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھیں تو تمام سال جملہ امراض وبلیات غم و صدمات سے محفوظ رہیں گے دُشمن مقہور ہوگا مقاصد پورے ہوں گے۔ نہایت مجرب اور راز سربستہ ہے۔

۱۲۵۴	۱۲۶۷	۱۲۶۴	۱۲۶۱
۱۲۶۵	۱۲۶۰	۱۲۵۵	۱۲۶۶
۱۲۵۹	۱۲۶۲	۱۲۶۹	۱۲۵۶
۱۲۶۸	۱۲۵۷	۱۲۵۸	۱۲۶۳

طلسم نوروز کی وضاحت

طلسم نوروز = الا = 1119 = 119الا = 111 محطے

طلسم نوروز کا آغاز = الا = الٓمٓ = آغاز قرآن مقدس ہے۔

1119 = 19 کا عدد اللہ کے صفاتی اسم واحد کی نمائندگی کر رہا ہے۔

باقی 1100 عدد اسم صفت (مُغْنِی) کا ہے۔ یعنی غنی کرنے والا۔

119 = یَاحَقُّ کا عدد ہے۔

الا = سوائے

111 = کافی = کفایت کرنے والا

محطے = ربّ العالمین ہر چیز کا مالک، ہر چیز پر قادر اور اس کا ہر چیز پر مکمل احاطہ ہے۔

عالمی حالات 2015

زائچہ نوروز کی روشنی میں

تحریر و تحقیق: غلام رضا عسکری اعوان نواب شاہ Ph: 0300 3210024, E mail: razaaskri@gmail.com

2015 کا نوروز 21.03.2015 کو اسلام آباد کے معیاری وقت کے مطابق صبح 03.45.08 کو ہوگا۔ طالع برج دلو ہوگا۔ وتد الارض ثور اور وتد السماء برج عقرب ہوگا۔ ہفتہ کے دن کا نوروز اچھا نہیں ہوتا۔ بارشیں کم ہونے کی وجہ سے خشک سالی کے امکانات ہوسکتے ہیں۔ فسادات اور لڑائی جھگڑوں میں اضافہ کے ساتھ اموات میں اضافہ ہوگا خصوصاً بچوں اور ضعیف العمر افراد کی اموات میں اضافہ ہوگا سیاست اور حکومتی عہدوں سے منسلک افراد میں معاملات خراب اور سیاسی ماحول سرگرم رہنے کے امکانات ہوتے ہیں۔ موسموں میں تبدیلی یا بے ترتیبی زراعت کو متاثر کریگی۔ تاہم معدنیات کے ذخائر دریافت ہونے یا قدرتی وسائل میں اضافہ کے امکانات ہوسکتے ہیں زیر زمین فصلیں آلو پیاز گاجر مولی کی پیداوار کم اور ڈرائی فروٹ کی پیداوار میں اضافہ متوقع ہوگا۔ بارشیں زیادہ ہوں گی اور قدرتی آفات کی وجہ سے جانی مالی نقصانات ہوسکتے ہیں،۔ عوامی دباؤ میں اضافہ کے ساتھ نچلے طبقہ کی عوامی حالت مزید خراب ہوگی۔

پاکستان: پاکستان کے زائچہ نوروز کے مطابق، 2015 کا نوروز زائچہ پاکستان میں مشتری ساتویں اور زحل کی گیارہویں گھر موجودگی اور دونوں ستاروں کا رجعت یافتہ ہونا پارلیمانی تبدیلیوں کی نشاندہی کرتا ہے ممکنات میں سے ہے کہ سال کے اوائل کے ساتھ ہی وزیراعظم صاحب قانونی پیچیدگیوں کا شکار ہوکر گھر چلے جائیں۔ نویں راہو اور تیسرے کیتو کی موجودگی اور راہو کا یورنس کے ساتھ قران ہمسایہ ممالک کے ساتھ جھڑپوں اور سرحدی خلاف ورزیوں کی وجہ سے فوجی مداخلت ہوگی۔ سیاست کے کئی راز اس سال افشاء ہونگے افواج اور حکومت میں راز افشاء ہونے پر اختلافات کا آمنا سامنا ہوگا۔ پرویز مشرف کا معاملہ حل ہوجائیگا اور ممکن ہے کہ مشرف بیرون ملک سال کے اوائل میں چلے جائیں۔ نریندر مودی اور نواز انتظامیہ کی دوستی ختم ہوسکتی ہے۔ افغان سرحدوں پر حکومت وقت کو بندش لگانے کا فیصلہ کرنا پڑ سکتا ہے۔ دہشت گردوں کے خلاف آپریشن دیگر دو صوبوں سندھ اور بلوچستان تک وسعت اختیار کر جائیگا۔ تاہم عوام کی حالت بہتر ہوگی بلکہ عوامی عیاشیوں میں اضافہ ہوگا۔ افواہوں کا زور مارچ اپریل میں شدید ہوگا۔ مالی طور پر پاکستان کے زرمبادلہ میں اضافہ کے ساتھ کرنسی کے استحکام کی کوششیں کامیاب ہونگی۔ تاہم جولائی 2015 تا مارچ 2016 پاکستانی معیشت میں زوال آنے کے ساتھ حکومتی ٹیکسز میں اضافہ عوامی سطح پر سول نافرمانی جیسے مسائل اجاگر کر سکتا ہے آنے والا سال پاکستان اور عالمی معیشت کے لئے خطرناک ثابت ہوگا ۔ حقوق نسواں کی تنظیمیں زور پکڑیں گی جبکہ خواتین کے حقوق کے لئے قانون سازی متوقع ہوسکتی ہے۔ بارہویں پلوٹو کا قیام خفیہ ہاتھ کی مظبوطی کو ظاہر کرتا ہے جبکہ دہشت گردوں کی پشت پناہی کرنے والے کئی ہاتھ منظر عام پر سامنے آئیں گے۔ وزیراعظم پر دباؤ ہوگا جبکہ مذہبی تنظیمیں آپریشن کے خلاف سر اٹھا سکتی ہیں۔ امراء اور سیاست دانوں کے لئے یہ سال بھاری ہوگا، معمر اداکار گلوکار اور معمر معروف شخصیات دنیا سے رخصت ہوں گی۔ سرحدی جھڑپوں میں اضافہ ہوگا۔ مارچ تا جولائی پاکستان میزائل تجربات یا دیگر فوجی حساس نوعیت کے تجربات کریگا۔ پانی کا مسئلہ شدت اختیار کر جائیگا جبکہ عالمی عدالتوں تک پاکستان کی رسائی میں دشواریاں پیش آئیں گی۔ تاہم افغانستان کی جانب سے پاکستان کے تعلقات خراب ہونگے اور ممکن ہے کہ دونوں حکومتوں میں سفارتی معاملات شدت اختیار کر جائیں۔ ٹریڈ یونینز اور اسٹاک مارکیٹ کے ساتھ حکومتی مسائل پیدا ہونگے اور سیاستدانوں میں سے کسی کی موت واقع ہوسکتی ہے۔ میں حکومت وقت سے اور افواج پاکستان سے خصوصاً وزارت داخلہ سے اپیل کرتا ہوں کہ پاکستان میں موجود غیر قانونی تارکین کو نکالا جائے اور افغان سرحدوں کو انڈیا کی طرز پر سیل کردیا جائے تو دہشت گردی کا خاتمہ ہوسکتا ہے۔

انڈیا / بھارت: آؤٹر پلانٹس نیپچون پلوٹو اور یورنس انڈیا کے زائچہ میں، دسویں نیپچون کا قیام انڈیا کو آبی ذخائر میں خود کفیل کرتا ہوا نظر آتا ہے جبکہ یورنس کا قیام گیارہویں حمل میں پارلیمانی تبدیلیوں یا پارلیمان میں مسائل کی جانب اشارہ کرتا ہے پلوٹو مریخ تربیع آٹھویں گیارہویں گھروں میں حکومت مخالف دھڑوں کا اجتماع پارلیمان میں مسائل پیدا کرسکتا ہے جبکہ پلوٹو راہو تربیع کثیر اموات ہونے کا امکان زلزلہ کے امکانات فروری مارچ میں ہوسکتے ہیں۔ سمندری فورسز میں اضافہ یا انڈین نیوی کو طاقتور بنانے کے امکانات کے ساتھ فوجی تجربات ان دنوں ہوسکتے ہیں۔ مئی جون اور ستمبر اکتوبر سمندری طوفانوں کے لحاظ سے انڈیا کو متاثر کریں گے۔ عالمی سطح پر انڈیا کے کئی ایک جنگی

جرائم اور کشمیر میں مظالم کی داستانیں سامنے آئیں گی۔ خارجی تعلقات میں انڈیا کو کافی محنت کرنا ہوگی۔ پاکستان کے اندرونی معاملات میں افغان کے راستے بھارت کی دخل اندازی کے ثبوت منظر عام پر آجائیں گے۔ بھارت کی کرنسی گزشتہ سالوں کی نسبت بہتر رہے گی جبکہ ٹریڈ بڑھانے کی کوششوں میں انڈیا کو مشکلات کا سامنا ہوگا۔ مارچ تا جولائی عالمی کساد بازاری اور معاشی مسائل انڈیا کی معیشت کے لیے خطرناک ثابت ہونگے۔ مودی حکومت کو عوامی دباؤ کا سامنا ہوگا حکومت مخالف تحریکیں اور تنظیمیں سر اٹھائیں گی۔ زحل کی ساتویں موجودگی اور یورنس کی گیارہویں موجودگی مودی حکومت کے لئے خطرناک ثابت ہوسکتی ہے حکومتی اتحاد میں دراڑیں پڑسکتی ہیں ممکنات میں سے ہے کہ اندرونی تبدیلی لائی جائے۔ مشتری سنبلہ میں داخل ہونے کے ساتھ انڈین عوام کو نئے ٹیکسز کا تحفہ دیگا غربت کی سطح میں اضافہ ہوگا جبکہ انڈیا کی فی کس آمدنی میں کمی ہوگی۔

امریکہ: امریکہ اس سال زائچہ میں مشتری تیسرے گھر اسد میں ہوگا۔ خارجہ تعلقات میں بہتری کی کوششیں ہونگی۔ قرضوں میں اضافہ کے ساتھ امریکہ کی معاشی حالت میں بہتری کی کوشش ناکام ہوتی نظر آتی ہے۔ زحل کا ساتویں گھر میں قیام اپنی بین الاقوامی ساکھ کو مضبوط کرنے کی کوششیں کافی حد تک کامیاب ہوسکتی ہیں۔ تاہم اوباما انتظامیہ وزراء میں اس سال تبدیلیاں لائے گی جبکہ وزیر خارجہ کی تبدیلی سال کے اوائل میں متوقع ہوگی۔ یورنس اور مشتری کی نظر تثلیث امریکی معیشت کو اچانک سہارا بھی دیگی اور اچانک روبہ زوال بھی ہوگی۔ اسٹاک مارکیٹوں میں خاطر خواہ انڈیکس کم ہوگا۔ راہو کیتو پانچویں گیارہویں اندرونی معاملات اور شدت پسندی میں اضافہ کے ساتھ امریکی عوام کو وبائی امراض کو تحفہ دیں گی زمینی و ہوائی حادثات میں امریکہ کو نقصان ہوسکتا ہے۔ جبکہ بچوں کی فلاح و بہبود کے کام میں بہتری آئیگی۔ موسمی تغیرات سمندری طوفان اور شمالی ریاستوں میں ہوائی بگولوں اور برفانی طوفانوں کی شدت ہوگی۔ امریکہ کی کرنسی ممکن ہے کہ 5%TO7% تک ڈاؤن ہوجائے۔ جولائی 2015 تا مارچ 2016 مشتری زحل کی تربیع دنیا میں عالمی معاشی بحران کا سبب بنے گی امریکہ جو کہ دنیا کا خود بہت بڑا مقروض ملک ہے مزید الجھنوں کا شکار ہوجائیگا۔ عالمی سطح پر اسٹاک مارکیٹس میں کمی اور نقصان کے ساتھ ڈالر کی قدر میں کمی 2007 جیسے معاشی بحران کو سامنے لاسکتی ہے۔ بیروزگاری میں اضافہ کے ساتھ بیرون ملک افواج کے بجٹ میں کمی کیئے جانے کا امکان ہے۔

ایران: دسویں گھر پلوٹو کی موجودگی ایرانی عوام کی اکثریت حکومت کو مضبوط کرے گی۔ ایران میں خلفشار پیدا کرنے کی کوششیں ناکام ہونگی۔ زائچہ نوروز میں پلوٹو کی طالع میں موجودگی کے ساتھ مریخ کا چوتھے حمل میں قیام داخلی طور پر ایران کو مزید بہتر بنائے گا۔ پاسداران اور افواج ایران کو قوت دی جائیگی۔ میڈیا کھیلوں اور نوجوانوں کے امور پر حکومت کی توجہ مبذول ہوگی۔ سرمایہ کاری کے اسباب کھل جائیں گے۔ یورنس پلوٹو کی تربیع جولائی تا مارچ 2016 ایران کی معاشی پابندیوں اور عالمی معاشی بحران کی وجہ سے مشکلات کا شکار ہونے کا امکان ہے ایرانی کرنسی کمزور ہوسکتی ہے۔ لیکن عالمی پابندیوں میں آنے والے سال سے پہلے ہی نرمی ہونے کی امید ہے۔ مریخ یورنس اور کیتو کی چوتھے موجودگی زلزلہ اور زمینی آفات کثیر اموات کا سبب بن سکتی ہیں۔ عرب لیگ کی جانب سے UNO کی پالیسیوں کے خلاف ایران کی مخالفت کھل کر سامنے آئیگی۔ سرحدی کشیدگی پاک ایران معاملات کو کشیدہ کر سکتی ہے تاہم ایران سختی سے دہشت گردی اور غیر قانونی معاملات کو روکے گا۔ ممکن ہے کہ ایران سول نیوکلیئر ٹیکنالوجی حاصل کرنے میں کامیاب ہو جائے۔ سعودی و یہودی سازشیں ایران کے خلاف ناکامی کا منہ دیکھیں گی۔ مشتری کی موجودگی نوروز اور زائچہ ایران میں مالی معاملات میں ایران کو کچھ مشکلات دے سکتی ہیں۔ عوام الناس کی حالت بہتر ہوگی۔ ایران میں نئے ذخائر اور معدنی وسائل میں ترقی ہوگی۔ پارلیمانی نظام میں ایران بہتری لائیگا۔ ایران کی جانب سے عراق میں دہشت گردی کی شدید مخالفت سامنے آئیگی اور ممکن ہے کہ ایرانی فورسز کی جانب سے عراقی حکومت کو امداد بھی دی جائے۔ یا مزارات مقدسہ کا مکمل کنٹرول ایران سنبھال لے۔

عراق: مشتری کی عراق کے زائچہ میں پہلے گھر موجودگی عراق کو معاشی و اندرونی طور پر سنبھالنے میں معاون ہوگی ممکن ہے کہ ایک مضبوط حکومت عراق میں قائم ہو جو کہ اہل بیتؑ کے چاہنے والی ہو۔ یورنس کی نویں گھر موجودگی عالمی سطح پر عراق پر پابندیوں میں نرمی کی تحریک سامنے آئیگی۔ نیپچون آٹھویں اور زحل پانچویں گھر میں کم و بیش نو ماہ جولائی سے حالت تربیع میں رہیں گے زر مبادلہ اور کرنسی کی کمزوری عراق میں مہنگائی اور معاشی بحران کا وقت ہوگا۔ انہی دنوں میں قدرتی آفات کثیر اموات کا باعث بن سکتی ہیں۔ عراق میں دہشت گردی کی فضا میں اضافہ ہوگا۔ اندرونی خلفشار اور بیرون ہاتھ کی مداخلت عراقی حالات میں مزید خرابی لا سکتے ہیں۔ زحل کی اوج میں چوتھے گھر موجودگی قدرتی وسائل اور تیل گیس کے ذخائر میں اضافہ ہوگا جبکہ معاشی پابندیوں میں نرمی ہوگی۔ دسویں گھر کا حاکم زہرہ حکومتی وسائل میں اضافہ کریگا جبکہ عراق کی جانب سے سیاحت کے شعبہ میں خاطر خواہ بہتری کی کوششیں کامیابی سے کی جائیں گی۔ موسمی تغیرات اور بارشوں کی کمی کا سامنا ہوگا زراعت اور آبی وسائل میں کمی ہوسکتی ہے جبکہ عراق کی درآمدات میں اضافہ اور برآمدات میں کمی عراقی بجٹ میں غیر متوازن کیفیات پیدا کریں گی۔ ممکنہ معاشی بحران عالمی سطح پر دنیا کے کمزور ممالک کو زیادہ متاثر کریگا جس میں عراق بھی شامل ہے۔

شام: خدا سلامت رکھے شام ایران عراق کو جہاں سادات کا ورثہ موجود ہے۔ مشتری کی دوسرے گھر میں موجودگی اور زحل کی چھٹے گھر میں ڈھائی سال

امامیہ تقویم ماہ دسمبر 2014 عیسوی
مطابق صفر المظفر / ربیع الاوّل ۱۴۳۶ ہجری

ایام 31	جنوری 2015ء	صفر المظفر	نیک / نحس	یادداشت
پیر	1	۸	نیک	سفر کے لئے بد
منگل	2	۹	نیک	شہادت حضرت عمار بن یاسرؓ ۳۸ھ
بدھ	3	۱۰	نحس اکبر	
جمعرات	4	۱۱	نیک	
جمعہ	5	۱۲	نیک	
ہفتہ	6	۱۳	نحس	شہادت بی بی سکینہؑ ۶۱ھ
اتوار	7	۱۴	نیک	
پیر	8	۱۵	نیک	قرض لینے دینے کے لئے بد
منگل	9	۱۶	نحس	
بدھ	10	۱۷	نحس اکبر	شہادت امام علی رضاؑ ۲۰۳ھ
جمعرات	11	۱۸	نیک	
جمعہ	12	۱۹	نیک	
ہفتہ	13	۲۰	نحس اکبر	چہلم امام حسینؑ علیہ السلام
اتوار	14	۲۱	نحس	
پیر	15	۲۲	نیک	
منگل	16	۲۳	نیک	آغاز حکومت بنی عباس
بدھ	17	۲۴	نحس	بروایت شہادت بی بی زینبؑ
جمعرات	18	۲۵	نحس	
جمعہ	19	۲۶	نیک	نکاح و سفر کے لئے بد
ہفتہ	20	۲۷	نیک	نکاح کے لئے بد
اتوار	21	۲۸	نحس اکبر	وصال حضرت رسول خدا ﷺ شہادت حضرت امام حسنؑ ھ
پیر	22	۲۹	نیک	نکاح کے لئے بد
منگل	23	۳۰	نیک	نکاح کے لئے بد
بدھ	24	ربیع الاوّل	نیک	حضرت رسول اکرمؐ کی مکہ سے مدینہ ہجرت
جمعرات	25	۲	نحس	
جمعہ	26	۳	نحس	
ہفتہ	27	۴	نحس اکبر	تعمیر مکان کے لئے نیک
اتوار	28	۵	نحس	
پیر	29	۶	نیک	
منگل	30	۷	نیک	
بدھ	31	۸	نحس	شہادت امام حسن عسکریؑ ۲۶۰ھ

امامیہ جنتری، قرآن پاک و اسلامی کتب کا قدیمی مرکز بلتستان بک ڈپو نیا بازار اسکردو

9 ربیع الاول جشن امیر مختارؑ 9 بجے شب۔ قصر نور روڈ انصاری روڈ اسلام پورہ لاہور۔ پیران خواجہ نور روز مرحوم

کی موجودگی شام کے حالات میں کافی تبدیلیاں لائے گی۔ خصوصاً معاشی طور پر شام کو اقدامات کرنے چاہئیں ورنہ مالی طور پر شام کمزور ہوگا۔ شامی فورسز اور سیاست دان دونوں مل کر متحارب گروہوں کے مقابل ہونگے۔ یہود و سعود کی مخالفت اور خصوصاً سعود کی نظریں شام میں عدم استحکام پیدا کرنے کی کوششیں ناکامی سے دوچار ہوں گی تاہم اندرونی طور پر شام میں خاصہ خون خرابہ ہونے کے امکانات ہیں۔ عالمی معاشی پابندیوں میں نرمی اور عالمی افواج کے سامنے شام کی جانب سے دہشت گردوں کی کاروائیوں کو منظر عام پر لائے جانے کے امکانات ہیں۔ ممکنات میں سے ہے کہ شورش زدہ علاقوں میں اقوام متحدہ کی فورسز تعینات کرنے کی منظوری دی جائے۔ سفارتی سطح پر شام کو کامیابیاں ملیں گی کسی فوجی کاروائی یا امریکی مداخلت کا امکان شام کے زائچہ میں نہیں ہے۔ تاہم ممکن ہے کہ شام دہشت گرد مخالف تنظیموں کو طاقتور کر کے دہشت گردوں سے نمٹنے کی پالیسی اپنائے جس میں کامیابی کے امکانات ہیں۔

سعودی عرب و عرب امارات: مشتری زائچہ میں سارا سال آٹھویں گھر میں ہوگا شاہی خاندان میں اموات کے امکانات ہوسکتے ہیں جبکہ سعودی حکومت کو معاشی مسائل کا سامنا ہوگا۔ زحل نیپچون کی پہلے چوتھے گھر تربیع سعودیہ کے اندرونی حالات میں خرابی کی نشاندہی کرتے ہیں دہشت گردوں کا نیٹ ورک سعودیہ میں فعال ہوگا۔ کرنسی میں کمی کے ساتھ معدنی ذخائر تیل گیس میں سعودیہ کو کمی کا سامنا ہوسکتا ہے خصوصاً آئیل فیلڈ میں سعودیہ کی کارکردگی متاثر ہوگی۔ سعودی مداخلت کے ثبوت دیگر عرب میں سامنے آنے کی وجہ سے عالمی عزت وقار میں کمی کا سامنا سعودی حکومت کو ہوسکتا ہے۔ مریخ کی چھٹے تا آٹھویں گھر موجودگی ٹیکسز میں اضافہ اور تارکین وطن کے لئے سخت پالیسیوں کی وجہ سے مسائل پیدا ہونگے۔ سعودی عوام اور شاہی خاندان میں دوریاں بڑھیں گی۔ امارات کی اکثر ریاستیں افرادی قوت میں کمی کا اعلان کرسکتی ہیں خصوصاً دبئی قطر ابوظہبی کی جانب سے غیر قانونی و قانونی تارکین وطن کے لئے نئے قوانین سامنے لائے جائیں گے۔ عرب امارات کی ریاستوں میں دہشت گردی کا نیٹ ورک اپنے قدم جمانا شروع کردیگا آنے والے سالوں میں کاروبار کا رجحان عرب کی جانب سے چین اور ایشیاء کے دیگر ممالک کی جانب جاتا ہوا نظر آتا ہے۔ عرب افواج کی جانب سے یمن، بحرین اور دیگر عرب ریاستوں میں غیر نجدی افراد پر سختیاں اور مظالم سامنے آئیں گے خصوصاً یمن، بحرین میں شیعہ عربوں پر مظالم بڑھائے جائیں گے۔

اَلْجَامِعُ اگر کسی کے احباب منتشر ہو گئے ہوں یا کوئی چیز یا کوئی شخص گم ہو جائے تو دو رکعت نماز حاجت پڑھ کر اول و آخر ۱۲۱ مرتبہ یَا جَامِعُ پڑھ کر یہ آیت مع دعا کے درمیان میں ۱۴۱ پڑھے تو اسکی مراد پوری ہوگی۔

رَبَّنَا اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ اِجْمَعْ ضَالَّتِيْ

طاہر شمسی عزیز بک سٹال اندرون حرم گیٹ ملتان

مسٹر بکس گول باغ گلگشت کالونی ملتان 0306 4911710

عالمی پیشنگوئیاں 2015

سید حسن حیدر زیدی 021 34988582, 0345 8219910
R39 کرسٹل کالج بالمقابل سپارکو اسکیم 33 سیکٹر 22/A پوسٹ کوڈ 75280 کراچی
سوال کرنے کے اوقات شام 5 بجے سے رات 10 بجے
www.syedhasanhaiderzaidi.com

سن 2015 کا اسم اعظم جو نہایت مجرب ہے اور اسکی حقیقت یہ ہے کہ آپ صبح سے شام تک نماز میں پڑھتے ہیں سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہ (ترجمہ: اللہ نے سن لیا جس نے اسکی حمد بیان کی) وضو کر کے دن میں کسی وقت 101 مرتبہ پڑھیں اول و آخر 3 مرتبہ درود پاک پڑھیں اپنی حاجت بیان کریں دعا قبول ہوگی۔ 9 دن کا عمل ہے

دل کے دورہ کا فوری علاج اگر آپ اکیلے ہیں اور اچانک آپ کے سینے میں درد شروع ہو جائے۔ دائیں طرف سے شروع ہو کر دانتوں کے جبڑوں تک محسوس ہو تو یہ دل کا دورہ ہو سکتا ہے۔ اگر آپ کے پاس کوئی نہ ہو یا ڈاکٹر دور ہو تو اپنی مدد آپ کریں فوراً کھانسنا شروع کر دیں۔ ہر بار کھانسنے سے پہلے لمبا سانس لیں۔ اس طرح پھیپڑوں کو آکسیجن ملے گی۔ کھانسی سے آکسیجن بحال ہو جاتی ہے۔

دعا اور توبہ دعا اور توبہ سے زندگی بدل سکتی ہے۔ والدین اور بزرگوں کی دعا سے بھی مسائل کا خاتمہ ہو سکتا ہے۔ صدقہ بھی مصیبت اور گردش حالات کو ٹال سکتا ہے۔ ان پر عمل کیجئے اپنی بگڑی قسمت سنوار کر خوشگوار زندگی بسر کریں۔

برائے دفعیہ نظر بد

(1) ان اسماء کو پڑھ کر دم کرے اور زعفران سے لکھ کر پلائے اول و آخر 14 مرتبہ درود پڑھے

یَا حَسِیبُ یَا حَفِیظُ یَا بَرُّ یَا مَانِعُ یَا مُنِیرُ یَا خَلِیلُ
یَا حَلِیمُ یَا مُرتَضیٰ

(2) ایک مرغی کا انڈا لیکر بچے کے سر سے لگا کر یہ دعا 7 مرتبہ پڑھیں

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ وَصَلَّی اللّٰہُ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
وَّعَلیٰ اٰلِہٖ وَسَلَّمَ تَسلِیمًا مَّلَلَعَ لَوٗ

پھر اپنی ہتھیلی پر رکھ کر ڈھنیے کی دھونی انڈے کو دیں اور سورۂ اخلاص پڑھتے جائیں۔ اگر نظر ہے تو انڈہ ہتھیلی پر کھڑا ہو جائے گا تب انڈے کو توڑ کر دیکھیں اگر اندر سرخ خون کے قطرے ملیں تو پھر اسی انڈے کو نظر زدہ کی پیشانی پر مالش کر دیں۔ کیونکہ یہ نظر لگنے کا ثبوت ہے ورنہ کوئی بیماری ہے

عمل برائے قضائے حاجات

کشکول علامہ بہاؤالدین عاملی میں ہے کہ ہزار مرتبہ ہر روز (ہر دن کی نسبت سے ہر کلمہ کو) ایک ہفتہ تک حسب ذیل ترتیب سے پڑھا جائے تو حضرت حجتؑ خود اس کی امداد فرماتے ہیں۔ ایک ہی نشست اور ایک ہی مقام پر اور ایک ہی وقت پر اس عمل کو بجالائے۔ اس عمل کے اول و آخر میں زیادہ درود پڑھیں۔

ہفتہ: لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ **اتوار:** یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ

سوموار: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلیٰ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

منگل: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

بدھ: اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

جمعرات: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ

جمعہ: یَا اَللّٰہُ مَحْمُوْدُ کُلِّ فِعَالِہٖ

انور علی بک سٹال امام بارگاہ مدینۃ العلم گلشن اقبال کراچی
محمد اسماعیل نکس وجدگاہ سنٹر نزد امام بارگاہ خیر العمل انچولی کراچی

خاص 5 مجرب نقوش کے حیرت انگیز اثرات

تحریر
حاجی عابد حسین جاڑا
0308-5691283

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔اسلام علیکم:دعا ہے کہ خداوند کریم بحق محمدؐ وآل محمدؑ آغا افتخار حسین صاحب کو صحت وسلامتی سے رکھے اور بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد (مرحوم) کی مغفرت فرمائے۔اور تمام قارئین امامیہ جنتری کی تمام جائز دینی ودنیاوی حاجات پوری فرمائے۔گزشتہ کئی سالوں سے قارئین امامیہ جنتری میرے لکھے گئے نقوش پسند فرمارہے ہیں اور عمل بھی کررہے ہیں۔عمل کا تعلق یقین سے ہوتا ہے عمل کرکے حاجات کے پورا ہونے کی دعا کرنی چاہیے۔کچھ نا کام ہوجاتے ہیں،ناکام ہونے والے بہن بھائیوں کو اللہ کی رحمت سے ناامید نہیں ہونا چاہیے بلکہ مکمل یقین کامل کے ساتھ نماز روزہ کا پابند رہ کر قواعد نقوش کو مدنظر رکھتے ہوئے لکھا کریں۔کامیابی ہوگی۔انشااللہ تعالیٰ جو کامیاب ہوجایا کریں وہ مجھ کو اپنی دعاوں میں نہ بھولا کریں۔اگر آپ نے میرے "۵ مجرب نقوش" شرائط کو مدنظر رکھتے ہوئے عمل کیا تو ضرور مراد پالیں گے۔یہ بھی خیال رہے کہ گزشتہ سالوں میں چھپنے والے میرے نقوش پرانے نہیں ہوئے بلکہ اب بھی تازہ ہیں صرف عمل کرنے کی ضرورت ہے۔

(1)دستیابی چور،مال اور مفرور کے لیے

اس نقش مبارک کو عروج ماہ جمعرات کی ساعت مشتری یا اتوار کے روز ساعت شمس میں کالی سیاہی سے لکھیں۔نقش پر عطر چنبیلی لگا کر تہہ کرکے اس جگہ پر رکھیں جہاں سے مال چوری ہوا،گم ہوا،انسان گم ہوا یا بھاگ گیا،یا حیوان گھر سے چوری ہوا یا بھاگ گیا۔نقش رکھنے کا طریقہ یہ ہے۔پہلے نیت کریں گے کہ ہمارا مال مل گیا تو ہم اس نقش کے موکلات کی نیاز پکائیں گے۔نیچے اینٹ رکھ کر اوپر نقش رکھ دیں نقش کے اوپر ۵ کلو وزن کا پتھر دے دیں۔خیال رہے یہ چار عناصر آتشی،آبی،خاکی،بادی کا مثلث ہے۔جس دن نقش کو پہلے روز رکھنا ہے پھر اسکو اپنی جگہ سے ادھر اُدھر نہیں کرنا۔گمشدہ اشیا میں موٹر سائیکل،کار،نقدی،زیورات سب شامل ہیں۔نقش کے درمیان اس بندے کا نام بمع والدہ اور گمشدہ اشیا کی تفصیل لکھے۔مقصد اس طرح لکھیں گے۔الٰہی بحرمت اس نقش کے فلاں بن فلاں کی فلاں (اشیا گمشدہ کی تفصیل لکھیں) کا رچور بمع مال حاضر کرو،حاضر کرو،حاضر کرو۔السـاعة السـاعة انـه عـلیٰ رجعه لقادر. کام ہو جانے کے بعد نقش کو وزن کے نیچے سے نکال کر بہتے ہوئے پانی میں بہا دینا اور حسب حیثیت کھیر پکا کر معصوم بچوں کو کھلا دینی ہوگی نقش یہ ہے۔

اجب یا ۲۴۶
۷۸۶
اجب یا ۳۸۲ کہیعص
اجب یا ۳۱۸ حمعسق
۷۸۶
۷۸۶
اجب یا ۱۱۱

الٰہی بحرمت اس نقش کے فلاں بن فلاں کی فلاں کا گمشدہ مال حاضر کرو،حاضر کرو،حاضر کرو۔الساعة الساعة الساعة انه علیٰ رجعه لقادر.

(2)روزگار ملازمت کا حصول،عھدہ میں ترقی

اگر کسی کو ملازمت سے علیحدہ کردیا گیا ہو یا سروس،جاب،روزگار نہیں ملتا یا اگلے عہدہ میں ترقی چاہتا ہو۔تو اس سورہ یسین کا مربع نقش پُر کرکے اپنے دائیں بازو میں باندھ لے۔یہ نقش عروج ماہ جمعرات کی پہلی ساعت مشتری میں عرق گلاب زعفران میں ملا کر پُر کرے۔سفید کپڑے میں سی کر دائیں بازو پر باندھ لے گلے میں بھی پہنا جاسکتا ہے۔اگر چاندی میں مڑھوا کر پہنا جائے تو کام جلدی اور زیادہ فائدہ ہوگا۔اگر کسی محکمے میں درخواست بھیجنی ہے تو درخواست پر ایک بار سورہ یسین پڑھ کر دم کردیں۔درخواست منظور ہوگی۔نقش کے نیچے مقصد ضرور لکھیں۔الٰہی بحرمت اس نقش کے فلاں بن فلاں کو ملازمت ملے۔

لساعة الساعة بحق محمدؐ و آلؑ محمدؐ.

جو بھی مقصد ہو اسی طرح لکھ کر استعمال کریں۔انشااللہ تعالیٰ ۱۵ دن ۲۱ دن اور زیادہ سے زیادہ ۴۰ تک کام ہوجائے گا۔

عزرائیل ۷۸۶ جبرائیل

۵۵۳۵۲	۵۵۳۵۵	۵۵۳۵۸	۵۵۳۴۵
۵۵۳۵۷	۵۵۳۴۶	۵۵۳۵۱	۵۵۳۵۶
۵۵۳۴۷	۵۵۳۶۰	۵۵۳۵۳	۵۵۳۵۰
۵۵۳۸۴	۵۵۳۴۹	۵۵۳۴۸	۵۵۳۵۹

حمعسق کہیعص
اسرافیل میکائیل
اپنا نام بمع والدہ مقصد لکھیں

(3)شادی خانہ آبادی

پہلے بھی اس نقش کے بارے میں لکھا گیا ہے۔یہ نقش سورہ طٰہٰ کا ہے جو مربع آتشی چال سے پُر کیا گیا ہے۔اور خانہ نمبر ۱۳ میں ایک عدد کا اضافہ کیا گیا ہے۔اس نقش کو عروج ماہ جمعہ کے روز زہرہ کی ساعت میں عرق گلاب زعفران سے لکھیں۔اور نیچے مقصد ضرور لکھیں۔اگر لڑکی کے لیے لکھنا ہے تو نقش کے نیچے مقصد اس طرح لکھیں۔الٰہی بحرمت اس نقش کے فلاں بنت فلاں کا رشتہ ہوجائے۔

الساعۃ الساعۃ بحق یافاطمہؑ۔ اگرلڑکے کے لیے لکھنا ہے تو اس طرح مقصد لکھیں ۔ الٰہی بحرمت اس نقش کے فلاں بن فلاں کا رشتہ ہو جائے بحق یاعلیؑ ۔ اگرلڑکا لڑکی دونوں راضی ہیں اور درمیان میں روکاوٹیں ہیں تو اسطرح مقصد لکھیں گے ۔ الٰہی بحرمت اس نقش کے فلاں بنت فلاں وفلاں بن فلاں کا رشتہ ہوجائے۔ **الساعۃ الساعۃ بحق یاعلیؑ یا فاطمہ** انشاءاللہ ۱۵دن ۲۱دن یاکم از کم ۴۰دن کےاندراندر رشتہ ہونے کےاسباب پیدا ہوجائے گے۔

۷۸۶

جبرائیل — عزرائیل

۹۹۸۲۰	۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۷	۹۹۸۱۳
۹۹۸۲۶	۹۹۸۱۴	۹۹۸۱۹	۹۹۸۲۴
۹۹۸۱۵	۹۹۸۲۹	۹۹۸۲۱	۹۹۸۱۸
۹۹۸۲۲	۹۹۸۱۷	۹۹۸۱۶	۹۹۸۲۸

اسرافیل — میکائیل

نام بمع والدہ مقصد لکھیں ---------

(4) بیوی شوہر میں محبت

خدانخواستہ میاں بیوی میں اختلافات ہوجائیں بات بڑھتے بڑھتے خطرناک موڑ پر پہنچ جائے ۔ تو عروج ماہ میں جمعرات کے روز پہلی ساعت مشتری میں عرق گلاب زعفران سے لکھ کر سفید کپڑے میں سی کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے ۔ انشاءاللہ تعالیٰ تمام اختلافت دور ہوجائیں گے اور دونوں میں محبر پیدا ہوجائے گی ۔ اگر شوہر کو بیوی سے مسئلہ ہے تو شوہر لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اور اگر بیوی کو شوہر سے مسئلہ ہے تو بیوی لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھ لے ۔ انشاءاللہ ۱۵ دن ۲۱ دن اور ۴۰ دن کے اندر اندر دونوں میں تمام اختلافات دور ہوجائیں گے اور دونوں میں محبت پیدا ہوجائیگی ۔

۷۸۶

د ۲۵۰	و ۲۵۳	د ۲۵۶	و ۲۴۳
و ۲۵۵	د ۲۴۴	و ۲۴۹	د ۲۵۴
و ۲۴۵	د ۲۵۸	و ۲۵۱	د ۲۴۸
د ۲۵۲	و ۲۴۷	د ۲۴۶	و ۲۵۷

یا ودود الحی القیوم دارندہ ابن نقش معظم سورۃ اخلاص راقلب قلب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلانہ بنت فلانہ حباً شدیداً مطیعا عاشقاً دائما ابداً ابداً ابداً یا مقلب القلوب و لابصار الساعۃ الساعۃ

(5) بیمار کو شفا ملے

یہ نقش آیت الکرسی کا مثلث آتشی چال سے لکھا گیا ہے ۔ جس فس ، کی بیماری ہو ۔ جسمانی ہو یا نظر بد جن وانس آسیب و نظر یا سحر و جادو کی وجہ سے ہو ۔ کسی دن نیک ساعت میں عرق گلاب زعفران سے ۴ عدد نقش لکھے ۔ ایک نیلی رنگ کے کپڑے میں سی کر مریض کے گلے میں پہنا دیں اور تین نقش باری باری ایک نقش کو پانی میں ڈال دیں ۔ ایک نقش کا پانی تین دن تک پلائیں ، پینے والے کل ۹ دن ہوجائیں گے ۔ اور مریض اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بالکل صحت یاب ہوجائے گا ۔ انشاءاللہ تعالیٰ ۔ میری آخر پر پھر یہ دعا ہے کہ خداوند کریم آپ کی تمام دینی و دنیاوی حاجات پوری فرمائے ۔ بحق محمدؐ وآلِ محمدؐ ۔ اگر کوئی خود نہ لکھ سکتا ہو تو پہلے موبائل نمبر پر رابطہ کر کے لکھوا سکتا ہے ۔

۷۸۶

جبرائیل — عزرائیل

۱۰۵۴۵	۱۰۵۳۸	۱۰۵۴۳
۱۰۵۴۰	۱۰۵۴۲	۱۰۵۴۴
۱۰۵۴۱	۱۰۵۴۶	۱۰۵۳۹

اسرافیل — میکائیل

الٰہی بحرمت اس نقش کے فلاں بن فلاں کو مرض سے شفا ملے
الساعۃ الساعۃ بحق محمدؐ و آلِ محمدؐ

حاجی عابد حسین جاڑا 0308-5691283
بمقام: ڈاک خانہ جاڑا تحصیل پہاڑ پور ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خان

رجال الغیب معلوم کرنے کا آسان طریقہ

نقوش لکھتے وقت یہ دیکھیں کہ رجال الغیب کس طرف ہیں ۔ اگر یہ سامنے ہونگے تو کام میں رکاوٹ ہوگی ۔ اس لیے جب عمل کے لیے بیٹھیں تو ایسی طرف منہ کریں کہ رجال الغیب آپ کی پشت پر ہوں ۔ نیچے نقش میں سمت اور چاند کی تاریخیں درج ہیں ۔

رجال الغیب سے عملی استعانت حاصل کرنے کے لیے عمل سے پہلے درج ذیل دعا پڑھے

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَارِجَالَ الْغَیْبِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَرْوَاحَ الْمُقَدَّسَۃِ اَغِیْثُوْنِیْ وَانْظُرُوْا اِلَیَّ بِنَظْرَۃٍ یَارُقَبَاءُ یَانُجَبَاءُ یَاَبْدَالُ یَااَوْتَادُ

خورشید کتاب گھر چوک زرگراں کوہاٹ 0922517655

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لـــــــوح الــــــف

(برائے ترقی رزق وکاروبار وخوشحالی)

حرف الف کے اسرار و رموز از تحقیق: مولانا عامل گلفام علی حسینی
(مصنف 30 صفحات پر قرآن با اعتبار حرف وعدد، کائنات جفر و روح العملیات)
faize.hussani@yahoo.com www.faizehussani.com
Cell: 0300-4534910 /0321-4534910

قارئین امامیہ جنتری۔ اسلام علیکم! اس دفعہ میرا موضوع "الف" ہے وہ تحقیق پیش کرر ہاہوں جومیرے سینے کا اک عظیم راز ہے۔

شیخ احمد بن علی بونیؒ فرماتے ہیں کہ تمام حروف میں سے سب سے پہلا حرف الف ہے۔ جونورانی ہے اوریہی پہلا عدد۔ اور پہلا درجہ بھی ہے۔ جوحروفوں کوعناصر پر تقسیم کرتا ہے۔ حروفوں پر بڑی بڑی تحقیق ہوچکی ہے۔ حال ہی میں تیس (۳۰) صفحات پرقرآن بااعتبارتاثیرحروف وخاصیت حروف میں نے مکمل کرلیا ہے۔

حرف اول اختراع اوراول عدداوراول آتشی عنصر ہے۔ اسی لیے قوت ربانی نے اسکے لیے اتوار کا دن مقرر کیا ہے۔ کیونکہ اتوار کا دن ہی اسکی طبیعت اور شرف کا موافق ہے۔ حرف الف اور ایک کا ہندسہ دونوں ہم شکل ہیں۔ الف کی شکل عربی شکل ہندی کیطرح ہے۔ اور یہ عقل کا مبداء ہے۔ رموز الف اسکے مزاج پر آتشی ہونے پر مخفی ہے۔

اللہ پاک نے قلم کو حکم دیا کہ جو کچھ قیامت تک ہونے والا ہے۔ سب کا سب لوح پر لکھے۔ تو قلم نے لکھنے سے قبل لوح پر سر رکھ دیا۔ جس سے ایک نورانی نقطہ ظاہر ہوا۔ پھر وہ نقطہ دراز ہوکر الف بن گیا۔ علمائے حروف فرماتے ہیں کہ کائنات کی ہر شے حروف کی شکل کی تعریف ہے۔ اور جو حروف ہیں یہ الف کی بکھری ہوئی شکلیں ہیں۔ تاہم پھر کبھی وضاحت کرونگا۔

قارئین کرام لوح الف، ترقی رزق کاروبار حفاظت دشمنان، دفع سحر وجادو، ترقی علم، رشتہ ودل پسندی شادی، ناراض خاندان میں صلح، بیمار کی صحت یابی، مرضِ اٹھرا حمل واولادِ نرینہ کے علاوہ تمام روحانی وجسمانی مسائل کا یقینی حل ہے۔

جدول ہر حروف میں الف کی تعداد

ابجد	ا	ب	ج	د	ھ	و	ز	ح	ط	ی	مجموعہ
تعداد الف	۳	۲	۱	۳	۲	۳	۲	۲	۲	۲	۲۲
ابجد	ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر	
تعداد الف	۳	۲	۱	۱	۱	۱	۲	۳	۳	۲	۱۹
ابجد	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ	-	-	
تعداد الف	۱	۲	۲	۲	۳	۳	۲	۱	-	-	۱۶

یعنی ستاون (۵۷) مرتبہ الف ہے۔ جسکا جمل صغیر (۷+۵) ۱۲ ہے۔ راز کی بات ہے۔ الف کا جمل صغیر بھی بارہ ہے۔ یعنی

الف: ا ل ف

111 = 80 + 30 + 1

(۱+۱۱)=۱۲ ہے۔

قارئین! یادرہے کہ اٹھائیس حروف کے اندر ایکسوسٹرساٹھ (۱۶۷) حروف بند ہیں ایکسوسٹرساٹھ (۱۶۷) کا عدد (۷+۶+۱)=(۱۴) چودہ ہے۔

یہ اک الگ موضوع ہے کہ یاعلی ولی کے اعداد (۱۶۷) ہیں۔

کل حروف ابجد ملفوظی ایک سو پچانوے (۱۹۵) ہیں۔ ایکسو پچانوے (۱۹۵) عدد ''صادق'' (سچا) کا ہے۔ یعنی

صادق = ص ادق ۹+۱+۴+۱= (۱۹۵) ایکسو پچانوے

ہر بولنے والا بولنے میں حروف کا سہارا لیتا ہے۔ اس لیے ہمیشہ سچ بولنا چاہیے۔ جھوٹ بولنا گناہ ہے۔ گالی دینا۔ دشنام دینا گناہ ہے۔

حروف جو ''صادق'' (سچے) ہیں۔

بے شک صادق محمدؐ وال محمد علیہ السلام ہیں۔ لیکن دو صادق مشہور ہیں۔

اول نبی صادقؐ دوم امام صادقؑ

مجھے اپنی کم علمی کا احساس ہے مگر کوشش کرتا ہوں کہ جو بات بھی کہوں وہ تحقیق سے کہوں۔ میری تحقیق ہے کہ قرآن میں لفظ ''صادق'' بھی دو مرتبہ آیا ہے۔ لفظ ''صادق'' پرغور کیا تو حروف بھی دو (۲) ہی تھے۔ یعنی صـاد - ق (صادق) لفظ صادق کے ظاہری حروف چار (۴) ہیں۔

ص ادق جب ہم نے ملفوظی شکل میں لکھا تو حروف بارہ تھے۔

ص	ا	د	ق
صاد	الف	دال	قاف

بسطِ حرفی کیا۔ ص اد ال ف دال ق اف حقیقت میں بارہ صادق ہیں۔

قارئین! 2015 کا عدد کامل (5+1+0+2)=8 ہے۔ جو کہ زحل کا عدد ہے۔ دکھ تکلیف بیماری مشکلات، رکاوٹ وبندش اور ساڑھ ستی کا استار ہے۔

الف میں حروفوں کی تعداد آٹھ (۸) ہے۔ تین حروف ظاہری ہیں۔ ال ف پانچ حروف مخفی ہیں۔

ا میں ل ف   ل میں ا م   ف میں ا   کل حروف آٹھ ہیں۔

جبکہ اللہ پاک کی صفات ثبوتیہ (وہ صفحات جو خدا کی ذات کے لائق ہیں) وہ بھی آٹھ ہیں۔

قدیم	قادر	عالم	مدرک
حیی	مرید	متکلم	صادق

ثابت ہوگیا اللہ صادق ہے۔ بتا چکا ہوں کہ مشہور صادق دو

(ا) نبیؐ صادقؑ   (۲) امام صادقؑ

قارئین! اللہ کو صادق مانا تو کہا! لا الہ الا اللہ o

نبی کو صادق مانا تو کہا! محمد رسول اللہ o

امام کو صادقؑ مانا تو کہا! علیا ولی اللہ o

صادق کے چار (۴) حروف ص ا د ق۔ ہمارا موضوع الف ہے۔ صادق کے چار حروفوں سے اگر ہم الف الگ کرلیں تو صدق رہ جائیگا۔ صدق کے اعداد قمری

ص   د   ق

۹۰ + ۴ + ۱

صدق چودہ ہیں۔

مطلب: صادق (سچا) اللہ ہے۔

صدق (سچ) چودہؑ ہیں۔

لفظ صدق قرآن الکریم میں (۱۹) مرتبہ آیا ہے۔

آل عمران میں ایک مرتبہ — احزاب میں ایک مرتبہ
یٰسین میں ایک مرتبہ — الفتح میں ایک مرتبہ
سباء میں ایک مرتبہ — صافات میں ایک مرتبہ
قیامۃ میں ایک مرتبہ — اللیل میں ایک مرتبہ
زمر میں تین مرتبہ آیا۔ — یونس میں دو مرتبہ آیا۔
الاسراء میں دو (۲) مرتبہ آیا۔ — مریم میں ایک مرتبہ
الشعراء میں ایک مرتبہ — الاحقاف میں ایک مرتبہ
القمر میں ایک مرتبہ

اسمائے پنجتن پاک علیہ السلام کے حروفوں کی تعداد (19) ہے۔ یعنی:

محمدؐ	علیؑ	فاطمہؑ	حسنؑ	حسینؑ
۴	۳	۵	۳	۴

19 حروف ہیں۔

اُنیس (19) کا عدد کامل (1+9)=10 (1+0) =1 جو کہ الف کا عدد الف کا عدد ہے۔ الف کا باطن علیؑ ہے۔ الف

یعنی

ظاہر	باطن	اعداد	محمدؐ
ا	ل - ف	۳۰+۸۰	۱۱۰

110 جو کہ اسم علی کے اعداد ہیں۔

قارئین: الف کا ملفوظی عدد (111) ہے۔

الف کے اعداد کو دوچند کرنے سے (111+111)=222 کا عدد آتا ہے جو کہ علیؑ ولی اللہ کا عدد ہے۔

دیکھو:

علی	ولی	اللہ	
110 +	46 +	66	= 222

اور الف کو تین گنا کرنے سے (3x111) =333 جو کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں تین الف کا مجموعہ ہے۔

اللہ میں الف، 111

الرحمٰن میں الف، 111

الرحیم میں الف، 111

مجموعہ: 333

یہ اک الگ بحث ہے کہ چار گنا یا پانچ گنا کرنے سے کیا حقائق سامنے آتے ہیں۔ ہر سال مجھے قبلہ آغا افتخار حسین صاحب منع فرماتے ہیں کہ مضمون کو طویل نہ کیا کرو۔ مگر آل محمدؐ کا احسان عظیم ہے کہ قلم ہاتھ میں آتے ہی ان کی کریمی کی ابتداء ہوجاتی ہے گذشتہ سال میں نے الف کے اعداد (111) سے تمام حروفوں کا وجود بنا کر دکھایا تھا۔ جو کہ عام قاری کے علاوہ علماء کرام نے بھی پسند فرمایا! میں انکا شکر گزار ہوں۔ اُمید کرتا ہوں کہ اب بھی مجھ حقیر کی موجودہ تحقیق پسند کی جائیگی۔ پس آپ مومنین سے دعاوں کا طلب گار ہوں۔ علم الاعداد و علم الحرف عرفانی و کاشفی علم ہے اسلیے اگر دنیا جہاں کا کوئی موضوع آپکو درکار ہو تو مجھ حقیر سے رابطہ کریں۔ انشاءاللہ کوئی تشنگی باقی نہ رہے گی۔

قارئین کرام! لفظ الف (ملفوظی) قرآن الکریم میں نو مقامات پر آیا ہے۔ کیوں آیا ہے یہ اک لمبی اور زندہ جاوید بحث ہے۔ تا ہم ایک ہی اشارہ کرونگا۔ لفظ الف قرآن الکریم میں نو (9) مقامات پر آیا ہے۔

(ا) يَوَدُّ أَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ أَلْفَ سَنَةٍ

ترجمہ: کہ کہیں ہزار برس جیے۔ (البقرہ ۹۶)

(۲) أَنِّي مُمِدُّكُمْ بِأَلْفٍ مِنَ الْمَلَائِكَةِ مُرْدِفِينَ

ترجمہ: میں تمھیں مدد دینے والا ہوں ہزاروں فرشتوں کی قطار سے۔ (الانفال ۹)

(۳) وَإِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ أَلْفٌ يَغْلِبُوا

ترجمہ: اور اگر تم میں کے ہزار ہوں تو دو ہزار پر غالب ہونگے۔ (الانفال ۶۶)

(۴) وَإِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَأَلْفِ سَنَةٍ

ترجمہ: بیشک تمھارے رب کے یہاں ایک دن ایسا ہے جیسے تم لوگوں کی گنتی میں ہزار برس (الحج ۴۷)

(۵) فَلَبِثَ فِيهِمْ اَلْفَ سَنَةٍ اِلَّا خَمْسِيْنَ عَامًا ط

ترجمہ: پچاس کم ہزار برس رہے (العنکبوت۱۴)

(۶) كَانَ مِقْدَارُهٗ اَلْفَ سَنَةٍ

ترجمہ: جسکی مقدار تمہارے شمار سے ہزار برس ہوگی۔ (السجدۃ۵)

(۷) وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى مِائَةِ اَلْفٍ

ترجمہ: اور ہم نے اسے لاکھ آدمیوں کیطرف بھیجی۔(الصّفت ۱۴۷)

(۸) مِقْدَارُهٗ خَمْسِيْنَ اَلْفَ سَنَةٍ

ترجمہ: جسکی مقدار پچاس ہزار برس کی ہوگی۔(المعارج ۴)

(۹) خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ہزاروں مہینوں سے بہتر ہے۔(القدر۳)

نو(9) عدد سیدہ کے پاکیزہ اسم فاطمہؑ کا عدد ہے۔

ف ا ط م ہ

135= 5 + 40 + 9 + 1 + 80

(1+3+5)=(9) ہے۔

نبیؐ امامؑ کا عدد بھی (9) ہے۔ نبیؐ + امام

(1+4+4) = (9) ہے۔

144 = 82 + 62

(1+4+4) = (9) ہے۔

قارئین کرام! قیمتی نایاب گوہر ہیں جو اپنی جان سے زیادہ عزیز ہیں۔ مگر آپ مومنین کے سپرد کررہا ہوں۔ کہ الف کو ملفوظی شکل میں لکھ کر خالص کیا تو امام مہدی الھادیؑ کا عدد سامنے آیا۔

یعنی: الف

سطر ملفوظی	ا	ل	ف	ل	ا	م	ف	ا
خالص	ا	ل	ف	x	x	م	x	x

ال ف م حروف برآمد ہوئے۔

سطر خالص	ا	ل	ف	م	
عدد	1	30	80	40	151=

151 جو کہ محمد مہدیؑ کا عدد ہیں۔ یعنی:

محمدؐ + مہدیؑ

151 = 59 + 92

151 عدد قائم کا عدد ہے

یعنی

ق	ا	ء	م	
100	1	10	40	151=

قارئین کرام! مضمون طویل نہ ہو جائے اس لیے بسطِ صغیر وبسطِ اصغر وبسطِ کبیر

کی وضاحت کررہا ہوں۔ پس جان لو! محمدؐ وآل محمدؑ کی عظمت، عصمت، معرفت الف میں بند ہے۔ خدا کا نام اللہ جو الف سے شروع ہوتا ہے۔ اسکے علاوہ تین اسمائے باری تعالیٰ اور ہیں جو الف سے شروع ہوتے ہیں

(۱) اول (۳۷)(۲) آخر (۸۰۱)(۳) احد (۱۳)

تینوں کا مجموعہ (۸۵۱)، جسکا عدد کامل (۱+۵+۸)= ۱۴ ہے

لوح الف جمیع مقاصد کیلئے تیار کی جاتی ہے۔ تاہم چند ایک کا ذکر کرونگا۔

لوح الف ترق رزق وکاروبار وغلبہ دشمنان کے لیے شرف شمس یا نوچندے اتوار کو زرد رنگ کے کاغذ پر زعفران ومشک سے تحریر کریں یا چاندی پر سونے کا پانی کروا کر پاس رکھیں۔ جب چاند منزل شرطین پر ہو اس دن نو آیاتِ قرآنی (جن میں الف آیا ہے)۔ ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر اسمائے الٰہی چار (۴) (یا اللہ، یا احد، یا اول، یا آخر)

آٹھ سو اکیاون مرتبہ اول وآخر صلوۃ کے ساتھ چالیس دن پڑھیں۔ انشاءاللہ!! مال ودولت کی ریل پیل ہو جائیگی۔ اور پہاڑ کی مانند قرض بھی اتر جائیگا۔ گویا حامل لوح الف کے تمام افراد ہر قسم مصیبتوں سے بالکل محفوظ رہیں گے۔ گھر اور کاروبار کے دشمن زیر ہوں گے۔

لوح الف برائے صحت یابی چاہے مرض کی وجہ سحر وجادو یا آسیب جنات ہو یا دو نظر کی بیماری ہو یا مرض عشق ہو یا مرض غذا کے کے غلط استعمال سے ہو یا ذہنی مرض ہو۔ ہر مرض کے لیے نوچندہ اتوار سفید کاغذ پر تحریر کرکے گلے میں لٹکائیں اور چینی کو پلیٹ پر لکھ کر نہار منہ مریض کو پلا دیں انشاءاللہ جلد ہی صحت یابی ہوگی۔ مریض کی صحت یابی کے لیے بھی وہی عمل نو (9) الف آیاتِ قرآنی وچار اسمائے الٰہی (40) چالیس ایام جاری رکھیں۔ اور لوح الف کے دوسرے رخ طلسم الف ضرور تحریر کریں۔ میں نے ہر بات کی وضاحت کر دی ہے تا ہم ضرورت محسوس کریں تو رابطہ کریں۔

لوح الف حاضری مطلوب

اگر کوئی چاہے کہ مطلوب کو حاضر کرے تو طالب لوح الف ناخن پر لکھے۔ اور سورۃ یٰسین پڑھنا شروع کر دے۔ تو جس شخص کو چاہے حاضر ہوگا۔ شرط اس میں یہ ہے کہ شرف زہرہ ہو اور جمعۃ المبارک کا یوم ہو۔ پڑھنے والا سورۃ یٰسین کا عامل ہو۔ اور اتنی ریاضت اسکی ہو۔ تمام سورۃ سات (۷) سانس میں پڑھ سکے۔ انشاءاللہ مطلوب حاضر ہوگا۔

لوح الف ترقی رزق و کاروبار و غلبہ دشمنان

۷۸۶

ال ف لام ف ا

آخر	۱۴	۲۵	اول
۶۴	۳۸	۸۰۰	۱۵
۳۹	۶۷	۱۲	۷۹۹
احد	۷۹۸	۴۰	اللہ

لوح الف برائے صحت یابی و اولاد نرینہ

۷۸۶

ال ف م ۲۶۳ ۱۱۱ ۱۱۰

۶۷	۱	۱۱۰
۱۰۹	اللہ	۳
۲	الف	۶۵

طلسم لوح الف

۷۸۶
یااسرافیل
۱۱۱ ۱۱۰ الف ۱۵۲ ۲۶۳

یا اللہ
یااول
یااحد
یاآخر
یاحقیائیل ۱۱۱
یادحیائیل الف

۷۸۶

اسرار حرف و عدد و عملیات جاننے کیلئے رابطہ کریں

عدد اور حرف اگر ہر شے کی حقیقت سے جدا کر دیئے جائیں تو ہر شے ختم ہو جائیگی۔ ہر شے کی حقیقت کو بقائے حقیقت دینے کے لیے ''فیضِ حسینی'' سے واقفیت علم حرف و عدد حاصل کریں۔ واقفیت علم حروف عدد کیلئے آپکو فیضِ حسینی میں داخلہ لینا ہوگا۔ داخلے کا بروشر مفت ارسال کیا جائیگا۔ اپنا نام، والد، والدہ کا نام، تاریخ پیدائش، پیشہ ملازمت یا کاروبار اور مکمل ایڈریس کے ساتھ جوابی لفافہ ارسال کریں۔

نوٹ: ہمارا مشن حرف و عدد سے عظمت، عصمت، ولایتِ محمدؐ و آل محمدؑ ثابت کرنا ہے اور عملیات، تعویزات پُر تاثیر کیسے ہوتے ہیں۔

خواہشمند رابطہ کریں

فیضِ حسینی

اوقات رابطہ صبح 10 تا دوپہر 2 بجے

مولانا عامل گلفام علی حسینی (مصنف 30 صفحات پر قرآن با اعتبار حرف و عدد و متعدد رُوحانی کتب)

تکیہ مندراں والا حسینی سٹریٹ نمبر 1، غازی آباد لاہور (پاکستان) موبائل نمبر: 0321 4534910, 0345 4176281

www.faizehussani.com, faize.hussani@yahoo.com, facebook/gulfamhussani

مجرب عمل برائے اولاد نرینہ

آزمودہ عمل ہے اعتقاد شرط ہے۔ حاملہ ہونے کے دوسرے ماہ کے آخر میں عمل کرنا ہے۔ اول نماز حاجت پڑھنی ہے۔ ایک سفید کاغذ پر محمد نام لکھ کر قرآن شریف پارہ نمبر 26 سورۂ محمد میں رکھ دیں۔ بچہ کا نام پیدائش پر محمد ہی رکھنا ہے۔ اسکے بعد سات لوگ باوضو بیٹھے 7 گلاب جامن یا کوئی مٹھائی سامنے رکھیں دوران عمل گفتگو سے اجتناب کریں۔ ایک خاتون حدیث کساء پڑھے اور پھر تمام افراد سورۂ انعام پڑھیں۔ پڑھنے کے بعد نیاز کھانی ہے انشاءاللہ دعا پوری ہونے کے بعد دوبارہ عمل کرائیں۔ اپنی دعاوں میں یاد رکھیں۔

برائے ایصال ثواب

سیّد تنویر الاسلام رضوی (مرحوم) ابن ڈاکٹر سیّد قمر الاسلام رضوی

مرسلہ: بیگم تنویر الاسلام (راولپنڈی) 0321-5760631

کھجلی چنبل پھوڑا خارش اور ناسور کیلئے

نسخہ: کھجلی و خارش کے لئے گندھک کے پاوڈر کو سرسوں کے تیل میں حل کر کے مالش کرنا مفید ہے ☆ خارش چنبل اور پھوڑوں کیلئے یہ دعا پڑھی جائے اور لکھ کر بیمار کے گلے میں ڈالی جائے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○ وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَىٰ اللّٰہُ اَكْبَرُ وَاَنْتَ لَا تُكَبَّرُ اللّٰہُ يَبْقٰى وَاَنْتَ لَا تَبْقٰى وَاللّٰہُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

☆ متواتر اس آیتِ مجیدہ مع دعا کے تلاوت کرنے سے چنبل خارش و کھجلی و پھوڑا اور ناسور سے جلد آرام آجاتا ہے

دُعائے مضطر: مصائب اور پریشانی سے بچنے کیلئے ہر روز گیارہ مرتبہ پڑھیں۔ اَمَّنۡ يُّجِيۡبُ الۡمُضۡطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَيَكۡشِفُ السُّوۡٓءَ (النمل: ۶۲)

Email:abid qambary@gmail.com
مولانا محمد علی عابد قنبری

علم رمل کی افادیت

عصر حاضر میں شاید ہی کوئی انسان ایسا ہوگا جو پریشان نہ ہو کوئی رزق کی تنگی، کوئی بچوں کی بہتر تعلیم نہ ہونے کے سبب، کوئی بچیوں کے اچھے رشتے نہ ہونے کی فکر میں کوئی گھریلوں ناچاکی کے کارن کوئی اولاد کو باہر بھیجنے کے خوابوں کی تعبیر کی وجہ سے کوئی سحر و جادو کی زد میں آکر اور کوئی سایہ، آسیب وغیرہ سے تنگ آکر جعلی عاملوں کے چکر میں آئے ہوئے ہیں اور عامل بھی ایسے جو علم سے عاری ہیں ۔ اور نہ ہی وہ عبادت گزار ہیں۔ اور وہ عجیب عجیب عمل بتاتے ہیں تو بھی انسان کی آنکھ نہیں کھلتی کہ یہ مجھ سے کیا کروا رہا ہے کون سی چیز منگوار ہا ہے یہ جائز بھی ہے کہ نہیں بس انسان اپنی دھن میں لگا ہوا ہے کہ کسی طرح سے میرا کام ہو جائے میرے عزیز غلط ہتھکنڈوں سے کبھی بھی انسان اپنی منزل پر نہیں پہنچ سکتا۔ ہمیشہ صحیح طریقے قرآن وحدیث آئمہ علیہم السلام اور مسنون طریقہ وظائف و تعویزات سے ہی منزل مل سکتی ہے۔ ہاں وقت ضرور زیادہ لگتا ہے لیکن کام بہتر اور پائیدار ہوتا ہے۔ عام انسان کو تو ان باتوں پر یقین نہیں آتا۔ یقین اسی کو آتا ہے جس پر گذری ہو وہی جانتا ہے۔ ادارہ امامیہ جنتری نے اس بات کو شدت سے محسوس کیا اور عرصہ دراز سے اپنی جنتری میں ایسے عالم باعمل لوگوں سے گزارش کی کہ وہ اپنے قیمتی وقت سے ایسے لوگوں کے لئے نکالیں جو در در کی ٹھوکریں کھا رہیں ہیں اور ان کو کوئی صحیح آدمی نہیں مل رہا یہ اس بات کو مدنظر رکھتے ہوئے اور لوگوں کی طرح ہم نے بھی اس کار خیر میں حصہ لیا اور علم رمل کے لئے گذشتہ چار سال سے مضمون لکھ رہا ہوں تا کہ لوگ اس علم سے استفادہ کریں اور مسائل کے لئے خود ہی تشخیص کریں اور اس کا حل حاصل کریں۔ ہماری اس کاوش کو اہل علم نے بہت پسند کیا اور بزرگوں نے دعائیں کی ہیں اور ہماری رہنمائی بھی کی ہے جس کے لئے میں ذاتی طور پر ان کا مشکور ہوں یہ کام یقیناً خدمت خلق ہے اور اس کا ثواب ادارہ ہذا کے بانی آغا نثار احمد (مرحوم) اور میرے دادا مولانا فقیر محمد (مرحوم) کی روح کو ایصال فرما اور اب ادارہ کی روح رواں آغا افتخار حسین صاحب کی توفیقات خیر میں اضافہ فرما (آمین)

علم رمل ایک مقدس اور معتبر علم ہے باقی یہ تو سب جانتے ہیں کہ عالم الغیب تو خدائے قدوس ہی ہے یہ روحانی علوم (رمل، جفر، نجوم) بزرگوں نے تجربہ اور آزمائش کے بعد رائج کئے ہیں ہر علم خدا کی امانت اور اس کا عطیہ ہے اگر خلوص نیت سے اس کو استعمال کیا گیا تو اس میں اضافی ہوتا چلا جاتا ہے اگر بدنیتی یا برے مقاصد سے اس کو استعمال کیا گیا تو نہ صرف چھن جاتا ہے بلکہ ذلت اور رسوائی کا موجب بنتا ہے چونکہ تمام علوم کا مقصد انسانی مشکلات کا ازالہ کرنا ہے لہذا اس مضمون میں ہمارا ارادہ ہے کہ قارئین امامیہ جنتری کو زائچہ پڑھنا کا طریقہ بتایا جائے۔ رمل کا زائچہ تیار کرنے کے بعد سوال کی نوعیت کا تعین کرنا پڑتا ہے کہ سائل کا سوال چار اقسام میں سے کس کے بارے میں ہے اور وہ چار اقسام کونسی ہیں (۱) خروج (۲) دخول (۳) انقلاب (۴) ثبوت

(۱) خروج : اس سے مراد انفصال ہے ۔سفر کرنا، بیماری سے صحت پانا، رہا ہونا، حمل سے بچے کا باہر آنا، روپے کا خرچ کرنا، طلاق دینا وغیرہ اس کی اشکال لیحان، نصرۃ الخارج قبض الخارج اور عتبۃ الخارج ہیں

(۲) دخول: اس سے مراد حصول یا وصول ہے حصول مال، قبضہ لینا قرضہ وصول کرنا، شادی وغیرہ اور اسکی اشکال قبض الداخل، انکیس نصرۃ الداخل، اور عتبۃ الداخل ہیں۔

(۳) انقلاب: اس سے مراد تغیر و تبدیلی کے ہیں۔ تبادلہ مکان کا بدلنا، لباس کا بدلنا، کسی جگہ سے دوسری جگہ جانا بیرون ملک جانا وغیرہ اس کی اشکال فرح، عقلہ، نقی الحد اور طریق ہیں

(۴) ثبوت: سے مراد استقلال وقیام سے ہے مکان بنانا، جائیداد بنانا، کاروبار شروع کرنا باغ لگانا وغیرہ اس کی اشکال حمرہ، بیاض، اجتماع اور جماعت ہیں۔

زائچہ رمل میں سولہ خانے ہوتے ہیں چار چار خانے یہ عنصر سے منسوب ہیں جو کہ اس طرح ہیں آتشی خانے ۱۔۵۔۹۔۱۳ خارج مذکر، باوی خانے ۲۔۶۔۱۰۔۱۴ منقلب مذکر آبی خانے ۳ ۷۔۱۱۔۱۵ دا خل مؤنث، خاکی خانے ۴۔۸۔۱۲۔۱۶ ثا. $ مؤنث خانہ نمبر ۱۔۴۔۷ ۱۰ اوتاد ہیں ان کا تعلق زمانہ حال سے ہے، خانہ نمبر ۲۔۵۔۸۔۱۱ مائل اوتاد ہیں ان کا تعلق زمانہ مستقبل سے ہے، خانہ نمبر ۳۔۶۔۹۔۱۲ زائل اوتاد ہیں ان کا تعلق زمانہ ماضی سے ہے خانہ نمبر ۱۳۔۱۴۔۱۵۔۱۶ وقد الوقد ہیں ان کا تعلق زمانہ حال سے ہے ۱۔۴۔۵۔۱۰۔۱۱۔۱۳ سعد ہیں ۳۔۶۔۸۔۱۲ نحس ہیں

1. سوال کیا گیا ہے کہ دشمن پہ فتح حاصل ہوگی یا نہیں؟

اصول و قواعد۔ شکل خانہ اول و دوم و نہم و خانہ ہفتم و ہشتم و دوازدہم

میں قوی ہو تو سائل دشمن پر فتح مند ہوگا اگر اس کے برعکس ہو تو فتح دشمن کی ہوگی اگر میزان میں شکل اجتماع، نصرۃ الداخل، قبض الداخل اور طریق ہو تو صلح ہو جائے گی اور خانہ اول اور دوازدہم کی ضرب کا نتیجہ سعد اور ثابت ہو تو صلح پائیدار ہے

جواب: خانہ اول میں نصرۃ الخارج قوی ہے خانہ دوئم میں نقی الخد قوی ہے خانہ ہفتم میں حمرہ خانہ نہم میں عتبۃ الداخل اور خانہ دوازدہم میں بیاض قوی ہے خانہ ہشتم میں اجتماع کمزور ہے اور میزان میں میزان میں اجتماع ہے۔ لہذا صلح کے امکان نظر آتے ہیں۔

2. سوال کیا گیا ہے کہ کیا عورت یا مرد محبوب رکھتے ہیں کہ نہیں؟

اصول وقواعد۔ زائچہ کے خانہ پنجم میں شکل داخل یا ثابت ہو تو وہ محبوب رکھتا ہے خارج سے نہیں رکھتا منقلب پہلے رکھتا تھا اب نہیں رکھتا ثابت سے دیر تک رکھے گا۔

جواب: زائچہ کے خانہ پنجم میں شکل منقلب ہے وہ سائل پہلے محبوب رکھتا تھا اب نہیں رکھتا۔

3: سائل نے سوال کی کہ اس حمل سے فرزند پیدا ہوگا یا دختر؟

اصول وقواعد۔ زائچہ میں خانہ اول کو ہفتم سے ضرب دیں جو شکل نکلے اگر نر ہو تو فرزند پیدا ہوگا اور اگر وہ مادہ ہو تو دختر پیدا ہوگی۔

جواب: زائچہ خانہ میں اول میں شکل اول و ہفتم سے ضرب دی یہ شکل قبض الخارج آئی ہے جو مذکر ہے جس سے ثابت ہوا کہ فرزند پیدا ہوگا۔

سائل نے سوال کیا کہ مجھے زندگی صحت و مسرت نصیب ہوگی یا زحمت ملے گی؟

اصولوں قواعد۔ زائچہ میں شکل طالع سعد ہو اور اس کا عکس زائچہ میں نہ ہو تو ضرور صحت حاصل ہوگی اگر اس کا عکس زائچہ نمبر ۷، ۱۳ یا خانہ نمبر ۱۴ میں ہو تو کسی سے دشمنی ہو اور رحمت ملے اور اگر اشکال خانہ نمبر ۱، ۲، ۵، ۱۰، ۱۱، ۱۵ ہوں تو اکثر اوقات کدورت سے واسطہ پڑے گا اور اگر خانہ ہائے متذکرۃ العقد یا نمبر ۱۵ میں ہو تو مقابلہ غم سخت ہوگا لیکن غم سے جلد رہائی حاصل ہوگی۔

جواب: زائچہ طالع لحیان ہے مگر اس کا تکرار زائچہ کے خانہ میں نہیں ہے اس لئے حالت نیانہ کی دلیل ہے اور چونکہ زائچہ دسویں خانہ خانہ میں حمرہ نحس شکل میں موجود ہے۔ یہ غم والم اور کدورت کا اکثر وقتوں میں سائل کو مقابلہ سخت پیش آئے گا۔

نوٹ: سوال کرنے والے حضرات دو رکعت نماز حاجت پڑھ کر اور یہ نیت رکھتے ہوئے کہ اللہ سب کچھ جاننے والا ہے اور بندہ فقط کوشش کرنے والا ہے اپنا مسئلہ اور 1 سے 16 کے درمیان چار عدد لکھ کر پھر فون کریں

مہربانی کر کے ایس ایم ایس نہ کریں ہدیہ فی سوال 300 روپے

0302-2830786,0315-2266569,0341-2827583

مستحصلہ انوار الجفر

تحریر : ایم غلام عباس اعوان
0300-6011925/ 0333-6801653
0454-209131

قارئین امامیہ جنتری اسلام علیکم! قارئین امامیہ جنتری سے مخفی نہیں کہ اس مقبول عام جنتری کے توسط سے آپکا خادم گزشتہ کئی سالوں سے گلشن جفر کے کئی نادر و نایاب پھول آپکی خدمت میں پیش کر چکا ہے۔ جنہیں آپ نے پسندیدگی اور پذیرائی کا شرف بخشا ہے۔ تاہم بزم امروز کا یہ جفری گلدستہ ان تمام گلہائے جفریہ سے منفرد اور انوکھی قسم کا ہے۔ یہ قاعدہ تین اسمائے الھیہ علیم۔ خبیر۔ بصیر کے انوار کی کلید سے حل ہوتا ہے۔ اسی بناء پر اس قاعدہ کا نام **انوار الجفر** رکھا گیا ہے۔ اس جامع الفوائد قاعدہ سے آپ مقدر کی گتھیاں سلجھائیں، کسی مقصد یا منزل کے حصول کے لیے استخراج اسم اعظم کریں، یا حوادث عالم اور مصائب و آلام سے نجات کے لیے صدقہ کا استخراج کریں۔ مقدر سے ہم آہنگ ملک کے سفر کا انتخاب کریں یا پھر آپ کے سامنے مختلف کاروبار یا بزنس کے طریق ہوں۔ ان میں سے انتہائی موزوں کاروبار کا انتخاب کریں۔ الغرض یہ قاعدہ آپکو زندگی کے ہر شعبہ میں بہتر رہنمائی دینے کی صلاحیت و اہلیت رکھتا ہے

تشریح قاعدہ (1) اپنا سوال نہایت مناسب انداز میں بندش کریں۔
(2) اس سوال کو بسط حرفی کریں۔ یعنی الگ الگ حروف میں کر لیں۔
(3) اب اسمائے الھیہ کو بسط حرفی کر کے لکھ لیں اور ہر حرف کا مفرد عدد نیچے لکھتے جائیں آپکی سہولت کے لیے اسمائے الھیہ بسط حرفی کر کے اعداد لکھ رہا ہوں

اسمائے نورانیہ ع ل ی م خ ب ی ر ب ص ی ر
اعداد مفردہ ۷ ۳ ۱ ۴ ۶ ۲ ۱ ۲ ۲ ۹ ۱ ۲

(4) اسمائے الھیہ کے اعداد کے حساب سے اپنے بسط شدہ سطر سوال سے گنتی کر کے حروف اٹھا لیں۔ یہ جوابیہ سطر ہے۔ 70 سے 80 فیصد خود ناطق حروف ہونگے۔ بقیہ غیر ناطق حروف کو نظیرہ و ہم رتبہ سے ناطق کر لیں۔ آپ کے سوال کا صاف ستھرا الہامی جواب آپ کے سامنے ہوگا۔

مزید تفصیل کے لیے مثالوں پر غور فرمائیں

مثال نمبر 1 یا علیم۵ جون دو ہزار چودہ کے بعد پاکستان کے شہر کراچی کے حالات کب ٹھیک ہونگے؟

سوال بسط حرفی ج ون دو ھ زار چ ودہ ک ی ب ع د پ اک س ت ان ک ے ش ہ ر ک را چ ی ک ی ح ال ات ک ب ٹ ھ ی ک ہ و ن گ ی؟

حروف اسمائے الھیہ ع ل ی م خ ب ی ر ب ص ی ر
اعداد مفردہ ۷ ۳ ۱ ۴ ۶ ۲ ۱ ۲ ۲ ۹ ۱ ۲
گنتی سے حاصلہ حروف ز ج و ی ک ت ا ک ش ی ح ل

ناطق جواب زج وی ـــ ک دی گ ش ی ـــ ح ل
جزوی ـــ کشیدگی ـــ حل ـــ واللہ اعلم

یعنی مکمل حالات ٹھیک ہونے کی مدت سطر میں دکھائی نہیں دے رہی۔ محض جزوی (عارضی۔ وقتی) کشیدگی حل ہوتی رہے گی۔

مثال نمبر 2 یا علیم۵ کیا پاکستان میں موجودہ بجلی کا بحران پر مکمل قابو پا لیا جائے گا؟
ک ی اپ اک س ت ان م ی ن م وج ود ہ ب ج ل ی ک ی ب ح ران پ ر م ک م ل ق ا ب و پ ا ل ی ا ج ا ئ ے گ ا

اسمائے نورانیہ ع ل ی م خ ب ی ر ب ص ی ر
اعداد مفردہ ۷ ۳ ۱ ۴ ۶ ۲ ۱ ۲ ۲ ۹ ۱ ۲
گنتی سے حاصلہ حروف س ن م و ج ی ک ب ر ق ا

و س ن ظ ر ف ی ـــ ک ب ـــ ب ق ا و
سنے ظفر ـــ کب ـــ قابو

یعنی سن لیں کہ مکمل (ظفر) قابو ممکن ہے واللہ اعلم

مثال 3: یا علیم مہر علی بن شگفتہ رضا اپنی تمام مشکلات کو دور کرنے کے لیے کونسا صدقہ کیا کرئے؟

م ہ ر ع ل ی ب ن ش گ ف ت ہ ر ض اا پ ن ی ت م ام م ش ک ل ات ک ود ور ک ر ن ی ک ی ل ی ی ک ون س اس دق ہ ک ی اک ر ی؟

اسمائے نورانیہ ع ل ی م خ ب ی ر ب ص ی ر
اعداد مفردہ ۷ ۳ ۱ ۴ ۶ ۲ ۱ ۲ ۲ ۹ ۱ ۲
گنتی سے حاصلہ حروف ب ک ف ض ت ا م ش ل ر ن ک

ناطق جواب ب ک ف ـــ ل ح ـــ ام ش ـــ ل ون گ
بکف ـــ حل ـــ ماش ـــ لونگ ـــ واللہ اعلم

یعنی اسکی پریشانیوں کا حل یہ ہے کہ ہاتھ کی ہتھیلی پر آ جانے والی مقدار میں ماش اور لونگ صدقہ کیا کرئے۔

علم جفر کو مزید سمجھنے کے لیے میری کتاب "**آفتاب جفر**" اور "**فیوض جفر**" افتخار بک ڈپو اسلام پورہ لاہور سے منگوا کر مطالعہ فرمائیں۔

نوٹ کسی ذاتی سوال کا جواب بذریعہ جفر ہم سے معلوم کرانا چاہیں تو -/100 روپے سوال کی فیس ادا کر کے لے سکتے ہیں۔

پتہ برائے خط و کتابت: سب آفس ہفت روزہ ایکشن گجر مارکیٹ نزد الفلاح بنک جوہر آباد ضلع خوشاب (**دفتر جمعہ، اتوار بند رہے گا**)
دفتری اوقات : صبح 10 بجے سے شام 6 بجے

غازی سکاؤٹس بک سٹال ابراہیم زئی ہنگو
اشرف کتاب گھر مین بازار شورکوٹ کینٹ

تحفہ امامیہ جمیع حاجات

عامل زاہد حسین جعفری
رحمان کالونی سٹریٹ نمبر 10 سی بالمقابل واپڈا کالونی خانیوال روڈ ملتان
0333-7865470/0300-6159033/0345-7218122

دعا دعا کے بارے میں کسی نے امیر المومنین امیر کائنات ابوالائمہ مولا علی علیہ السلام سے پوچھا کہ جب ہماری قسمت پہلے سے لکھ دی ہے تو دعا مانگنے کا کیا فائدہ۔ آپؑ نے فرمایا کہ ہوسکتا ہے قسمت میں یہ ہی لکھا ہو کہ آپ کو اللہ سے مانگنے پر ہی ملے گا۔ امام ناطق حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے کسی نے پوچھا کہ مولا دعا زیادہ پڑھنی چاہیے یا مانگنی چاہیے تو آپؑ نے فرمایا دعا زیادہ سے زیادہ مانگنی چاہیے۔

عمل آیت الکرسی برائے حاجات یہ عمل کسی بھی حاجت کے لیے مجرب اور تیر بہدف ہے۔ یہ عمل کتاب مکارم الاخلاق میں حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جب کسی کو اہم اور سخت ترین حاجت مثلاً رزق، ملازمت، کاروبار، باہر جانے، اور شادی کے لیے بہت ہی اہم ہے۔ دو رکعت نماز برائے حاجت اس طرح بجالائے کہ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد ایک مرتبہ آیت الکرسی هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ تک دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورئہ انا انزلنا پڑھ کر نماز تمام کرنے کے بعد قرآن مجید سر پر رکھے اور کہے اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ مَنْ اَرْسَلْتَهٗ اِلٰى خَلْقِكَ وَبِحَقِّ كُلِّ اٰيَةٍ فِيْهِ وَ بِحَقِّ كُلِّ مؤمِنٍ مَدَحْتَهٗ فِيْهِ عَلَيْكَ وَ بِحَقِّكَ عَلَيْهِ وَلَا تُعْرَفُ اَحَدٌ پھر کہے اَعْرَفُ بِحَقِّكَ مِنْكَ اسکے بعد
دس مرتبہ کہے بِكَ يَا اَللّٰهُ دس مرتبہ بِمُحَمَّدٍ دس مرتبہ بِعَلِيٍّ
دس مرتبہ بِفَاطِمَةَ دس مرتبہ بِالْحَسَنِ دس مرتبہ بِالْحُسَيْنِ
دس مرتبہ بِعَلِيِّ ابْنِ الْحُسَيْنِ دس مرتبہ بِمُحَمَّدِ ابْنِ عَلِيٍّ
دس مرتبہ بِجَعْفَرِ ابْنِ مُحَمَّدٍ دس مرتبہ بِمُوسَى ابْنِ جَعْفَرٍ
دس مرتبہ بِعَلِيِّ ابْنِ مُوسَى دس مرتبہ بِمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ
دس مرتبہ بِعَلِيِّ ابْنِ مُحَمَّدٍ دس مرتبہ بِالْحَسَنِ ابْنِ عَلِيٍّ
دس مرتبہ بِالْحُجَّةِ الْقَائِمِ عَلَيْهِ السَّلَامُ دس بار درود شریف۔
انشاءاللہ اپنے مقام سے اُٹھنے سے پہلے اسکی حاجت پوری ہوجائے گی۔

دولت و رزق کے لیے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
يَا مَنْ هُوَ فِيْ مُلْكِهٖ مُقِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ سُلْطَانِهٖ قَدِيْمٌ
يَا مَنْ هُوَ عَلٰى عِبَادِهٖ رَحِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ
يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ عَصَاهُ حَلِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ بِمَنْ رَجَاهُ كَرِيْمٌ
يَا مَنْ هُوَ فِيْ صُنْعِهٖ حَكِيْمٌ يَا مَنْ هُوَ فِيْ حِكْمَتِهٖ لَطِيْفٌ
يَا مَنْ هُوَ فِيْ لُطْفِهٖ قَدِيْمٌ
درود پاک پڑھیں یہ دعا رزق کے لیے بہت ہی مجرب ہے رزق کے بند دروازے کھل جاتے ہیں بس یہ پڑھنے والا ہی جان سکتا ہے۔ یہ دعا عرش الٰہی کے خزانوں میں سے ہے۔ جسکا جی چاہے فائدہ اٹھائے۔ روزانہ صبح شام پانچ مرتبہ مع اول و آخر تین مرتبہ درود پاک پڑھیں۔

سورۃ الکوثر سے بخت کشائی سورۃ الکوثر قرآن پاک کا چھوٹا سا سورہ ہے۔ یہ پارہ نمبر میں 30 میں ہے کل تین آیات پر منحصر ہے۔ یہ سورہ سیّدۃ النّساء العالمین حضرت بی بی فاطمۃ زہرا سلام اللہ علیہا کی شان میں نازل ہوئی ہے جسکا مفسر قرآن مولانا ابواعلی مودودی صاحبؒ نے اپنی تفسیر میں لکھا ہے۔ اسکی بے حساب تفسیر ہے یہ دو عدد نقش خالص زعفران سے لکھ کر ایک قرآن پاک کی سورہ کوثر میں اور دوسرا بچے یا بچیوں نے گلے میں ڈالنا ہے۔ بی بی پاک کو وسیلہ بنا کر 135 مرتبہ سورۃ الکوثر کی تلاوت کرنی ہے کیونکہ (فاطمہؑ) کے عدد بھی 135 بنتے ہیں سورۃ الکوثر کی تلاوت کرنے سے پہلے ایک بار آیت تطہیر جو کہ سورہ احزاب کی آیت نمبر 33 ہے پڑھنی ہے۔ جب کوئی سوالی اہلبیتؑ کے در پر آتا تھا تو پہلے آیت تطہیر پڑھتا تھا۔ اہلبیت النبوۃ اسکی حاجت پوری کر دیتے تھے۔ یہ سورہ کوثر جن لڑکے، لڑکیوں کی شادی میں روکاوٹ ہو، پسند کر کے چلے جاتے ہو، واپس نہ آتے ہوں تو یہ سورہ بی بی پاکؑ کو وسیلہ بنا کر عمل کریں انشاءاللہ آلِ محمدؐ کے وسیلہ سے کامیابی ہوگی۔

نوٹ یہ دونوں سورہ فجر اور سورہ کوثر کا نقش خالص مشک وزعفران سے کھال پر منگوایا جاسکتا ہے۔

بندش کاروبار اگر کسی کا کاروبار سخت مندی کا شکار ہو سیل زیادہ نہ ہوتی ہو کسی نے جادو ٹونی سے بند کروادیا ہو۔ چاہتا ہو کہ اس کا کاروبار وسیع ہو، ترقی کرے رزق میں اضافہ ہو تو اس مقصد کے لیے ہر ماہ کی نوچندی رات کو نماز مغرب وعشا کے درمیانی وقفہ میں یہ عزیمت 40 مرتبہ تکرار سے پڑھے۔
رَبَّنَا اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۔ اسکے بعد سورہ الطلاق کی آیات نمبر 3-2 وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ سے لیکر قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا تک اکیس مرتبہ پڑھنے کے بعد يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ ایک سو مرتبہ يَا رَزَّاقُ بھی ایک سو مرتبہ پڑھے اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر قادر مطلق رَزَّاقِ عَالَم سَرِيْعُ الرِّضَا سے رزق کے لیے دعا مانگے انشاءاللہ بفضل خدا دعا ضرور قبول ہوگی اور غیب سے روزی کا بندوبست ہوگا۔ رزق کے بند دروازے کھل جائیں گے۔ نوٹ یہ عمل عروج ماہ چاند یعنی جب چاند کی 15-14-13 کی تاریخ سے روزانہ چالیس دن تک کیا جاسکتا ہے

علم جفر کے طریقہ ابجد ایقغ کے ذریعے بیماری کی تشخیص

جاوید جمالی علاوی
0301-5503367

قارئین کرام۔السلام علیکم! یا علیؑ مدد۔یا قائم آل محمدؐ مدد۔ غیب کا علم اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور معصومینؑ جانتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ نے علم عطا کیا۔ شکر ہے رب العالمین اور پاک رحمت العالمین محمدؐ وآل محمدؐ کا جن کی خاص رحمتوں اور عنایات کے طفیل میں اپنی روحانی۔علمی وجدانی تحقیق پر سفر جاری رکھا ہوا ہوں ۔قارئین کرام میرے مشاہدے اور تجربہ میں آیا ہے کہ کچھ لوگ توہم پرستی۔ضعیف الاعتقادی یا کسی کے بتانے پر اس بات پر بضد ہوتے ہیں۔کہ ان پر کسی نے جادو کردیا ہے یا کسی جن کا آسب یا چڑیل کا سایہ ہے۔حالانکہ اُن کی اس بات میں حقیقت نہیں ہوتی۔ان سے پوچھا جائے کہ آپ کو کیسے پتہ ہے کہ جو کچھ آپ کہہ رہے ہیں وہ حقیقت پر مبنی ہے۔تو کہتے ہیں کہ ہمیں کسی نے بتایا ہے۔ان سے پوچھا جائے کہ یہ بتانے والے نے علاج کیوں نہیں کیا،تو مجھے یہ کئی بار جواب دیا گیا کہ آپ نے علاج کرنا ہے یا نہیں آگے سے میرا جواب ہوتا ہے نہیں۔حالانکہ ان کی زندگی میں آنے والی مشکلات ورکاوٹوں کی ایک وجہ سیارگان کے اثرات کا بھی ہے۔اور جسے جادو کا نام دے دیا جاتا ہے،اور خاندانوں میں آپس کی نفرتیں پیدا کردی جاتی ہیں۔اور جہاں تک جنات۔آسیب وغیرہ کا چکر ہے،دراصل یہ روحانی بیماریاں جنہیں عصر حاضر میں نفسیاتی ودماغی بیماریاں کہا جاتا ہے وہ ہوتی ہیں۔

وہ ہوتی ہیں اگر یہ بیماریاں انتہائی کم درجہ کی ہوں۔تو صرف روحانی علاج ہی سے ٹھیک ہوجائیں گی۔اگر ان میں شدت ہو تو روحانی علاج کے ساتھ ساتھ کسی ڈاکٹر جو کہ ماہر نفسیات ودماغی امراض ہواُس سے چیک اپ کروایا جائے۔جنتری ہذا میں اتنی جگہ نہیں کہ نفسیاتی ودماغی امراض کی تفصیل تحریر کرسکوں۔اور کچھ ایسے بھی کیسز ہوتے ہیں جنہیں کچھ نہیں ہوتا۔وہ اپنی جائز یا ناجائز خواہش کی تکمیل کروانے کے لیے ڈرامے کررہے ہوتے ہیں۔میں اپنے مشاہدے اور تحقیق کی بنیاد پر یہ بتارہا ہوں کہ ہزاروں میں سے کوئی ایک کیس ایسا ہوگا جس پر واقعتاً جادو یا جنات آسیب وغیرہ کے اثرات ہوں۔اسی تحقیق کو مدنظر رکھتے ہوئے میں اس بار آپ کی خدمت میں علم جفر کے طریقہ ابجد ایقغ تحریر کررہا ہوں۔جس کے ذریعے معلوم کیا جاسکتا ہے کہ آیا مرض روحانی ہے یا جسمانی یا سیارگان کے اثرات ہیں۔

اس طریقہ میں مندرجہ ذیل کوائف اور معلومات درکار ہیں۔

☆ نام معہ والدہ کا نام ☆ یوم سوال

☆ ساعت سوال ☆ منزل قمر سوال

ان سب کو لے کر بسط حرفی کرلیں بسط حرفی کرکے تخلیص کریں تخلیص کرنے کے بعد جو حروف حاصل ہوں ان کو ابجد ایقغ ترفع زواجی دیں۔ترفع زواجی کا طریقہ یہ ہے کہ ہر حرف کا چوتھا حرف ترفع زواجی ہے مثلاً ا کا غ۔م کا ل یہ کرنے کے بعد جمل کبیر کرکے ۱۲ پر تقسیم کریں اگر 1 یا ۵ یا ۹ باقی بچیں تو مرض جسمانی ہے۔کسی ایلوپیتھک ڈاکٹر یا یونانی طریقہ سے علاج کرنے والے طبیب یا ہومیوڈاکٹر سے علاج کروائیں۔اگر ۲ یا ۶ یا ۱۰ بچیں تو نظر بد ہے۔ صدقہ۔خیرات کرنے سے دور ہوگی۔اگر ۳ یا ۷ یا ۱۱ بچیں تو مرض روحانی

نفسیاتی ودماغی ہے۔روحانی علاج کے ساتھ ساتھ کسی نفسیاتی ودماغی امراض کے ڈاکٹر سے علاج کروایا جائے۔اگر ۴ باقی بچے تو جادو کے اثرات ہیں۔اور اگر ۸ یا ۱۲ (صفر) باقی بچیں تو سیارگان کے اثرات ہیں۔

(نوٹ) اگر جادو کے اثرات کا جواب آئے تو یہ تحقیق کرلینی چاہئے کہ کسی سیارے کی ناقص پوزیشن ہے یا احکام شرعی کی بجا آوری میں کسی کوتاہی کی وجہ سے جادو کے اثرات ہوگئے ہیں۔میرا کامل ایمان اور یقین ہے کہ جو مسلمان نماز کی بجا آوری اور تلاوت قرآن مجید کرتا ہو اور رزق حلال کھاتا ہو اسے جادو۔جنات۔آسیب وغیرہ کچھ نہیں کہہ سکتے۔

مثال کنیز سلطانہ بنت نور جہاں نے بروز جمعہ ساعت عطارد منزل قمری سبطین میں سوال کیا کہ اس کا مرض کس قسم کا ہے۔

درکار معلومات نام معہ والدہ کا نام۔یوم سوال۔ساعت سوال۔اور منزل قمر سوال کی بسط حرفی کرنے سے حاصل حروف ک ن ی ز س ل ط ا ن ہ ب ن ت ن و ر ج ہ ا ن ج م ع ہ ع ط ا ر د ب ط ی ن

تخلیص ک ن ی ز س ل ط ا ہ ب ت و ر ج م ع د

ترفع زواجی ی م ط و ن ک ح غ د ا ش ہ ق ب ل س ج

جمل کبیر 1+700+80+3+800+600+60+500
+200+4+8+900+90+50+5+300+2+1

4303 تقسیم 12 باقی 7 بچا

سائلہ کو تبایا گیا کہ آپ کا مرض نفسیاتی دماغی جو کہ روحانی علاج کے ساتھ ساتھ کسی نفسیاتی ودماغی امراض کے معالج کے علاج سے ٹھیک ہوگا۔

میں نے اپنی ہر کوشش سے آپ سے گوش گزار کر دیا ہے۔ آخر میں ہر بار کی طرح آپ سے درخواست ہے۔ ہر شب جمعہ یا جمعہ کے دن اوّل و آخر 14-14 بار درود شریف کے ساتھ قربۃً الی اللہ کی نیت سے ایک بار حدیث کساء کی تلاوت کریں۔ اور حسب استطاعت قربۃً الی اللہ کی نیت سے غریب سادات کو ہدیہ اور غریب غیر سادات کو صدقہ وخیرات کی مد میں رقم یا ضروریات زندگی کی کوئی چیز دیں۔ اور اپنی دُعاؤں میں تمام مومنین ومومنات۔ امامیہ جنتری کے مدیر اعلیٰ آغا افتخار حسین صاحب۔ اُن کے متعلقین اور مجھے بھی یاد رکھیں۔ اور جو مومنین و مومنات اس جہان فانی سے گزر چکے ہیں۔ بالخصوص امامیہ جنتری کے بانی آغا نثار احمد مرحوم کے نیک درجات کی بلندیٔ کے لیے بھی دُعا کریں۔ پاک اللہ اور پاک محمدؐ و آل محمدؐ آپ کے حامی وناصر ہوں۔

ابجد ایقغ کی جدول

ا	ی	ق	غ	ط	ص	ظ
1	2	3	4	5	6	7
س	خ	ہ	ن	ث	د	م
60	70	80	90	100	200	300
ح	ف	ض	ز	ع	ذ	و
8	9	10	20	30	40	50
ت	ج	ل	ش	ب	ک	ر
400	500	600	700	800	900	1000

مجرب ورد، اور دعا برائے دفع جادو، سحر

دعا: (1) یَابَارِیُ الْمُنْشِیءُ بِلَا مِثَالٍ خَلَا مِنْ غَیْرِہٖ

کاغذ، ہرن کی کھال، تانبا، یا چاندی کے پترے پر لکھ کر پاس رکھنے سے جادو اور غم کا اثر دور ہوگا۔ دشمنوں پر فتح ہوگی۔

(2) یَاکَافِیَ الْمُوَسِّعُ لِمَا خَلَقَ مِنْ عَطَایَامِنْ فَضْلِہٖ اَهْلَكَ اُمَّةً ظَالِمَةً

کم از کم 1000 مرتبہ روزانہ یا پھر کثرت کے ساتھ کھلی تعداد میں ہر وقت دل میں ذکر کرتے رہنے سے جادو سے خلاصی مل جاتی ہے۔

(3) حضرت امیر المومنین علیؑ ابن ابی طالب علیہ السلام سے منقول ہے کہ ذیل کی دعا لکھ کر سحر زدہ گلے میں پہنے تو جادو کا اثر زائل ہوجاتا ہے اور وہ کلام مقدس یہ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ مَاشَاءَ اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۰ قَالَ مُوْسٰی مَاجِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ۰ وَیُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۰ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَاكَانُوْا یَعْمَلُوْنَ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِیْنَ۔

ضرورت مند مریخ، زحل، یا شمس کی ساعت میں لکھ کر استعمال کر سکتے ہیں۔ یا پھر ان مخصوص ساعتوں میں زعفران سے تحریر شدہ درج بالا تینوں عمل دیئے گئے نمبر پر رابطہ کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔ **مسز نگینہ زہرا انجم ایرانی**

صرف خواتین / مستورات رابطہ کریں۔ وقت رابطہ صبح 8 بجے سے رات 8 بجے تک علاوہ اتوار

روحانی اسکالر ادارہ فیض حسینی
مسز نگینہ زہرا انجم ایرانی
واقف علم الاعداد۔ علم جفر، روحانی عملیات، نجوم، استخارہ۔
Email:naginazahraanjum110@gmail.com
0336-9272110/0345-2350714
0336-2331839/0312-0010704

علوم سے مسائل کی تشخیص اور روحانی علاج

علم نجوم، علم رمل، علم جعفر، اور اعداد سے مشاورت مسائل کی تشخیص اور روحانی حل کے لیے رابطہ کریں۔ انشاءاللہ تعالیٰ محمدؐ و آل محمدؐ کے خاص کرم اور تعلیمات کی روشنی سے آپ کو صحیح گائیڈ لائن دی جائے گی۔ کوائف میں مکمل نام، والدہ کا نام، تاریخ اور وقت پیدائش، مقام پیدائش اور تاریخ، مقام اور وقت سوال۔ (1 تا 99) کے درمیان کوئی سے چار ہندسے درکار ہونگے۔

جاوید جمالی علاوی۔ لاہور 0301-5503367

کرامت جفر لوح فتح نامہ خاص

تحریر: محمد اسد اللہ سلیمانی (ماہر عملیات وتعویزات) 0300-6501194
ادارہ روحانی علاج محلہ گوہر شاہ۔ مین بازار نزد عمر نیازی سنٹر۔ جھنگ صدر

محترم قارئین ہمیشہ کی طرح اس مرتبہ بھی اپنا خاص عمل یعنی "**لوح فتح نامہ خاص**"لیکر حاضر خدمت ہوں۔اس سے آپ اپنے مسائل جن میں آپ گرفتار ہیں نحوست سیارگان خصوصاً ساڑھ ستی کا ہونا، شادی کی پریشانی، بیماری یا دشمنوں سے تحفظ وغیرہ کی وجہ سے پریشان ہیں تو نوچندی جمعرات یا پیر کی نماز عشاء کے بعد 2 رکعت نفل حاجت کے پڑھ کر دعائے نور 313 باراول وآخر 110 باردرود شریف کے ساتھ پڑھیں اور عمل تمام ہونے کے بعد لوح فتح نامہ خاص ساعت مشتری، شمس یا قمر کی ساعت میں مشک وزعفران سے رجال الغیب پشت پر رکھ کر سفید کاغذ پر لکھیں اور نیاز چہاردہ معصومینؑ دلا کر بانٹ دیں۔اسی طرح دعائے نور مقررہ وقت پر پڑھتے رہیں اور لوح مبارکہ پردم کریں۔اور ہر جمعرات کو چہاردہ معصومینؑ کی نیاز دینا لازمی ہوگی۔اسی طرح 41 روز کرنا ہے۔اور آخری روز نیاز دلا کر لوح مبارکہ کو چاندی میں بند کر کے اسے اپنے پاس رکھیں۔اور دعائے نور روزانہ 21 دفعہ پڑھ لیا کریں۔انشاءاللہ بطفیل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ومولائے کائنات امیر المومنین حضرت علیؑ زندگی میں انقلاب آجائے گا۔اور ہر طرف سے خوشحالی حامل لوح کے پاس آئے گی۔اگر کسی چیز کی سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافے سے رابطہ کر کے معلوم کر لیں۔

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

دُعائے نور صغیر

بِسۡمِ اللهِ النُّوۡرِ بِسۡمِ اللهِ نُوۡرِ النُّوۡرِ بِسۡمِ اللهِ نُوۡرٌ عَلٰی نُوۡرٍ بِسۡمِ اللهِ الَّذِیۡ هُوَ مُدَبِّرُ الۡاُمُوۡرِ بِسۡمِ اللهِ الَّذِیۡ خَلَقَ النُّوۡرَ مِنَ النُّوۡرِ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡ خَلَقَ النُّوۡرَ مِنَ النُّوۡرِ وَاَنۡزَلَ النُّوۡرَ عَلَی الطُّوۡرِ وَالۡبَیۡتِ الۡمَعۡمُوۡرِ وَالسَّقۡفِ الۡمَرۡفُوۡعِ فِیۡ کِتٰبٍ مَّسۡطُوۡرٍ فِیۡ رَقٍّ مَّنۡشُوۡرٍ بِقَدَرٍ مَّقۡدُوۡرٍ عَلٰی نَبِیٍّ مَّحۡبُوۡرٍ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡ هُوَ بِالۡعِزِّ مَذۡکُوۡرٌ وَّبِالۡفَخۡرِ مَشۡهُوۡرٌ وَّعَلَی السَّرَّآءِ وَالضَّرَّآءِ مَشۡکُوۡرٌ وَّصَلَّی اللهُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّیِّبِیۡنَ الطَّاهِرِیۡنَ

لوح فتح نامہ

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

افتح ابواب فتحک لی یامفتح الابواب	۳۱۱۰	۱۲۳۲	نصر من اللہ وفتح قریب
۱۲۳۱	۱۳۰۳	۱۶۳۰	۳۱۱۱
۱۳۰۴	۱۲۳۴	۳۱۰۸	۱۶۲۹
ربنا الفتح بیننا وبین قومنا بالحق انت خیر الفاتحین	۱۶۲۸	۱۳۰۵	انافتحنالک فتحامبینا

آسمانی آفات وزلزلے سے محفوظ رہنے کی دعا

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

اِنَّ اللهَ یُمۡسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا ۚ وَلَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَکَهُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ اِنَّهٗ کَانَ حَلِیۡمًا غَفُوۡرًا (پارہ نمبر ۲۲ سورۂ فاطر آیت نمبر ۴۱)

رات کو سونے سے قبل ۲۱ بار پڑھیں اوّل وآخر درود شریف ۷ بار)

تخریب کاری وخودکش حملوں سے بچاؤ کیلئے

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجۡعَلُکَ فِیۡ نُحُوۡرِهِمۡ وَنَعُوۡذُبِکَ مِنۡ شُرُوۡرِهِمۡ

حَسۡبُنَا اللهُ وَنِعۡمَ الۡوَکِیۡلُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ بِرَحۡمَتِکَ اَسۡتَغِیۡثُ ○

بس بازار مسجد، امام بارگاہ میں ورد کرتے رہیں۔

لوحِ اسمائے عظام دائرۃ المیم کے خواص

تحریر عابد حسن علوی 0333-3300913/0331-9128133 ایڈریس: ہاؤس نمبر 170، نیو لیبر اسکوائر (۵۰۰ ہاؤسز) لیبر اسکوائر لانڈھی، کراچی نمبر 34

قارئین امامیہ جنتری امید ہے قارئین کے ساتھ ساتھ صاحبانِ علم وفن حرفِ میم کی عقدہ کُشائی پر مجھے سراہیں گے اور اپنی دُعاؤں میں میرے خیر طلب ہونگے۔

قارئین! کتاب شمس المعارف کے علاوہ بہت سی دیگر کتبِ روحانی میں دائرہ میم کا نقش دیا گیا مگر کسی نے بھی اس لوحِ مُبارک سے کام لینے سے متعلق بالکل بھی آگاہی نہ دی چنانچہ خالصتاً مومنین کی معلومات اور فوائد کے لئے اس لوحِ مبارک کے اسرار اور کام لینے کے طریقوں سے متعلق آگاہی دے رہا ہوں۔

حرفِ میم کی دو جہات ہیں۔ ایک علوی دوسری اسراری جس کو میم ثانیہ کہہ سکتے ہیں۔ اس حرف میں اسرار روحانیت، علویات، سفلیات جسمانی ہیں۔ اس کے حروف کی نسبت علویات سے ہے اور اعداد کی نسبت اسرار سے۔ میم کو بست حرفی کر کے لکھیں تو م ی م ہوگا۔ یہ دو میم دو حرارتیں ہیں۔ ایک گرم اور ایک سرد جن کے بیچ میں ی ایک رطوبت ہے جو کہ ان دونوں کے انطباق اور مطابقت کا باعث ہے۔ اگر ان دونوں میموں کے درمیان حرف ی موجود نہ ہوتا تو یہ انطباق نہ ہوتا۔

اعداد قمری کے مطابق اسکی شکل ۴۰، ۱۰، ۴۰ ہوگی ہر دو طرف عدد ۴۰ درمیان میں ۱۰۔ جب ان کا انطباق ہوا تو عدد ۹۰ ظاہر ہوا جس کا اسرار کامل عدد ۹ ہے۔ جس سے حرف ط ملا۔ ط اوری کے انطباق سے عدد ۱۹ ظاہر ہوا جسکا مرکز حرف ط ہے۔ حرف م سے بزرگ و برتر اسم محمد کی ابتداء، حرف ط حرفِ قلب ہے اسم فاطمہ کا اسرار الہویّت اسی سے ہیں اور حرف ی اسم علی کا آخری حرف ہے جو کہ علویات کی ایک ایسی منزل منتہا ہے کہ جو اپنے وجود میں نورِ کامل ہے جسکی ابتدا، انطباق کی وجہ حرف قلب ط اور انتہا ی ہے جو علی ہے۔

قریب	قدوس	قدیم	قوی	قاہر	قہار	قادر	قدیر	قائم	قیوم
قیوم	قریب	قدوس	قدیم	قوی	قاہر	قہار	قادر	قدیر	قائم
قائم	قیوم	قریب	قدوس	قدیم	قوی	قاہر	قہار	قادر	قدیر
قدیر	قائم	قیوم	قریب	قدوس	قدیم	قوی	قاہر	قہار	قادر
قادر	قدیر	قائم	قیوم	قریب	قدوس	قدیم	قوی	قاہر	قہار
قہار	قادر	قدیر	قائم	قیوم	قریب	قدوس	قدیم	قوی	قاہر
قاہر	قہار	قادر	قدیر	قائم	قیوم	قریب	قدوس	قدیم	قوی
قوی	قاہر	قہار	قادر	قدیر	قائم	قیوم	قریب	قدوس	قدیم
قدیم	قوی	قاہر	قہار	قادر	قدیر	قائم	قیوم	قریب	قدوس
قدوس	قدیم	قوی	قاہر	قہار	قادر	قدیر	قائم	قیوم	قریب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قل اللّٰھم مالک الملک الٰی قولہٖ تعالٰی بیدك الخیر انک علٰی کلّ شیئ ٍ قدیر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وقل الحمد للہ الذی لم یتخذ ولدا ولم یکن لہ شریک فی الملک ولم یکن لہ ولی من الذل وکبرہ تکبیرا ۵

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وھوالقاھر فوق عبادہ ویر سل علیکم حفظة حتیٰ اذاجاء احدکم الموت توفته رسلنا وھم لایفطرون ۵

بلندی درجات علو مرتبہ کے لئے شرف شمس، تسخیر افسرانِ بالا کے لئے شرف عطارد، رعوب ودبدبہ، جاہ جلال، تسخیر عوام وخواص کے لئے مریخ شمس قرآن میں اس وقت لکھیں جب زہرہ اور مشتری کی ان پر نگاہِ سعید ہو، حصولِ مال و رزق کے لئے زہرہ مشتری تثلیث میں، بچیوں کی شادی کے لئے قمر و زہرہ ساعات سعید یا زہرہ سعید یا زہرہ مریخ تثلیث میں لوح تیار کر کے دی جائیں۔ صاحبان علم وفن اس لوح مبارک سے بے پناہ فوائد حاصل کر سکتے ہیں۔ جس کی طرف اشارہ کردیا ہے۔ لوحِ اسمائے عظام دائرۃ المیم کا وردِ خاص یہ ہے۔

انتباہ!۔ ڈائی ٹھپہ یا پریس کی گئی لوح کسی کام کی نہیں ہوتی۔

وردِ خاص

اَجِبْ یَارَوْیَائِیْلُ بِحَقِّ اَلْمِیْمِ وَبِحَقِّ یَاقَیُّوْمُ یَاقَائِمُ یَاقَدِیْرُ یَاقَادِرُ یَاقَھَّارُ یَاقَاھِرُ یَاقَوِیُّ یَاقَدِیْمُ یَاقُدُّسُ یَاقَرِیْبُ بَارَكَ اللّٰهُ فِیْكُمْ وَعَلَیْكُمْ

نوٹ 25 ذالحجہ سے لیکر 18 محرم تک میں کربلا میں ہوتا ہوں اس دوران مجھے فون نہ کیا جائے

آزمودہ عمل

عمل برائے اولاد

آج کے دور میں بہت سے مومنین ایسے ہیں جو کہ اولاد جیسی نعمت سے محروم ہیں۔ میرا ایک دوست کربلا میں رہتا ہے ان سے میں نے پوچھا اولاد کے لیے کوئی مجرب عمل تو انہوں نے جو مجھے بتایا آپ کی نذر کر رہا ہوں۔ مومنین جب بھی اولاد کے لیے توسل کریں تو جناب ام البنینؑ سے توسل کریں۔ بی بی سے اولاد کے لیے کہیں اور دونوں میاں بیوی اپنی روٹین بنالیں روزانہ زیارت بی بی ام البنینؑ کی زیارت پڑھنے کی۔ انشاءاللہ ایک سال کے اندر مولاؑ آپکو اولاد نرینہ سے نوازیں گے۔ اور یہ آزمودہ عمل ہے۔

عمل برائے شادی

سبز سوٹ لیکر اس میں 525 روپے باندھ کر حضرت امام حسنؑ کی نیت سے گھر کے کسی ایسے حصے میں 40 دن کے لیے رکھ دیں جہاں آپ کی اپنی نظر بھی ان پر نہ پڑے۔ 40 کے بعد سوٹ اور پیسے کسی مستحق سید کو امام حسنؑ کی نیاز کی نیت سے دے دیں۔ انشاءاللہ انہی 40 دنوں کے اندر اندر وہ رشتہ آئے گا جو مولاؑ کی طرف سے ہوگا اور اگر اس ٹائم کے دوران شادی بھی ہو جائے تو تعجب کی بات نہیں ہوگی۔

سیّد علی رضا رضوی (دھنی سادات کھاریاں)
0300-5411734/0333-7351212

حسینی مکتبہ وکیسٹ لائبریری یونیال روڈ گلگت

باب العلم اسلامک لائبریری امامیہ مسجد روڈ گلگت

رے کی خوبصورت اور پرسکون زندگی کا آسان راستہ

اس سے پہلے کہ ریکی (Reiki) کے بارے میں اپنے معروضات آپ کی خدمت میں بیان کروں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ امامیہ جنتری کے بانی جناب آغا نثار احمد مرحوم کے درجات کو بلند فرمائے اور انہیں جوار آئمہ معصومین علیہم السلام میں بلند مقام عطا فرمائے۔ دیکھنے میں امامیہ جنتری ایک جنتری ہے لیکن درحقیقت یہ ایک تعلیمی ادارہ ہے۔ بہت سے مومنین و مومنات اس کی بدولت اپنی جسمانی و روحانی صحت اور اپنی معاشرتی اور ایمانی زندگی کو بہتر بنا کر اچھی اور خوشگوار زندگی بسر کر رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ناشرین امامیہ جنتری کو اپنے حفظ و امان میں رکھے اور ان کی توفیقات خیر میں اضافہ فرمائے۔

ریکی (جس کا صحیح تلفظ ''رے کی'' ہے) متبادل طریقہ علاج (Alternative Medicine) کا ایک شعبہ ہے۔ اس وقت دنیا میں رائج طریقہ ہائے علاج کو دو اقسام میں تقسیم کیا گیا ہے:

(1) روایتی طریقہ علاج (Traditional Medicine)

(2) متبادل طریقہ علاج (Alternative Medicine)

روایتی طریقہ علاج سے مراد ایلوپیتھک طریقہ علاج ہے۔ ایلوپیتھک طریقہ علاج کے علاوہ باقی جتنے بھی طریقہ ہائے علاج ہیں وہ سب متبادل طریقہ علاج کے ذیل میں آتے ہیں جس میں ہومیوپیتھی، طب یونانی، آکوپنکچر، آیورویدک، ریکی، مراقبہ، یوگا، روحانی علاج وغیرہ شامل ہیں۔ متبادل طریقہ علاج کو باہم مربوط بنانے اور سائنسی بنیادوں پر ترقی دینے کے لیئے 1962 میں عالمی ادارہ صحت (World Health Organization) کے ایک اعلامیہ کے تحت عالمی ادارہ برائے متبادل طریقہ علاج قائم کیا گیا جس نے 2012 میں اپنی پچاسویں سالگرہ منائی۔ ریکی کی دریافت کا سہرا جاپان کے ڈاکٹر میکاؤ یوسوئی کے سر ہے جو 15 اگست 1865 کو پیدا ہوئے اور 9 مارچ 1926 کو فوت ہوئے۔ ریکی جاپانی زبان کا لفظ ہے جو دو الفاظ ''رے'' اور ''کی'' سے مل کر بنا ہے۔ ''رے'' کے معنی ہیں ''خدا کی دانائی'' اور ''کی'' کے معنی ہیں ''قوت حیات''۔ اس طرح ریکی کے معنی ہیں: ''خدا کی رہنمائی میں کام کرنے والی قوت حیات'' اسے کائناتی قوت حیات بھی کہا جاتا ہے جو خدا کے حکم سے کائنات کی ہر زندہ چیز میں پائی جاتی ہے۔ اگر ریکی کی دریافت کا سہرا ڈاکٹر میکاؤ یوسوئی کے سر ہے تو ریکی کو عالمی سطح پر متعارف کروانے کا سہر ڈاکٹر شوجیرو ہایاشی اور ان کی شاگرد مسز تاکاتا (Takata) کے سر ہے۔ ڈاکٹر ہایاشی جاپانی نیوی کے میڈیکل آفیسر اور میکاؤ یوسوئی کے اولین شاگردوں میں سے تھے جو اپنی میڈیکل پریکٹس کے ساتھ ساتھ ریکی کو بھی استعمال کرتے تھے۔ مسز تاکاتا کا تعلق امریکی ریاست ہوائی سے تھا جو کئی پیچیدہ بیماریوں میں مبتلا تھیں۔ وہ ڈاکٹر ہایاشی سے اپنا ریکی علاج کروانے کے لیئے جاپان گئیں اور علاج کے ساتھ ساتھ ریکی کی تربیت بھی حاصل کی۔ ہوائی واپس آ کر انہوں نے ریکی کی پریکٹس کے ساتھ ساتھ ریکی کی تربیت دینا بھی شروع کر دی۔ امریکہ میں مقبولیت حاصل کرنے کے بعد ریکی پوری دنیا میں مقبول ہونا شروع ہوگئی۔ مسز تاکاتا کا انتقال 1980 میں ہوا۔ اس وقت ان کی عمر 80 برس تھی۔ ان کی مقبولیت کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ وہ ریکی کی مکمل ٹریننگ کے لیئے دس ہزار ڈالر فیس وصول کیا کرتی تھیں۔

ہوگئی۔ مسز تاکاتا کا انتقال 1980 میں ہوا۔ اس وقت ان کی عمر 80 برس تھی۔ ان کی مقبولیت کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ وہ ریکی کی مکمل ٹریننگ کے لیئے دس ہزار ڈالر فیس وصول کیا کرتی تھیں۔

ریکی کی تعریف میں یہ بات بیان ہو چکی ہے کہ اس کے معنی ہیں: ''اللہ کی رہنمائی میں کام کرنے والی قوت حیات''۔ اس سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ ریکی ایک روحانی طریقہ علاج ہے۔ لیکن یہ ایک ایسا روحانی طریقہ علاج ہے جو کسی مذہب کے ساتھ ٹکراؤ نہیں رکھتا اس لیئے کہ اس کی بنیادیں ان روحانی اصولوں پر رکھی گئی ہیں جنہیں تمام مذاہب میں تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس کی دوسری خصوصیت یہ ہے کہ یہ بہت سادہ اور محفوظ طریقہ علاج ہے اور دوسرے روحانی طریقہ ہائے علاج کی نسبت اس کا سیکھنا اور اسے استعمال کرنا بہت آسان ہے۔ اس کے ذریعے جسمانی، نفسیاتی اور جذباتی بیماریوں کا آسانی سے علاج کیا جا سکتا ہے۔ ریکی کے ذریعے بہت سے مسائل بھی حل کیئے جا سکتے ہیں۔ بہت سے لوگوں کی طرف سے یہ سوال اٹھایا جاتا رہا ہے کہ کسی طریقہ علاج کے ذریعے مسائل کو کیسے حل کیا جا سکتا ہے؟ اس سوال کا جواب یہ ہے کہ ریکی کی رو سے ہر مسئلہ درحقیقت ایک بیماری ہے۔ مثال کے طور پر ایک انسان کی اقتصادی حالت اچھی نہیں ہے تو ریکی کی رو سے وہ شخص اقتصادی طور پر بیمار ہے۔ دو افراد کے درمیان رنجش اور ناچاقی ہے تو ریکی کی رو سے ان کا تعلق اور رشتہ بیمار ہے۔ ایک شخص بہت محنت کرتا ہے اس کے باوجود اس کی مالی حالت بہتر نہیں ہوتی۔ ریکی کہتی ہے کہ اس شخص کا دولت کے ساتھ رشتہ بیمار ہے۔ مختصر یہ کہ ریکی کی رو سے ہر مسئلہ درحقیقت ایک بیماری ہے اور ریکی اس بیماری کو دور کرنے کا ایک اہم اور مؤثر طریقہ ہے۔ چونکہ ریکی کے اصول کسی مذہب کے عقائد اور تعلیمات کے ساتھ کوئی ٹکراؤ نہیں

رکھتے اس لیئے ریکی ماہرین میں ہر مذہب کے لوگ دیکھے جاسکتے ہیں۔ صرف یہی نہیں بلکہ ہر مذہب کے لوگوں نے ریکی کے ساتھ اپنے مذہبی عقائد کو بھی شامل کرلیا ہے۔ اسلامی تعلیمات میں اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ علم و معرفت کا عظیم سرچشمہ اور صحت و سلامتی اور ہر قسم کی خیر و برکت کے حصول کا اہم ذریعہ ہیں۔ دعائے کمیل میں مولا علی علیہ السلام نے واضح طور پر فرمایا: یا من اسمہ دواء و ذکرہ شفا "اے وہ ذات جس کا نام دوا اور جس کا ذکر شفا ہے"۔ ریکی جو کہ اللہ تعالیٰ کی رہنمائی میں کام کرنے والی قوت حیات ہے، اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ کو شامل کر کے حیرت انگیز نتائج حاصل کیئے گئے ہیں۔ انسان کی زندگی میں انسان کے خیالات اور افکار کو بنیادی حیثیت حاصل ہے۔ یہاں تک کہ مولانا رومی نے کہا:

اے برادر تو ہمان اندیشہ ای ما بقی تو استخوان و ریشہ ای

ترجمہ: اے بھائی تمہاری حقیقت تو وہی ہے جو تمہاری سوچ ہے، باقی تو تم گوشت، پوست کے ریشے ہو۔

انسان کی زندگی جیسی بھی ہے، اس کی بنیاد اس کی سوچ ہے۔ انسان اپنی زندگی کے سارے فیصلے اپنی سوچ کی بنیاد پر کرتا ہے۔ اس کے بعد ان فیصلوں کی بنیاد پر عمل کرتا ہے اور جیسا عمل کرتا ہے ویسا ہی پھل پاتا ہے۔ بالفاظ دیگر سوچ فیصلوں کو جنم دیتی ہے، فیصلوں سے عمل جنم لیتا ہے اور عمل سے نتائج حاصل ہوتے ہیں۔ اگر سوچ صحتمند ہو گی تو فیصلے، عمل اور اعمال کے نتائج بھی مثبت، صحتمند اور خوشگوار ہوں گے۔ اس کے برعکس اگر سوچ بیمار ہو گی تو فیصلے بھی بیمار ہوں گے اور ان فیصلوں کی بنیاد پر کیئے جانے والے اعمال اور ان کے نتائج بھی بیمار ہوں گے۔ ہمارے معاشرے میں بہت سے لوگ مسلسل ناکامیوں کے نتیجہ میں یہ فرض کر لیتے ہیں کہ شاید کسی نے ان پر جادو یا بندش کر دی ہے۔ ایسے بہت سے افراد ریکی کی تربیت حاصل کرنے کے بعد اپنے منفی اور بیمار طرز فکر کو مثبت اور صحتمند انداز فکر میں تبدیل کر کے خوشگوار اور کامیاب زندگی گزار رہے ہیں۔ ہر انسان کے اندر ایک خودکار دفاعی نظام موجود ہے جو نہ صرف ہمیں بیماریوں سے بچاتا ہے بلکہ بیماریوں کا علاج بھی کرتا ہے۔ ہم میں سے ہر ایک کا تجربہ ہے کہ بعض اوقات ہماری طبیعت خراب ہو جاتی ہے، کوئی سر درد، نزلہ یا بخار کی کیفیت پیدا ہو جاتی ہے۔ ہم اس کا کوئی علاج نہیں کرتے اس کے باوجود ایک دو دن میں ہم ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ یہ درحقیقت اسی خودکار دفاعی نظام کا کرشمہ ہے۔ اگر کوئی شخص ریکی کی تربیت حاصل کرلے اور اسے باقاعدگی سے اپنی زندگی میں استعمال کر لے تو اس خود کار دفاعی نظام کی کارکردگی بہت بہتر ہو جاتی ہے۔ حاملہ خواتین دوران حمل ریکی کے استعمال سے اپنے ہونے والے بچے کی جسمانی صحت اور ذہنی و روحانی صلاحیتوں کی قبل از ولادت نشوونما کا کام کرسکتی ہیں۔ صرف یہی نہیں بلکہ اس سے بچے کی ولادت کے عمل میں پیدا ہونے والی ممکنہ پیچیدگیوں سے بھی بچا جاسکتا ہے اور ولادت کے عمل میں بھی آسانی ہو جاتی ہے۔ کسی بھی بیماری کے میڈیکل علاج کے ساتھ ریکی کو استعمال کیا جائے تو مریض کے صحتمند ہونے کی رفتار میں اضافہ ہو جاتا ہے۔ ریکی کی تربیت حاصل کر کے انسان کی جذباتی، عقلی اور روحانی زندگی میں ایک توازن پیدا ہو جاتا ہے۔ مسائل کو سمجھنے اور ان کو حل کرنے کی صلاحیت میں بے پناہ اضافہ ہو جاتا ہے۔ ریکی کی تربیت سے انسان نہ صرف اپنی زندگی کو پرسکون بنالیتا ہے بلکہ اپنے گھر، دفتر اور ادارے کے ماحول کو بھی اپنے ساتھ سازگار بنا سکتا ہے۔ اپنے بیوی، بچوں، دوستوں اور رشتہ داروں کے ساتھ، نیز اپنے افسران بالا اور اپنے ماتحتوں کے ساتھ اپنے تعلقات کو بہتر بنانے کی حیرت انگیز صلاحیت حاصل کرسکتا ہے۔ مختصر یہ کہ آپ کی زندگی کا کوئی بھی مسئلہ ہو، آپ اپنی زندگی کے کسی بھی شعبے میں ترقی کرنا چاہیں، ریکی آپ کی مدد کے لیئے موجود ہے۔ بلاشبہ ریکی اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔

ڈاکٹر سید نیاز محمد ہمدانی (فاضل قم۔ ایم۔ اے (عربی، فارسی، اسلامیات) پی ایچ ڈی (روحانیات و روحانی معالجہ)
Mob: 0332-1149979 www.drhamadani.com. email: syedniazm@yahoo.com

آپ کا معاون و مبارک نگینہ (نگینوں کا تعلق راس کے ساتھ)

بحوالہ کرشمہ قدرت مولفہ ہمایوں مرزا لکھنوی

برج	ستارہ	رنگ	متعلق نگینہ	برج	ستارہ	رنگ	متعلق نگینہ
حمل۔میکھ	مریخ	سُرخ	ہیرا، مونگا، یاقوت، عقیق یمنی، اوپل	میزان۔تلا	زہرہ	سفید سیاہی مائل	مرجان، ہیرا، پکھراج، دُرِ نجف، لہسنیہ
ثور۔برکھ	زہرہ	سفید	مرجان سرخ، ہیرا، دُرِ نجف، موتی	عقرب۔برچھک	مریخ	سرخ	ہیرا، یاقوت، مونگا، عقیق
جوزا۔متھن	عطارد	سرخی مائل	پکھراج، زمرد، زبرجد	قوس۔دھن	مشتری	زرد	فیروزہ، پکھراج زرد، لہسنیہ، زمرد
سرطان۔کرک	قمر	سفید	نیلم، حجر القمر، عقیق زرد، پکھراج زرد، لہسنیہ	جدی۔مکر	زحل	سیاہ نیلا	موتی، نیلم، عقیق یمنی، دُرِ نجف
اسد۔سنگھ	شمس	نارنجی	نیلم، مرجان، عقیق، یاقوت	دلو۔کنبھ	زحل	نیلا سیاہ	عقیق سرخ، نیلم
سنبلہ۔کنیا	عطارد	سفید	عقیق زرد، زبرجد، اوپل	حوت۔مین	مشتری	زرد پیازی	پکھراج سفید، دُرِ نجف

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ان اللہ وعدالصابرین المخرج مما یکرھون والرزق من حیث لایحتسبون ۔جعلنا اللہ وایاکم من الذین لاخوف علیھم ولاھم یحزنون۔

تعلیم، روحانیت اور بچے

قارئین کرام طالب علم ہمارے مستقبل کا آئینہ ہیں۔ یہ آئینہ جتنا شفاف ہوگا ہمارے معاشرے کی شکل اُتنی نکھری ہوئی ہوگی۔ دورانِ تعلیم بچے اپنی معصومیت کی بناپر، کورسز کی رنگارنگی، والدین، اساتذہ کی عدم توجہ یا جسمانی عوارض کی وجہ سے مختلف تعلیمی مسائل کا شکار ہوجاتے ہیں۔ مدینۃ الرّوحانیت نے نونہالوں کے ان تمام مسائل کے شافی حل کے لیے اس انداز میں سالہا سال آزمودہ روحانی تجاویز پیش کی ہیں جن پر عمل کر کے آپ اپنے بچے کو اس قابل بنادیں گے کہ وُہ فطری وغیر فطری مسائل سے نمٹنے اور اُن پر قابو پانے کے قابل ہوگا اور اِن شاءاللہ تعلیمی میدان اور عملی زندگی میں ایک کامیاب فرد کی حیثیت سے زندگی بسر کرے گا۔

قارئین سے التماس ہے کہ خط اور میسج سے پرہیز کریں۔فون پر بات کو ترجیح دیں۔

اذان صبح سے طلوعِ آفتاب تک بہترین وقت ہے اِس وقت ہمارے جسم وروح کا رزق بھی تقسیم ہوتا ہے۔ اس وقت جو کچھ پڑھا جائے فوری طور پر حفظ ہوجاتا ہے۔تحریر کے لیے موزوں وقت دِن کو دوپہر کے وقت ہوتا ہے اور طلباء کے لیے آپس میں مباحثے کا دُرست وقت رات کو ہوتا ہے۔ نیز پڑھائی کے وقت پیٹ بھرا ہوانہ ہو ورنہ دِماغ اپنا کام دُرست طور پر انجام نہیں دیتا۔ پڑھائی کے وقت خاموشی، تنہائی، اندازِ نشست اور آلاتِ پڑھائی کا کردار نہایت اہم ہے۔ لیٹ کر پڑھنے کی صورت میں نظر کمزور ہوجاتی ہے اور دماغ پر بھی بہت بوجھ پڑتا ہے۔ نیز تیز روشنی یا کھڑکی کی طرف منہ کر کے پڑھنے سے بھی آنکھوں کے امراض پیدا ہوتے ہیں۔ پڑھائی کے وقت روشنی کا مناسب اہتمام ہونا چاہیے اور روشنی سر کے اُوپر یا سائیڈ پر ہوتا کہ بصارت کو نقصان نہ پہنچے۔ پڑھنے کے دوران وقتاً فوقتاً آنکھیں جھپکائیں، چند لمحوں کے لیے اِدھر اُدھر نظر دوڑائیں تاکہ نظر کا وسیع استعمال ہو ورنہ ایک جگہ فوکس ہونے کی وجہ سے کمزور ہوجائے گی۔

کمزور حافظہ اور تعلیم میں عدم دلچسپی :

حافظہ حصولِ علم کے لیے نہایت لازم ہے۔ قدرتاً یا کسی بیماری کی وجہ سے بچے کا حافظہ کمزور ہوجائے اور اگر بچہ کسی اندرونی یا بیرونی تحریک کے سبب تعلیم میں دل چسپی نہ لے تو اُس کے لیے درج ذیل روحانی علاج کریں۔ اِن روحانی نسخہ جات میں سے ایک یا مختلف طریقے استعمال کر سکتے ہیں ان شاءاللہ یکساں نتائج حاصل ہوں گے۔ نیز چاندی کی تختی پر ہاتھ سے کندہ شدہ آیات والواح ہم سے طلب کر سکتے ہیں۔

(ا) سورہ بلد کی پہلی سات آیتیں زعفران اور عرقِ گلاب سے تیار شدہ روشنائی سے لکھیں اور بچے کو دو ہفتے متواتر پلائیں۔اس دوران سورہ بلد بچے پر تلاوت کریں یا بچہ خود پڑھے۔ (۲) 786 مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر پانی پر، شہد پر دم کریں اور دو ہفتے مسلسل صبح وشام استعمال کریں۔ (۳) سورہ فاتحہ مشک وزعفران سے لکھیں اور عرقِ گلاب اور شہد سے دھو کر بچے کو دو ہفتے پلائیں۔

(۴) مرغی کے دیسی انڈے کو دھو کر اُس پر زعفران یا کسی دوسری روشنائی سے یہ آیت لکھیں اور انڈا اُبال کر بچے کو کھلائیں۔چند بار ایسا کریں۔

وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً حَتّٰى اِذَا جَاءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا وَهُمْ لَايُفَرِّطُوْنَ.(سورہ انعام.61)

(۵) سورہ حشر کو شیشے کے برتن میں لکھیں اور بارش کے پانی سے دھو کر پلائیں تو حافظہ تیز ہوگا۔(٦) سورہ اعلیٰ بچے کو زبانی یاد کروائیں۔ ہر نماز میں یا پڑھتے وقت اس سورہ کو پڑھیں ان شاءاللہ حافظہ تیزی سے قوی ہوگا۔(۷) کندر یا شہد کو تھوڑی سی مقدار میں لے کر اُس پر یہ آیت گیارہ یا اکیس مرتبہ دم کریں اور کچھ دِن ناشتے کے طور پر بچے کو کھلائیں۔ان شاءاللہ دماغ بہت مضبوط ہوگا۔

وَلَوْ اَنَّ مَافِي الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ كَلِمَاتُ اللّٰهِ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ مَاخَلْقُكُمْ وَلَابَعْثُكُمْ اِلَّا كَنَفْسٍ وَّاحِدَةٍ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ.(لقمان.27,28)

(۸) حافظہ بڑھانے کے لیے شہد کھائیں اور قرآنِ پاک کی بغور تلاوت کریں۔

(۹) حضرت علی علیہ السلام کا فرمان مبارک ہے کہ زعفران، سُعد اور شہد ہم وزن لے کر روزانہ دو مثقال کھائیں حیران کُن حد تک حافظہ قوی ہوگا۔

(۱۰) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کوئی چیز عقل کو زیادہ کرتی ہے تو وُہ خُرفہ (کُلفہ) ہے۔حضرت امام جعفر صادِق علیہ السّلام فرماتے ہیں کہ روئے زمین پر کوئی سبزی خُرفہ سے بڑھ کر مفید اور بہتر نہیں ہے کہ یہ سبزی حضرت فاطمۃ الزہراء سلام اللہ علیہا کی پسندیدہ سبزی ہے۔(۱۱) روایات میں چقندر اور سرکہ بھی حافظے کے لیے فائدہ مند ہیں۔ (۱۲) رسول پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کدو کھائیں اس سے عقل بڑھتی ہے دماغ کو تقویت ملتی ہے۔

بھولی ہوئی بات یا سبق یاد کرنا:

بچے، جوان اور بوڑھے سب بھولنے اور فراموش کرنے کی عمومی عادت کا شکار ہیں۔ایسی صورت میں درج ذیل روحانی نُسخہ جات سے فراموشی کی عادت ختم ہوجاتی ہے۔

(ا) بھولی ہوئی بات یا سبق یاد کرنے کے لیے سورہ الضحیٰ کو پڑھیں سب یاد آجائے

مسعود نیوز ایجنٹ ملکوال ضلع منڈی بہاوالدین ملک نیوز ایجنسی فریدی بازار ڈیرہ غازی خان ارشاد بک ڈپو P.C.O تھانہ صدر چوک میلسی

گا۔ (۲) حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جب ہمارے فرامین کو شیطان آپ کے دِل سے محو کردے تو پیشانی پر ہاتھ رکھ کر یوں پڑھیں۔

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَامُذَکِّرَ الْخَیْرِ وَفَاعِلَہٗ وَالْاٰمِرَ بِہٖ ذَکِّرْنِیْ مَا اَنْسَانِیْہِ الشَّیْطَان۔

(۳) ذوالقوۃ کو زوال ق وۃ کو 6 بار جمعہ کے روز دوسری ساعت (دوسرا گھنٹہ ستارہ عطارد کی ساعت) میں ہرن کی کھال پر لکھیں اور پاس رکھیں تو بھولنے کی عادت بالکل ختم ہوگی۔

(۴) امام علیہ السلام سے روایت ہے کہ بھولی ہوئی چیز کو یاد کرنے کے لیے پیشانی پر دایاں ہاتھ رکھ کر یہ دُعا پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ لَکَ الْحَمْدُ یَامُذَکِّرَ الشَّیْءِ وَ فَاعِلَہٗ ذَکِّرْنِیْ مَانَسِیْتُ۔

قارئین یہاں پر ایک آزمودہ لوح قرآنی ہدیہ کرتے ہیں تاکہ بچوں کے تمام تعلیمی مسائل ایک لوح سے حل ہوجائیں۔

تعلیمی ترقی کے لیے لوح:

قارئین کرام یہاں پر ایک آزمودہ لوح قرآنی ہدیہ کرتے ہیں تاکہ بچوں کے تمام تعلیمی مسائل ایک لوح سے حل ہوسکیں۔ خدانخواستہ جادو سے تعلیمی بندش کی گئی ہو تو امامیہ جنتری 2014ء میں میرے کالم "بندش نکاح/وجوہات وعلاج" کا مطالعہ کرکے بندش کی تشخیص وتوڑ کریں۔

فوائد: علم میں ترقی، تحریری وتقریری معاملات میں کامیابی، حافظہ اور یاد کرنے کی صلاحیت میں اضافہ، تعلیم میں دلچسپی، حصول علم وغیرہ۔

طریق کار: یہ دونوں لوحیں چاندی پر لکھیں ایک سائڈ پر قل رب زدنی علما دوسری سائڈ پر توتی الملک من تشاء کا تعویذ اُوپر درج طریقے سے لکھیں۔ دونوں لوحوں میں شامل آیات میں بچے کے نام کے حروف کو امتزاج دیں اور لوح کے چاروں طرف وہ جملہ لکھ دیں۔ **مثال:** میرے بیٹے کا نام کمیل مہدی ہے۔ اس کے لیے لوح یوں تیار کی جائے گی۔ لوح کی ایک جانب "قل رب زدنی علما" کے حروف میں کمیل مہدی کے حروف کو امتزاج دیا۔ پہلے آیت کے حروف کو الگ الگ لکھا پھر کمیل مہدی کے حروف کو دوسری سطر میں لکھا۔ اب ایک حرف آیت کا اور دوسرا حرف کمیل کا لیا اسی طرح ایک ایک حرف لیتے گئے تو سطر امتزاج تیار ہوگئی۔ آیت کے حروف زیادہ تھے تو نام کے حروف کو دوبارہ لیا حتیٰ کہ آیت کے حروف ختم ہوگئے۔ اس کی عملی مثال یوں ہے

آیت کے حروف: ق ل ر ب ز د ن ی ع ل م ا

نام کے حروف: ک م ی ل م ہ د ی

سطر امتزاج: رک ب م زی دل ن م ی ہ ع د ل ی م ک ا

اب اس سطر امتزاج کو پہلے نقش کے چاروں طرف لکھیں گے۔

دوسرا نقش "توتی الملک من تشاء" کا ہے اس میں کمیل مہدی کے نام کے حروف کو پہلی آیت کے حروف کی طرح امتزاج دیا۔

آیت کے حروف: ت و ت ی ا ل م ل ک م ن ت ش ا ء

نام کے حروف: ک م ی ل م ہ د ی

سطر امتزاج: ت ک و م ت ی ی ل ا م ل ہ م د ل ی ک ک م ک ن م ت ی ش ل ام ء ہ

اس لوح کو نئے چاند میں بدھ کے دِن، کسی نیک دِن میں عطارد کی ساعت میں یا شرف عطارد میں چاندی پر تیار کریں۔ اور اس لوح پر دونوں آیتیں اکیس بار تلاوت کرکے بچے کو پہنا دیں۔ ان شاء اللہ بچہ علمی سفر میں کامیاب وکامران ہوگا۔ جو لوگ خود تیار نہ کرسکیں تو ہم سے رجوع کریں۔ نیز بچوں کے دیگر مسائل کے حل کے لیے بھی رجوع کرسکتے ہیں۔ بچوں کے تعلیمی مسائل کے حل کے لیے اُن کو ستارے کے مطابق دم شدہ مقدس پتھر پہنائیں اور گھر بیٹھے قابل اعتماد نگینے حاصل کرنے کے لیے مدینۃ الروحانیت کی نئی پیشکش "الجواہر" سے رجوع فرمائیں۔

محمد اکمل خان (ماہر علوم مخفی)

مدینۃ الرّوحانیت، جامعہ حسنیہ علیہ السلام، وارڈ 13، کروڑ لعل عیسن، لیہ (پنجاب، پاکستان)

Ph: 0333 4578467, 0301 4578467

Web: www.madinaturruhaniat.com

تسبیح اسمائے حسنیٰ کاروبار میں وسعت ونفع اور ہر نقصان وگھاٹے سے محفوظ رہنے کیلئے ان اسماء کا ورد ہر نماز کے بعد گیارہ بار کریں یہ موثر ترین عمل ہے

یَارَزَّاقُ یَانَافِعُ یَاغَنِیُّ یَاوَھَّابُ یَابَاسِطُ یَامُعْطِیُ

ترجمہ: اے رزق دینے والے اے نفع پہنچانے والے اے بے نیاز اے عطا کرنے والے اے پھیلانے والے اے عطا کرنے والے

ماڈرن سٹیشنری مارٹ نیا بازار اسکردو

بلتستان بک ڈپو نیا بازار اسکردو 05815455166

دارالعملیات سے

نادعلیؑ واسمائے پنجتنؑ پاک کا نایاب عمل

غلام کبریا (عامل روحانی) دارالعملیات، محمدیہ کالونی شیر شاہ سوری روڈ کندیاں میانوالی 00 92 300 5537074

قارئین محترم جنتری 2015 میں اس بار پھر ایک لوح مخمس نادعلی واسمائے پنجتن پاک کے حوالہ سے تحریر کررہا ہوں اس لوح مبارک میں خاص بات یہ ہے کہ اس کے کونوں میں دیگر اسمائے پنجتن پاک جبکہ درمیان میں حضرت فاطمۃ الزہرہ کا اسم مبارک ہے اور یہی اسمائے پاک لوح کے اندر موجود اسمائے باری تعالی کو محیط کیئے ہوئے ہیں علاوہ ازین جملہ سحر وجادو، جن شیاطین اور آسیب وبلیات کے خاتمہ کیلئے خاص اسمائے چہل کا باموکل نقش اس کے اندر پنہاں ہے۔

قارئین محترم! جملہ دینی ودنیاوی مقاصد کیلئے انتہائی مجرب لوح ہے، اور جملہ مقاصد خیر کیلئے اسمائے حسنٰی کا اندراج اس کے اندر موجود ہے لوح مبارکہ کسی بھی شرف یا اوج میں تیار کی جاسکتی ہے۔ علاوہ ازین کسی بھی ضروری مقصد کیلئے عروج ماہ شبنہ کے دن اعلی الصبح تیار کرکے عمل کی نیت سے علیحدہ کمرہ میں خوشبو جلا کر دو رکعت غاز نفل باثواب روح قدس مولائے کائنات مولا علیؑ گزارے ہر رکعت میں سات بار سورۃ اخلاص پڑھے۔ بعد ایصال ثواب اول اخر درود شریف درمیان میں پانچصد بار نادعلیؑ وایک تسبیح اسمائے پنجتن پاک اور مقصد کے مطابق اسمائے باری تعالٰی منتخب کرکے ان کے اعداد واپنے نام کے اعداد کے مطابق ورد کرے۔ بعد دعا لوح پاس رکھ کر سو جائے۔ اس طرح یہ عمل کم از کم اکیس یوم اور زیادہ سے زیادہ چالیس یوم کرے۔ انشاء اللہ مقصد برآئے گا۔ اسمائے حسنٰی کے انتخاب کیلئے مختصر مثال بیان کرتا ہوں۔ عقلمند کیلئے اشارہ کافی ہے۔

حسنین رضا بن مسلمہ گھر میں بے برکتی کو ختم کرکے وسعت رزق کیلئے عمل کرنا چاہتے ہیں

حسنین رضا بن مسلمہ ۱۳۱۴

اسمائے باری تعالٰی (یاوالی یا .یاباسط) ۱۱۹

میزان ۱۴۳۳

دیگر مندرجہ بالا ترکیب کے ساتھ اسمائے حسنٰی یاوالی یا باسط ۱۴۳۳ بار مقررہ وقت اور جگہ مخصوص پر ورد کیئے جائیں گے انشاء اللہ ۲۱ سے ۴۰ یوم میں خیرو برکت میں اضافہ ہوگا۔ اسی طرح حصول ملازمت کیلئے یاصمد گھر میں ناچاکی کے خاتمہ، میاں بیوی کے درمیان محبت یا واپسی مغرور کیلئے یامطعی کا ورد موزوں ہے۔ اس کے علاوہ جن افراد کی معاشرہ میں عزت نہ ہو لوگ پیچھے طرح طرح کی باتیں بناتے ہوں ان کیلئے یامعز کا عمل لازمی ہے۔ جبکہ جملہ جسمانی بیماریوں کیلئے یاسلام کافی ہے۔ چاہت خداوندی کیلئے یااللہ یاولی اکسیر کا حکم رکھتے ہیں۔

عزیزان گرامی، بہت سے اسمائے حسنٰی کے پڑھنے کا طریقہ میں نے سمجھا دیا ہے۔ ویسے جس پر اللہ عزوجل کی رحمت اور سایہ پنجتن پاک ہوگا وہ اس لوح سے بہت کچھ پالے گا۔ پھر بھی اگر مضمون کی کیسی جز کی سمجھ نہیں آتی تو بزریعہ فون یا لیٹر تسلی سے معلوم کرسکتے ہیں۔ دوران تیاری نقش اعلٰی روحانی بخورات کا استعمال ضرور کریں تاکہ عمل کے اندر اثرات پیدا ہوں۔

گمشدہ کیلئے: ایک کاغذ کے چاروں کونوں پر یہ اسمائے حسنٰی لکھیں اور گمشدہ شخص یا چیز کا نام درمیان میں لکھ کر زیر آسمان ننگے سر ہوکر ۷ مرتبہ پڑھیں۔

يَاشَهِيْدُ يَا حَقُّ يَا جَامِعُ يَا مُعِيْدُ انشاءاللہ گمشدہ کی خبر ملے گی۔

رحمٰن نیوز ایجنسی شاہی بازار بہاولپور
قیصر نیوز ایجنسی نزد ریلوے پھاٹک تحصیل پپلاں ضلع میانوالی

صدقہ کے بارے میں
معصومین علیہم السلام کے ارشادات

سیّد بابر حسین رضوی 0321-3703800

جیسا کہ یہ بات ہم سب کو معلوم ہے کہ صدقہ ردِ بلا ہے اس سے مراد یہ ہے کہ اگر انسان جسمانی، ذہنی یا مالی لحاظ سے کسی مصیبت میں گرفتار ہو جائے مثلاً وہ بیمار پڑ جائے کسی بھی قسم کی ذہنی پریشانی میں مبتلا ہو جائے یا کسی مقدمے وغیرہ میں اُلجھ جائے تو ان تمام بلاؤں، مصیبتوں اور پریشانیوں سے نجات حاصل کرنے کے لیے اُسے صدقہ دینا چاہئے۔ اس کی بدولت اللہ تبارک تعالیٰ اس کی تمام اُلجھنوں اور پریشانیوں کو دُور فرما دیتا ہے۔

☆ حضورؐ سرکارِ کائنات سے پوچھا گیا کونسا صدقہ افضل ہے؟ فرمایا فقیر اور قریبی رشتہ دار پر۔ ☆ حضرت علیؑ فرماتے ہیں: کہ میں نے ایک دفعہ ایک دینار صدقہ راہِ خدا میں دیا تو مجھے رسول اللہؐ نے فرمایا: یا علیؑ کیا آپ کو معلوم نہیں ہے کہ مومن کا صدقہ ستر شیطانوں کے منہ سے نکل کر آتا ہے کہ ہر شیطان اسے صدقہ نہ دینے کا حکم دیتا ہے۔ اور کوئی صدقہ سائل کے ہاتھ پر نہیں آتا جب تک اللہ کے ہاتھ پر نہ آئے اس پر آپؐ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔ ترجمہ: ''کیا وہ نہیں جانتے کہ اللہ ہی اپنے بندوں کی توبہ قبول کرتا ہے اور وہ خود صدقات لیتا ہے بے شک اللہ توبہ قبول کرنے والا رحم کرنے والا ہے'' ☆ حضرت علیؑ نے فرمایا: صدقہ کامیاب دواء ہے۔ ☆ حضرت علیؑ نے فرمایا: چار چیزیں جنت کی دعوت دیتی ہیں۔ مصیبت کو چھپانا۔ صدقہ پوشیدہ طور دینا، والدین سے نیکی کرنا اور بکثرت لا الٰہ الا اللہ پڑھنا ☆ حضرت علیؑ نے فرمایا: بہترین نیکی صدقہ چھپا کر دینا، والدین سے حسن سلوک کرنا اور صلہ رحمی کرنا ہے۔ ☆ حضرت امام جعفر صادقؑ اپنے والد بزرگوار سے روایت فرماتے ہیں کہ روزِ قیامت سب سے پہلے پانی پلانے کا ثواب ملے گا۔

☆ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا: رات کا صدقہ بری موت کو ختم کرتا ہے اور ستر قسم کی بلاؤں کو دور کرتا ہے۔ دن کا صدقہ خطاؤں کو ایسے ختم کر دیتا ہے جیسے پانی نمک کو۔ دن کا صدقہ مال میں زیادتی اور عمر میں اضافے کا سبب ہوتا ہے۔ ☆ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا: اپنے مریضوں کا علاج صدقے کے ذریعہ کرو۔ ☆ امام سجادؑ فرمایا کرتے تھے پوشیدہ صدقہ اللہ تعالیٰ کے غضب (کی آگ کو) کو بجھا دیتا ہے۔ رات کا صدقہ اللہ کے غیظ و غضب کو ٹھنڈا کرتا ہے۔ ☆ حضرت امام محمد باقرؑ سے مروی ہے کہ آپؑ نے فرمایا کہ نیکی اور صدقہ فقر کو دور کرتے ہیں اور عمر میں اضافہ کرتے ہیں اور صدقہ دینے والے سے ستر قسم کی بری موت کو دفع کرتے ہیں ☆ صدقہ بری موت (ایکسیڈنٹ وغیرہ) سے محفوظ رکھتا ہے۔ ☆ روزِ قیامت زمین آگ کی طرح گرم ہوگی سوائے مومن کے سایہ کے کہ اس پر اس کا صدقہ سایہ کئے ہوگا۔ ☆ حضورؐ کا ارشاد ہے کہ صدقہ خدا کے غیض و غضب سے بچاتا ہے ☆ حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ صدقہ دنیا میں پیش آنے والی 70 مصیبتوں کو دور کرتا ہے۔ ☆ حضرت رسولؐ خدا فرماتے ہیں۔ صدقہ دیا کرو ایسا کرو گے تو جہنم سے چھٹکارا پاؤ گے ☆ حضورؐ کا ارشاد ہے صدقہ دیا کرو خواہ ایک کھجور ہی کیوں نہ ہو ☆ صدقہ سے آدمی کے گناہ اس طرح مٹ جاتے ہیں جیسے پانی سے آگ بجھ جاتی ہے ☆ امام محمد باقرؑ فرماتے ہیں صدقہ دینے سے افلاس دور ہوتا ہے اور آدمی کی عمر بڑھ جاتی ہے ☆ حضرت رسولؐ خدا کا ارشاد ہے جب لوگ صدقہ دینا چھوڑ دیتے ہیں تو بیماریاں بڑھ جاتی ہیں

قرآنی آیت سے جادو کا توڑ

ہومیو ڈاکٹر سیّد عقیل حسین شاہ
0322-4812453
ہانی ہومیو پیتھک مکان نمبر 52/4 گلی نمبر 1
الامین سوسائٹی بیدیاں روڈ لاہور کینٹ۔

اللہ تعالیٰ آغا افتخار حسین صاحب کی اہلیہ کو عمر خضر عطا فرمائے (آمین) قارئین! گزشتہ چند سالوں سے جادو کا توڑ سورۂ فیل تیسواں سپارہ کے ذریعے آپکی خدمت میں پیش کر رہا ہوں جسکی اندرون و بیرون ملک بہت پذیرائی ہوئی۔ جو حضرات یہ سمجھتے ہیں کہ ان پر واقعی جادو ہو چکا ہے وہ 11 کنکریاں لیکر اور چولہے کی آگ جلا کر دن کے وقت آگ کے قریب بیٹھ کر بغیر کسی سے بات کیے یکسوئی سے 41 مرتبہ سورۂ فیل کی تلاوت اور 11 کنکریوں پر 41 دن پھونکتے رہیں۔ 41 دن گزرنے کے بعد 11 کنکریوں کو گھر کی چار دیواری کے چاروں طرف باہر کی طرف کچھ کچھ فاصلے پر پھینک دیں۔ انشاء اللہ جادو کا اثر ختم ہو جائے گا۔ سینے کا راز کسی کو مت دیں کیا آپ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ آپ پر جادو ہے تو خون کے چند قطرے میرے گھر کے ایڈریس پر بھیجیں۔ پرانے اور پیچیدہ امراض کے مریض فون پر رابطہ کر کے **دمہ، کینسر، بے اولادی، مرگی، ناکارہ گردے، پاگل پن**، کا علاج کروائیں

ڈینگی بخار اور ہر قسم کی وباء سے بچاؤ

صبح کی نماز کے بعد ۱۴ بار پڑھیں اور گھر کے دروازوں پر چسپاں کریں۔

لِی خَمْسَةٌ اُطْفِیْ بِهَا حَرَّ الْوَبَآءِ الْحَاطِمَةِ اَلْمُصْطَفٰی وَالْمُرْتَضٰی وَابْنَاهُمَا وَالْفَاطِمَةُ

عامل ناد علی علیہ السلام باموکل
سید مرتضیٰ حسین (کراچی)
0301-2845261

عمل ناد علی علیہ السلام صغیر باموکل

ناد علی علیہ السلام صغیر کے فوائد

☆ ہر بیماری کے لیے اکسیر ہے اور ہر مرض کے لیے شفاء ہے ہر بیماری کا علاج ناد علیؑ میں ہے۔ ☆ دشمنوں سے نجات پانے کے لیے، دشمن کو زیر کرنے کے لیے اور دشمنوں سے محفوظ رہنے کے لیے دشمن کے دل سے دشمنی ختم کرنے کے لیے ☆ ہر قسم کے غم پریشانی اور رنج کو دور کرنے کے لیے۔ ☆ حصول روزگار اور عزت اور مرتبہ کے لیے۔ ☆ ہر کام میں فتح و کامیابی کے لیے۔ ☆ اولاد کے ہونے کے لیے اور اولاد نرینہ ہونے کے لیے ☆ علم کے حصول کے لیے اور امتحان میں کامیابی کے لیے۔ ☆ شادی کے لیے اور محبت میں کامیابی کے لیے۔ ☆ ہر جائز مقصد میں کامیابی کے لیے اور دعا کے قبول نے کے لیے۔ ☆ قید سے رہائی کے حیلیے اور تہمت سے نجات پانے کے لیے، مقدمہ میں کامیابی کے لیے۔

عمل جمعرات سے اس عمل کو شروع کریں اور بعد نماز عشاء پڑھیں جس میں 110 مرتبہ ناد علی صغیر پڑھیں اور 110 مرتبہ پڑھیں۔

شاہ مرداں شیر یزداں قوت پروردگار

لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

اول و آخر 14 مرتبہ درود پڑھیں پڑھنے کے بعد حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام کی خدمت میں دو رکعت نماز ہدیہ کریں۔ اس کے بعد اپنے مقصد کے لیے دعا کریں اور ہر جمعرات سفید مٹھائی پر حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت علی علیہ السلام کی نذر دیں۔ یہ عمل 41 دن تک کریں۔ نوٹ: 10 سال اور اس سے کم عمر بچوں کو حضرات ہوتے ہیں۔ عمل کا کوئی جز سمجھ نہ آئے تو فون پر رابطہ کریں

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نادِ علی علیہ السلام صغیر

نَادِ عَلِيًّا مَّظْهَرَ الْعَجَآئِبِ تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِي النَّوَآئِبِ، كُلُّ هَمٍّ وَّغَمٍّ سَيَنْجَلِي بِعَظَمَتِكَ يَآ اَللهُ بِنُبُوَّتِكَ يَا مُحَمَّدُ وَبِوَلَايَتِكَ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ اَدْرِكْنِي

چہل حدیث

جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت علی علیہ السلام کو بطور وصیت ارشاد فرمایا۔ یا علیؑ میری امت میں سے جو شخص خشنودی خدا کے لیے چالیس حدیثیں یاد کرلے تو قیامت کے روز انبیاء صدیقین، شہدا و صالحین کے ساتھ محشور ہوگا اور جنت میں داخل ہوگا۔ حضرت علی علیہ السلام نے عرض کی یا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ بیان فرمائیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے 40 حدیثیں بیان فرمائیں

(۱) اللہ پر ایمان لاؤ جو واحد و لاشریک ہے۔ اسکی عبادت کرو اور غیر کی عبادت نہ کرو (۲) صحیح وضو کے بعد نماز کو اپنے وقت پر ادا کرو کیونکہ بلاوجہ اسکو وقت سے ٹال کر پڑھنا اللہ کی ناراضگی کا موجب ہے (۳) زکوۃ واجبہ کو ادا کیا کرو (۴) ماہ رمضان میں روزے رکھا کرو (۵) اگر صاحب مال و استطاعت ہو تو حج بیت اللہ ادا کرو (۶) اپنے والدین کی نافرمانی نہ کرو (۷) از راہ ظلم کسی یتیم کا مال نہ کھاؤ (۸) سود خوری نہ کرو (۹) شراب نوشی نہ کرو بلکہ کسی نشہ آور پانی کا استعمال نہ کرو (۱۰) زنا و لواطت نہ کرو (۱۱) چغل خوری نہ کرو (۱۲) اللہ کی جھوٹی قسم نہ کھاؤ (۱۳) چوری نہ کرو (۱۴) جھوٹی گواہی نہ دو (۱۵) حق کو قبول کرلو خواہ بیان کرنے والا چھوٹا ہو یا بڑا (۱۶) ظالم کی طرف نہ جھکو خواہ اپنا قریبی ہی کیوں نہ ہو (۱۷) خواہش نفس کے لیے عمل نہ کرو (۱۸) کسی پاکدامن (نکاح والی عورت) کو زنا کی تہمت نہ دو (۱۹) ریا کاری نہ کرو کیونکہ کم از کم ریا کاری بھی اللہ تعالیٰ کے ساتھ شرک کرنے کے برابر ہے (۲۰) کسی پست کو (اوچھوٹے) اور کسی بڑے قد والے کو بڑے قد والا کہہ کرنہ بلاو کیونکہ یہ عیب جوئی ہے اور خلق خدا سے مسخری نہ کرو (۲۱) بلاء اور مصیبت پر صبر کرو (۲۲) اللہ نے جو نعمتیں عطا کی ہیں اُنکا شکر ادا کرو (۲۳) گناہ کے بعد اللہ کے عذاب سے نڈر نہ رہو اور اسکی رحمت سے بھی مایوس نہ ہو جاؤ (۲۴) گناہوں سے توبہ کرو کیونکہ توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسا کہ اس نے گناہ کیا ہی نہیں اور استغفار کے بعد گناہ پر اصرار نہ کرو (۲۵) یہ جان لو کہ جو مصیبت یا خوشی تمہیں پہنچی ہے اس نے پہنچنا ہی تھا اور جو چوک گئی اس نے چوکنا ہی تھا (۲۶) کبھی ایسا نہ کرنا کہ مخلوق کی رضامندی کی خاطر اللہ کو ناراض کرلو (۲۷) کبھی دنیا کو آخرت پر ترجیح نہ دینا (۲۸) جو کچھ تم سے ہو سکے اپنے بھائیوں کی امداد میں بخل نہ کرنا (۲۹) ظاہر اور باطن کو ایک جیسا رکھو (۳۰) نہ جھوٹ بولو نہ جھوٹوں کی صحبت اختیار کرو (۳۱) حق بات سن کر غصہ نہ کرو (۳۲) اپنے نفس کو اور اپنے اہل و عیال اور ہمسایوں کو حسب طاقت ادب سکھاؤ (۳۳) اللہ کی مخلوق کے ساتھ جو معاملہ کرو حق کے ساتھ کرو (۳۴) قریبی اور بعید کے لیے خوش اخلاق رہو اور جبّار عنید نہ بنو (۳۵) تسبیح تقدیس اور تہلیل اور دعا کو زیادہ کرو نیز موت کا ذکر اور موت کے بعد قیامت اور جنت و نار کا ذکر زیادہ کرو قرآن مجید کی قرات زیادہ کرو (۳۶) مومنین و مومنات پر احسان و نیکی کرنے کو غنیمت سمجھو اور نیک کام سے گھبراہٹ محسوس نہ کرو (۳۷) جس کام کو تم اپنے لیے پسند نہیں کرتے وہ دوسرے مومنوں کے لیے بھی پسند نہ کرو (۳۸) کسی پر بوجھ نہ بنو ☆ (۳۹) کسی پر احسان کر کے جتلاو نہیں (۴۰) دنیا کو قید خانہ سمجھو یہاں تک کہ خدا تمھیں جنت کا گھر عطا فرمائے۔

شکیل بک سٹال امام بارگاہ یثرب ڈیفنس سوسائٹی کراچی — العصر اسلامک بک اینڈ C.D سنٹر جامع مسجد صاحب الزمان ہڈالہ سیداں دینہ 0301 5861438

نقش جلیل القدر

آیت مبارکہ یٰسٓ (برائے سحر، امراض، حب وبغض)

سید سردار علی شاہ بخاری قائداعظم کالونی بہاولپور 0300-7805452

قارئین امامیہ جنتری کے لیے ایک نقش بطریق اختصار سورہ یٰسٓ پیش کر رہا ہوں۔ نقش لکھنے کی کوئی شرائط نہیں ہیں جو شخص سورہ یٰسٓ کی تلاوت کرتا ہے وہ بھی لکھ سکتا ہے۔ نقش کی چال آتشی ہے۔ کاملین حضرات متفق ہیں یہ نقش مبارک ساعت سعید میں بعد غسل باوضو ہو کر جلال آفتاب یا زوال آفتاب پر دو رکعت نماز نفل پڑھ کر تحریر کریں۔ قدرے شیرینی نیاز محمدؐ و آل محمدؐ علیہم السلام کی بچوں میں تقسیم کریں اور درج ذیل معاملات میں نقش ہذا سے معاونت حاصل کریں۔

برائے سحر و امراض همه قسم نقش مبارک لکھ کر معطر کریں سحر زدہ کے دائیں بازو پر کالے کپڑے میں موم جامہ کر کے پہنا دیں اور روزانہ چینی کی پلیٹ پر مشک و زعفران سے لکھ کر سحر زدہ کو پانی پلائیں۔ کم از کم 21 پلیٹیں ضرور پلائیں جیسا بھی شدید اثر ہوگا انشااللہ زائل ہوگا۔ نیز کاملین اس نقش کو بغض، حب اور مقصد برآری کے لیے بھی تیار کرتے ہیں۔ اپنی سمجھ کے مطابق نقش تحریر کر کے فوائد حاصل کریں۔ **نوٹ** سحر زدہ یا امراض سے شفا کے لیے جوابی لفافہ بھیج کر زعفرانی نقش **مفت** طلب فرمائیں۔ صرف بانی امامیہ جنتری آغا نثار احمد مرحوم اور دیگر مومنین مرحومین کے لیے سورۂ فاتحہ ہدیہ کر کے نقش استعمال کریں۔ **نیز** تمام سیارگان کی شرفی الواح ہم سے حاصل کریں۔

نقش

٩٢	٧٨٦		١١٠
الله ١٦٩٧٣	الله ١٦٩٨٧	الله ١٦٩٨٣	الله ١٦٩٨٠
الله ١٦٩٨٤	الله ١٦٩٧٩	الله ١٦٩٧٤	الله ١٦٩٨٦
الله ١٦٩٧٨	الله ١٦٩٨١	الله ١٦٩٨٩	الله ١٦٩٧٥
الله ١٦٩٨٨	الله ١٦٩٧٦	الله ١٦٩٧٧	الله ١٦٩٨٢

آتشی چال

دفق: ٦٧٩٢٣ خانہ نمبر 13 میں کسر 1 کا اصافہ کریں

١	١٤	١١	٨
١٢	٧	٢	١٣
٦	٩	١٦	٣
١٥	٤	٥	١٠

استغاثہ بحضور حضرت ابوالفضل العباسؑ

ہر قسم کی حاجت روائی اور مصائب کو رفع کرنے کے لیے نماز عشاء کے بعد 2 رکعت نماز ہدیہ سرکار ابوالفضل العباسؑ پڑھیں، نماز کے بعد اول و آخر درود پاک 11 بار ورد کریں 133 بار درمیان میں یہ دعا پڑھیں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا كَاشِفَ الْكَرْبِ عَنْ وَّجْهِ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ اِكْشِفْ

كَرْبِيْ بِحَقِّ اَخِيْكَ الْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ

بندش کھولنے کا نادر عمل

تحریر آغا سید عمران حسین 0331-1414505/0341-4129514
506-L سبزہ زار سکیم ملتان روڈ لاہور

فی زمانہ جادو ٹونہ، سحر کے استعمال کا رواج اس قدر بڑھ گیا ہے کہ ہر طرف اس کا دور دورہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ کالے جادو کے اجزا احرام ہیں اس لیے اس کو کرنے والا اور کرانے والا دونوں مشرک ہیں۔ اور مشرک کی بخشش نہیں۔ تجرباتی طور پر دنیا میں اکثر ایسے پریشان لوگ ہوتے ہیں جن کا رزق، شادی، زبان یا طاقت کسی مخالف نے کالے جادو سے بند کروا رکھی ہوتی ہے۔ ایسے پریشان حال مومنین و مومنات کے لیے ایسا مجرب عمل پیش کر رہا ہوں جس کے کرنے سے تمام قسم کی بندشیں کھل جائیں گی۔ اس عمل کا نام وسیلہ ام موسیٰؑ ہے جو آپ کو کسی کتاب یا عالم سے نہیں ملے گا۔

عمل وسیلہ اُمِّ موسیٰؑ عامل ایک دن کا روزہ رکھے۔ دریں اثناء پنجگانہ عبادت اور فرائض منصبی ادا کرے، جھوٹی بات نہ کرے، اسی روز کھانا پکوا کر عشاء کو 4 مساکین کو ان کے گھر بھجوا کر کھانا کھلائے اور اپنی عبادت کی جگہ پر اگر بتی جلائے (صرف ایک دن) عشاء کو دو رکعت نماز نفل بہ نیت حاجت روائی پڑھنے کے بعد 111 بار دعا پوری توجہ ارتکاز سے پڑھے۔
پھر سات شب تک اس دعا کو 11 مرتبہ یومیہ پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ رَبِّ هَلْبَا بِنْتِ رَغْبَاَ الْمُوْءِ مَنَةِ الْعَبِيْدَةِ النَّتُفِيَّةِ اُمِّ مُوسٰى بِاللهِ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ الْمُتَعَالِ الْمُتَكَبِّرُ الْمُهَيْمِنُ الْعَظِيْمُ الَّذِىْ يُفْتَحِّ بِهٖ الْاَطْبَاقُ وَاسْتَنَدَتْ بِهِ الْاٰفَاقُ وَفَتَحَتَبِ بِهٖ الْاَقَاسِىُ اَفْتِحْ هٰذَا الْغُلّ

عمل نمبر 2 تحقیق کے مطابق اُم موسیٰؑ کا صحیح ترین نام یُوقَابِدَہ ہے اور درج ذیل مختصر دعا کی مَداوِمت کریں تو بندش معمولی تکلیف ہے۔ بند تالا کھل سکتا ہے۔ بشرطیکہ ہرگز ناجائز نہ کریں 40 یوم تک 111 مرتبہ یومیہ ورد یہ ہے

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ يُوْقَابِدَهٖ اُمِّ مُوسٰى

نوٹ سب کچھ مفصل تحریر کر دیا ہے کسی جز کی سمجھ نہ آئے تو جوابی لفافے کے ساتھ وضاحت طلب کر سکتے ہیں۔

گزارش مسائل کے روحانی حل کے لیے رابطہ کریں انشاءاللہ تعالیٰ محمدؐ وآل محمدؐ کے خاص کرم اور تعلیمات کی روشنی میں آپ کو مفید مشورہ دیا جائے گا۔
بچوں کے نام رکھنے کے لیے مفت رابطہ کریں

آپ کو کونسا پتھر فائدہ پہنچائے گا

تحریر
غلام عباس قادری

محترم قارئین امامیہ جنتری اسلام علیکم ! علم الاعداد کا ایک ادنی سا طالب علم ہوں اور ملک کی مشہور امامیہ جنتری جو کہ بڑی معتبر ہے کی وساطت سے آپ کی خدمت میں حاضر ہورہا ہوں۔سب سے پہلے یہ دعا کہ رب کریم بحق چہاردہ معصومینؑ امامیہ جنتری کے ناشران کو صحت اور عزت دائمی عطا فرمائے۔ان کے مرحومین اپنے اساتذہ اکرام کے مرحومین اور قارئین اکرام کے مرحومین سب کی بخشش کرئے اور ان کے درجات بلند فرمائے۔ (آمین) چونکہ صحت اور توانائی کیلئے ہمیں گرم، سرد اور ان کے امتزاج کے لحاظ سے شعاعوں اور رنگوں کی اشد ضرورت رہتی ہے اس لئے ان کی فطری ضرورت کے تحت ہمیں مختلف قسم کے پتھروں کی ضرورت لاحق رہتی ہے اللہ عزوجل نے جواہر کو ایک مخصوص شعاع اور رنگت کا سرچشمہ حیات بنادیا ہے اور یہ ایسا سرچشمہ ہے کہ جس کے سوتے کبھی بھی خشک نہیں ہوپاتے بلکہ اپنی افادیت اور اہمیت کو زمانے کے گزرنے کے ساتھ ساتھ بڑھاتے چلے جاتے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ ماہرین فلکیات اور سائنس دان فزیالوجی ان کو بہت اہمیت دیتے ہیں اور ماہرین طب وصحت کو ان کی افادیت سے آگاہ کرتے رہتے ہیں۔

ماہرین طب نے بھی پتھروں کی جانچ پڑتال کے بعد مختلف پتھروں کو صحت یابی کیلئے از حد مفید قرار دیا ہے۔ہر پتھر ہر انسان کو راس نہیں آتا بلکہ بعض پتھر انسان کو زبردست نقصان بھی پہنچاتے ہیں اور بعض پتھروں کے استعمال سے انسان کی زندگی میں اچھے انقلاب بھی برپا ہوجاتے ہیں۔پتھروں کی جانچ کے مختلف طریقے ہیں بعض ماہرین اور تجربہ کار حضرات نے علم الاعداد کے ذریعہ بھی پتھروں کی شناخت کا طریقہ بنایا ہے جس سے یہ اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ ہمیں خالق کائنات کا پیدا کردہ کون سا پتھر راس آئے گا علم الاعداد کے ذریعے اپنا موافق پتھر معلوم کرنے کا طریقہ درجہ ذیل ہے۔

اپنے مکمل نام کو جو بھی مشہور ہو اور جسے لکھنے اور بولنے کی عادت ہو۔الگ الگ حروف میں لکھ لیں۔والدہ کے نام کی ضرورت نہیں۔ ان حروف میں جو حرف بار بار آئے اس کو کاٹ دیں جو حرف باقی بچیں ہر حرف کے نیچے اس کا مفرد عدد لکھیں اب اس اعداد والی لائن میں جو بھی عدد بار بار آئے ان کو کاٹ کر خالص اعداد کی لائن تحریر کر کے اس کے اعداد کو جمع کر کے مفرد بنالیں۔اور پھر اس جدول میں دیکھ کر آنے والے عدد کا متعلقہ نگینہ پہنیں۔انشاءاللہ رب کریم کے کرم سے فائدہ ہوگا۔

مثال کے طور پر نام قاری غلام عباس

ق ا ر ی غ ل ا م ع ب ا س

ق	ا	ر	ی	غ	ل	م	ع	ب	س.
1	1	2	1	1	3	4	7	2	6

مفرد عدد	پتھر	مفرد عدد	پتھر
1	پکھرج یا عقیق	5	دہانہ فرہنگ یا دھنیلا
2	سہنیلا یا فیروزہ	6	موتی یا گارنیٹ یا اوپل
3	زرقون	7	لہسینا
4	ترمری یا یاقوت	8	پنا
9	ہیرا یا مونگا یا زہرجد		تفصیلات کیلئے رابطہ کر سکتے ہیں

1 2 3 4 7 6=23=5 مفرد عدد گویا مفرد عدد برامد ہوا=5 عدد 5 کے لئے دانہ فرہنگ یا دھنیلا ہے پس قاری غلام عباس کیلئے دانہ فرہنگ اور دھنیلا فائدہ دینے والے پتھر ہیں یا ہے دانہ فرہنگ پہنے چاہے دھنیلا۔آپ کی آسانی کیلئے حروف ابجد کی جدول بمعہ اعداد تحریر ہے۔

ای ق غ	=1	دم ت	=4	ز ع ذ	=8
ب ک ر	=2	ھ ن ث	=5	ح ف ض	=7
ج ل ش	=3	و س خ	=6	ط ص ظ	=9

غلام عباس قادری قلندری (معرفت ذوالفقار علی قادری سائیکل ورکس)
چک نمبر 203 ر۔ب ملک پور بالمقابل نشاط آباد 220 KV گریڈ فیصل آباد شہر
0321-9794752 0347-7641152 0321-5644791

ہر ماہ کی پیدائش سے نگینوں کا تعلق

بشکریہ: کرشمہ قدرت مؤلفہ: ہمایوں مرزا لکھنوی

جنوری	گومیدک، یاقوت، لعل، عقیق سُرخ	اپریل	ہیرا، نیلم، یاقوت، عقیق	جولائی	یاقوت، عقیق یمنی گہرا سُرخ	اکتوبر	اوپل، دُرّ نجف، زبرجد
فروری	نیلم، لاجورد، حجر القمر	مئی	زمرّد، عقیق یمنی	اگست	مرجان، یاقوت، عقیق یمنی	نومبر	پکھراج، زبرجد
مارچ	فیروزہ، دُرّ نجف، زبرجد	جون	موتی، زمرّد	ستمبر	نیلم، یاقوت، عقیق زرد	دسمبر	لاجورد، یاقوت، فیروزہ

جوہرے
نگینوں کی مکمل ورائٹی 9 کے **عدد اور حرز جواد** کی انگوٹھی دستیاب ہے
جامع مسجد صاحب الزماں حیدر روڈ اسلام پورہ لاہور
042-37155098/0300-4519796
ناغہ بروز اتوار
اوقات کار
5 تا 9 بجے رات بروز
جمعہ 1:30 تا 3:30 شام

نومولود کے اسلامی نام

نقش روزگار، صحت، تعلیم، شادی، وگھریلو مسائل کے لیے رجسٹرڈ واپسی ڈاک کا لفافہ بھیج کر منگواسکتے ہیں۔ امامیہ جنتری سے منسلک تمام افراد کو اپنی دعاوں میں یاد رکھیں

ابجد قمری

حروف	ا	ب پ	ج چ	د ڈ	ہ	و	ز	ح	ط	ی ے	ک گ	ل	م	ن
قیمت	1	2	3	4	5	6	7	8	9	10	20	30	40	50
حروف	س	ع	ف	ص	ق	ر ڑ	ش	ت ٹ	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
قیمت	60	70	80	90	100	200	300	400	500	600	700	800	900	1000

سید قمر حسین نقوی

Email: qamarhussain6655@gmail.com 0333-4376657, 03027846655

مکان نمبر 70/A عطیہ اہلبیت محلہ بیلے والا سٹی لیہ پنجاب

لڑکوں کے نام

نمبر شمار	نام	مطلب	مفرد اعداد
1	رحمٰن حیدر	مہربان	7
2	محمد عربی	رحمت	5
3	علی کرار	اونچا	9
4	حسن مجتبیٰ	اچھا، خوب	6
5	انصار حیدر	مددگار	6
6	داود علی	نبی پاک کا نام	8
7	عیسیٰ عباس	نبی پاک کا نام	3
8	لِسان حیدر	زبان	3
9	یحب علی	پسند کرنا	4
10	غُلام علی	جاننے والا	3
11	فاطر حسن	پیدا کرنے والا	3
12	نصرف علی	بیان کرنا	8
13	مبشر علی	خوشخبری	4
14	بصیر حیدر	دیکھنے والا	1
15	آل عمران	اولاد	1
16	موقین علی	یقین کرنے والا	6
17	منتظر مہدی	انتظار	2
18	رعب حسین	دبدبہ	4
19	مصیر حسین	ٹھکانہ جگہ	9
20	نصیر عباس	مددگار	6
21	مفصل حسین	تفصیل	7

نمبر شمار	نام	مطلب	مفرد اعداد
22	مقیم حیدر	قائم کرنے والے	7
23	عشیر حیدر	کنبہ	5
24	عباد الرحمٰن	بندہ	9
25	تواب حیدر	توبہ کرنے والا	6
26	صالح حسن	نیک۔ پارسا	6
27	قمر عباس	چاند	8
28	عاصف علی	تیز وتند	3
29	عاصم رضا	بچانے والا	3
30	مبصر حسین	دکھانے والا	4
31	صبار علی	بہت صبر والا	3
32	اسجد رضا	سجدہ کرنے والا	3
33	اصاب علی	پنجا	8
34	عامل نقی	عمل والا	4
35	واحد عسکری	ایک۔ اکیلا	1
36	اخی عباس	بھائی	1
37	زعیم حیدر	ضامن	6
38	فاطر حسین	پیدا کرنے والا	2
39	امر عباس	حکم اجازت	4
40	یصرب حسین	بیان کرنے والا	9
41	انفال حیدر	مال غنیمت	6
42	علیم حیدر	علم والا	7

نمبر شمار	نام	مطلب	مفرد اعداد
43	مسجود علی	سجدہ کرنے والا	7
44	سجدین عباس	سجدہ	1
45	عباد علی	بندہ	1
46	تراب حسین	مٹی	1
47	قلب حیدر	دل	4
48	صابر حسین	صبر	5
49	محسن رضا	نیکی کرنے والا	9
50	اقرب علی	قریب	5
51	ظہیر حیدر	مددگار	1
52	محراب علی	عبادت گاہ	7
53	عبداللہ	اللہ کا بندہ	7
54	تقی رضا	پرہیزگار	6
55	ارتضیٰ حیدر	پسند	4
56	سجل عباس	مکتوب	1
57	مستعان علی	مدد	6
58	اساور عباس	کنگن	7
59	اذن عباس	اعلان	4
60	فقیر حسین	محتاج	5
61	طالب حسین	چاہنا	7
62	مطلوب رضا	چاہنے والا	6
63	اصطفیٰ حیدر	برگزیدہ	3

نمبر شمار	نام	مطلب	مفرد اعداد
64	زین عباس	خوشی	7
65	شاہد علی	گواہ	8
66	صوان حیدر	جڑ	7
67	منیر حسین	روشن	2
68	شکور حیدر	شکر کرنے والا	3
69	یثرب علی	مدینہ	7
70	شجر عباس	درخت	7
71	محمد نعیم عباس	نعمت	8
72	مسکین علی	مٹا ہوا	5
73	محمد متقی	پرہیزگار	1
74	نصر اللہ علی	اللہ کی مدد	9
75	اطہر علی	صاف ستھرا	8
76	عمران علی	اونچا	4
77	اقرب علی	قریب	1
78	نفس علی	جان	2
79	حسن رضا	اچھا	5
80	قسیم حیدر	تقسیم کرنے والا	2
81	فضل عباس	کرم	5
82	برہان حیدر	دلیل	8
83	مرجان علی	قیمتی پتھر	8
84	حسنین حیدر	نیکیاں	7

Note: on the printed page the مفرد اعداد figure for each name stands to the left of the next block's number column. In the four tables above, each block's figures are therefore written with the following block's entries (entries 64–84 carry the figures printed between the 43–63 and 64–84 blocks).

نمبر شمار	نام	مطلب	مفرد اعداد
85	صداقت حسین	صدقہ۔ سچائی	3
86	لباب حیدر	صاحب عقل	5
87	علی	اونچا	2
88	مصدق حسین	تصدیق کرنے والا	1
89	وجیہہ حسین	چہرہ	7
90	بصار حیدر	آنکھ	2
91	احسن علی	نیک۔ بہتر	4
92	طیب حسین	پاکیزہ	5

لڑکیوں کے نام

نمبر شمار	نام	مطلب	مفرد اعداد
1	صاحبہ بتول	انعام	4
2	اصحاب زہرا	ساتھی	9
3	نجویٰ بتول	سرگوشی	3
4	صباح بتول	صبح	8
5	اصباح بتول	صبح کا وقت	9
6	نحلہ بتول	کھجور	9
7	حیاء بتول	شرم	7
8	صلواۃ زہرا	نماز	2
9	اولیٰ بتول	پہلی	8
10	عروہ الوثقیٰ	مضبوط رسی	6
11	نور فاطمہ	روشنی	4
12	سکینہ بتول	سکون۔ چین	7
13	انعم زہرا	انعام	5
14	یمن زہرا	ہاتھ	7
15	طیبہ بتول	پاکیزہ	8
16	خزائین زہرا	خزانے	1
17	شمائل بتول	ہاتھ	8
18	عاجلہ بتول	جلدی	7
19	فرع بتول	شاخ	5
20	بازغہ بتول	چمکتا ہوا	4
21	وجیہہ زہرا	چہرہ	2
22	مبرک زہرا	برکت والی	7
23	عناب زہرا	انگور	3
24	نور فاطمہ	روشنی	4

نمبر شمار	نام	مطلب	مفرد اعداد
25	ذریت زہرا	اولاد	8
26	ثمر زہرا	پھل	8
27	بنیٔ بتول	اولاد۔ بیٹے	6
28	اتقیٰ زہرا	پرہیزگار	5
29	حجاب زہرا	پردہ	2
30	سحاب زہرا	بادل	5
31	قلب زہرا	دل	3
32	مستجاب زہرا	قبولیت	8
33	عناق زہرا	گردن	2
34	فضہ بتول	چاندی	9
35	صالحہ بتول	نیک	5
36	قربیٰ بتول	قرابت	3
37	اذن زہرا	اجازت	7
38	عرش زہرا	آسمان	9
39	سجنہ بتول	پاک	5
40	عرشہ بتول	فلک	5
41	نفسہ بتول	پاک	3
42	بشریٰ بتول	خوشخبری	5
43	اصبح بتول	صبح	2
44	تسبیح زہرا	تسبیح کرنے والی	8
45	امثال زہرا	مثال	2
46	فروع زہرا	شاخ	2
47	مثلِ زہرا	مثال	9
48	سماء زہرا	آسمان	8
49	روحی بتول	روح	5
50	شفاء زہرا	تندرستی	9
51	ایمان زہرا	یقین	9
52	مطمئنہ بتول	اطمینان	6
53	شاکرہ بتول	شکر کرنے والی	1
54	مبصرہ بتول	روشن	7
55	اقراء بتول	علم، پڑھ	2
56	حسیبہ بتول	حساب والی	1
57	نفسہ بتول	جان	3

نمبر شمار	نام	مطلب	مفرد اعداد
58	امر زہرا	حکم	4
59	نشا بتول	چاہنا	6
60	نخیل زہرا	کھجور	3
61	زخرف زہرا	سونا	2
62	لاریب بتول	نہیں کوئی شک	6
63	دعاء زہرا	پکارنا	9
64	جنت زہرا	باغ	9
65	زرعا بتول	کھیتی	5
66	ثمرہ بتول	پھل	4
67	قائم بتول	قائم رہنے والی	8
68	زکیا بتول	پاکیزہ	8
69	سفینہ بتول	کشتی	4
70	یسرا بتول	آسانی	7

نمبر شمار	نام	مطلب	مفرد اعداد
71	عذما بتول	ارادہ	7
72	وحیہ زہرا	وحی	8
73	تقویٰ بتول	پرہیزگار	9
74	اسمہ بتول	نام	4
75	مصباح بتول	چراغ	3
76	کوکب دری	ستارہ	1
77	تسبیحہ بتول	تسبیح کرنے والی	5
78	قرۃ العین	آنکھوں کی ٹھنڈک	7
79	عاقبہ بتول	آخرت	4
80	ارض زہرا	زمین	8
81	تقیہ بتول	پرہیزگاری	8
82	مریم زہرا	پاک	8
83	عشیا بتول	شام	9

عقیقہ سے شفاء

☆ عقیقہ سنت مؤکدہ ہے ساتویں دن بہتر ہے یہ تا حد بلوغت باپ پر سنت ہے بعد میں خود کرے۔

☆ بچہ کے بال منڈوا کران بالوں کے برابر چاندی یا چاندی کی رقم صدقہ کرے

☆ عقیقہ کے جانور میں قربانی کے جانور کی شرائط کا ہونا مستحب ہے۔

☆ گوشت کم از کم 10 مومنوں کو کھلائیں یا کچا تقسیم کردیں۔

☆ والدین اور گھر کے وہ افراد جو والد کی کفالت میں ہوں عقیقہ کا گوشت نہ کھائیں

☆ سری پائے اور کھال صدقہ کرے قصائی کو اجرت میں دینا جائز نہیں۔

☆ بوقتِ ذبح درجِ ذیل دعا پڑھے (لکیر سے اوپر والا صیغہ لڑکے کیلیے اور نیچے والا لڑکی کیلیے ہے)

بِسۡمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ اَللّٰھُمَّ عَقِیۡقَۃٌ عَنۡ (لڑکا یا لڑکی کا نام لے) لَحۡمُھَا (بِلَحۡمِہٖ / بِلَحۡمِھَا) وَدَمُھَا (بِدَمِہٖ / بِدَمِھَا)

اللہ کے نام سے اور اللہ کی مدد سے اے اللہ عقیقہ فلاں سے ہے اسکا گوشت اُسکے گوشت کیلیے اور اسکا خون اُسکے خون کیلیے اور اسکی ہڈیاں

وَعَظۡمُھَا (بِعَظۡمِہٖ / بِعَظۡمِھَا) وَشَعۡرُھَا (بِشَعۡرِہٖ / بِشَعۡرِھَا) وَجِلۡدُھَا (بِجِلۡدِہٖ / بِجِلۡدِھَا) اَللّٰھُمَّ اجۡعَلۡھَا وِقَآءً لِّمُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اسکی ہڈیوں کیلیے اور اسکے بال اُسکے بالوں کیلیے اور اسکی کھال اسکی کھال کیلیے ہے اے اللہ تو اس کو قرار دے محمدؐ آلِ محمدؐ کے ساتھ ہونے کا

☆ دعا کے بعد بِسۡمِ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَکۡبَرُ کہہ کر ذبح کیا جائے اور ذبح کرنے کے بعد صلوات پڑھ کر یہ کہے اَللّٰھُمَّ تَقَبَّلۡ مِنۡ (مِن کے بعد مریض اور اسکے باپ کا نام لے)

برائے حصول علم

عدۃ الداعی میں مذکور ہے کہ اگر بچہ کا دل علم کے حصول میں نہ لگتا ہو تو یہ درج ذیل آیات لکھ کر اس کے گلے میں ڈالیں اور پانی پر پڑھ کر پلائیں تو ذہن وعقل کی تیزی کے لیے بھی مجرب ہے۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اِقۡرَاۡ بِاسۡمِ رَبِّکَ سے لیکر مَا لَمۡ یَعۡلَمۡ ۝ (سورۃ العلق: ۱ تا ۵)

الکوثر نیوز ایجنسی اخبار مارکیٹ کراچی

احمد سنٹرز 718/20 فیڈرل بی ایریا کراچی

تیر بہدف ہربل نسخے

اور روحانی علاج

اسلامی روحانی اسکالرلیڈی ڈاکٹر مسز میجر کاظمی

دل کی شریانیں کھولیں، بائی پاس مت کروائیں

پچھلے کئی سال سے جنتری، رسالوں میں اپنے بزرگوں کا 200 سال پرانا نسخہ شائع کروا رہی ہوں۔ الحمد اللہ لاکھوں لوگ دل سے متعلق امراض میں شفا پا رہے ہیں میری تمام بہن، بھائیوں سے گزارش ہے کہ اس نسخے کو آپ گھر پر خود بنائیں یہ بہت کم خرچ، خالص اور آسانی سے بنے گا جسکے 100% نتائج برآمد ہونگے۔ روحانی مدد شامل کرنے کے لیے اس کو بناتے وقت باوضو رہیں اور درود شریف پڑھتے رہیں۔

نسخہ (1) دیسی ادرک کا عرق 3 کپ (2) دیسی لہسن کا عرق 3 کپ (3) سرکہ سیب 3 کپ۔ ان تینوں کو مٹی کی ہانڈی یا کانچ کے برتن میں ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جب اسکا 1 حصہ ختم ہو کر 3 حصے بچ جائیں تو چولہے سے اتار کر ٹھنڈا کریں۔ اور اس میں (جو کہ بوائل کے بعد بچا) اس کے برابر ہی شہد ملائیں

طریقہ استعمال دل سے متعلق کوئی بھی مرض ہو اس کے لیے 3 چمچے نہار منہ اور رات کو سوتے وقت لیں۔ مرض کی شدت میں تینوں ٹائم لیں۔ اسکے علاوہ دل کے امراض کے لیے سنت نبوی کے مطابق کھجور کا آٹا ایک چمچ شہد کے ساتھ اور دال چینی پسی ہوئی آدھی چمچ روزانہ لیں۔ اللہ کے فظل سے آپکو کسی بھی قسم کے آپریشن جیسے بائی پاس وغیرہ کروانے کی ضرورت نہیں آئے گی۔ انشااللہ

نوٹ یہی نسخہ تھوڑی تبدیلی کے عاتھ کیلسٹرول، موٹاپا، جلدی امراض، پھیپڑوں کے امراض،، بالوں کے امراض کے لیے مختلف طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے۔ اسکے لیے آپ رابطہ کرسکتے ہیں۔ بیرون ممالک کے خواتین وحضرات ای میل یا فیس بک پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

کیلسٹرول کو بھگائیں اور صحت مند ہوجائیں

نسخہ ترپلہ، بہڑہ، آملہ، ہڑ ہڑ پیلی ان سب کو رات کو مٹی کے برتن میں بھیگو دیں اور صبح کو پی لیا کریں۔ اسکے ساتھ ساتھ میٹھا سوڈا، ریوند خطائی، قلمی شورہ، نوشادر۔ ہم وزن سفوف بنائیں پھر یہ دوائی 500 ملی گرام کے کیپسول میں بھریں اور تین ٹائم ایک ایک کیپسول لیں۔ یہ 15 سے 30 دن لیں۔

خونی و بادی بواسیر کا شرطیہ قلع قمع

درہیگ (بکائن) کے درخت پر جو پھل (چھوٹی چھوٹی گولیوں کی طرح) پکتا ہے اس کو اتار کر ریت میں بھون کر براؤن کرلیں اور اسکا سفوف بنالیں۔ پھر تین ماشہ ایک چمچ شہد کے ساتھ دیں پہلی دو خوراک کھانے سے خارش ار خون بند ہوجائے گا۔ یہ مسلسل سات دن یا 14 دن دیں۔ روحانی مدد شامل کرنے کے لیے باوضو اسکو بنائیں اور اس پر یاشافی، یاسلام 1000 مرتبہ پڑھ کر دم کرلیں۔ بواسیر کی بیماری کو جڑ سے ختم کر دے گا۔ انشااللہ

اتھرائیٹسٹ کی بیماری کو بھگائیں

سات عدد گاجریں، شاخ اجمود ایک عدد، انناس کے ٹکڑے آدھا کپ، ایک لیموں کا رس۔ ان سب کو گرائینڈ جوس بنا کر 15 دن سے 1 ماہ تک پیئیں۔ اسکے ساتھ چیکوں اور چیری کا جوس ایک ایک کپ پیئیں۔ ایلوپیتھی کے سائیڈ ایفیکٹ سے جان چھڑائیں۔

Mob:0092-333-5234125
Www.facebook.com/DrMrsKazmi
Drkazmi@hotmail.com

تھیلیسیمیا کے امراض کا روحانی علاج

صبح وشام 41-41 مرتبہ یَا حَیُّ قَبْلَ قُلِ شَیْءٍ یَا حَیُّ بَعْدَ کُلِ شَیءٍ 3-3 مرتبہ درود پاک کیساتھ پڑھ کر سرخ شعاعوں کے پانی پر دم کر کے بچے کو پلادیں۔ رات سونے سے قبل 101 مرتبہ سورۃ الاعلیٰ کی ابتدائی 3 آیات اول وآخر 11-11 مرتبہ درود پاک کیساتھ پڑھ کر بچے کا تصور کر کے دم کردیں اور دعا کریں۔ یہ عمل 90 دن تک روزانہ جاری رکھیں۔ انشااللہ مریض (بچہ) پنجتن پاکؑ کے صدقے میں تندرست ہوجائے گا۔

دمہ کے مرض سے نجات کے لیے

مفت فی سبیل اللہ دوائی جوابی لفافہ بھیج کر منگوا سکتے ہیں۔ ہزاروں مریض صحت یاب ہوچکے ہیں۔

اے ون جنرل سٹور۔ اندرون دہلی گیٹ ملتان
پیر حکیم ایم اے قریشی۔ ملتان 0333-6065400

مجرب ترین نسخہ برائے شوگر

درج ذیل 16 اشیاء ہم وزن لیکر سفوف بنا کر آدھا چمچ جائے والا یا حسب ضرورت منہ نہار پھانک کر پانی پی لیا کرے چند دنوں کے اندر اندر شوگر کا خاتمہ ہوجائے گا۔ (از علامہ ظفر عباس اسدیؒ)

نوٹ نسخہ استعمال سے پہلے شوگر کا پوائنٹ چیک کرلیں بہت زیادہ کم ہونے پر دوائی کا استعمال کم کردیں۔

(۱) کلونجی (۲) گٹھلی جامن (۳) گڑمار بوٹی (۴) خام کریلہ (۵) بیج سرش (۶) تنبہ (۷) گوند کیکر (۸) تخم آم (۹) زیری سیاہ (۱۰) تخم نیم (۱۱) ماجو (۱۲) کچور (۱۳) رسونت (۱۴) ہرڑ سبز (۱۵) کالے چنے (۱۶) فسطین۔

برائے گمشدہ: درج ذیل آیت مع دعا چند مرتبہ تکرار کریں تو گمشدہ چیز مل جائیگی۔
اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ ﴿۱۵۶﴾ یَا مُعِیْدُ رُدَّ اِلَیَّ (گمشدہ کا نام لیں)

عابدی ڈی اینڈ بک سٹال جامع مسجد صاحب الزمان اسلام پورہ لاہور 0323-4586535
القائم بک ڈپو اینڈ منہال سی ڈی سنٹر کربلا گامے شاہ لاہور

از قلم: پروفیسر حکیم غضنفر مہدی

طبِ آلِ محمدؐ اور مرض پھلبہری (برص) کا شافی علاج

مطب: حیدر روڈ اسلام پورہ لاہور

بطفیل محمدؐ و آلِ محمدؐ امامیہ جنتری میں مختلف امراض پر کالم نگاری کرنے کا گیارہواں سال ہے امسال میں انسانی حسن کو ماند کر دینے والے مرض (برص) کے لاحق ہونے کے اسباب، علامات اور شافی علاج تحریر کر رہا ہوں مرض کے متعلق فرامین معصومین علیہ السلام کو پہلی بار شامل کیا جا رہا ہے اس مرض میں انسانی جسم کے اعضاء خصوصاً ہاتھوں، گردن اور چہرہ پر سفید اور گلابی مائل داغ یا دھبے نمودار ہو جاتے ہیں یہ مرض نہ صرف انسانی جسم کو داغ دار کرتا ہے بلکہ اس کے مضر اثرات انسانی دماغ پر بھی اثر انداز ہوتے ہیں اس سے انسانی جسم کی بیرونی جلد کا رنگ معدوم پڑ جاتا ہے ابتدائی ادوار میں علاج شروع کر لیا جائے تو تندرستی یقینی ہے اگر مرض کنٹرول نہ کیا جائے تو سارا جسم اسکی لپیٹ میں آ جاتا ہے اور علاج میں زیادہ وقت صرف ہونے کے ساتھ ساتھ اور بھی پیچیدگیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔

اس مرض کے اہم اسباب میں قوت متغیرہ کے فعل میں ضعف، غذا کا صحیح ہضم نہ ہونا، وٹامن سی کی زیادتی، مرض آتشک کا لاحق ہونا، بالچر کا عارضہ ہونا، غذا کا صحیح انداز میں نہ پکنا اور بلغمیت کی طرف بڑھ جانا اہم اسباب میں شامل ہیں۔

اہم علامات میں جلد پر چھوٹے، چھوٹے گول نشان یا دھبے بننا اور دھوپ سے براہ راست متاثر ہونے والے اعضا گردن، ہاتھوں، چہرہ، بازوؤں پر تیزی سے پھیلنا، دھبوں میں سفیدی مائل بال نکلنا، نشانوں میں شدید خارش ہونا، ہاتھوں کی ہتھیلیوں کا گرم رہنا اہم علامات میں شامل ہیں۔

طبِ آلِ محمدؐ اور اسباب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے منقول ہے کہ پانچ عادتوں سے برص اور سفید داغ پیدا ہوتے ہیں (i) جمعہ اور بدھ کے دن نورہ لگانا (ii) دھوپ میں گرم پانی سے وضو یا غسل کرنا (iii) حالت جنابت میں کھانا (iv) حیض کی حالت میں صحبت کرنا (v) بھرے پیٹ کچھ کھانا

طبِ آلِ محمدؐ اور علاج حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے منقول ہے کہ (i) خشک ستو کھانے سے سفید داغ زائل ہوتے ہیں۔ (ii) جو شخص دستر خوان کے ریزے کھائے گا خدا اس کو سفید داغ سے محفوظ رکھے گا۔ (iii) چقندر گائے کے گوشت میں پکا کر کھانے سے سفید داغ زائل ہوتے ہیں۔ (iv) نورے میں مہندی ملا کر داغوں پر لگانے سے نشان نہ رہے گا۔ (v) سورہ انعام اور سورہ یٰسین کو برتن پر لکھ کر دھو کر پینے سے سفید داغ زائل ہوتے ہیں۔ ''خاک پاک تربت حضرت امام حسین علیہ السلام کو پانی میں ملا کر داغوں پر ملیں اس سے نفع بخش کوئی شے نہیں ہے''۔

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد پاک ہے کہ ''کھانا کھانے سے پہلے نمک کھا لیا کرو برص سے نجات ملے گی''۔

حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ ''ماش کی دال کھانے سے جسم پر پڑنے والے سفید داغ ختم ہو جاتے ہیں''۔

حضرت امام علی نقی علیہ السلام کا ارشاد پاک ہے کہ ''مبروص افراد کیلئے چقندر ملے گوشت کا سالن بہت مفید ہے''۔

طبِ یونانی اور علاج تخم سنگ بھویہ، گوگرو، چنخام مدبر، کزبرہ، خشب الیعنی، بابچی، شہد سہ چند لیکر حسب دستور معجون تیار کر لیں (مجرب نسخہ ہے) دو سے تین گرام صبح، دو سے تین گرام رات عرق منڈی بوٹی سہ آتشہ ایک کپ کے ساتھ کھائیں۔

ضماد برائے برص پانچ گرام بابچی لیکر رات بھر اس کو مٹی کے پیالے میں پانی میں بھگو کر رکھیں صبح اٹھ کر اس کا پانی پی لیں اور بابچی کو باریک پیس کر داغوں پر لگائیں دوران علاج ضرورت سے زیادہ صابن استعمال نہ کریں بیسنی روٹی زیادہ سے زیادہ کھائیں اور چار سے پانچ تولہ کشمش چوبیس گھنٹوں میں استعمال کریں۔

ہر مرض کے علاج کیلئے 0333-4356949 042-37159348 0312-5129214

پروفیسر حکیم غضنفر مہدی
ایکس ہیڈ آف دی اناٹومی ڈیپارٹمنٹ
یونانی میڈیکل کالج لاہور
ہر مرض کے علاج کیلئے

مایہ ناز طبی کتب
طبِ آلِ محمدؐ اور امراض جسمانی (اول، دوئم، سوئم) فی جلد 200
امراضِ نسواں (خواتین کے پیچیدہ امراض پر کتاب) قیمت 120
طبِ آلِ محمدؐ اور علم السّاعت قیمت 200
امراضِ جگر اور ہیپاٹائیٹس قیمت 200

Join us on Facebook: Raza Herbal Complex Regd.

رضا ہربل کمپلیکس (رجسٹرڈ) حیدر روڈ بالمقابل شیعہ جامع مسجد اسلام پورہ (کرشن نگر) لاہور پاکستان
اوقات مطب: صبح 11 تا 1 بجے ≡ شام 5 تا 10 بجے رات
E-mail: ghazanfarmehdi@hotmail.com

ACC Mall عیدگاہ مارکیٹ پارہ چنار 0926-311975

علامہ مجلسی

تعبیر الرویاء

خواب اور اُس کی تعبیر

خواب	تعبیر
ا	
انگشتری دیکھنا	صاحب اولاد ہو
انگوٹھی فروخت کرنا	عورت سے جدائی ہو
آذان سُنتا	شہرت ملے
اسپ سوار دیکھنا	مرتبہ بلند ہو
اسپ سے گرنا	مرتبہ میں کمی ہو
اونٹ دیکھنا	دولت کا فائدہ ہو
اونٹ پر سوار ہونا	امراض کہنہ کی آمد
اونچی جگہ سے گرنا	حیرانی وپریشانی ہو
الائچی دیکھنا	ترقی اور خوشی ہو
استغفار پڑھنا	حاجات میں کامیابی
انڈہ دیکھنا	رزق میں کشادگی
آسمان کی طرف اُڑنا	سفر دُور دراز ہو
آسمان سے گرنا	خرابی وتنزلی ہو
آسمان دیکھنا	مرتبہ بلند ہو
آسمان پر اَبر دیکھنا	کشائش روزگار ہو
آسمان پر سیاہی دیکھنا	مشکل میں مبتلا ہو
آفتاب دیکھنا	امیر سے ملاقات ہو
آگ جلتی دیکھنا	بارش ہو یا عورت ملے
آگ اُٹھانا	زَر ومال ملے
آگ پر کچھ پکانا	کاروبار میں فائدہ ہو
آب رواں دیکھنا	ہر کام خوبی سے انجام ہو
آنکھ میں سُرمہ لگانا	بیماری سے تکلیف ہو
آندھی دیکھنا	سفر ورنج پیش آئے
آم کھانا	توانگر۔صاحب اولاد ہو
آئمہ طاہرین کو دیکھنا	کامل ایمان کی علامت
آئینہ دیکھنا	عورت کی شوہر سے ملاقات
ب	
برات دیکھنا	رنج ہو
برف گرتے دیکھنا	موسم خراب ہو
بال بکھرے دیکھنا	مال کا نقصان ہو
بازو اپنا کٹا دیکھنا	برادر کا انتقال ہو
باغ سبز دیکھنا	خوشی ملے
باغ خشک دیکھنا	پریشانی وحیرانی ہو
بال دیکھنا	درازیٔ عمر ہو
بارش دیکھنا	غلہ ارزاں ہو
بادشاہ کو مردہ دیکھنا	ملک میں خرابی ہو
بادام کھانا	زَر ومال ہاتھ آئے
بال سر کے کٹے دیکھنا	قرض سے نجات ملے
بال سر کے سفید دیکھنا	درازی عمر ہو
بانسری بجانا	پریشانی وحیرانی ہو
بلند عمارت دیکھنا	غم سے نجات
بکری خریدنا	قوم کی سرداری ہے
بڑی عمارت دیکھنا	دولت ملے غم دُور ہو
بھیک مانگنا	عزت ملے گی
خود کو بیمار دیکھنا	تھوڑی تکلیف ہو
بستر زمین پر بچھانا	زَر کا فائدہ ہو
بچھو دیکھنا	عزت زیادہ ہو
بلبل دیکھنا	حاکم سے نفع ہو
بیل بوٹا دیکھنا	غلہ ارزاں ہو
بیل وبلا دیکھنا	غلہ گراں ہو
بیضۂ مرغ دیکھنا	رنج دُور ہو
بھیڑیا دیکھنا	حاکم سے خوف ہو
بھینس دیکھنا	مشکل پیش آئے
پ	
پتھر پھینکنا	جھوٹی باتوں سے پریشانی
پہاڑ پر چڑھنا	مرتبہ بلند ہو
پہاڑ کے اوپر پھرنا	ترقی جاہ وجلال ہو
پہاڑ ہلتے دیکھنا	کوئی بادشاہ مرے
پنجہ کٹا دیکھنا	پریشانی ہو
پروانہ دیکھنا	حاکم سے ملاقات ہو
پیاس لگنا	حرص زیادہ ہو
پانی پینا	کشائش روزگار ہو
پان کھانا	کسی عورت کا وصل ہو
پاؤں زمین پر مارنا	رنج وتکلیف ہو
پارہ ہاتھ میں اُٹھانا	روپیہ ہاتھ میں آئے
پاخانہ پھرنا	علم سے محروم ہو
پاخانہ جسم سے لگا دیکھنا	دولت ملے
پنجرہ دیکھنا	رنج اُٹھاوے
پُل پر چلنا	کار نیک کرے
پوری کھانا	خوشی ہو
پیشاب خون کا کرنا	رنج وتکلیف ہو
پہلوئے چپ دیکھنا	عورت خوبصورت ملے
پہلوئے راست دیکھنا	دوست سے ملاقات
پھول دیکھنا	محبت میں مبتلا ہو
ت	
تارا چھوٹتے دیکھنا	کسی مصیبت کا سامنا
تلوار دیکھنا	دشمن پر غالب ہو
تلوار کا قبضہ اُٹھانا	کوئی مرد بزرگ مرے
تخت دیکھنا	راحت وبلندی ہو
تخت پر بیٹھنا	کامیابی اور خوشی ہو
تان پورہ بجانا	ترقی دولت ہو
تکیہ پانا	بزرگی کی نشانی ہے
تعویز لینا	آسیب میں مبتلا ہو
تربوز کھانا	مشکل پیش آئے
تبسم کرنا	رنج وغم ہو
تانبہ دیکھنا	حیرانی ہو
تعزیہ یا تابوت دیکھنا	حج وزیارات سے مشرف ہونا
تابوت اپنا دیکھنا	عمر دراز ہو
تار کھینچنا	پریشانی ہو
تاریک جگہ دیکھنا	مشکل پیش آئے
تالاب میں نہانا	عزت وآبرو ملے
تِل چبانا	کوئی الزام لگے
تیر چلانا	دلی مراد برآئے
تیتر دیکھنا	اقبال بلند ہو
تیل پینا	مرض میں مبتلا ہو
توپ دیکھنا	دشمن مغلوب ہو
تھوک دیکھنا	حیرانی وپریشانی ہو
تسبیح وتحلیل میں مشغول ہونا	عبادت گزار ہوگا
ٹ	
ٹوپی اپنے سر پر دیکھنا	بے اندازہ دولت ملے
ٹاٹ کا فرش دیکھنا	آسودہ حالی ہے
ٹیلہ دیکھنا	خوشی کی علامت
ث	
ثروت حاصل ہوتے دیکھنا	دولت یا حسین بیوی ملے
ثمر خوش ذائقہ دیکھنا	اولاد ہوگی
ج	
جنگل سبز دیکھنا	خوشی وکامیابی ہو
جنگل خشک دیکھنا	رنج پیش آوے
جنگل میں دوڑنا	مصیبت سے رہائی ہو
جہاز پر چڑھنا	جگہ تبدیل کرے
جہاز دیکھنا	سفر دُور کا پیش آئے
جنازہ دیکھنا	بیماری سے نجات ملے
جواہرات دیکھنا	حصول مراد ہو
جنگ کرنا	خوشی ملے
جنگ میں قتل ہونا	حکومت وسرداری ملے
جامن کھانا	تکلیف دُور ہو
جانور پکڑنا	کوئی نیک کام کرے
جماع اپنی بیوی سے کرنا	سرخروی اور عزت ہے
جماع شوہردار عورت	عمر کوتاہ ہوگی عزت برباد
جانور خون بھرا دیکھنا	حکومت ملے
جسم کے ٹکڑے دیکھنا	حکومت ملے
جوا کھیلنا	کشائش روزگار ہو
چ	
چاند دیکھنا	بزرگی حاصل ہو
چکور دیکھنا	عورت سے ملاپ ہو
چاند شکستہ دیکھنا	رنج ہو
چاند گرہن دیکھنا	غلہ گراں ہو
چاندی دیکھنا	کشائش رزق ہو
چاندی لینا	کشائش رزق ہو
چاول کھانا	رنج دُور ہونا
چاہ میں گرنا	مشکل در پیش ہو
چراغ دیکھنا	اولاد صاحب اقبال ہو
چیل دیکھنا	رنج وفکر ہو
چیخیں مارنا	مصیبت پیش آئے
ح	
حلوہ دیکھنا	حصول علم ہو
حلوہ کھانا	درازی عمر ہو
حاکم کو دیکھنا	عزت کی دَلیل ہے
حمام دیکھنا	عیش کی علامت ہے
حمام میں غسل کرنا	تکلیف رفع ہو
حجامت بنوانا	کمی عمر کی دَلیل ہے
حرم خانہ کعبہ دیکھنا	خوشی ہوگی
حجرہ اسود کو بوسہ دینا	دینی خوشی وبہتری

خواب	تعبیر
خ	
خربوزہ دیکھنا	نعمت ملے
خط پڑھنا	بزرگی پائے
خربوزہ کھانا	مال و دولت ہاتھ آئے
خاک دیکھنا	حصول دولت ہو
خرمہ کھانا	کشائش روزگار ہو
د	
دانت گرتے دیکھنا	درازی عمر کی دَلیل ہے
دریا پار کرنا	مشکلیں دُور ہوں
دریا میں نہانا	بیماری سے نجات ہو
دریا سے پانی پینا	مرتبہ بلند ہو
دروازہ دیکھنا	عورت سے رنج ہو
درخت چنبیلی دیکھنا	عورت مالدار مگر بدخصلت ملے
دیوار سے گرنا	تنزلی کی دَلیل ہو
دیوانہ دیکھنا	فکر و پریشانی
دہی کھانا	سفر پیش آئے
دولہا بنا اپنے آپکو دیکھے	نئی دُلہن آنے کی خوشخبری
دوڑنا	کاموں میں تاخیر ہوگی
ڈ	
ڈنکا بجتے دیکھنا	قوم میں صاحب اقبال ہو
ڈھول بجتے دیکھنا	دل کی تمنا پوری ہو
ڈولی دیکھنا	گھر میں خادمہ آئیگی
ذ	
ذبح کرنا حلال جانور	حکومت سے فائدہ ہوگا
ذکر امام حسینؑ سُننا	خیر و برکت ہے
ر	
روتے دیکھنا	خوشی نصیب ہوگی
روزہ رکھنا	قرض ادا ہوگا
روٹی کھانا	نعمت ملے گی

خواب	تعبیر
رات دیکھنا	غم و اندوہ کی علامت
ز	
زمرد یا زبرجد دیکھنا	بے حساب دولت ملے
زاہد شخص کو دیکھنا	پرہیزگاری و خوش کرداری
زمین کھودنا	کوئی مصیبت ہے
زلزلہ دیکھنا	رنج و صدمہ ہوگا
س	
سورج دیکھنا	بیٹے کی بشارت
ستارہ روشن دیکھنا	دنیا میں نام روشن ہوگا
سانپ مارنا	دشمن کے مقابلہ میں فتح
سراپنا بڑا دیکھنا	جاہ و جلال
سونا دیکھنا	دولت اور اقبال کی خوشخبری
ش	
شربت پینا	بیماری سے شفاء عمر دراز
شہد کھانا	مال حلال کی کوشش
شکر و شیرینی دیکھنا	خوبصورت بیوی ملے
شکار کھیلنا	دِلی مقصد پورہ ہوگا
ص	
صدقہ دینا	بلائیں دُور ہونگی
صابن دیکھنا	کدورت سے دل صاف
صفائی مکان کرنا	نیک اعمال کی بجاآوری ہوگی
ض	
ضریح دیکھنا	برکت ہے خیر و عافیت
ضبط و صبر اپنا دیکھنا	غم و الم سے نجات رہے
ضعیف اپنے کو دیکھنا	ناتوانی سے جی نڈھال
ط	
طبیب کو دیکھنا	ساری بیماریاں دفع ہوگی
طمانچہ مارتے دیکھنا	اولاد کی بدعملی کا غم کھانا
طوفان دیکھنا	فکریں لاحق رہیں گی

خواب	تعبیر
ظ	
ظلم کو دیکھنا	کچھ دن پریشانی ہوگی
ظہرین کی نمازوں میں شرکت	دین داری کی علامت
ع	
عَلم ہاتھ میں لینا	کسی اعلیٰ افسر سے دوستی
عالم دین کو دیکھنا	بڑی عزت و منزلت
عمامہ دیکھنا	دل خرم و شاد رہے گا
عقیق دیکھنا	دولت و عزت حاصل ہوگی
عصا دیکھنا	رنج و دشمنوں سے محفوظ ہوگا
غ	
غسل کرنا	غم و بیماری سے نجات
غبارہ دیکھنا	فکریں اور دشمن پیدا ہونگے
غمگین ہونا	حزن و ملال دُور ہوگا
ف	
فرشتوں کو دیکھنا	دین و دنیا میں کامیابی
فرنی کھانا	جدا دوست سے ملاقات
فاختہ دیکھنا	کسی فاحشہ عورت سے ملاقات
ق	
قرآن مجید پڑھنا	حلال روزی ہو
قربانی کرنا	بیمار تندرست ہو
قحط دیکھنا	شہر میں ارزانی ہوگی
ک	
کعبہ دیکھنا	کسی کی میراث ملے
کرسی دیکھنا	حکومت میں ترقی ہو
کبوتر دیکھنا	دُور کے رہنے والے عزیز ملیں
کھیت دیکھنا	علم کی دولت حاصل ہو
گ	
گھوڑا دیکھنا	دربار میں قدر و منزلت ہو
گانا	مصیبت کی نشانی

خواب	تعبیر
گالیاں کھانا	پریشانی کی علامت
ل	
لڑکا خوبصورت دیکھنا	ترقی جاہ و جلال ہے
لڑکی خوبصورت دیکھنا	ترقی دولت ہے
لڑنا	رنج و غم میں مبتلا ہونا
لباس پہننا	درجہ کی بلندی
م	
مسجد دیکھنا	اعلیٰ عہدہ ملے
مردہ دیکھنا	مال حرام ملے
مرغ کی اذان سُننا	اسلام کی ترقی
مچھلی دیکھنا	ترقی میں رکاوٹ
ن	
نماز سوتے میں پڑھنا	سعادت دارین حاصل ہو
ناچ دیکھنا	عیاش عورت ملے
نوحہ پڑھنا	خلد میں جاگیر ملے گی
نگینہ گم ہونا	مال و دولت ملے
و	
وضو کرنا	غیب سے دولت ملے
وظیفہ پڑھنا	فرحت و مسرت ہوگی
وعظ کرنا	ظاہری فائدہ یا طبی نقصان
ہ	
ہاتھ دھونا	اُمیدوں میں ناکامی ہوگی
ہاتھ دشمن کا پکڑنا	بیماری رفع ہونا
ہاتھ مہندی لگی دیکھنا	شادی کی نشانی
ی	
یاقوت دیکھنا	بیوی حسینہ ملے گی
یتیم ہوتے ہوئے دیکھنا	کوئی تازہ مصیبت پیش آئیگی
یخنی پینا	قوت بڑھے گی
یکہ میں سوار دیکھنا	کسی بزرگ سے ملاقات

چاند کمپنی (رجسٹرڈ)
اردو بازار لاہور
فون: 042 37244114

سلطان نیوز ایجنسی
اخبار مارکیٹ اردو بازار لاہور
فون: 042 37249813

صابری دارالکتب
قذافی مارکیٹ، اردو بازار لاہور
فون: 042 37320310

الکریم پبلیکیشنز
سمیع سنٹر اردو بازار لاہور
فون: 042 37122772

عمران کمپنی
خالد پلازہ اردو بازار لاہور
فون: 0300 4950065

شکیل برادرز
دربار بی بی پاکدامن لاہور
فون: 0322 6312227

محمد علی بک ایجنسی
جامع امام صادق G-9/2 اسلام آباد
فون: 0321 5291921

اشرف بک ایجنسی
کمیٹی چوک اقبال روڈ راولپنڈی
فون: 051 5531610

مشتاق بک کارنر
اردو بازار لاہور
فون: 37230350

محسن چوھان بک سیلرز
دربار بی بی پاکدامن لاہور
فون: 0300 8011880

عظیم اینڈ سنز
اردو بازار لاہور
فون: 37231806

مکتبہ رضا
اردو بازار لاہور
فون: 37245166

خزینہ علم و ادب
اردو بازار لاہور
فون: 37314169

مھدی کتاب گھر
اردو بازار لاہور
فون: 37355754

مکتبہ قابل
اردو بازار لاہور
فون: 37224234

امامیہ جنتری کے خصوصی مراکز فروخت

تعبیر الرویاء — جدول تاریخ چاند اور تعبیر خواب — علامہ مجلسیؒ

تاریخ شب	تعبیر خواب	تاریخ شب	تعبیر خواب	تاریخ شب	تعبیر خواب
پہلی	اس شب کا خواب صحیح نہیں۔	گیارہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی بروایتے تین روز میں ظاہر ہوگی۔	اکیسویں	اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
دوسری	اس شب کا خواب صحیح نہیں۔	بارہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر تعبیر دیر سے ظاہر ہوگی۔	بائیسویں	اس شب کا خواب سچا ہے۔
تیسری	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔	تیرہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے اور تعبیر نو روز میں ظاہر ہوگی بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔	تیئسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
چوتھی	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی۔	چودہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر ۲۶ یا ۴۰ روز کے بعد ظاہر ہوگی بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔	چوبیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
پانچویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی۔	پندرہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر تین روز کے بعد ظاہر ہوگی بروایتے اس کی تعبیر برعکس ہے۔	پچیسویں	اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
چھٹی	اس شب کا خواب سچا ہے مگر تعبیر ایک دو روز بعد ظاہر ہوگی۔	سولہویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر دو روز کے بعد ظاہر ہوگی بروایتے دیر میں ظاہر ہوگی۔	چھبیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
ساتویں	اس شب کا خواب سچا ہے۔	سترہویں	اس شب کا خواب سچا ہے مگر تعبیر دیر میں ظاہر ہوگی۔	ستائیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔
آٹھویں	اس شب کا خواب سچا ہے۔	اٹھارویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔	اٹھائیسویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔ بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
نویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔ بروایتے تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔	انیسویں	اس شب کے خواب کی تعبیر برعکس ہے۔	اُنتیسویں	اس شب کا خواب صحیح ہے مگر اس کی تعبیر اسی روز ظاہر ہوگی۔ بروایتے اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔
دسویں	اس شب کا خواب جھوٹا ہے۔ بروایتے اس کی تعبیر بیس روز میں ظاہر ہوگی۔	بیسویں	اس شب کے خواب صحیح اور موثر ہے۔	تیسویں	اس شب کا خواب راست صحیح اور موثر ہے۔

فراخی رزق، خوشحالی، روحانی، جسمانی

امراض کے پوشیدہ خزانے

معالج روحانی سیّد بغداد علی شاہ موسوی علی الرضائی

05826-403072

سجادہ نشین ٹھنڈی باں سیّداں۔ فتح پور تھکیالہ ضلع کوٹلی آزاد کشمیر۔

اوقات: صبح 9 بجے تا دن 1 بجے

موجودہ پُرفتن مہنگائی، بے روزگاری، تنگئ رزق، اور بیماریوں سے ہر شخص پریشان ہے۔ آسیب، جنات اور جادوگروں کی بھرمار نے جینا مشکل کر دیا ہے ان امراض کے علاج کے لیے پیروں، فقیروں کے آستانوں پر قطاریں لگی ہوتی ہیں۔ لیکن ہر طرف مایوسی کے سوا کچھ حاصل نہیں۔ ان چیزوں کا علاج قرآن سے بزرگان دین و اکابرین نے کیا ہے۔ لوگوں کو چاہیے کہ غیر شرعی کاموں سے توبہ کر کے اللہ کی طرف رجوع کریں اور مندرجہ بالا بیماریوں کا علاج فقیر کے مجرب نسخوں سے کریں۔ یقیناً انشاءاللہ کامیابی سے ہمکنار ہونگے۔ فراخی رزق کے لیے ہر فرض نماز کے بعد **آیت الکرسی** خالدون تک **سورۃ فاتحہ** 1 بار **سورۃ اخلاص** 3 بار وَمَنۡ یَّتَّقِ اللّٰہَ یجعل لَّہٗ تاشیءٍ قدرًا **سورۃ الطلاق** پارہ ۲۸ آیت ۲،۳ ایک بار درود پاک تین بار پڑھ کر آسمان کی طرف پھونک ماردیں۔ بعد میں یَاوَاسِعُ ۱۵ بار حَسْبُنَا اللّٰہ وَ نعم الوکیل ۲۵ بار پڑھنا معمول بنالیں اسی طرح **سورۃ توبہ** کی آخری 2 آیات اور **سورۃ قدر** 10+10 بار پڑھیں۔ بعد نماز فجر قبل طلوع آفتاب **سورۃ یسین، سورۃ واقعہ ، سورۃ مزمل** ،1 بار، بعد مغرب **سورۃ واقعہ** 1 بار، بعد نماز عشاء **سورۃ واقعہ** 1 بار۔ "یَامُغْنِیُ" 1111 بار اول وآخر درود پاک 11 بار۔

خوشحالی، آسیب جنات، جادو، بندش وغیرہ کے علاوہ گھروں، کارخانوں، ہوٹلوں کے لیے **خصوصی لوحات** اور ہاتھ سے لکھے ہوئے قلمی تغرے جو دنیا بھر میں ناپید ہیں محدود تعداد میں میسر ہیں حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ لوحات عاملین اور بزرگان دین کے قول و فعل کے مطابق اعتکاف میں **مشک و زعفران** سے تیار کی جاتی ہیں۔ **سیّد بغداد علی شاہ موسوی علی الرضائی** 05826-403072

حیدری فالنامہ

کسی مشکل یا خطرے کے وقت فال دیکھنا مقصود ہو تو دل و دماغ کو حاضر کر کے اور خدا کو حاضر و ناظر جان کر گیارہ مرتبہ دُرود شریف تین مرتبہ سورۃ الحمد پھر گیارہ مرتبہ دُرود شریف پڑھ کر اپنی انگشت شہادت پر دَم کر کے اس اُنگلی کو مندرجہ ذیل نقش معظم کے کسی حرف پر رکھنے سے پہلے دل میں اپنے مقصد کا تصور کر لے۔ جس حرف پر اُنگلی پڑے اِسی کے آگے لکھی ہوئی عبارت پڑھ لیں اِنشاءاللہ صحیح جواب ملے گا۔

ا	ب	ج	د
ہ	و	ز	ح
ط	ی	ک	ل
م	ن	س	ع
ف	ص	ق	ر
ش	ت	ث	خ
ذ	ض	ظ	غ

ا: فال نیک ہے کسی سے ملنے کی خواہش ہے یا کسی چیز کی تلاش ہے تو نا اُمید نہ ہو۔ کامیابی کے آثار ہیں۔

ب: فال اچھی نہیں۔ اگر بیماری کا سوال ہے تو مریض کے لیے خوفِ جان ہے یا صحت یاب ہونے میں بہت دیر ہے۔ سفر کا اِرادہ ہے تو نقصان ہوگا۔ چار ماہ بعد کامیابی کے آثار ہیں۔

ج: اس کام کی ابتداء میں بہت مشکلات ہیں دشمنوں سے شکست ہوگی۔ دل کا اِرادہ پورا ہونے کی اُمید نہیں۔ مستقبل شاندار ہوگا مگر ابھی وقت اچھا نہیں۔

د: تمہارا ستارہ گردش سے نکل چکا ہے کامیابی کے آثار ہیں۔ آج تم نے کسی اچھی چیز کو دیکھا ہے۔

ہ: فال نیک ہے، ہر کام میں کامیابی کے آثار ہیں، مقدمہ ہے تو اس میں کامیابی ہوگی، بیماری ہے تو شفا ہوگی، سفر ہو تو مبارک ہوگا، ایک دشمن دوست کے لباس میں ہے

و: جلد شادی ہوگی۔ تمہارے گھر میں خوشی ہوگی، گھر میں سانپ نکلے تو مارنا نہیں ورنہ نقصان ہوگا۔

ز: عنقریب تم کسی امتحان میں کامیاب ہو گے اور تم کو ترقی ملے گی۔ فال نیک ہے مقصد پورا ہوگا۔

ح: کسی پر بھروسہ مت کرو۔ ظاہری دوست باطن میں دشمن ہیں۔ کچھ دن صبر کرو۔

ط: وقت ہوشیاری کا ہے۔ کامیابی قریب ہے غفلت مت کرو۔ نحوست کے دن کچھ باقی ہیں عبادت کرتے رہو۔

ی: ابھی حالات سازگار نہیں۔ اُمید قابل اعتماد نہیں تجارت میں فائدہ ہوگا کچھ دن بعد کامیابی ہوگی۔

ک: جلدی نہ کرو بگڑے کام بن جائیں گے۔ ایک ماہ بعد کامیابی ہے۔ سفر پر جانے والے ہو۔ آج جھگڑا کیا ہے۔

ل: ملازمت جلد ملنے والی ہے خوشی ہوگی سفر میں نقصان ہے۔

م: تمہاری بیماری کا روحانی علاج سے فائدہ ہوگا نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے خیرات کرو صدقہ دو۔

ن: جس کی ملاقات چاہتے ہو وہ جلد ملنے والا ہے حاکم سے عنقریب نفع ہوگا۔ خوشی ہوگی، کام ملے گا۔

س: فال نیک ہے مقصد میں کامیابی ہوگی۔ تمہارا اِرادہ پورا ہوگا بگڑی بنے گی۔

ع: اللہ کا نام لے کر اُٹھو کامیابی منتظر ہے دشمنوں سے ہوشیار رہو۔ کسی کا دل نہ دکھاؤ گفتگو میں احتیاط سے کام لو۔

ف: ستارہ گردش میں ہے صبر کرو۔ اللہ پر بھروسہ رکھو ابھی دن اچھے نہیں کامیابی نصیب ہوگی۔

ص: یہ خیال دل سے نکال دو تھوڑے دن صبر کرو بگڑے کام بن جائیں گے۔

ق: فال نیک ہے اولاد ہوگی۔ تجارت میں نفع ہوگا خوشی کی خبر ملے گی کامیابی ہوگی۔

ر: اس خیال کو ترک کردو۔ ستارہ گردش سے نکل چکا ہے وقت نازک ہے ابھی صبر کرو۔

ش: شکر اور صبر سے کام لو۔ اللہ پر بھروسہ رکھو۔ وہ اپنے بندوں کی مدد کرتا ہے۔

ت: نیک ساعت آچکی ہے اِنشاء اللہ تعالیٰ بہتری ہوگی۔

ث: فال نیک ہے اِنشاءاللہ تمہاری تمنّا پوری ہوگی کامیابی کی اُمید رکھو۔ بیماری بہ تصدق خاص آلِ عبا علیہم السّلام دُور ہوگی۔

خ: خداوند تعالیٰ اپنے بندوں پر مہربان ہے فرمانبرداروں کی ضرور سنتا ہے۔ عبادت کرو اور خوشیاں سمیٹ لو۔

ذ: کامیابیوں کی ساعت قریب آرہی ہے باقاعدہ نماز پڑھو۔

ض: اللہ تعالیٰ صابروں کے ساتھ ہے اس کے یہاں دیر ہے اندھیر نہیں۔

ظ: محتاط رہنے کی ضرورت ہے آیت الکرسی کا ورد کرتے رہو، اِنشاءاللہ کامیابی ہوگی

غ: صبر کا پھل ہمیشہ میٹھا ہوتا ہے۔ شکر اور قناعت میں بڑا فائدہ ہے۔

جلالی تسبیح برائے وصولیٔ قرض: نماز کے بعد سجدہ میں جا کر یہ کلمات صرف ایک سو ایک مرتبہ پڑھیں اور دعا مانگیں کامیابی کے بعد صدقہ دیں پرندوں کو دانہ اور مچھلیوں کو غذا ڈالیں

یَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (اے صاحب جلال و کرامت)

سالانہ مجلس عزا بمطابق 12 ذوالحج بمقام کوٹلی پیراں ضلع جہلم۔ بانی راجہ امتیاز علی خان بریگیڈیئر ریٹائرڈ

یک سالہ زائچے 2015ء

2015ء کے فلکی اثرات

تحریر: شیخ زوار رضا جاوا (ماہر فلکیات)
B-238 سبزہ زار ملتان روڈ، لاہور
موبائل: 0300,0321-9477284
فون: 042 37496809
e-mail: jawa1215@gmail.com
web: www.spiritualsolutionz.com

نوٹ: مندرجہ ذیل دُعا 9 بار روزانہ مقررہ وقت پر مع اول و آخر 9 مرتبہ درود پڑھ کر دم کریں۔ مشکلات آسان ہوں گی۔

دُعا نحوست سیّارگان بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ يَا اَللهُ يَا اَللهُ يَا اَللهُ يَا حَيُّ يَا قَيُّوۡمُ يَا رَحۡمٰنُ يَا رَحِيۡمُ يَا عَلِيُّ يَا عَظِيۡمُ يَا كَافِيۡ يَا غَنِيُّ يَا مَالِكُ يَا قُدُّوۡسُ يَا كَبِيۡرُ يَا مُتَعَالِ يَا فَتَّاحُ يَا رَزَّاقُ اِيَّاكَ نَعۡبُدُ وَ اِيَّاكَ نَسۡتَعِيۡنُ اِحۡفَظۡنِيۡ مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَمِنۡ نُحُوۡسَةِ الشَّمۡسِ وَالۡقَمَرِ وَالۡعَطَارِدِ وَالزُّهۡرَةِ وَالۡمِرِّيۡخِ وَالۡمُشۡتَرِىۡ وَالزُّحَلِ وَالرَّاۡسِ وَالذَّنۡبِ بِحَقِّ يَا اَللهُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّعَلِيٍّ وَفَاطِمَةَ وَالۡحَسَنِ وَالۡحُسَيۡنِ وَعَلِيٍّ ابۡنِ الۡحُسَيۡنِ وَمُحَمَّدِ ابۡنِ عَلِيٍّ وَجَعۡفَرِ ابۡنِ مُحَمَّدٍ وَمُوۡسٰى ابۡنِ جَعۡفَرٍ وَعَلِيِ ابۡنِ مُوۡسٰى و مُحَمَّدِ ابۡنِ عَلِيٍّ وَعَلِيِ ابۡنِ مُحَمَّدٍ وَحَسَنِ ابۡنِ عَلِيٍّ وَالۡحُجَّةِ ابۡنِ الۡحَسَنِ صَلَوَاةُ اللهِ عَلَيۡهِمۡ اَجۡمَعِيۡنَ بِرَحۡمَتِكَ يَا اَرۡحَمَ الرَّاحِمِيۡنَ

برج: حمل **ARIES** **سیّارہ:** مریخ

رنگ: گلابی، ہلکا نیلا
عنصر: آتشی
جواہر: مرجان، یاقوت، اُوپل، عقیق، یمنی
بھترین شریک حیات: اسد، قوس
ناموافق ساتھی: سرطان، میزان، جدی

بیماریاں: تیز بخار، اعصابی تناؤ، السر، شدید سر کا درد، درد شقیقہ

دن: منگل **عدد:** ۹ 21 Mar to 20 Apr **حروف:** ا، ل، ع، ی

اہم نکات: یہ سال گزشتہ سال کی نسبت آپ کیلئے خاصہ بہتر ثابت ہو گا {انشااللہ}۔ ستارہ زحل برج قوس میں چلے جانے سے آپکے کیریئر روزگار اور ذہن پر موجود دباؤ میں واضع کمی واقع ہوگی۔ مشتری اگست تک پانچویں گھر حالت طرح میں رہتے ہوئے بچوں کے حوالہ سے پریشانیوں میں اضافہ کا باعث ہوگا۔ اپریل طالع میں شمس کا شرف عزت توقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا۔ جون، جولائی خانگی وراثتی اور شراکتی حوالہ سے مشکل دور ثابت ہوسکتا ہے۔ دیگر سیارگان اور شمسی قمری گرہن کے اثرات اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

صحت: امسال آپکو 14 مارچ تا یکم اپریل اور 15 اپریل تا 2 مئی، 28 اگست تا 3 نومبر، 13 نومبر تا ۱۱ دسمبر عطارد کی منفی پوزیشن کیوجہ سے اور 16 جون تا 2 اگست زحل کی آٹھویں رجعت کی وجہ سے صحت کے مسائل کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے ان ایام کو خاص طور پر نوٹ فرمالیں تا کہ کسی پیچیدہ صورتحال سے بچا جا سکے مجموعی طور پر اس سال آپکو صحت پر توجہ مرکوز رکھنے کی ضرورت ہوگی۔

منگنی شادی: ہر سال کی طرح آپکو اس سال بھی منگنی شادی کے مواقع میسر آئیں گے مگر دیر پا معاہدوں کیلئے درست وقت کا انتخاب از حد ضروری ہوگا اس سال منگنی نسبت کیلئے 20 مارچ تا 21 اپریل، ۲۰ جون تا ۲۳ اگست کا عرصہ بہترین اوقات ہونگے اسی طرح نکاح شادی کیلئے 28 جنوری تا 21 فروری، 18 مارچ تا 19 جولائی سال کے بہترین اوقات ہونگے البتہ 20 فروری تا 18 مارچ 2 اگست تا آخر سال ایسی کسی بھی کوشش سے گریز کریں وگرنہ حالات آپ کی توقع کے بالکل برعکس ہو سکتے ہیں۔

سماجی تعلقات: آپکے سماجی تعلقات سے منسوبہ ستارہ عطارد ایک تیز رفتار ستارہ ہے اور یہ کسی بھی انسان کی سوچ اور گفتگو سے متعلق ہے جب یہ مثبت ہوتا ہے تو آپ کی مثبت سوچ میں اضافہ کرتا ہے اور جب یہ منفی پوزیشن یا رجعت میں ہوتا ہے تو آپکے اندر منفی رجانات اور غیر مناسب یا غیر متناسب گفتگو پر آپکو مائل کرتا ہے اسی طرح آپکے سماجی تعلقات میں تیزی سے تبدیلیاں رونما ہوتی رہتی ہیں اگر آپ ستارہ عطارد کی مثبت اور منفی کیفیات پر نظر رکھیں تو آپکے سماجی تعلقات میں حد درجہ بہتری آسکتی ہے۔ امسال ستارہ عطارد 22 جنوری تا 12 فروری، 14 مارچ تا یکم اپریل، 15 اپریل تا 2 مئی، 19 مئی تا 12 جون، 28 اگست تا 3 نومبر، 18 ستمبر تا 10 اکتوبر، 21 نومبر تا ۱۱ دسمبر منفی پوزیشن میں ہوگا ان ایام میں آپکو اپنے تعلقات کو محتاط روی سے نبھانا ہوگا۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: امسال آپکو اپنے بچوں کی جانب خاص توجہ دینا ہوگی کیونکہ ابتدائے سال تا 24 اگست پانچویں بیت الاولاد میں مشتری بحالت طرح موجود رہے گا اُسکے علاوہ ابتدائے سال تا 20 مارچ، 22 مئی تا 22 جون، 24 ستمبر تا 24 اکتوبر کا عرصہ بھی احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ بے اولاد حمل افراد کے لئے یہ سال انشاء اللہ خوشی لے کر آ رہا ہے 20 مارچ تا 21 اپریل 22 جون

الغدیر سٹیشنری کرمی بازار پاراچنار
حیدری بک ڈپو پنجابی بازار پاراچنار

تا22 اگست کا عرصہ خاص طور پر آپ کے لئے خوشیوں سے لبریز ہوگا اس دورانیے میں انعامی بانڈ سے منسوبہ آپکی خواہشات کی تکمیل بھی عین ممکن ہوگی۔

تعلیمی کیرئیر: اس سال ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے حمل بچوں کو 14 مارچ تا یکم اپریل، 28 اگست تا 3 نومبر، 21 نومبر تا 11 دسمبر مشکل صورتحال کا سامنا رہیگا اور یہ وہ دور ہیں جن میں اکثر بچوں کے امتحانات چل رہے ہوتے ہیں اس حوالہ سے صدقات، اسماء حسنہ کا ورد مفید ثابت ہوگا اعلی تعلیمات حاصل کرنے والے حمل افراد کو کچھ بہتر صورتحال کا سامنا نہیں رہے گا بالخصوص آغاز سال تا یکم اپریل مشکل وقت ہوگا اکثر حمل افراد کا تعلیمی سلسلہ انکے افیئر زکی وجہ سے بھی متاثر ہوسکتا ہے۔

سفر: یوں تو قدرت نے اس سال آپ کے لئے کئی ایک سفر رکھے ہیں مگر سال میں کچھ مواقع پر آپکو سفری تکالیف یا سفر کے التوا جیسی صورتحال کا سامنا بھی کرنا پڑسکتا ہے 14 مارچ تا یکم اپریل اور 15 اپریل تا 2 مئی اپنی سفری دستاویزات اور نقدی یا سامان وغیرہ کا خاص خیال رکھیں بیرون ملک سفر کے خواہشمند ان ایام میں کسی بھی قسم کی بوگس دستاویزات کے استعمال سے گریز کریں اسکے علاوہ ۲۸ اگست تا ۳ نومبر، ۲۱ نومبر تا ۱۱ دسمبر بھی آپ کو محتاط روی اختیار کرنا ہوگی بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کے لئے یہ سال موافق نہ ہوگا بالخصوص اگست تک کا عرصہ کسی طور مناسب نہ ہوگا ان ایام میں ویزہ وغیرہ یا مستقل سکونت کے لیے اپلائی کرنا بہتر نہ ہوگا بہ امر مجبوری پہلے مشتری کے اثرات سے بچاؤ کی تدبیر کرلیں۔

شراکتی ازدواجی تعلقات: گزشتہ سال ستارہ زحل کی آٹھویں نشت اور ساتویں راہو مریخ کی موجودگی نے آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات کو بری طرح متاثر کیا ہے مگر امسال انشاءاللہ حالات بہتر ہونگے 28 جنوری کو بیت الذوج کا حاکم شرفی گھر آجانے سے آپکے حالات میں حد درجہ بہتری متوقع ہے 21 فروری تا 18 مارچ طالع میں زہرہ کی وبال زدہ کیفیت آپکے مابین اختلاف پیدا کردے گی آپکو شریک کار کی جانب سے کسی بہتان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ دوسری جانب 18 مارچ تا 8 مئی زہرہ کی سعد حالت آپکو حالات دوبارہ نارمل کرنے میں مددگار ہوگی 16 جون تا 18 ستمبر ستارہ زحل ایک بار پھر رجعت پذیر ہوکر آپکے آٹھویں موجود رہے گا اس دورانیے میں ایک بار پھر آپکو شراکتی مالی خسارہ کا سامنا ہوسکتا ہے ۱۹ اکتوبر تا 9 نومبر، 6 تا 31 دسمبر بھی حالات موافق نہ ہونگے مگر درمیانی عرصہ 9 نومبر تا 5 دسمبر آپکے تعلقات ایکبار پھر عروج پر ہونگے آپکو نئی شراکت داری کی آفر مل رہی ہے۔

معشیت کیرئیر روزگار: گزشتہ کی نسبت یہ سال آپکے کیرئیر کے حوالے سے انشاءاللہ بہترین سال ہوگا سال کی ابتداء میں ہی آپکے کیرئیر کا حاکم ستارہ زحل آپکے زائچہ کے نویں گھر اوج کی کیفیت میں موجود ہے یہ وقت نئے طویل المیعاد منصوبوں پر کام کرنے کے لئے انتہائی موزوں ہوگا آپکی ترقی کی راہیں کھل رہی ہیں۔ ملازم پیشہ افراد کو 14 مارچ تا یکم اپریل، 15 اپریل تا 2 مئی، 28 اگست تا 3 نومبر، 21 نومبر تا 11 دسمبر محتاط روش اختیار کرنا ہوگی جلد بازی اور جذباتیت میں کیا گیا فیصلہ نقصان دہ ہوسکتا ہے۔

خصوصی احکامات: مجموعی طور پر سال 2015 آپکے لئے خاصہ بہتر سال ثابت ہوگا آپکے کیرئیر پر موجود زحل کا دباؤ ختم ہوچکا ہے یہ وقت نئے منصوبوں کے آغاز اور نئی سرمایہ کاری کے حوالے سے بہترین ثابت ہوگا گو کہ وسط مارچ تا 2 اگست معاملات سست روی سے آگے بڑھیں گے مگر بالآخر آپ مقصد کے حصول میں کامیاب ہوجائیں گے 9 جنوری کو کیرئیر کے گھر شمس کا وبال کیرئیر کے حوالے سے حکومت کی جانب سے آنے والی رکاوٹ کی نشاندہی ہے یا کوئی صاحب حیثیت شخص آپکے کیرئیر کو متاثر کرنے کی کوشش کرسکتا ہے ان ایام میں بچوں پر بھی خاص توجہ دیں 17 فروری کو بارہویں زہرہ کا شرف آپکی مالی پوزیشن کو مستحکم کردے گا آپکی شادی یا نکاح بھی متوقع ہے وہ افراد جنہوں نے بیرون ملک مستقل قیام کے لئے اپلائی کیا ہوا ہے انہیں بھی مثبت جواب مل سکتا ہے 29 مارچ کو بارہویں عطارد کا ہبوط آپکے ظاہری باطنی مخالفوں پر بھاری پڑے گا ان ایام میں جاب چھوڑنے کی غلطی ہرگز نہ کریں پہلے سے بیرون ملک مقیم افراد کو پاکستان واپس آنا پڑسکتا ہے۔ 8 اپریل طالع میں شمس کا شرف آپکی عزت وتوقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا بے اولاد افراد کو اولاد کی نعمت کے حوالہ سے خوشخبری مل سکتی ہے۔ 17 اپریل کو خانہ مال میں عطارد کا حضیض مالی امور میں کسی تحریری یا تقریری غلطی کی نشاندہی کررہا ہے ان ایام میں کسی بھی قسم کا تحریری معاہدہ لکھنے اور چیک وغیرہ دینے سے گریز کریں ملازم پیشہ افراد بالخصوص شعبہ اکاؤنٹس سے منسلک افراد کو زیادہ احتیاط کی ضرورت ہوگی 30 اپریل کو تیسرے زہرہ کا اوج آپکی سماجی مصروفیات میں اضافہ کردے گا مالی آسودگی حاصل ہوگی ایکبار پھر آپکی شادی یا نکاح کی راہ ہموار ہوگی 11 جولائی کو چوتھے شمس کا اوج آپ کے لئے بہتر رہائش کے اسباب پیدا کردے گا آپ خاندان اور فیملی کے ساتھ وقت گزار رہے ہیں یہ وقت جائیداد کی خرید وفروخت کیلئے خاصہ موزوں ہوگا مگر اس کے فوراً بعد 4 اگست کو عین اس جگہ پر مریخ کا ہبوط ہونے سے خاندان اور فیملی کیساتھ تناؤ اور جھگڑے کی کیفیت بن سکتی ہے جذباتیت سے قطعی گریز کریں ورگرنہ آپکی عزت داؤ پر لگ سکتی ہے 16 اگست کو چھٹے عطارد کا شرف آپکے لئے بہتر ملازمت یا پرموشن کے دروازے کھول دے گا آپکا کوئی قریبی عزیز اس حوالہ سے کافی مثبت کردار ادا کرسکتا ہے 6 ستمبر کو پانچویں مریخ کا اوج ایکبار پھر اولاد کے حوالہ سے خوشخبری لاسکتا ہے آپ بچوں کے حوالہ سے کافی مطمئن نظر آرہے ہیں آپ کی عزت میں اضافہ ہورہا ہے 11 اکتوبر کو ساتویں شمس کا ہبوط آپکے شراکتی ازدواجی معاملات کو بری طرح متاثر کرسکتا ہے محتاط رہیں ورگرنہ مابین علیحدگی بھی ہوسکتی ہے آپکے اختلافات میں آپکے بچوں کے کردار کو نظرانداز نہیں کیا جا سکتا 4 نومبر کو آٹھویں عطارد کا اوج قریبی عزیزوں بالخصوص بہن بھائیوں کے ساتھ

تعلقات میں بہتری لا رہا ہے شراکتی مالی معاملات میں منافع متوقع ہوگا آپکو وراثتی حوالہ سے بھی نقدیا پراپرٹی کی شکل میں خوشخبری مل سکتی ہے۔5 نومبر کو چھٹے زہرہ کا ہبوط آپکی جاب کے جانے کا باعث بن سکتا ہے جس سے آپ مالی بحران کا شکار ہو سکتے ہیں اپنے ملازموں پر بھی کڑی نظر رکھیں ان ایام میں دوسرا بڑا مسئلہ اپنے شراکتی ازدواجی معاملات کو خوش اسلوبی سے نبھانا ہوگا مالی معاملات آپکے مابین اختلافات پیدا کردیں گے اسکے کچھ ہی ایام بعد آپکے بیت الذوج جو کہ شراکتی معاملات سے بھی منسوب ہے یہاں مریخ کی موجودگی آپکے مابین اختلافات کو حد درجہ بڑھا دیگی محتاط رہیں اور جذباتیت سے گریز کریں وگرنہ حالات آپکے قابو سے باہر ہونگے اس سال 20 مارچ کو ہونے والا شمس گرہن جہاں آپکے خفیہ دشمنوں کو بھاری پڑے گا وہیں آپکو بچوں کیطرف سے پریشانی میں مبتلا کرسکتا ہے بیرون ملک مقیم افراد کو واپسی کی راہ دیکھنا پڑسکتی ہے 14 اپریل کا قمری گرہن آپکے شراکتی ازدواجی معاملات میں بگاڑ پیدا کردے گا اس میں خاندان کا منفی رول ہوگا محتاط رہیں 13 ستمبر کو چھٹے شمسی گرہن آپکی صحت اور جاب دونوں کے لئے خطرناک ثابت ہوسکتا ہے 28 ستمبر کو قمری گرہن آپکی عزت اور وقار کو مجروح کرسکتا ہے ایکبار پھر خاندان کے افراد آپکے مخالف ہونگے ان ایام میں صدقہ اور نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں۔

ورد خاص: روزانہ ایک تسبیح (نعم المولیٰ ونعم النصیر) اور سورۃ آل عمران آیت ۷۳ ایک تسبیح ورد کریں۔

صدقہ: ہر منگل 900 گرام دال مسور کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈالیں۔

برج: ثور **TAURUS** **سیارہ:** زہرہ

رنگ: گہرا نیلا
عنصر: خاکی
جواہر: الماس، نیلم، فیروزہ
بہترین شریک حیات: سنبلہ، جدی
ناموافق ساتھی: اسد، عقرب، دلو
بیماریاں: حلق اور کانوں کے عوارض، پھوڑے پھنسیاں، تولیدی مسائل

دن: جمعہ **عدد:** ۶ **21 Apr to 21 May** **حروف:** ب، و

اہم نکات: اس سال آپ کے زائچہ میں دو بڑی تبدیلیاں ہیں سب سے پہلے زحل پر بات کریں گے جو کہ ڈھائی سال سے آپکے بیت الذوج میں منفی اثرات مرتب کرتا رہا ہے اس سال اسکے اگلے گھر چلے جانے سے آپکے ازدواجی اور کاروباری معاملات میں بہتری آئے گی دوسری اہم تبدیلی اگست تک مشتری کی چوتھے گھر موجودگی اور بعد از اگست پانچویں تبدیلی ہے مشتری کی پانچویں آمد آپکے لئے خاصی خوش کن ثابت ہوگی۔

صحت: گذشتہ سال آپکے بیت الصحت میں راہو اور مریخ کی موجودگی نے آپکی صحت کو کافی متاثر کیا ہے گو کہ مریخ گذشتہ جولائی سے آپکا بیت الصحت چھوڑ چکا ہے مگر راہو اس سال 13 نومبر تک آپکے بیت الصحت میں موجود رہتے ہوئے آپکی صحت کو خدشات سے دوچار رکھے گا آپکی صحت بوجہ سحر متاثر ہوسکتی ہے آپکے بیت الصحت کا حاکم زہرہ 21 فروری تا 18 مارچ، 19 جولائی تا 9 نومبر، 6 تا 31 دسمبر منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے آپکی صحت کو متاثر کرسکتا ہے جبکہ 28 جنوری تا 20 فروری 18 مارچ تا 19 جولائی، 9 نومبر تا 6 دسمبر یہ وہ ادوار ہونگے جب آپکی صحت بہتری کی جانب مائل ہوگی،

منگنی شادی: یوں تو اس سال آپکو منگنی شادی جیسی تقریبات کے انعقاد کے کئی ایک مواقع میسر ہونگے مگر درست وقت کا انتخاب آپکے تعلقات کو مزید بہتری کیجانب گامزن کردے گا اس سال یکم تا 15 اپریل، 2 مئی تا 9 جولائی، 8 تا 28 اگست، 3 تا 21 نومبر منگنی نسبت جیسی تقریبات کیلئے بہترین اوقات ہونگے مگر ایام عزا کو ضرور ملحوظ خاطر رکھیں اور 14 مارچ تا یکم اپریل 15 اپریل تا یکم مئی، 28 اگست تا 3 نومبر ایسے اقدامات سے گریز کریں۔نکاح شادی کے لئے آغاز سال تا 20 فروری، یکم اپریل تا 9 اگست، 3 نومبر تا آخر سال وقت بہتر نہیں ہوگا ان ایام میں ایسی تقریبات سے گریز کریں۔

سماجی تعلقات: ثور افراد سماجی تقریبات میں اکثر پیش پیش نظر آتے ہیں آپ کا حاکم زہرہ بنیادی طور پر محبت ملنساری اور سماجی معاملات سے متعلق ہے اس طرح آپ مجموعی طور پر سماجی شخصیت ہیں مگر حالات کبھی بھی ایک جیسے نہیں رہتے اس سال 25 جون تا 9 اگست آپکے بیت الاقرباء میں مریخ موجود رہتے ہوئے آپکے سماجی تعلقات کو متاثر کرسکتا ہے بہن بھائیوں سے تعلقات بھی خراب ہوسکتے ہیں ان حالات کی خرابی میں آپکے شوہر یا زوجہ کا خاص کردار ہے محتاط رہیں۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: بچوں کے حوالہ سے یہ ایک ملا جلا سال ہے پہلے ڈھائی ماہ حالات قدرے بہتر رہیں گے مگر 14 مارچ تا یکم اپریل 15 اپریل تا 2 مئی 28 اگست تا 3 نومبر آپکو بچوں پر خاص توجہ دینا ہوگی آپکے بچوں میں ضد کا عنصر بڑھ رہا ہے دوسری طرف بے اولاد حضرات کے لئے سعد اکبر مشتری پانچویں گھر 12 اگست آجائے گا یہ آپ کے لئے انشاءاللہ اولاد کی نوید لے کر آرہا ہے مشتری کی یہاں موجودگی آپ کے لئے انعامی رقم کے حصول میں معاون ہوگی۔

تعلیمی کیرئیر: ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کو اس سال 25 جون تا 9 اگست مشکلات کا سامنا ہوگا باقی سال انشاءاللہ موافق ہوگا اور اعلی تعلیمات حاصل کرنے والے افراد کے لئے تمام سال بہتر رہے گا البتہ 15 تا 2 اگست زحل کی رجعت کے ایام میں معاملات التوا کا شکار ہوسکتے ہیں خود کو سستی اور کاہلی سے دور رکھیں۔

سفر: آپ ویسے بھی سیر وتفریح کے شوقین ہیں اور اس سال آپکے نزدیکی سفر بھی خاصے نظر آرہے ہیں البتہ بہتر ہوگا اگر آپ آخر جون تا اگست کے پہلے دس دن سفر سے گریز

کریں خدانخواستہ حادثہ کا خدشہ ہوسکتا ہے بیرون ملک سفر کے خواشمند افراد کے لیے جنوری اور دسمبر کے علاوہ تمام سال انشاء اللہ موافق ہوگا سفروسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔

شراکتی ازدواجی تعلقات:

آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات گذشتہ سال آپ کے لئے سب سے بڑا مسئلہ بنے رہے ہیں زحل گذشتہ سال 26 دسمبر سے آپکا بیت الذوج چھوڑ چکا ہے اس طرح آپکے مسائل میں کمی واقع ہو رہی ہے آپکے بیت الذوج کا حاکم مریخ ابتدائے سال تا 20 فروری ناقص ہوگا مگر 20 فروری تا یکم اپریل اپنے ہی گھر مضبوط رہتے ہوئے آپکے ازدواجی تعلقات کو بہتری کی جانب مائل کردے گا اسی دوران آپکو نئی شراکت داری کی آفرمل سکتی ہے مگر محتاط رہتے ہوئے قبول کریں یہ آپکے خلاف خفیہ سازش بھی ہوسکتی ہے یکم اپریل تا 25 جون بالعموم اور 25 جون تا 9 اگست بالخصوص آپکی آزمائش کا دور ہوگا آپکے مابین اختلافات بڑھ رہے ہیں ان ایام میں تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کریں وگرنہ مابین علیحدگی ہوسکتی ہے 9 اگست تا 13 نومبر آپکو حالات بہتر بنانے کے مواقع ملیں گے 13 نومبر تا آخر سال حالات ایکبار پھر اتار چڑھاؤ کا شکار رہیں گے۔

معشیت کیرئیر روزگار:

آپکے کیرئیر روزگار سے متعلقہ ستارہ زحل ڈھائی سال کے لئے اپنے اوج کے گھر آچکا ہے یہ وقت نئے منصوبوں کے آغاز کا وقت ہے مگر آپکو مشورہ ہے کہ اس دوران طویل دورانیے کے منصوبوں پر زیادہ سے زیادہ عمل کریں کم دورانیے کے منصوبے آپکو آپکے مطلوبہ اہداف تک نہ پہنچا سکیں گے جنوری میں کیرئیر کے گھر شمس کی منفی پوزیشن رکاوٹ بن سکتی ہیں 15 مارچ تا 2 اگست زحل کی رجعت آپکے کاموں میں تاخیر اور رکاوٹیں کھڑی کرسکتی ہیں اس سلسلہ میں زحل سے منسوبہ صدقات اور وردوظائف اختیار کرنا بہتر ہوگا۔

خصوصی احکامات:

مجموعی طور پر 2015ء آپ کے لئے یہ بہتر سال ہے بالخصوص ستارہ زحل کی زائچہ میں مثبت تبدیلی آپ کے لئے خوش آئند ثابت ہوگی سال کی ابتداء گو کہ بہتر نہیں ہے کیرئیر کے گھر مریخ کی منفی پوزیشن اور 21 جنوری کو شمس کی آمد آپکے کاروبار کیرئیر روزگار پر منفی اثرات مرتب کرے گی محتاط رہیں چند دنوں تک اپنی سرگرمیاں محدود کرلیں 17 فروری کو آپکا اپنا ستارہ زہرہ گیارہویں شرفیاب ہونے سے عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا آپکی خواہشات کی تکمیل میں دوستوں کا تعاون شامل حال رہے گا ملازم پیشہ افراد کو بہتر ملازمت یا ترقی مل سکتی ہے 22 مارچ کو عین اسی مقام پر عطارد کو ہبوط ہوگا دوستوں کے ساتھ بحث تکرار سے گریز کریں آپکے مابین مالی معاملات وجہ تنازعہ بن سکتے ہیں ان ایام میں آپکی منگنی وغیرہ بھی غلط فہمیوں یا بحث وتکرار کیوجہ سے خطرے میں ہوگی بچوں کے معاملات بھی آپکی خاص توجہ کے طالب ہونگے 8 اپریل کو بارہویں شرف شمس آپکے خانگی معاملات میں بہتری کا باعث ہوگا آپ کسی بہتر رہائش کی جستجو میں ہیں زمین جائیداد اور بہتر سواری کا حصول ممکن ہوگا مگر اس کے ساتھ ساتھ آپکے خلاف خفیہ سازشوں کا بازار بھی گرم ہو جائے گا 17 اپریل کو طالع میں عطارد کو حضیض ہونے سے مالی معاملات آپکی پریشانی میں اضافہ کا باعث ہونگے ان ایام میں آپ قنوطیت کا شکار ہو رہے ہیں لین دین اور معاہدوں سے گریز کریں چاہے یہ معاہدے زبانی ہوں یا تحریری۔ بچوں کے معاملات ایکبار پھر سر اٹھا رہے ہیں 3 اپریل کو خانہ مال میں زہرہ کا اوج گذشتہ جاری مالی بحران پر قابو پانے میں مددگار ثابت ہوگا ملازم پیشہ افراد کو تنخواہ میں اضافہ جیسی خوشخبری مل سکتی ہے 11 جولائی کو تیسرے گھر اوج شمس آپکے خانگی سماجی تعلقات میں بہتری کا باعث ہوگا قریبی عزیزواقارب بالخصوص بہن بھائیوں سے تعلقات میں بہتری کا امکان ہے فیملی کیساتھ کسی نزدیکی سفر کا پروگرام بن سکتا ہے ایکبار پھر آپ کے لئے پراپرٹی اور سواری جیسی نعمتوں کا حصول ممکن ہوگا مگر اسکے فوراً بعد تیسرے گھر مریخ کا ہبوط عزیزواقارب کیساتھ کشیدگی پیدا کردے گا اپنے اردگرد پر کڑی نظر رکھیں یہ آپکے مخالفوں کی خفیہ سازش ہے خود کو پرسکون رکھنے کی کوشش کریں مزاج کی تیزی نقصان کا باعث ہوگی 16 اگست پانچویں عطارد کا شرف اولاد کی جانب سے خوشخبری کا آئینہ دار ہے اگر تاحال آپکی نسبت کہیں طے نہیں پائی تو اب طے پاجائے گی آپ تفریح کا پروگرام بنا رہے ہیں انعامی سکیموں کے شائق افراد کو کوئی بڑا انعام مل سکتا ہے 6 ستمبر کو چوتھے مریخ کا اوج آپکے شراکتی ازدواجی تعلقات کو بہتری کی جانب گامزن کردے گا بیرون ملک مستقل قیام کے خواہشمند افراد کو خوشخبری مل سکتی ہے آپکو شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے یہ وقت نکاح وشادی جیسی تقریبات کی انعقاد کے لئے انتہائی موزوں ہے 11 اکتوبر کو چھٹے شمس کا ہبوط آپکی ملازمت کے لئے انتہائی نقصان دہ ہوگا محتاط رہیں وگرنہ ملازمت سے ہاتھ دھونا پڑ سکتا ہے انہی دنوں آپکی صحت بھی متاثر ہوسکتی ہے احتیاط لازم ہے ان ایام میں خانگی معاملات بھی اختلافات کی نذر ہوسکتے ہیں والدہ کی جانب سے پریشانی ہو سکتی ہے کسی بھی قسم کی الغرضی نقصان دہ ہوگی 4 نومبر کو ساتویں عطارد کا اوج ایکبار پھر آپکی شادی کی راہ ہموار کررہا ہے آپ ازدواجی زندگی انجوائے کررہے ہیں نئے شراکتی معاہدے ایکبار پھر آپکے منتظر ہونگے آپکی معاشی پوزیشن مستحکم ہورہی ہے 5 نومبر پانچویں زہرہ کا ہبوط بچوں کی جانب سے پریشانی کا مظہر ہے بچوں کیساتھ اختلافات سے گریز کریں آپکی اضافی آمدن کی راہیں مسدود ہورہی ہیں آپکی منگنی بھی خدشات کا شکار ہوتی نظر آرہی ہے مخالفوں کیجانب سے آپ پر الزام تراشی ہوسکتی ہے اسی طرح آپکی جاب بھی خطرے میں ہوگی اس کے فوراً بعد آپکے بیت الصحت میں مریخ کو حضیض 28 دسمبر کو ہوگا آپکو اپنی صحت اور جاب کو بہت احتیاط سے بچانا ہوگا کسی بھی قسم کی الغرضی سے گریز کریں اس سال ہونے والے شمسی وقمری گرہن آپکی خواہشات، صحت، جاب کے علاوہ بچوں کی جانب سے آپ کے لئے مشکلات کا باعث ہونگے پریشانی سے بچاؤ کے لئے جنتری سے شمسی وقمری گرہن کی تواریخ کو نوٹ فرمالیں اور ان ایام میں نماز کسوف وخسوف اور صدقہ ضرور ادا کریں تاکہ پریشانی سے بچاؤ ممکن ہوا امید ہے فراہم کردہ معلومات کی روشنی میں آپ اپنا یہ سال بہتر طور پر گزار سکیں گے۔

وردِ خاص: روزانہ بعد از فجر یا عشاء ایک تسبیح ورد کریں بمعہ اول وآخر 11-11 مرتبہ درود پاک حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ

صدقہ: بروز منگل 900 گرام دال مسور کسی مستحق کو دیں یا کسی قبرستان میں ڈال دیں۔

برج: جوزا **GEMINI** **سیارہ:** عطارد

رنگ: پیلا زرد
عنصر: بادی
جواہر: زمرد، زبرجد، زرد عقیق
بہترین شریک حیات: میزان، دلو
ناموافق ساتھی: سنبلہ، قوس، حوت
بیماریاں: نمونیہ، سینے کے عوارض، کمر اور سانس کی تکالیف، اعصابی تکالیف

دن: بدھ **عدد:** ۵ **22 May to 21 Jun** **حروف:** ق، ک

اہم نکات: گذشتہ کی نسبت یہ سال آپ کو قدرے محتاط روی سے گذارنا ہوگا آپ کے کیریئر اور شراکتی از دواجی تعلقات سے متعلقہ ستارہ مشتری وسط اگست تک وبال کے گھر رہتے ہوئے آپ کی مشکلات میں اضافہ کرسکتا ہے امسال خانہ مال میں مریخ کا ہبوط مالی پوزیشن کو متاثر کرسکتا ہے۔ زحل کے ساتویں گھر آ جانے سے آپ کی صحت اور ملازمت پر موجود دباؤ ختم ہو چکا امسال دیگر سیارگان آپ پر کیا اثرات مرتب کریں گے یہ اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

صحت: آپ گذشتہ 2.5 سال زحل کی بیت الصحت میں موجودگی کیوجہ سے صحت کے مسائل کا شکار رہے ہیں اکثر لوگوں کی صحت بوجہ سحر متاثر ہوئی ہے، جن لوگوں نے اس کا روحانی تدارک کروالیا ہوگا وہ صحت یاب ہو چکے ہوں گے اور جن احباب نے تاحال ایسا نہیں کیا وہ ابھی بھی صحت کے مسائل سے دوچار ہوں گے آپ کے بیت الصحت کا حاکم ستارہ مریخ امسال 13 جنوری تا 20 فروری حالت طرح میں رہتے ہوئے صحت کے مسائل پیدا کردے گا 20 فروری تا یکم اپریل صحت بہتری کی جانب مائل ہوگی مگر اس کے فوراً بعد مریخ کے بُرج ثور میں چلے جانے سے آپ ایکبار پھر مشکل صورتحال کا سامنا کررہے ہیں 25 جون تا 9 اگست مریخ وبال کے گھر ہونے سے آپ شدید مسائل سے دوچار ہوں گے ان ایام میں صحت کا خاص خیال رکھیں وگرنہ آپ کو سرجری کروانی پڑسکتی ہے اسی طرح 13 نومبر تا آخر سال بھی آپ کو خاص احتیاط کرنا ہوگی۔

منگنی شادی: امسال آپ کو منگنی کے حوالہ سے اچھے بُرے دونوں طرح کے حالات کا سامنا رہے گا نومبر تک پانچویں راہو کی موجودگی منفی اثرات مرتب کرے گی مگر دوسری طرف پانچویں کا حاکم زہرہ ابتدائے سال تا 21 فروری 18 مارچ تا 19 جولائی 9 نومبر تا 6 دسمبر بہتر پوزیشن میں رہتے ہوئے آپ کی منگنی کی راہ ہموار کرتا رہے گا۔ آپ کے بیت الذوج میں ستارہ زحل ابتدائے سال سے ہی موجود ہے یہ اس کے اوج یعنی عروج کا گھر ہے اس طرح آپ کی شادی کی راہ بھی ہموار ہورہی ہے خاص کردہ جوزا افراد جو کسی بھی حوالہ سے دوسری شادی کے خواہشمند ہیں ان کے لیے مواقع بڑھ جائیں گے 15 مارچ تا 2 اگست زحل کی رجعت آپ کی شادی میں رُکاوٹ یا تاخیر کا باعث بن سکتی ہے۔

سماجی تعلقات: جوزا افراد کے لیے اُن کے سماجی تعلقات خاص اہمیت رکھتے ہیں آپ زندگی کے ہر شعبہ پر گفتگو کرنے کے شوقین بھی ہیں اور ماہر بھی۔ آپ کے سماجی تعلقات ستارہ شمس کی پوزیشن سے متاثر ہوتے ہیں جو کہ ابتدائے سال تا 20 مارچ منفی پوزیشن میں ہوگا آپ کے تعلقات اپنے سسرالی عزیزوں سے اور کاروباری افراد کیساتھ متاثر ہوسکتے ہیں 21 مارچ تا 21 اپریل آپ دوستوں کیساتھ تعلقات بڑھا رہے ہیں 22 جون تا 24 اگست کا عرصہ بھی سماجی حوالہ سے سال کے بہترین اوقات ہوں گے جبکہ 28 اگست تا 24 اکتوبر آپ کو اپنے سماجی تعلقات محتاط روی سے نبھانے ہوں گے آپ کے تعلقات میں بگاڑ کی ایک وجہ آپ کے افیئرز بھی ہوں گے۔

اولاد و انعامی بانڈ لاٹری: امسال آپ کے بچوں میں ضد کا عنصر بڑھ جائے گا آپ کو کچھ لچک کا مظاہرہ کرنا پڑے گا بیت اولاد کا حاکم ستارہ زہرہ 28 جنوری تا 21 فروری شرفی گھر موجود رہتے ہوئے بچوں کے حوالہ سے آسودگی فراہم کرے گا بے اولاد حضرات کو اولاد کے حوالہ سے خوشخبری مل سکتی ہے 21 فروری تا 18 مارچ آپ کے لیے مشکل صورتحال ہوگی اسی طرح 19 جولائی تا 9 نومبر اور 6 تا 31 دسمبر کا عرصہ بھی بچوں کے حوالہ سے کچھ بہتر نہ ہوگا 9 نومبر تا 6 دسمبر کا درمیانی عرصہ بچوں کے حوالہ سے انشاء اللہ بہتر ہوگا آپ کو خوشخبری مل سکتی انعامی بانڈ میں انٹرسٹڈ افراد کے لیے 21 جنوری تا 21 فروری 18 مارچ تا 19 جولائی 9 نومبر تا 6 دسمبر کا عرصہ بہتر ہوگا آپ کی خواہشات کی تکمیل ہوسکتی ہے۔

سفر: آپ ایک بادی بُرج سے متعلق ہیں اور سفر کرنا پسند کرتے ہیں امسال بھی آپ کو کئی ایک نزدیکی سفر مل سکتے ہیں البتہ کچھ عرصہ ایسا بھی ہوگا کہ جب سفر سے گریز کرنا بہتر ہوگا ابتدائے سال تا 20 مارچ 22 مئی تا 20 جون 24 ستمبر تا 24 اکتوبر سفر سے گریز کریں۔ بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کے لیے 21 جنوری تا 20 فروری کا عرصہ قطعی مناسب نہ ہوگا اور 15 مارچ تا 2 اگست زحل کی رجعت کی وجہ سے رُکاوٹ یا التوا کا سامنا ہوسکتا ہے۔

تعلیمی کیریئر: ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے بچوں کو سال کی پہلی سہ ماہی اور 22 مئی تا 20 جون 24 ستمبر تا 24 اکتوبر مشکلات پیش آسکتی ہیں جبکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کو پہلے دو ماہ اور آخر جولائی تک قدرے دشواری پیش آسکتی ہے باقی عرصہ انشاء اللہ بہتر رہے گا تعلیمی حوالہ سے امسال آپ کو بیرون ملک سفر بھی مل سکتا ہے۔

مہران بک سنٹر بندر روڈ لاڑکانہ سندھ،

ذیشان لائبریری اینڈ کتاب گھر محلہ بیلے والا لیہ

شراکتی ازدواجی تعلقات: گذشتہ سال جون تک آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات بوجہ مشتری بہتر رہے ہیں جبکہ امسال 2 اگست تک ستارہ زحل کی رجعت آپ کے تعلقات میں خرابی کا باعث بن سکتی ہے اس دوران گو کہ آپ کو شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے مگر زحل کی رجعت آپ کے بنے بنائے کام کو بگاڑ سکتی ہے آپ کے ازدواجی تعلقات میں ٹھہراؤ اور تدبر کی علامات بڑھ جائیں گیں۔

معیشت کیریئر روزگار: امسال آپ کو اپنے کیریئر روزگار کی جانب خصوصی توجہ دینا ہوگی آپ کے کیریئر کا حاکم ستارہ ابتدائے سال تا 12 اگست وبال زدہ کیفیت میں رہتے ہوئے آپ کے کیریئر پر منفی اثرات مرتب کر رہا ہے جس سے آپ کا کیریئر اور معیشت بڑی طرح متاثر ہو سکتی ہے اس کے علاوہ 21 نومبر تا 11 دسمبر بھی آپ کو ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا جلد بازی میں کوئی فیصلہ نہ کریں دوسری طرف 25 جون تا 9 اگست خانہ مال میں مریخ کا ہبوط ہوگا جو کہ آپ کی جاب سے بھی متعلقہ ہے ان ایام کو خاص طور پر نوٹ فرمالیں جاب کی تبدیلی یا چھوڑنے کی غلطی ہرگز ہرگز نہ کریں ذاتی کاروبار کرنے والے افراد کو بھی ان ایام میں اخراجات کی تیزی کا سامنا رہے گا۔

خصوصی احکامات: جیسا کہ آپ گذشتہ سطور میں پڑھ چکے ہیں یہ آپ کے لیے ایک ملا جلا سال ہے سال کی ابتدا میں ہی آٹھویں شمس کا حضیض عزیز واقارب کیساتھ کشیدگی پیدا کر دے گا آپ ذہنی دباؤ کا شکار ہو رہے ہیں شراکتی مالی معاملات میں بھی خسارہ کا اندیشہ ہے خود کو پرسکون رکھنے کی کوشش کریں وگرنہ آپ کا نروس سسٹم متاثر ہو سکتا ہے۔ 17 فروری کو کیریئر کے گھر زہرہ کا شرف آپ کے لیے نئی راہیں کھول دے گا وہ جوزا افراد جن کی ترقی تا حال کسی بھی وجہ سے رُکی ہوئی تھی اُنہیں اب ترقی مل جائے گی 22 مارچ کو کیریئر ہی کے گھر عطارد کو ہبوط ہوگا اپنے کیریئر روزگار کے حوالہ سے کسی بھی قسم کے فیصلہ سے گریز کریں وگرنہ آپ سے غلط فیصلہ سرزد ہو سکتا ہے ان ایام میں زیادہ گفتگو سے گریز کریں افواہوں پر بالکل کان نہ دھریں خاندان کے افراد کیساتھ تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کریں 8 اپریل کو گیارھویں شمس کا شرف ہونے سے آپ کی خواہشات کی تکمیل ممکن ہوگی عزیز واقارب کیساتھ جاری تناؤ کی کیفیت کا خاتمہ ہو جائے گا آپ سماجی تقریبات کی رونق بن رہے ہیں 17 اپریل کو بارہویں عطارد کا حضیض آپ کے خفیہ دشمنوں پر بھاری پڑے گا اُن کی کوئی تحریری یا تقریری غلطی آشکارہ ہو جائے گی والدہ کی جانب سے پریشانی ہو سکتی ہے اُن کا خاص خیال رکھیں۔ پراپرٹی کی خرید و فروخت سے گریز کریں۔ 30 اپریل کو طالع میں زہرہ کا اوج آپ کی عزت و توقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا آپ کے خفیہ دشمن بھی آپ کی عزت کرنے پر مجبور ہوں گے جگہ کی تبدیلی اور خرید و فروخت کے لیے یہ وقت مناسب ہوگا حسب خواہش سواری کا حصول ممکن ہوگا 11 جولائی کو خانہ مال میں شمس کا اوج آپ کی معاشی صورتحال کو مستحکم کر رہا ہے اور یہ ایسے وقت ہوگا جب خانہ مال میں مریخ موجود ہے اور اخراجات میں تیزی پیدا کر رہا ہے 4 اگست کو مریخ اپنے عین ہبوطی درجات سے گذرے گا آپ کو غیر متوقع طور پر اضافی اخراجات سے واسطہ پڑ سکتا ہے اپنی جاب پر خاص توجہ دیں وگرنہ جاب جانے سے آپ کی معاشی صورتحال ابتر ہو سکتی ہے 16 اگست کو چوتھے عطارد کا شرف خاندان میں آپ کا وقار بلند کر رہا ہے، بہتر رہائش کے لیے پراپرٹی کا حصول ممکن ہوگا اکثر جوزا سواری تبدیل کرنے کا سوچ رہے ہیں۔ 6 ستمبر کو تیسرے مریخ کا اوج عزیز واقارب کیساتھ تعلقات میں بہتری پیدا کر دے گا اب آپ کے لیے بہتر جانب کا حصول ممکن ہوگا جاب کے حوالہ سے کوئی دوست بہترین مددگار ثابت ہوگا یہ آپ کی خواہشات کی تکمیل کا وقت ہے۔ 11 اکتوبر کو پانچویں شمس کا ہبوط بچوں کے حوالہ سے پریشانی کا مظہر ہے۔ آپ کی منگنی خطرے میں ہوگی اور اس خطرہ میں آپ کا کوئی انتہائی قریبی عزیز ملوث ہے ان ایام میں اپنی سماجی سرگرمیوں کو محدود رکھنا بہتر ہوگا۔ 4 نومبر چھٹے گھر عطارد کے اوج سے جاب میں ترقی مل سکتی ہے آپ صحت میں بہتری پائیں گے مگر محتاط رہیں آپ کے ظاہری مخالف مضبوط ہو رہے ہیں۔ 5 نومبر کو خاندان کے افراد کیساتھ اختلافات زہرہ کے ہبوط کی وجہ سے پیدا ہو سکتے ہیں بیرون ملک مقیم افراد کو وطن واپسی کا سفر اختیار کرنا پڑ سکتا ہے آپ کو بچوں پر خاص توجہ دینا ہوگی بالخصوص حاملہ خواتین کو احتیاط کی ضرورت ہوگی 28 دسمبر کو پانچویں مریخ کا حضیض ایک بار پھر آپ کو بچوں کے مسائل سے دوچار کر سکتا ہے آپ کی منگنی اختلافات کا شکار ہو سکتی ہے آپ کے افیئرز کی وجہ سے آپ کی جاب بھی خطرے میں ہوگی۔ اب ایک نظر امسال ہونے والے گرہنوں کے اثرات پر ڈالتے ہیں۔ 20 مارچ کو ہونے والا شمسی گرہن کیریئر کے حوالہ سے اختیار کیئے گئے سفروں کو فائدہ کے بجائے نقصان میں تبدیل کر سکتا ہے عزیز واقارب کیساتھ تعلقات بنائے رکھنا ہوں گے 4 اپریل کو ہونے والا قمری گرہن آپ کے مالی مسائل اور بچوں سے متعلقہ معاملات میں پریشانیوں میں مبتلا کر سکتا ہے وہ جوزا خواتین جو اُمید سے ہیں اُنہیں اس گرہن میں خاص احتیاط کی ضرورت ہوگی 13 ستمبر کا شمسی گرہن عزیز واقارب سے اختلافات کا باعث بن سکتا ہے اس گرہن کی وجہ سے آپ کو جگہ کی تبدیلی کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے 28 ستمبر کا قمری گرہن مالی معاملات کو متاثر کرنے کیساتھ ساتھ دوستوں کیساتھ تعلقات کو بھی خراب کر سکتا ہے یہ وقت خواہشات کی تکمیل کے لیے مناسب نہ ہوگا۔

ورد خاص: روزانہ ایک تسبیح سورۂ شوریٰ آیت 19 تلاوت کریں۔ بمعہ اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک

اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ

صدقہ: ہر جمعرات کم از کم 3 پاؤ بڑا گوشت کسی مستحق کو دیں یا جانوروں کو ڈالیں

بواسیر کا تعویذ سے خاتمہ
مریض اپنا اور والدہ کا نام جوابی لفافہ بھیج تعویذ فی سبیل اللہ منگوا سکتے ہیں
غلام عباس سپرا
بستی بہلول سپرا نزد قائم بھروانہ تحصیل شورکوٹ ضلع جھنگ
0301-7696585

برج: سرطان **CANCER** **سیّارہ:** قمر

رنگ: سفید دودھیا
عنصر: آبی
جواھر: پکھراج، موتی، زمرد، عقیق
بھترین شریک حیات: عقرب، حوت
ناموافق ساتھی: حمل، جدی، میزان

بیماریاں: پھیپھڑوں اور سانس کی تکلیف، معدہ، گردوں اور پیشاب کی تکالیف

دن: پیر **عدد:** ۲ **22 June to 23 July** **حروف:** ح، ہ

اھم نکات: سال 2015 کئی حوالوں سے آپ کے لیے خاص اہمیت کا حامل ہوگا آغاز سال تا اگست خانہ مال میں مشتری کی منفی پوزیشن مالی تنگی کا باعث بن سکتی ہے۔ زحل جو کہ آپ کے ساتویں آٹھویں کا حاکم ہے جہاں آپ کے لیے کسی بہتر جاب کے حصول میں معاون ہوگا وہیں آپ کو صحت اور ظاہری دشمنوں کی جانب سے پریشانیوں میں مبتلا رکھے گا۔ پانچویں دسویں کا حاکم مریخ بھی امسال ہبوط زدہ رہتے ہوئے آپ کے کیریئر روزگار اور بچوں کے حوالہ سے آپ کی مشکلات میں اضافہ کا باعث ہوگا۔

صحت: آپ کے بیت الصحت کا حاکم ستارہ مشتری ابتدائے سال تا 12 اگست حالت طرح میں رہتے ہوئے آپ کی صحت پر منفی اثرات مرتب کرتا رہے گا اپنی صحت پر توجہ دیں اور کسی بھی قسم کی الغرضی سے گریز کریں 21 نومبر کو آپ کے بیت الصحت میں عطارد کے آنے سے آپ کی صحت ایک بار پھر خطرات سے دوچار ہو سکتی ہے اس بار آپ کو جسمانی کیساتھ روحانی ٹریٹمنٹ کی بھی ضرورت ہوگی کیونکہ آپ کے صحت بوجہ سحر متاثر ہونے کے قوی امکانات ہوں گے۔

منگنی شادی: گذشتہ سالوں میں پانچویں زحل کی موجودگی کیوجہ سے آپ کی منگنی میں رکاوٹ رہی ہے امسال یہ رکاوٹ دور ہو چکی ہے امسال انشاء اللہ آپ کی نسبت طے پا جائے گی اس سلسلہ میں بہتر وقت کا انتخاب ضروری ہو گا 20 فروری تا یکم اپریل 9 اگست تا 13 نومبر اس سال کا بہترین وقت ہوگا جبکہ یکم اپریل تا 8 اگست اور 13 نومبر تا آخر سال ایسی تقریبات سے قطعی گریز کریں۔ وہ سرطان افراد جو تا حال رشتہ ازدواج سے منسلک نہیں ہو سکے تھے انشاء اللہ اب ہو جائیں گے آپ کی شادی مارچ تا اگست تاخیر کا شکار ضرور ہو سکتی ہے مگر بالا آخر انجام پذیر ہو جائے گی۔

سماجی تعلقات: آپ خود بھی ایک موڈی شخصیت ہیں اور آپ کے سماجی تعلقات سے منسوبہ ستارہ بھی ایک تیز رفتار ستارہ ہے اس طرح آپ کے سماجی تعلقات میں بھی تیزی سے تغیر پیدا ہوتا رہتا ہے امسال 14 مارچ تا یکم اپریل 25 جون تا 9 اگست 28 اگست تا 3 نومبر 21 نومبر تا 11 دسمبر آپ کو خاص احتیاط سے کام لینا ہوگا جذباتیت اور جلد بازی میں کوئی بھی فیصلہ مت کریں آپ کی تلخ کلامی آپ کو سماجی طور پر تنہا کر سکتی ہے۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: اس کالم کی ابتداء میں بے اولاد سرطان افراد کو اولاد کی مبارکباد سے کروں گا امسال انشاء اللہ آپ کو نوید مل سکتی ہے سرطان افراد کو یکم اپریل تا 9 اگست اور 13 نومبر تا آخر سال اپنے بچوں پر خاص توجہ دینا ہوگی وگرنہ مسائل بڑھ سکتے ہیں۔ بالخصوص 25 جون تا 9 اگست آپ کو خاص تحمل اور صبر کا مظاہرہ کرنا ہوگا انعامی سکیموں کے خواہشمند افراد کے لیے 20 فروری تا یکم اپریل اور 9 اگست تا 13 نومبر کا عرصہ موافق ہوگا۔

تعلیمی کیریئر: ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے سرطان بچوں کو امسال 14 مارچ تا یکم اپریل اور 28 اگست تا 3 نومبر 21 نومبر تا 11 دسمبر ارتکاز کی کمی کا سامنا رہے گا۔ اعلیٰ تعلیمات کے حصول میں کوشاں سرطان افراد کو بھی امسال 12 اگست تک بالعموم اور 14 مارچ تا یکم اپریل بالخصوص مشکلات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے سال کا باقی عرصہ انشاء اللہ بہتر رہے گا۔

سفر: امسال قریبی سفروں میں آپ کو اپنے سامان اور دستاویزات کا خاص خیال رکھنا ہوگا 14 مارچ تا یکم اپریل 15 اپریل تا 2 مئی 28 اگست تا 3 نومبر خاص احتیاط کریں۔ بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد 14 مارچ تا یکم اپریل سفر سے گریز کریں ان ایام میں ویزہ وغیرہ بھی اپلائی نہ کریں مجموعی طور پر 12 اگست تک آپ کے بیرون ملک سفر میں رُکاوٹ نظر آ رہی ہے بعد از اگست انشاء اللہ حالات موافق ہوں گے۔

شراکتی ازدواجی تعلقات: گذشتہ کئی سال آپ کے بیت الزوج کا حاکم منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے آپ کے تعلقات میں خرابی کا باعث بنتا رہا ہے مگر امسال صورتحال کافی بہتر ہوگی زحل اوج کے گھر میں موجود رہتے ہوئے آپ کے تعلقات میں بہتری پیدا کرتا رہے گا گو کہ اس دوران آپ کی شادی بھی متوقع ہے اور آپ کو نئی شراکت داری کے مواقع بھی ملیں گے مگر 21 جنوری تک شمس کی بیت الزوج میں منفی نشست آپ کے مابین کھچاؤ تناؤ کی کیفیت رکھے گی وجہ تنازعہ مالی معاملات ہو سکتے ہیں اس کے علاوہ 15 مارچ تا 2 اگست زحل کی رجعت بھی آپ کے تعلقات کو قدرے متاثر کر سکتی ہے زحل سے منسوبہ صدقہ دینا اس حوالہ سے بہترین ہوگا۔

معیشت کیریئر روزگار: آپ کے کیریئر روزگار کا حاکم ستارہ مریخ ابتدائے سال تا 20 فروری قدرے منفی پوزیشن میں ہوگا آپ کو محتاط روی اختیار کرنا ہوگی۔ 20 فروری کو کیریئر کا حاکم اپنے ہی گھر آ جانے سے آپ کے روزگار میں بہتری آ رہی ہے ان ایام میں کیریئر کے حوالہ سے آپ کو بہتر آپشنز ملیں گی متوقع طور پر آپ کو ترقی مل سکتی ہے مگر محتاط رہیں۔ یکم اپریل سے ہوا آپ کے مخالف چلنا شروع ہو جائے گی معاملات آپ کی خواہشات کے برعکس ہوں گے اس کا دورانیہ بالعموم 9 اگست تک ہوگا البتہ 25 جون تا 9 اگست کیریئر کا حاکم طالع میں ہبوط زدہ ہونے سے آپ کے مزاج میں تیزی آ جائے گی آپ کیریئر کے حوالہ سے غلط فیصلے کر رہے ہیں کاروباری لوگوں کو بھی شدید دباؤ کا سامنا ہوگا۔ 9 اگست سے 13 نومبر تک

حالات قطعی طور پر آپ کے موافق ہوں گے۔ باقی کا عرصہ بھی آپ کو محتاط رہ کر گزارنا ہوگا۔

خصوصی احکامات: جیسا کہ آپ گذشتہ سطور میں پڑھ چکے ہیں مجموعی طور پر یہ آپ کے لیے ایک ملا جلا سال ہے ابتدائے سال میں کریئر کا حاکم بھی منفی پوزیشن میں ہوگا اور شراکتی ازدواجی گھر میں شمس حضیض کی حالت میں 9 جنوری کو ہوگا وہ سرطان افراد جو کہ مشترکہ کاروبار کر رہے ہیں اُن کے لیے یہ وقت خاصا مشکل ہوگا آپ کو مالی خسارہ کا سامنا ہوسکتا ہے 17 فروری کو ناویں زہرہ کا شرف آپ کے بیرون ملک سفر کی راہ ہموار کر رہا ہے آپ عمرہ یا زیارات کی ادائیگی کے لیے سفر اختیار کر سکتے ہیں اعلیٰ تعلیم کے حصول میں بھی سفر معاون ہوسکتا ہے آپ گھر کی تیزین و آرائش میں مصروف ہیں۔ 22 مارچ ناویں عطارد کا ہبوط سسرالی عزیزوں سے ناراضگی پیدا کر سکتا ہے ان ایام میں ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں سماجی تقریبات میں شرکت ضرور کریں مگر گفتگو کم از کم اور نپی تلی کریں بالخصوص جب انتہائی قریبی عزیزوں سے معاملات چل رہے ہوں۔ 18 اپریل کو کیرئیر کے گھر شمس کا شرف آپ کے کیریئر میں حد درجہ بہتری کا باعث ہوگا انشاء اللہ آپ کو حسب منشاء ترقی مل جائے گی آپ کی معاشی پوزیشن مستحکم ہو رہی ہے 17 اپریل کو گیارہویں عطارد کا حضیض دوستوں اور قریبی عزیزوں کیساتھ تعلقات کشیدہ کر سکتا ہے امیگریشن کے خواہشمند افراد کو بھی مایوسی ہوسکتی ہے 30 اپریل کو بارہویں زہرہ کا اوج کسی خاتون کیوجہ سے بیرون ملک مستقل قیام کی راہ ہموار ہو رہی ہے زمین جائیداد کی خرید و فروخت ان ایام میں بہتر ہوگی مگر حد درجہ محتاط رہیں آپ کے خلاف کوئی خفیہ سازش بھی ہوسکتی ہے۔ 11 جولائی کو طالع میں اوج شمس آپ کی عزت توقیر میں اضافہ کا باعث ہوگا آپ اپنی مالی پوزیشن مستحکم کرنے میں کوشاں ہیں مگر زیادہ خود اعتمادی نقصان دہ ہوسکتی ہے 4 اگست کو عین اُسی جگہ طالع میں مریخ کا ہبوط آپ کے وقار کے لیے سخت نقصان دہ ہوسکتا ہے آپ کے افیئر زیا کاروباری معاملات آپ کی عزت میں کمی کا باعث بن سکتے ہیں محتاط رہیں اس کے علاوہ بچوں کے حوالہ سے بھی کوئی ناخوشگوار بات سامنے آسکتی ہے 6 اگست کو تیسرے عطارد کا شرف آپ کے خفیہ دشمنوں کو مضبوط بنا رہا ہے بیرون ملک قیام کے حوالہ سے کوئی قریبی عزیز مددگار ہوگا حسب خواہش سفر کا پروگرام بن رہا ہے 6 ستمبر کو خانہ مال میں مریخ کا اوج کاروباری سلسلہ میں جاری مسائل کا خاتمہ کر دے گا آپ ایک سے زائد ذرائع آمدن بارے سوچ رہے ہیں یہ وقت آپ کی منگنی وغیرہ کی راہ بھی ہموار کر دے گا بے اولاد یا اولاد کے خواہشمند افراد کو خوشخبری مل سکتی ہے 11۔ اکتوبر کو چوتھے شمس کا ہبوط والدہ یا خاندان کیساتھ کشیدگی پیدا کر سکتا ہے اپنے مالی معاملات کو احتیاط سے چلائیں وگرنہ مالی تنگی کا شکار ہوسکتے ہیں 4 نومبر کو پانچویں عطارد کا اوج ایکبار پھر آپ کی منگنی کی راہ ہموار کر رہا ہے اس سلسلہ میں قریبی عزیزوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا وہ افراد جنہوں نے درست وقت میں امیگریشن اپلائی کیا ہوا ہے انہیں بھی کامیابی مل سکتی ہے

5 نومبر کو تیسرے زہرہ کا ہبوط بہن بھائیوں یا عزیز و اقارب کیساتھ کشیدگی پیدا کر سکتا ہے اسی طرح ان ایام میں سماجی تقریبات سے بھی قدرے گریز کریں دوستوں کیساتھ بھی تعلقات کشیدہ ہوسکتے ہیں یہ وقت خواہشات کی تکمیل میں رُکاوٹوں کا وقت ہے۔ 28 دسمبر کو چوتھے مریخ کا حضیض خانگی معاملات کو متاثر کر سکتا ہے آپ کے مابین وجہ تنازع کیریئر یا کاروباری معاملات ہوسکتے ہیں ان ایام میں آپ کی منگنی بھی خاندان میں متنازعہ بن سکتی ہے امسال ہونے والے شمسی اور قمری گرہن آپ کے سسرالی تعلقات بیرون ملک سفر زمین جائیداد کیریئر روزگار اور والدہ سمیت قریبی عزیزوں اور سفر سے متعلقہ معاملات کو متاثر کر سکتے ہیں اس کے علاوہ قمر آپ کی شخصیت اور شمس آپ کے مالی معاملات کا حاکم ستارہ ہے ان کے گرہن آپ کے ان اہم ترین معاملات کو متاثر کر سکتے ہیں ان ایام میں صدقہ اور نماز کسوف وخسوف کی ادائیگی سے الغرضی مت کریں۔

ورد خاص: روزانہ ایک تسبیح سورۃ شوریٰ آیت 19 تلاوت کریں بمعہ اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک (بوقت فجر)

صدقہ: ہر منگل 900 گرام دال مسور کسی مستحق کو دیں یا پرندوں کو ڈالیں۔

برج: اسد	**LEO**	**سیّارہ:** شمس

رنگ: گولڈن، نارنجی
عنصر: آتشی
جواهر: ہیرا، لہسنیا
بهترین شریک حیات: حمل، قوس، ثور
ناموافق ساتهی: عقرب، دلو
بیماریاں: ہائی بلڈ پریشر، ریڑھ کی ہڈی، کمر کی تکلیف، دل کی تکلیف

دن: اتوار **عدد:** ا — 24 July to 23 Aug — **حروف:** م، ٹ

اهم نکات: سال 2015ء انشاء اللہ آپ کیلئے گذشتہ کی نسبت ایک بہتر سال ثابت ہوگا ستارہ زحل ابتدائے سال سے ہی آپ کا بیت الارض چھوڑ چکا ہے اب اس کی پانچویں اوج یافتہ نشست آپ کے لیے خاصی خوش آئند ثابت ہوگی۔ مشتری گو کہ طالع میں منفی ہوگا مگر زحل کی تثلیثی نظر اس کے منفی اثرات میں کمی کا باعث ہوگی تیسرے راہو کی موجودگی سماجی تعلقات کو متاثر کر رہی ہے۔ دیگر سیارگان کی افلاکی سیر آپ پر کیا اثرات مرتب کر رہی ہے یہ اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

صحت: سال کی ابتدا میں ہی 21 جنوری تک شمس کی بیت الصحت میں منفی پوزیشن کی وجہ سے آپ کو صحت کے مسائل کا سامنا ہوسکتا ہے اس کے علاوہ 15 مارچ تا 2 اگست زحل کی رجعت بھی آپ کی توجہ صحت کے مسائل پر مرکوز رکھے گی سال کا باقی عرصہ انشاء اللہ بہتر گزرے گا مجموعی طور پر صحت کے حوالہ سے یہ ایک بہتر سال ہے۔

منگنی شادی: امسال گو کہ آپ کو منگنی کے مواقع میسر رہیں گے مگر 12 اگست تک ایسی تقریبات کا انعقاد بہتر نہ ہوگا اول تو بات التوا کا شکار رہے گی دوئم

آپ کی منگنی وغیرہ ٹوٹنے کے یعنی بنی بنائی بات بگڑنے کے امکانات ہوں گے بعد از اگست نومبر تک آپ کے لیے بہتر وقت ہوگا امسال گوکہ آپ کی شادی نکاح کے واضح امکانات موجود ہیں مگر کچھ اوقات ایسے بھی ہوں گے جب ایسے اقدامات کرنا بہتر نتائج کا حامل نہ ہوگا مثلاً یکم تا13 جنوری بوجہ ساتویں مریخ اور 21 جنوری تا 19 فروری ساتویں شمس کے وبال کیوجہ سے نکاح شادی سے قطعی طور پر گریز کرنا بہتر ہوگا گوکہ شادیوں کا سیزن ہے مگر بہتر ازدواجی معاہدے کے لیے یہ وقت قطعی غیر مناسب ہے اس کے علاوہ 2 اگست تک نکاح وغیرہ سے قبل زحل سے منسوبہ صدقات کی ادائیگی ضروری ہوگی۔

سماجی تعلقات: امسال آپ کو اپنے سماجی تعلقات پر خاص توجہ دینا ہوگی آپ کے تعلقات تیسرے راہو کی موجودگی کیوجہ سے نومبر تک اُتار چڑھاؤ کا شکار رہیں گے دوسری طرف بیت الاقرباء کا حاکم زہرہ 28 جنوی تا 21 فروری شرفی گھر رہتے ہوئے آپ کے تعلقات میں خاصی بہتری پیدا کر دے گا آپ سماجی تقریبات میں بھر پور شرکت کر رہے ہیں مگر 21 فروری تا18 مارچ زہرہ کی وبال زدہ کیفیت آپ کے لیے خاصی پریشان کن صورتحال پیدا کر رہی ہے آپ کے تعلقات اپنے اور سسرالی عزیزوں سے بیک وقت خراب ہو رہے ہیں آپ خود کو تنہا محسوس کر رہے ہیں۔ بعد از 18 مارچ حالات تیزی سے موافق ہو رہے ہیں آپ کافی مطمئن نظر آ رہیں۔ 19 جولائی تا9 نومبر تک کا طویل عرصہ آپ کے لیے کسی امتحان سے کم نہ ہوگا دسمبر کا مہینہ بھی آپ کے لئے بہتر نہ ہوگا احتیاط لازم ہے۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: آپ کے بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مشتری آغاز سال تا 12 اگست حالت طرح میں ہوگا اور ابتدائے سال تا9 اپریل حالت رجعت میں بھی ہوگا اس کے علاوہ اسی دور اپنے میں 15 مارچ سے زحل کی رجعت بھی ہوگی آپ کے اور بچوں کے مابین اختلافات بڑھ رہے ہیں مثبت سوچ مسائل میں کمی پیدا کر سکتی ہے بچوں کے مسائل پر خاص توجہ دیں بعد از اگست حالات نشاءاللہ بہتر ہونگے بے اولاد اسد افراد کو اولاد کی خوشخبری مل سکتی ہے انعامی سکیموں کے شائق افراد کے لیے بھی اگست کے بعد کا عرصہ موافق ہوگا۔

تعلیمی کیرئیر: ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے اسد بچوں کو امسال ملے جلے حالات کا سامنا کرنا ہوگا جبکہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے اسد بچوں کو امسال ابتدائے سال تا20 فروری اور یکم اپریل تا25 جون بالعموم اور 25 جون تا9 اگست بالخصوص خاصی مشکل صورتحال کا سامنا رہے گا آپ کو کچھ وجوہات کی بنا پر اپنا تعلیمی تسلسل منقطع کرنا پڑ سکتا ہے اس کے علاوہ 13 نومبر تا آخر سال بھی حالات آپ کے مخالف ہو سکتے ہیں۔

سفر: نزدیکی سفروں کے حوالہ سے آپ کو 21 فروری تا18 مارچ 19 جولائی تا13 نومبر اور 6 دسمبر تا آخر سال گریز کرنا بہتر ہوگا بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کے لیے 20 فروری تا یکم اپریل 26 ستمبر تا13 نومبر کا عرصہ موافق ہوگا اس کے علاوہ کے دورانیے میں سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں وگرنہ وقت اور روپیہ کے ضیاع کے علاوہ کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔

شراکتی ازدواجی تعلقات: گذشتہ سال زحل کی منفی پوزیشن کی وجہ سے آپ کے مابین خاصی کھچاؤ تناؤ کی کیفیت رہی ہے اکثر اسد افراد کے مابین علیحدگی بھی ہو چکی ہے مگر امسال حالات انشاءاللہ گذشتہ سال کی نسبت بہتر ہونگے سال کی ابتداء میں 21 جنوری تا19 فروری شمس کی وبال زدہ نشست آپ کے تعلقات کو حد درجہ خراب کر سکتی ہے محتاط رہیں وگرنہ مابین علیحدگی ہو سکتی ہے اس کے بعد گوکہ حالات میں بہتری متوقع ہوگی مگر 15 مارچ تا2 اگست زحل کی رجعت آپ کے تعلقات کو مکمل طور پر بہتر نہ ہونے دے گی آپ کو نئی شراکت داریوں کی آفر مل رہی ہے مگر معاملات انتہائی سُست روی سے آگے بڑھیں گے باقی عرصہ بہتر رہے گا۔

معیشت کیریئر رزگار: آپ کے کیریئر روزگار کا حاکم ستارہ زہرہ 28 جنوری تا 21 فروری شرفی گھر قیام پذیر رہے گا ان ایام میں حسب توقع آپ کو ترقی مل سکتی ہے 21 فروری تا18 مارچ زہرہ کی ناویں وبال زدہ کیفیت آپ کے کاروبار یا کیریئر کا کسی سسرالی عزیز کیوجہ سے متاثر ہونے کا اشارہ ہے ان ایام میں کاروباری معاملات میں بیرون ملک سفر سے گریز کریں دوسری طرف خانہ مال کا حاکم 14 مارچ تا یکم اپریل ہبوط کے گھر رہے گا ان ایام میں لین دین میں جلد بازی نہ کریں کسی بھی قسم کا اُدھار یا چیک وغیرہ دینے سے گریز کریں۔ اسی طرح 19 جولائی تا9 نومبر کا عرصہ بھی آپ کو خاص احتیاط سے کام لینا ہوگا دسمبر بھی آپ کے موافق نظر نہیں آتا۔

خصوصی احکامات: جیسا کہ آپ اول الذکر سطور میں پڑھ چکے ہیں یہ سال آپ کے لیے اچھے بُرے دونوں طرح کے حالات لے کر آ رہا ہے مگر فراہم کردہ معلومات کو مدنظر رکھتے ہوئے اور بُرے وقت سے محتاط رہتے ہوئے آپ بہت سے مسائل سے بچ یا ان پر قابو پا سکتے ہیں۔ 9 جنوری کو چھٹے شمس کا حضیض آپ کی شخصیت، صحت اور جاب کو متاثر کر سکتا ہے محتاط رہیں۔ 17 فروری کو آٹھویں زہرہ کا شرف شراکتی مالی مالمات میں منافع کی نشاندہی کر رہا ہے بہن بھائیوں اور قریبی عزیز واقارب سے تعلقات میں بہتری آئے گی متوقع طور پر وراثت کا حصول بھی ممکن ہوگا زہرہ کا یہ شرف آپ کے کیرئر روزگار پر انتہائی سعد اثرات مرتب کر رہا ہے 22 مارچ کو آٹھویں ہی عطارد کا ہبوط شراکتی مالی امور میں کسی فراڈ یا غبن سے واسطہ پڑ سکتا ہے مالی امور میں حد درجہ احتیاط کی ضرورت ہوگی کسی بھی قسم کے زبانی یا تحریری مجاہدے سے گریز کریں وگرنہ مالی تنگی کا شکار ہو سکتے ہیں دوستوں کیساتھ اختلافات سے گریز کریں۔ 8 اپریل کو ناویں شمس کا شرف آپ کی اعلیٰ تعلیم اور بیرون ملک سفر کی راہ ہموار کر رہا ہے سسرالی عزیزوں سے جاری کشیدگی کا خاتمہ ممکن ہوگا آپ کی عزت

توقیر میں اضافہ ہوگا (انشاء اللہ) 17 اپریل کو کیریئر کے گھر عطارد کا حضیض آپ کی خاص توجہ کا طالب ہوگا کاروباری معاملات یا اپنے کیریئر کے حوالہ سے کسی بھی فیصلہ سے گریز کریں وگرنہ بجائے فائدہ کے نقصان ہوسکتا ہے قرضہ وغیرہ کے لین دین سے گریز کریں۔ 30 اپریل کو گیارہویں زہرہ کا اوج حسب خواہش کاروباری معاملات کو آگے بڑھانا ممکن ہوگا کیریئر کے حوالہ سے حسب خواہش ترقی مل سکتی ہے آپ کے دوست اس حوالہ سے بہترین معاون ہوں گے یہ وقت خواہشات کی تکمیل کا وقت ہے۔ 11 جولائی کو بارہویں شمس کا اوج جہاں آپ کے بیرون ملک قیام کی راہ ہموار ہورہی وہیں آپ کو خاص طور پر محتاط بھی رہنا ہوگا آپ کے خفیہ دشمن مضبوط ہو رہے ہیں 4 اگست کو بارہویں مریخ کا ہبوط آپ کے خفیہ دشمنوں پر بھاری پڑے گا ان ایام میں والدہ یا خاندان کے افراد سے اختلافات پیدا ہوسکتے ہیں محتاط رہیں پراپرٹی وغیرہ کی خرید وفروخت بہتر نہ ہوگی۔ 16 اگست خانہ مال میں عطارد کا شرف آپ کی مالی پوزیشن کو مستحکم کررہا ہے آپ کو دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا 6 ستمبر کو طالع میں مریخ کا اوج والدہ یا خاندان کے افراد سے جاری اختلافات کا خاتمہ ہوجائے گا آپ کی عزت توقیر میں اضافہ ہورہا ہے اکثر اسد افراد اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لیے بیرون ملک سفر اختیار کررہے ہیں آپ کے لیے عمرہ یا زیارات کے راستے بھی کھل رہے ہیں۔ 11 اکتوبر کو تیسرے شمس کا ہبوط آپ کے سماجی تعلقات کو بُری طرح متاثر کرسکتا ہے آپ کو بہت محتاط رہنا ہوگا وگرنہ آپ کی مقبولیت کا گراف تیزی سے گرسکتا ہے بہن بھائیوں اور قریبی عزیز واقارب سے تعلقات بنائے رکھنا ضروری ہوگا۔ 4 نومبر کو چوتھے عطارد کا اوج پراپرٹی کی خرید یا بہتر رہائش میں معاون ہوگا آپ کے دوست اس سلسلہ میں آپ کے خاص معاون ہوں گے دوستوں کی رائے پر توجہ دیں۔ آپ معاشی طور پر مستحکم ہورہے ہیں۔ 5 نومبر کو کیریئر کا حاکم خانہ مال میں ہبوط پذیر ہوگا آپ کو کاروباری معاملات میں حد درجہ محتاط رہنا ہوگا یہ وقت نئے کاروباری منصوبوں پر عملدرآمد یا توسیع وتبدیلی کے لیے مناسب نہ ہوگا آپ کا کیریئر داؤ پر ہوگا بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات کو بنائے رکھنے میں بہتری ہے کاروباری معاملات میں دوسروں کی مداخلت بہتر نہ ہوگی 28 دسمبر کو تیسرے مریخ کا حضیض آپ کے اپنے اور سسرالی عزیزوں دونوں کیساتھ آپ کے تعلقات کشیدہ کر سکتا ہے وجہ تنازعہ کوئی پراپرٹی یا مالی لین دین بھی ہوسکتا ہے ان ایام میں والدہ کی جانب سے کوئی پریشان کن خبر مل سکتی ہے۔ امسال ہونے والے شمسی وقمری گرہن آپ کے شخص وقار مالی پوزیشن کے علاوہ کیریئر روزگار نزدیکی سفروں اور عزیزوں اور مالی معاملات کو متاثر کرسکتے ہیں ان ایام میں صدقہ اور نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں۔

امسال اگست مشتری کی منفی پوزیشن اور جنوری تا اپریل رجعت بچوں کے حوالہ سے مشکلات میں اضافہ کرسکتی ہے بچے آپ کی خصوصی توجہ کے طالب ہوں گے۔

ورد خاص: روزانہ ایک تسبیح بعد از فجر ورد کریں۔ بمعہ اول و آخر 11-11 مرتبہ درود پاک

فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ

صدقہ: ہر اتوار ایک کلو باجرہ پرندوں کو ڈالیں۔

برج: سنبلہ **VIRGO** **سیّارہ:** عطارد

رنگ: گہرا زرد، پیلا
عنصر: خاکی
جواہر: گومیدک زرد، عقیق، فیروزہ
بہترین شریک حیات: جدی، ثور
ناموافق ساتھی: قوس، حوت، جوزا
بیماریاں: معدہ، جگر، آنتوں کی بیماریوں، السر، کان کی تکالیف

دن: بدھ **عدد:** ۵ **24 Aug to 23 Sep** **حروف:** پ، غ

اہم نکات: 2015ء آپ کے لیے خاصہ اہم سال ثابت ہوسکتا ہے آپ کے چوتھے ساتویں کا حاکم مشتری اگست تک بارہویں منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے آپ کے خانگی ازدواجی اور شراکتی مسائل بڑھا دے گا تیسرے آٹھویں کا حاکم مریخ وبال میں جانے سے آپ کے سماجی اور وراثتی معاملات آپ کے لیے خاصی مشکل صورتحال پیدا کردیں گے پانچویں چھٹے کے حاکم زحل کی رجعت آپ کی منگنی افیئرز اور صحت جاب پر مضر اثرات مرتب کررہی ہے دیگر سیارگان کے شرف وہبوط آپ پر کیا اثرات مرتب کررہے ہیں یہ اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

صحت: سال کے ابتدا میں ہی پہلے مریخ کی بیت الصحت میں حضیض کی کیفیت اور پھر 21 جنوری تا 19 فروری شمس کا وبال آپ کو صحت کے مسائل سے دوچار رکھ سکتا ہے محتاط رہیں 15 مارچ کو بیت الصحت کا حاکم زحل رجعت میں چلے جانے سے آپ ایکبار پھر صحت کے مسائل سے دوچار ہوسکتے ہیں اب آپ کو خاص احتیاط کی ضرورت ہوگی کیونکہ زحل کی رجعت کا دورانیہ 2 اگست تک چلے گا طویل المعیاد بیماریوں سے بچاؤ کے لیے زحل کے اثرات کا روحانی تدارک ضروری ہوگا باقی عرصہ انشاء اللہ بہتر رہے گا۔

منگنی شادی: امسال گو کہ منگنی جیسی تقریبات کے آپ کو کئی ایک موقع میسر آئیں گے مگر آخر جولائی تک ایسی تقریبات کے انعقاد سے گریز کرنا بہتر ہوگا وگرنہ آپ کی منگنی ٹوٹ سکتی ہے آپ کی شادی سے منسوبہ ستارہ مشتری ابتدائے سال تا 12 اگست حالت طرح میں رہے گا ابتدائے سال تا 9 اپریل رجعت میں بھی ہوگا اس طرح آپ کی بنی بنائی بات بھی بگڑ سکتی ہے گو کہ اسی دورانیہ میں 28 جنوری تا 21 فروری آپ کے نکاح شادی کی راہ ہموار کردے گا مگر مشتری کی منفی پوزیشن کیوجہ سے گریز کرنا بہتر ہوگا اگر آپ نے گریز نہ کیا تو آپ کے مابین علیحدگی ہوسکتی ہے۔

سماجی تعلقات: آپ کے سماجی تعلقات گذشتہ کئی سال سے بیت الاقرباء میں زحل کی موجودگی کیوجہ سے متاثر چلے آرہے تھے امسال گو کہ زحل اگلے گھر

جا چکا ہے مگر آپ کے سماجی تعلقات میں بگاڑ پیدا کرتا رہے گا آپ کے تعلقات میں بُرا کردار آپ کی ملازمت یا شراکتی ازدواجی معاملات کا ہو سکتا ہے یکم اپریل تا 25 جون بالعموم اور 25 جون تا 9 اگست آپ کو خاص احتیاط سے کام لینا ہوگا آپ کے مزاج میں تیزی کا عنصر بڑھ جائے گا بہن بھائیوں کے ساتھ تعلقات بگڑ سکتے ہیں 9 اگست تا 13 نومبر کا عرصہ آپ کو اپنے تعلقات دوبارہ سے بنانے کا موقع فراہم کردے گا۔نومبر دسمبر پھر محتاط رہنا ہوگا۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: امسال آپ کو سال کے پہلے دو ماہ بچوں پر خاص توجہ دینا ہوگی بعد ازاں گو کہ حالات بہتر ہوں گے مگر مارچ تا وسط اگست آپ کو وقفے وقفے سے مسائل کا سامنا رہ سکتا ہے اولاد کے خواہشمند سنبلہ افراد کو امسال اولاد کی خوشخبری مل سکتی ہے مگر وہ سنبلہ خواتین جو کہ امید سے ہیں اُن کو بالخصوص آخر جولائی تک احتیاط کرنا ہوگی سال کا باقی عرصہ انشاء اللہ آپ کے لیے خاصہ خوشگوار ثابت ہوگا۔انعامی سکیموں میں حصہ لینے والے افراد کے لیے آخری پانچ ماہ انتہائی اہم ہوں گے آپ کا کوئی بڑا انعام نکل سکتا ہے۔

تعلیمی کیریئر: سنبلہ بچوں کو امسال وسط فروری تک اور یکم اپریل تا 9 اگست اور نومبر دسمبر مشکلات کا سامنا رہے گا اور اعلیٰ تعلیمات حاصل کرنے والے سنبلہ فراد کو 21 فروری تا 16 مارچ 19 جولائی تا 9 نومبر اور 6 دسمبر تا آخر سال مشکلات پیش آسکتی ہیں باقی سال انشاء اللہ حالات موافق رہیں گے۔

سفر: امسال آپ کو نزدیکی سفر کے دوران خاص احتیاط کرنا لازم ہوگا درج ذیل تواریخ میں سفر سے گریز کریں یکم جنوری تا 20 فروری یکم اپریل تا 25 جون بالعموم اور 25 جون تا 9 اگست بالخصوص گریز کریں ورگرنہ خدا نخواستہ نقصان ہو سکتا ہے اس کے علاوہ 13 نومبر تا آخر سال بھی سفر سے گریز بہتر ہوگا بیرون ملک سفر کے حوالہ سے 28 جنوری تا 21 فروری 18 مارچ تا 19 جولائی 9 نومبر تا 6 دسمبر کا عرصہ موافق ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے قطعی گریز کریں ورگرنہ وقت اور پیسہ کے ضیاء کے علاوہ کچھ ہاتھ نہ آئے گا۔

شراکتی ازدواجی تعلقات: امسال اگست تک آپ کو شراکتی ازدواجی تعلقات کے حوالہ سے خاصی مشکل صورتحال کا سامنا رہے گا 13 جنوری تا 20 فروری مریخ بیت الزوج میں موجود رہتے ہوئے آپ کے مابین تلخیاں پیدا کرتا رہے گا مگر اسی دوران 28 جنوری تا 21 فروری زہرہ بھی یہیں مقیم رہتے ہوئے معاملات میں بہتری کا سامان پیدا کر رہا ہے تلخیوں کے باوجود معاملات انشاء اللہ کنٹرول میں رہیں گے آپ کو نئی شراکت داریوں کے مواقع میسر آئیں گے 14 مارچ کو ساتویں عطارد کے ہبوطی گھر آجانے سے آپ کے مابین غلط فہمیاں بڑھ جائیں گی گفتگو میں احتیاط کریں زیادہ بولنا نقصان دہ ہوگا یہ دورانیہ یکم اپریل تک ہے صبر و تحمل کا مظاہرہ کریں ورگرنہ مابین علیحدگی ہو سکتی ہے بعد از جولائی حالات انشاء اللہ بہتری کی جانب گامزن ہوں گے۔

معیشت کیریئر روزگار: آپ اپنے کیریئر کے حوالہ سے کافی فکر مند نظر آرہے ہیں اس حوالہ سے امسال آپ کو ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا آپ کے سال کی ابتداء بہتر رہے گی 14 مارچ تا یکم اپریل کسی بھی قسم کے کاروبار کی ابتداء یا کیریئر کے حوالہ سے کوئی بھی اہم فیصلہ سے گریز کریں شراکت داری ختم کرنا قطعی سود مند نہ ہوگا 15 اپریل تا 2 مئی کا عرصہ بھی موافق نہ ہوگا مگر اس کے فوراً بعد عطارد کے دسویں اپنے ہی گھر آجانے سے آپ کے روزگار کیریئر پر انتہائی سعد اثرات مرتب ہوں گے نئے کاروبار کی ابتداء یا سابقہ میں توسیع کا یہ سنہری موقع ہے۔ 8 اگست تا 28 اگست کا عرصہ آپ کے لیے سال کا سب سے بہترین وقت ہوگا 28 اگست تا 3 نومبر اخراجات اور آمدن میں توازن رکھنا ضروری ہوگا 3 تا 21 نومبر کا عرصہ موافق جبکہ 21 نومبر تا 11 دسمبر کا عرصہ بھی احتیاط کا متقاضی ہوگا۔

خصوصی احکامات: جیسا کہ آپ گزشتہ سطور میں پڑھ چکے ہیں یہ آپ کے لیے ایک ملا جلا سال ہے جہاں آپ کو مشکل حالات کا سامنا ہوگا وہیں قدرت نے آپ کے لیے کشائش کے اسباب بھی مہیا کیئے ہیں آیئے امسال ہونے والے شرف ہبوط، اوج وبال، طرح، فرح سیارگان کے ثمرات کا جائزہ لیتے ہیں۔ 9 جنوری کو پانچویں شمس کا حضیض آپ کے بیرون ملک قیام کو مختصر کر سکتا ہے آپ کے افیئرز ناکامی سے دوچار ہو رہے ہیں ان ایام میں بچوں پر خاص توجہ دیں۔17 فروری کو ساتویں زہرہ کا شرف آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات میں بہتری پیدا کر رہا ہے آپ کو نئی شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے آپ کے نکاح شادی کی راہ بھی ہموار ہو رہی ہے مگر محتاط رہیں 22 مارچ کو عین اسی جگہ عطارد کا ہبوط آپ کے مابین غلط فہمیاں پیدا کردے گا افواہوں پر یقین نہ کریں ورگرنہ آپ کے مابین علیحدگی ہو سکتی ہے 8 اپریل کو آٹھویں شمس کا شرف وراثتی اور شراکتی مالی فوائد لا رہا ہے بیرون ملک مستقل قیام کے خواہشمند افراد کو بھی کامیابی مل سکتی ہے 17 اپریل کو ناویں عطارد کا حضیض آپ کے بیرون ملک سفر کی راہیں مسدود ہو رہی ہیں کسی بھی قسم کے جعلی یا غلط دستاویزات کے استعمال سے گریز کریں مذہبی معاملات میں گفتگو حد درجہ محتاط رہتے ہوئے کریں سسرالی عزیزوں سے تعلقات کشیدہ ہو سکتے ہیں۔30 اپریل کو کیریئر کے گھر زہرہ کا اوج آپ کی ترقی میں معاون ہوگا آپ روزگار کی تلاش میں بیرون ملک سفر اختیار کر رہے ہیں آپ ی معاشی صورتحال بہتر ہو رہی ہے۔ 11 جولائی کو گیارہویں شمس کا اوج آپ کی خواہشات کی تکمیل کا وقت ہوگا دوستوں کیساتھ تعلقات بہتر ہو رہے ہیں امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے یہ آئیڈیل وقت ہے 4 اگست کو گیارہویں ہی مریخ کا ہبوط دوستوں سے تعلقات کشیدہ کر سکتا ہے خود کو ذہنی دباؤ سے بچائیں وراثتی اور شراکتی مالی امور آپ کی پریشانی میں اضافہ کا باعث ہوں گے ان ایام میں نزدیکی سفروں سے گریز کریں بہن بھائیوں اور قریبی عزیزوں کیساتھ کشیدگی پیدا ہو سکتی ہے۔16 اگست کو طالع میں عطارد کا شرف آپ کی عزت توقیر میں اضافہ کر رہا ہے آپ اپنی سوجھ بوجھ سے معاشرے میں نمایاں ہو رہے ہیں

یہ وقت آپ کے کیریئر کے حوالہ سے بھی بہترین ثمرات کا حامل ہوگا آپ نئے، بہتر اور بڑے فیصلے کر رہے ہیں۔ 6 ستمبر کو بارہویں مریخ کا اوج گذشتہ جاری وراثتی مسائل کے خاتمہ کی نوید ہوگا عزیز واقارب بالخصوص بہن بھائیوں کیساتھ تعلقات میں بہتری آرہی ہے حسب مقدور سواری کا حصول ممکن ہے امیگریشن کا معاملہ بھی حل ہونے کے امکانات ہوں گے 11 اکتوبر کو خانہ مال میں شمس کا ہبوط آپ کو مالی تنگی کا شکار کرسکتا ہے اپنے مالی معاملات پر نظر ثانی کر لیں ان ایام میں امیگریشن وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں پہلے سے بیرون ملک مقیم افراد کو بھی واپسی کا سفر اختیار کرنا پڑسکتا ہے ہے۔ 4 نومبر کو تیسرے عطارد کا اوج آپ کے سماجی تعلقات کو بہتر بنا رہا ہے آپ ایک بار پھر کاروبار پر بھرپور توجہ دے رہے ہیں عین ممکن ہے اس حوالہ سے آپ کو سفر اختیار کرنا پڑے 5 نومبر کو طالع میں زہرہ کا ہبوط آپ کے بیرون ملک سفر مالی معاملات کو متاثر اور سسرالی عزیزوں سے تعلقات منقطع کرسکتا ہے محتاط رہیں اس کے فوراً بعد خانہ مال میں مریخ کا حضیض اخراجات میں تیزی پیدا کردے گا کسی قریبی عزیز کیوجہ سے یا شراکتی معاملات کی وجہ سے آپ مالی بحران کا شکار ہو سکتے ہیں گرہن آپ کے شراکتی مالی، وراثتی اور شخصی وقار جیسے معاملات کے علاوہ دوستوں کیساتھ بھی کشیدگی پیدا کرسکتے ہیں۔ گرہن کی تواریخ کو جنتری میں سے نوٹ فرمالیں۔ ان ایام میں صدقات اور نماز کسوف وخسوف ضرور ادا کریں۔ تاکہ مشکل صورتحال سے محفوظ رہ سکیں۔

ورد خاص: روزانہ بعداز فجر ایک تسبیح ورد کریں۔

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ (سورہ یوسف آیت 64)

صدقہ: ہر بدھ 500 گرام مونگ ثابت اور ہر ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں یا قبرستان یا بہتے پانی میں ڈال دیں۔

اہم نکات: آپ کے لیے سال 2015ء کی سب سے بڑی اور اہم خبر یہ ہے کہ آپ کا ساڑھے سات سالہ مشکلات کا دور گذشتہ 26 دسمبر کو ختم ہو چکا ہے اب آپ کی زندگی میں نئی اور خوشگوار تبدیلیاں آنا شروع ہوں گی گو کہ تبدیلی کا عمل بہت سُست رفتار ہوگا مگر اندھیرا جتنا بھی گہرا ہو معمولی روشنی بھی اُسے چیر دیتی ہے تیسرے چھٹے کا حاکم مشتری امسال گیارہویں اگست تک منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے خواہشات کی تکمیل میں رُکاوٹیں کھڑی کرتا رہے گا۔ دیگر سیارگان کی افلاکی سیر آپ پر کس طرح اثرانداز ہو رہی ہے آیئے ملاحظہ فرمایئے۔

صحت: آپ کے بیت الصحت کا حاکم مشتری گذشتہ سال سے حالتِ طرح میں رہتے ہوئے آپ کی صحت کو متاثر کر رہا ہے اور ابتدائے سال سے ہی رجعت میں رہتے ہوئے مزید خرابی پیدا کر رہا ہے۔ اس پر مزید ستم 14 مارچ تا یکم اپریل عطارد کی چھٹے ہبوطی کیفیت ہوگی اب آپ کی صحت بوجہ سحر متاثر ہوسکتی ہے محتاط رہیں اور جسمانی کے ساتھ روحانی تدارک کی جانب بھی توجہ دیں۔ مشتری 12 اگست تک حالت طرح میں رہتے ہوئے آپ کی صحت کو متاثر کرتا رہے گا بعد از اگست حالات قدرے بہتر ہوں گے۔

منگنی شادی: ابتدائے سال 13 جنوری تک بوجہ مریخ اور 21 جنوری تا 19 فروری بوجہ شمس اول تو آپ کی منگنی کے امکانات انتہائی کم ہوں گے اگر ایسا ہوا بھی تو بات زیادہ دیر چل نہ پائے گی۔ 15 مارچ تا 2 اگست پانچویں کا حاکم رجعت میں رہتے ہوئے رُکاوٹ پیدا کرتا رہے گا۔ بات آخری لمحات میں ختم ہو جائے گی بعد از اگست حالات بہتر ہوں گے آپ کی بات بن سکتی ہے۔ امسال آپ کی شادی ہونے کے قوی امکانات موجود ہیں اس حوالہ سے 20 فروری تا یکم اپریل 9 اگست تا 13 نومبر کا عرصہ موافق ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ ایسی تقریبات کے انعقاد سے گریز کریں وگرنہ مابین علیحدگی ہوسکتی ہے۔

سماجی تعلقات: میزان افراد کے لیے سماجی تعلقات خاص اہمیت رکھتے ہیں۔ امسال اگست تک بالعموم اور 9 اپریل تک بالخصوص آپ کو محتاط روی اختیار کرنا ہوگی۔ یکم اپریل تا 13 مئی آپ کے مزاج میں تیزی کا عنصر غالب رہے گا محتاط رہیں بعد از 12 اگست انشاء اللہ آپ کے تعلقات بہتر رہیں گے امسال طالع میں راہو کی موجودگی آپ کو آپ کی خود اعتمادی میں اضافہ کر رہی ہے مگر زیادہ خود اعتمادی بھی نقصان دہ ہوگی۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: بچوں کے حوالہ سے آپ کو ابتدائے سال تا 19 فروری خاص احتیاط کرنا ہوگی۔ آپ کے بچے آپ کی خصوصی توجہ کے طالب ہوں گے۔ بے اولاد میزان افراد کو اس سال اولاد کی نوید مل سکتی ہے۔ وہ میزان خواتین جو اُمید سے ہیں اُنہیں وسط مارچ تا اگست خاص احتیاط کرنا ہوگی۔ بعد ازاں حالات انشاء اللہ بہتر ہوں گے انعامی سکیموں میں حصہ لینے والے میزان افراد کو امسال کی ایک مواقع میسر ہوں گے۔

تعلیمی کیرئیر: ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے میزان بچوں کے لیے یہ سال وسط اگست تک کچھ بہتر نہ ہوگا آپ کو تعلیم پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہوگی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے میزان افراد کو ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا آپ کو 14 مارچ تا یکم اپریل، 15 اپریل تا 2 مئی، 28 اگست تا 3 نومبر ایجوکیشن پر خاص توجہ دینا ہوگی۔ آپ ارتکاز کی کمی کا شکار ہو رہے ہیں۔ ان ایام میں تبدیلی یا اہم فیصلوں سے گریز کریں۔

سفر: امسال آپ کو گذشتہ کی نسبت کم نزدیکی سفروں سے واسطہ رہے گا۔ اگست تک اگر سفر ضروری ہو تو سفر سے قبل صدقہ ضرور ادا کریں۔ بعد از اگست حالات بالکل مختلف ہوں گے۔ بیرون ملک سفر اور ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے کے لیے یکم اپریل تا 15 اپریل 2 مئی تا 9 جولائی 9 تا 28 اگست 3 تا 21 نومبر کا عرصہ بہتر ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں تا کہ وقت اور روپیہ کے ضیاع سے بچ سکیں۔

شراکتی ازدواجی تعلقات: گذشتہ دسمبر سے آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات متاثر چلے آرہے ہیں۔ امسال بھی وسط فروری تک حالات ناگفتہ بہہ ہوں گے 20 فروری تا یکم اپریل حالات میں بہتری متوقع ہے مگر یہ عارضی بہتری ہوگی بعد از یکم اپریل حالات ایک بار پھر خراب ہو رہے ہیں آپ کے ذہنی دباؤ میں دِن بدن اضافہ ہو رہا ہے یہ سلسلہ 25 جون تک چلے گا۔ 25 جون تا 9 اگست کا عرصہ آپ کے لیے انتہائی دشوار ہوگا آپ کو انتہائی تحمل اور بردباری کا مظاہرہ کرنا ہوگا وگرنہ آپ کے مابین علیحدگی ہو سکتی ہے بعد از 9 اگست تا 13 نومبر حالات بہتر ہوگا اور 13 نومبر تا آخر دسمبر کا عرصہ بھی آپ کی مشکلات میں اضافہ کر رہا ہے۔

معیشت کیریئر روزگار: آپ کے کیریئر روزگار سے متعلقہ ستارہ قمر ایک تیز رفتار ستارہ ہے اور ہر ماہ اچھی بُری دونوں طرح کی حالاتوں سے گذرتے ہوئے آپ کے کیریئر روزگار پر مثبت منفی اثرات مرتب کرتا ہے اگر آپ قمر کی حالتوں سے گذرتے ہوئے آپ کے کیریئر روزگار پر مثبت منفی اثرات مرتب کرتا ہے اگر آپ قمر کی حالتوں کو جنتری میں دیکھ کر کاروباری یا کیریئر کے حوالہ سے فیصلے کریں تو انشاء اللہ مثبت نتائج برآمد ہونگے۔ امسال 4 اپریل کو طالع میں قمری گرہن کاروباری معاملہ میں غلط فیصلہ کروا سکتا ہے۔ 22 جون تا 24 جولائی کیریئر کے گھر شمس کی موجودگی آپ کے کیریئر میں بہتری کا باعث ہوگی۔ مگر اسی دوران 25 جون تا 9 اگست اسی جگہ مریخ کی منفی پوزیشن آپ کو بُری طرح متاثر بھی کر سکتی ہے۔ اِن اچھی بُری دونوں صورتحال میں محتاط روش اختیار کرنا ضروری ہوگا۔ دوسرا قمری گرہن 28 ستمبر کو بیت الزوج میں لگے گا آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات بھی خراب ہو سکتے ہیں اور وہ میزان افراد جو شراکت داری میں کام کر رہے ہیں اُنہیں خاص طور پر احتیاط کرنا ہوگی۔

خصوصی احکامات: جیسا کہ آپ اولین سطور میں پڑھ چکے ہیں آپ کی ساڑھ ستی ختم ہو چکی ہے اور حالات بہتری کی جانب گامزن ہیں مگر زحل ایک بار پھر رجعت کرتا ہوا خانہ مال میں آئے گا یہ دورانیہ مالی بحران کا شکار کر سکتا ہے۔ اس لیے فی الحال محتاط روش اختیار کرنا مناسب ہوگا۔ آیئے اب دیگر سیارگان کے شرف و ہبوط کا جائزہ لیتے ہیں۔ 9 جنوری کو چوتھے شمس کا حضیض پراپرٹی سے متعلق آپ کی اُمیدوں پر پانی پھیر سکتا ہے خاندان کے افراد کے ساتھ تعلقات بگڑ سکتے ہیں والدہ کی جانب سے پریشانی آسکتی ہے۔ 17 فروری کو چھٹے طالع کا حاکم شرفیاب ہونے سے آپ کی خود اعتمادی میں اضافہ ہو رہا ہے ملازم پیشہ افراد کو بہتر ملازمت مل سکتی ہے آپ کی صحت پر بھی مثبت اثرات مرتب ہوں گے شراکتی مالی یا وراثتی معاملات کی جانب سے بھی کوئی خوشخبری مل سکتی ہے۔ 22 مارچ کو چھٹے عطارد کا ہبوط آپ کی صحت اور جاب دونوں کے لیے انتہائی نقصان دہ ہو سکتا ہے۔ گفتگو میں محتاط رہیں آپ کی کسی غلطی کی وجہ سے جاب جا سکتی ہے آپ کی صحت بوجہ سمر متاثر ہو سکتی ہے۔ اِن ایام میں بیرون ملک سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں۔ 8 اپریل کو ساتویں شمس کا شرف آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات میں خاصی بہتری پیدا کر دے گا یہ وقت نکاح شادی کے لیے انتہائی موزوں ہوگا کسی دوست کی جانب سے شراکت داری کی آفر مل سکتی ہے۔ 17 اپریل کو آٹھویں عطارد کا حضیض آپ کو مالی شراکتی بے قاعدگی میں انوالو کر سکتا ہے محتاط رہیں وگرنہ یہ ہنڈیا بیچ چوراہے پھوٹ جائے گی 30 اپریل کو آپ کا اپنا ستارہ ناویں اوج میں آنے سے سُسرالی عزیزوں سے تعلقات میں بہتری آئے گی آپ کی توقیر میں اضافہ ہو رہا ہے شراکتی وراثتی حوالہ سے کامیابی مل سکتی ہے 11 جولائی کو کیریئر کے گھر شمس کا اوج آپ کے کاروبار میں ترقی کا باعث ہوگا اس حوالہ سے دوستوں کا بھرپور تعاون میسر رہے گا ملازم پیشہ افراد کو بھی کیریئر کے حوالہ سے بہتری مل سکتی ہے۔ 4 اگست کو دوسرے ساتویں کا حاکم کیریئر کے گھر ہبوط زدہ ہو گا آپ کو کاروباری حوالہ سے مالی نقصان کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ بالخصوص وہ افراد جو شراکت داری میں کاروبار کر رہے ہیں اُنہیں احتیاط کرنا ہوگی۔ عین ممکن ہے آپ کو شراکت داری ختم کرنا پڑے۔ اِن ایام میں آپ کی ازدواجی زندگی بھی خطرات سے دوچار ہوگی آپ کی پریشانی کی وجہ سسرالی مداخلت یا مالی معاملات ہو سکتے ہیں۔ 16 اگست کو بارہویں عطارد کا شرف امیگریشن کے حوالہ سے کوئی اچھی خبر لا سکتا ہے اعلیٰ تعلیم کے حصول اور بیرون ملک سفر کے لیے یہ بہترین موقع ہے مگر محتاط رہیں آپ کے خفیہ دشمن بھی مضبوط ہو رہے ہیں۔ 6 ستمبر کو دوسرے ساتویں کا حاکم مریخ گیارہویں اوج میں آنے سے آپ کی مالی مشکلات دور ہو رہی ہیں آپ کو ایک بار پھر نئی شراکت داری کی آفر مل رہی ہے خاہشمند افراد کی شادی ہو سکتی ہے ان ایام میں کی گئی شادیاں آپ کے کیریئر کے لیے بہترین ثابت ہوں گی یہ آپ کی خواہشات کی تکمیل کا وقت ہے۔ 11 اکتوبر کو طالع میں شمس کا ہبوط دوستوں سے اختلافات پیدا کر سکتا ہے محتاط رہیں وگرنہ آپ کا سماجی وقار مجروح ہو سکتا ہے یہ ہبوط آپ کی خواہشات کی تکمیل میں رُکاوٹ بن سکتا ہے۔ 4 نومبر کو خانہ مال میں عطارد کا اوج ایک بار پھر بیرون ملک سفر کی راہ ہموار کر رہا ہے امیگریشن سے متعلقہ معاملات پایہ تکمیل کو پہنچ سکتے ہیں آپ کو بیرونِ ملک سے مالی امداد مِل سکتی ہے آپ مالی منافعت بارے نئے پلان بنا رہے ہیں۔ 5 نومبر طالع کا حاکم بارہویں ہبوط پذیر ہونے سے آپ کے مخالفوں کو آپ کے ہاتھوں رُسوائی کا سامنا ہوگا گو کہ نقصان آپ کا بھی ہوگا مگر وزن اُدھر زیادہ رہے گا۔ اس کے علاوہ شراکتی وراثتی مالی معاملات بھی آپ کی پریشانیوں میں اضافہ کا باعث ہوں گے۔ 28 دسمبر کو طالع میں مریخ کا حضیض آپ کے وقار میں کمی کا باعث بن سکتا ہے آپ کے شراکتی ازدواجی آپ کی پریشانیوں میں اضافہ کر رہے ہیں آپ

کے مالی معاملات کی وجہ سے بھی آپ کی شہرت میں کمی واقع ہو رہی ہے لین دین میں محتاط رہیں خود پر قابو رکھیں مزاج کی تیزی نقصان کا باعث ہوگی۔ اس سال کے تقریباً تمام اہم واقعات سے آپ کو مطلع کر دیا ہے امید کرتا ہوں ان کی روشنی میں آپ اس سال کے لیے بہتر پلاننگ کر سکتے ہیں۔

وردِ خاص: روزانہ ایک تسبیح بعد از فجر ورد کریں بمعہ اول و آخر 11/11 مرتبہ درود

اَللّٰھُمَّ یَارَزَّاقُ بِالرِّزْقِ وَالرِّزْقُ فِیْ رِزْقِ رِزْقِکَ یَارَزَّاقُ

صدقہ: ہر منگل 900 گرام دال مسور یا بکرے کی کلیجی کسی مستحق کو دیں یا جانوروں پرندوں کو ڈال دیں۔

برج: عقرب **SCORPIO** **سیّارہ:** مریخ

رنگ: نیلا، سرخ
عنصر: آبی
جواہر: پکھراج، عقیق، موتی
بہترین شریک حیات: حوت، سرطان
ناموافق ساتھی: دلو، ثور، اسد
بیماریاں: سر، حلق وناک کی بیماریاں، پیچش، نزلہ، معدہ
دن: منگل **عدد:** 9 **24 Oct to 22 NOv** **حروف:** ن، ذ، ض، ظ

اہم نکات: آپ گذشتہ سال 26 دسمبر سے ساڑھ ستی کے تیسرے اور آخری دور میں داخل ہو چکے ہیں۔ خانہ مال کا حاکم مشتری اگست تک کیریئر کے گھر حالت طرح میں رہتے ہوئے مشکلات میں اضافہ کر دے گا۔ طالع کا حاکم ستارہ مریخ بھی سال کا زیادہ عرصہ منفی پوزیشن میں رہے گا اور جولائی میں ہبوط پذیر بھی ہوگا اس طرح آپ کی مشکلات میں مزید اضافہ ہو سکتا ہے۔ دیگر سیارگان کی افلاکی سیر آپ پر کیا اثرات مرتب کر رہی ہے آیئے ملاحظہ فرمائیے۔

صحت: امسال آپ کی صحت پر ملے جُلے اثرات مرتب ہو رہے ہیں آغازِ سال تا 20 فروری بیت الصحت کا حاکم مریخ منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے منفی اثرات مرتب کرے گا صحت کا خاص خیال رکھیں۔ 20 فروری تا 30 مارچ مریخ خود بیت الصحت میں رہتے ہوئے صحت کو بہتری کی جانب مائل کر دے گا یکم اپریل تا 25 جون کا عرصہ بھی صحت کو متاثر کر رہا ہے۔ 25 جون تا 9 اگست آپ کو اپنی صحت پر خاص طور پر توجہ دینا ہوگی خدانخواستہ سرجری وغیرہ سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ 9 اگست تا 13 نومبر کا عرصہ صورتحال بہتر رہے گی۔ 13 نومبر تا آخر سال آپ کی صحت ایک بار پھر خطرات سے دوچار رہ سکتی ہے۔

منگنی، شادی: امسال آپ کی منگنی نسبت طے ہونے کے امکانات تو ہیں مگر دُرست وقت کا انتخاب ہی ایک دیرپا رشتے کی بنیاد بن پائے گا۔ 28 جنوری تا 21 فروری آپ کی بات طے پانے کے قوی امکانات ہوں گے۔ مگر 14 مارچ تا یکم اپریل آپ کی منگنی افواہوں اور غلط فہمیوں کا شکار ہو سکتی ہے۔ اِن ایام میں نئی بات طے کرنے سے قطعی گریز کریں۔ امسال نکاح شادی کے حوالہ سے 4 جنوری تا 21 فروری 18 مارچ تا 8 مئی 6 جون تا 19 جولائی 9 نومبر تا 6 دسمبر کا عرصہ موافق ہوگا مگر نومبر دسمبر میں ایام عزا کو ضرور ملحوظ خاطر رکھیں اِن ایام میں خوشی کی تقریبات سے گریز کریں۔

سماجی تعلقات: آپ کے سماجی تعلقات کا حاکم ستارہ زحل گو کہ امسال ابتداء سے اوج کے گھر رہتے ہوئے آپ کے تعلقات میں بہتری پیدا کرے گا مگر 21 جنوری تک تیسرے شمس کا حضیض آپ کے تعلقات میں بگاڑ پیدا کر سکتا ہے اس کی بڑی وجہ آپ کے کاروباری معاملات بھی ہو سکتے ہیں۔ 15 مارچ تا 2 اگست زحل کی رجعت ایکبار پھر آپ کے لیے امتحانی دور کا آغاز کر دے گی گذشتہ سالہ دور میں ساڑھ ستی اور طالع میں زحل کی موجودگی نے آپ کے سماجی تعلقات پہلے ہی محدود کر دیئے ہیں۔ دوسری جانب آپ کا اپنا حاکم ستارہ مریخ بھی 20 فروری تا یکم اپریل اور 9 اگست تا 13 نومبر بہتر صورتحال میں ہوگا اور سعد اثرات مرتب کرے گا۔ باقی تمام عرصہ اس کی منفی پوزیشن آپ کے سماجی وقار میں کمی کا باعث ہوگی کبھی شراکتی تو کبھی وراثتی معاملات اور کبھی سرالی عزیزوں سے اختلاف الغرض یہ سال اس حوالہ سے بہتر نہ ہوگا۔

اولاد انعامی بانڈ لاٹری: بے اولاد عقرب حضرات کو امسال اولاد کی نوید مل سکتی ہے مگر وہ عقرب حاملہ خواتین جو پہلے سے اُمید سے ہیں یا بعد میں اُمید بن ہی ہے اُنہیں ابتدائے سال تا 9 اپریل بالخصوص اور وسط اگست تک بالعموم اپنے بچے پر خاص توجہ دینا ہوگی وگرنہ معاملات بگڑنے کا اندیشہ موجود ہے عقرب افراد کو اپنے بڑے بچوں کی جانب سے بھی انہی ایام میں مشکلات سے واسطہ پڑ سکتا ہے انعامی سکیموں میں حصہ لینے والے عقرب افراد کے لیے یہ سال کچھ خاص بہتر نہ ہوگا آپ کے لیے بہتر ہوگا کہ آپ صرف آخری 4 ماہ قسمت آزمائی کریں۔

تعلیمی کیریئر: ابتدائی تعلیم حاصل کرنے والے عقرب بچوں کو سال کے پہلے 8 ماہ اور بالخصوص پہلے ماہ مشکل صورتحال کا سامنا رہے گا اس سلسلہ میں زحل سے منسوبہ صدقہ اور اسم اعظم ورد کرنا بہتر ہوگا اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے والے افراد کو 25 جون تا 9 اگست پریشانیوں سے واسطہ پڑ سکتا ہے باقی سارا سال انشاءاللہ بہتر گزرے گا۔

سفر: گو کہ امسال نزدیکی سفروں کے حوالہ سے آپ کو کئی ایک مواقع میسر آئیں گے مگر اکثر سفر بے نتیجہ ثابت ہوں گے اور اکثر عین آخری لمحات میں پروگرام ملتوی ہو سکتا ہے محتاط رہیں اور زیادہ سے زیادہ صدقہ دیں۔ بیرون ملک سفر کے خواہشمند افراد کو امسال کئی ایک مواقع ملیں گے مگر اگست تک کاروباری سلسلہ میں اختیار کیے گئے سفر حسب خواہش ثمرات کے حامل نہ ہوں گے۔ اس کے علاوہ 25 جون تا 9 اگست ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں اور 13 نومبر تا آخر دسمبر امیگریشن وغیرہ بالکل اپلائی نہ کریں پہلے سے مقیم افراد کو بھی واپسی کی راہ دیکھنا پڑ سکتی ہے۔

سپر بک ڈپو اینڈ سٹیشنری علمدار چوک اسکردو بلتستان   العارف بک بنک علمدار چوک اسکردو بلتستان   علمی کتاب گھر نزد نیشنل بنک آف پاکستان اسکردو

شراکتی ازدواجی تعلقات: آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات امسال ملے جُلے رہنے کا امکان ہے آپ کے لیے 28 جنوری تا 20 فروری 18 مارچ تا یکم اپریل 6 جون تا 19 جولائی 9 نومبر تا 6 دسمبر کا عرصہ موافق رہے گا اِن ایام میں آپ کو نئی شراکت داری کے مواقع بھی میسر آئیں گے اور اپنے ازدواجی تعلقات میں بھی بہتری محسوس کریں گے مگر 24 فروری تا 18 مارچ یکم اپریل تا 5 جون 19 جولائی تا 8 نومبر مشکلات کا سامنا بھی رہے گا آپ کو انتہائی محتاط روش اختیار کرنا ہوگی جلد بازی یا جذباتیت میں کوئی فیصلہ نہ کریں وگرنہ مابین علیحدگی ہوسکتی ہے۔

معیشت کیرئیر روزگار: اب آپ کے لیے روزگار پہلے سے بھی زیادہ اہمیت اختیار کر چکا ہے ساڑھ ستی سے لڑتے لڑتے آپ کی معاشی صورتحال دُگرگوں ہوچکی ہے مگر یہ سال بھی آپ کو کچھ خاص کامیابی نہ دے سکے گا۔ خانہ مال کا حاکم کیرئیر کے گھر گذشتہ جولائی سے موجود ہے مشتری کو آپ کے کیرئیر کے گھر حالت طرح سے گذرنا پڑتا ہے اس طرح 12 اگست تک بالعموم اور 9 اپریل تک مشتری کی رجعت کی وجہ سے اور ستم بالائے ستم 19 فروری تک کیرئیر کے حاکم کی منفی پوزیشن آپ کی رہی سہی کمر بھی توڑ دے گی آپ کو امسال سب سے زیادہ توجہ اپنے مالی مسائل پر دینا ہوگی گو کہ اسی دوران اپریل اور جولائی میں کیرئیر کا حاکم بہتر پوزیشن میں ہونے سے ٹھنڈی ہوا کے جھونکے بھی میسر آئیں گے مگر پھر بھی دباؤ زیادہ ہوگا بعد از اگست صورتحال قدرے بہتر رہنے کا امکان ہے۔

خصوصی احکامات: سال 2015ء مجموعی طور پر آپ کے لیے کچھ بہتر نہ ہوگا ایسا آپ کو ڈرانے کے لیے نہیں بلکہ اس لیے بتایا جاتا ہے کہ آپ حالات کا مقابلہ کرنے کے لیے ذہنی طور پر تیار ہوسکیں اچانک پڑنے والی اُفتاد زیادہ نقصان دہ ہوتی ہے۔ آپ ساڑھ ستی کے تیسرے اور آخری دور میں داخل ہو چکے ہیں اب آپ کو ہر قدم محتاط روی سے رکھنا ہوگا۔ کیونکہ آپ کی قوت مدافعت کافی کمزور ہو چکی ہے جن افراد نے ساڑھ ستی کا روحانی تدارک کر لیا تھا وہ پھر بھی قدرے آسودہ رہ سکیں گے مگر جن لوگوں نے تاحال کوئی حفاظتی تدبیر اختیار نہیں کی اُنہیں مخلصانہ مشورہ ہے کہ اب ضرور کرلیں الغرضی از حد نقصان دہ ثابت ہوگی۔ آیئے اب ایک نظیر اس سال ہونے والے شرف و ہبوطِ سیارگان پر نظر ڈالتے ہیں۔ 9 جنوری کو دسویں کا حاکم تیسرے حالت حضیض میں ہوگا۔ اپنی کاروباری مصروفیات محدود کریں عزیز و اقارب آپ کی توجہ کے طالب ہوں گے سفر سے گریز بہتر ہوگا۔ 17 فروری کو پانچویں زہرہ کا شرف بچوں کے حوالہ سے خوشخبری مل سکتی ہے امیگریشن اپلائی کرنے کے لیے یہ بہترین وقت ہوگا آپ کی منگنی شادی ہونے کے قوی امکانات موجود ہیں آپ افیئرز میں انوالو نظر آرہے ہیں مگر محتاط رہیں یہ آپ کے خلاف کوئی سازش بھی ہوسکتی ہے اس کے فوراً بعد پانچویں گھر عطارد کا ہبوط بچوں کے حوالہ سے پریشانی میں مبتلا کرسکتا ہے۔ آپ کی منگنی افواہوں یا غلط فہمیوں کی بنا پر ختم ہوسکتی ہے شراکتی مالی معاملات میں بے قاعدگیوں سے واسطہ پڑ سکتا ہے دوستوں سے وابسطہ امیدیں شکستہ ہوسکتی ہیں کسی کی بھی دل آزاری سے گریز کریں محتاط اور کم از کم گفتگو بہتر ہوگی 8 اپریل کو چھٹے شمس کا شرف آپ کے کیرییٔر روزگار کے لیے سال کا سب سے بہترین وقت ہوگا ملازم پیشہ افراد کو بہترین جاب کی آفر ہوسکتی ہے جو آپ کا کیرییٔر بنانے میں مددگار ثابت ہوگی۔ آپ کی صحت پر مثبت اثرات مرتب ہو رہے ہیں مگر محتاط رہیں آپ کے مخالفین کی تعداد میں بھی اضافہ ہو رہا ہے۔ 17 اپریل کو ساتویں عطارد کا حضیض آپ کے شراکتی ازدواجی معاملات کو متاثر کر رہا ہے آپ کے مابین وجہ تنازعہ مالی معاملات بن سکتے ہیں اس کے علاوہ آپ کو وراثتی معاملات میں بھی پریشانیوں کا سامنا ہوگا دوستوں سے بحث تکرار سے گریز کریں اب آپ کی خواہشات کی تکمیل مشکل ہوگی۔ 30 اپریل کو ساتویں زہرہ کا اوج آپ کے مابین جاری کشیدگی کا خاتمہ کر دے گا وراثتی مقدمات کا فیصلہ آپ کے حق میں ہوسکتا ہے، امیگریشن کے حوالہ سے بھی اچھی خبر مل سکتی ہے کئی افراد بیرون ملک مستقل قیام کے لیے شادی کر رہے ہیں۔ 11 جولائی کو طالع کا حاکم ناویں ہبوط میں ہوگا آپ کے بیرون ملک سفر کی راہیں مسدود ہو رہی ہیں اِن ایام میں آپ کی صحت اور جاب دونوں خطرے میں ہوں گی جلد بازی سے گریز کریں آپ قنوطیت کا شکار ہو رہے ہیں ضد آپ کی عزت توقیر میں کمی کا باعث ہوگی۔ 18 اگست کو گیارہویں عطارد کا شرف آپ کی خواہشات کی تکمیل میں معاون ہوگا شراکتی مالی معاملات میں بہتر نتائج کا حصول ممکن ہوگا۔ آپ کے دوستوں کا دائرہ وسیع ہو رہا ہے۔ 6 ستمبر کو کیرییٔر کے گھر مریخ کا اوج آپ کے کیرئیر اور روزگار پر انتہائی سعد اثرات مرتب کر رہا ہے آپ کافی مطمئن نظر آرہے ہیں کاروباری اور ملازم پیشہ دونوں افراد کے لیے یہ اوج یکساں سودمند ہوگا ملازم پیشہ افراد کو ترقی جبکہ ذاتی کاروبار کرنے والے افراد کو نئے کاروباری معاہدے مل سکتے ہیں 11 اکتوبر کو کیرییٔر کا حاکم ستارہ بارہویں ہبوط پذیر ہوگا۔ اپنے کاروباری معاملات کا ازسرنو جائزہ لیں بالخصوص وہ افراد جن کے مفادات بیرونی ممالک سے وابسطہ ہیں کیرییٔر کے حوالہ سے کوئی نیا فیصلہ سودمند نہ ہوگا۔ 4 نومبر کو طالع میں عطارد کا اوج آپ کی عزت توقیر اور سوجھ بوجھ میں اضافہ کر دے گا 5 نومبر کو گیارہویں زہرہ کا ہبوط آپ کے سماجی تعلقات کو متاثر کرسکتا ہے اس کے علاوہ آپ کی خواہشات کے عین برعکس آپ کے شراکتی ازدواجی تعلقات بھی متاثر ہو رہے ہیں محتاط رہیں وگرنہ مابین علیحدگی ہوسکتی ہے۔ 28 دسمبر کو بارہویں مریخ کا حضیض آپ کو اپنے خفیہ دشمنوں پر برتری دلا دے گا مگر آپ کو بھی ذہنی آزار کا سامنا رہے گا آپ کی شہرت متاثر ہوسکتی ہے اِن ایام میں اپنی جاب پر خصوصی توجہ دیں تاکہ مشکلات سے محفوظ رہ سکیں امسال ہونے والے قمری گرہن آپ کی منگنی، اضافی آمدن اور بچوں کے معاملات کے ساتھ ساتھ آپ کی خواہشات کی تکمیل کے حوالہ سے بھی آپ کی پریشانیوں میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ آخر میں ایک بار پھر آپ کو سختی سے تاکید کی جاتی ہے کہ ساڑھ ستی کا روحانی تدارک ضرور کریں۔ دُنیاوی معاملات کے ساتھ ساتھ اپنی توجہ رُوحانی معاملات پر بھی مرکوز کریں

عالم اسباب اُس وقت تک فائدہ نہ پہنچا سکے گا جب تک مسبب الاسباب کا ساتھ نہ ہو۔

وردِ خاص: روزانہ بعد از فجر اور عشاء 9 مرتبہ دُعاءِ رِدِّ نحوست پیارگان ورد کریں اور فجر میں ایک تسبیح سورۂ شوریٰ آیت 19 تلاوت کریں۔

صدقہ: ہر ہفتہ 800 گرام کالے ماش کسی مستحق کو دیں کسی قبرستان میں ڈال دیں۔

برج: قوس **SAGITARIUS** **سیارہ:** مشتری

رنگ: سفید، سبز
عنصر: آتشی
جواہر: فیروزہ، حجر القمر
بہترین شریک حیات: حمل، اسد
ناموافق ساتھی: حوت، جوزا، سنبلہ
بیماریاں: عرق النساء، حادثات کی چوٹیں، ہاضمے کی خرابیاں
دن: جمعرات **عدد:** ۳ 23 Nov to 22 Dec **حروف:** ف

اہم نکات: آپ ساڑھ ستی کا پہلا ڈھائی سالہ دور گذار کر دوسرے ڈھائی سالہ دور میں داخل ہو چکے ہیں اس دور کا آغاز 26 دسمبر 2014ء سے ہوا ہے۔ مجموعی طور پر ساڑھ ستی کے تین $2\frac{1}{2}$ سالہ ادوار ہوتے ہیں۔ اب آپ کو ہوا کے رُخ کا کچھ اندازہ ہو چکا ہے۔ یہ ڈھائی سالہ دور گذشتہ کی نسبت سخت دور ہوگا۔ گذشتہ وسط سال سے آپ کا اپنا حاکم ستارہ بھی حالتِ طرح میں ہے اور 19 اپریل تک رجعت میں بھی رہے گا۔ آپ کی مقبولیت میں کمی واقع ہو رہی ہے یہ سلسلہ اگست تک چلے گا دیگر سیارگان کے مشرف وہبوط اور شمسی وقمری گرہن آپ کے زائچہ پر کیا اثرات مرتب کر رہے ہیں اس کا جائزہ اگلی سطور میں ملاحظہ فرمائیں۔

صحت: امسال آپ کو صحت کے حوالہ سے ملے جلے حالات کا سامنا رہے گا۔ سال کی ابتدا میں صحت اچھی نظر آ رہی ہے 21 فروری تا 18 مارچ صحت خراب ہو سکتی ہے 15 اپریل تا 2 مئی گو کہ یہ دورانیہ مختصر ہے مگر صحت کی جانب سے الغرض نہ کریں آپ اعصابی نظام میں خلل کا شکار ہو سکتے ہیں اس کے علاوہ آپ کی سحت بوجہ سحر متاثر ہونے کے بھی امکانات ہوں گے اسی طرح 19 جولائی تا 9 نومبر اور 6 تا 31 دسمبر کا عرصہ بھی آپ کی صحت کے لیے بہتر نہ ہوگا، آپ کی صحت خصوصی توجہ کی طالب ہوگی۔

منگنی، شادی: 2015ء میں آپ کی منگنی تو ہو سکتی ہے مگر سال میں کئی ایک دورانیے ایسے بھی ہوں گے جب آپ کی منگنی ختم ہو سکتی ہے۔ اس حوالہ سے آپ کے لیے صرف 20 فروری تا یکم اپریل 9 اگست تا 13 نومبر کا عرصہ موافق ہوگا باقی کے دورانیے میں ایسی تقریبات یا معاہدات سے گریز کریں اسی طرح شادی کے حوالہ سے بھی درست وقت کا انتخاب ضروری ہوگا۔ آپ کے لیے یکم تا 15 اپریل 2 مئی تا 7 جولائی 8 تا 28 اگست کا عرصہ بہتر ہوگا بتائے گئے عرصہ کے علاوہ تمام ایام میں گریز کرنا بہتر ہوگا طالع میں زحل بھی موجود ہوگا جو کہ بیت الزوج کو مقابلہ کی نظر سے دیکھ رہا ہے اس لیے گریز بہتر ہے۔

سماجی تعلقات: ساڑھ ستی کے دور میں اپنی سوشل لائف کو بچانا کسی مرحلے کو سر کرنے سے کم نہیں اور جیسا کہ گزشتہ سطور میں بتایا جا چکا ہے امسال زحل طالع میں موجود ہوگا گو کہ یہ زحل کے اوج کا گھر ہے مگر وسط مارچ تا 2 اگست زحل کی رجعت اور بارہویں موجودگی آپ کی مشکلات میں اضافہ کر سکتی ہے۔ دوسری جانب گیارہویں راہو کی موجودگی دوستوں کے ساتھ تعلقات کشیدہ رکھے گی۔ اب یہ امتحان کا وقت ہے اور کامیابی صرف اور صرف تدبر اور تدبیر سے مل سکے گی۔

اولاد، انعامی بانڈ، لاٹری: آپ کے بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مریخ امسال زیادہ عرصہ منفی پوزیشن میں رہتے ہوئے بچوں کے حوالہ سے آپ کو پریشانیوں میں مبتلا رکھے گا۔ آغازِ سال تا 20 فروری اور یکم اپریل تا 9 اگست اور اس میں 25 جون تا 9 اگست کا عرصہ آپ کے لیے شدید دباؤ کا وقت ہوگا۔ آپ کو بچوں پر خاص توجہ دینا ہوگی اس کے علاوہ 13 نومبر تا آخر سال کا دورانیہ بھی مشکل وقت ثابت ہو سکتا ہے۔ بتائے گئے عرصہ میں حاملہ خواتین کو خاص الخاص احتیاط برتنا ہوگی وگرنہ خدانخواستہ آپ کو سرجری سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ انعامی سکیموں میں حصہ لینے والے افراد کے لیے 9 اگست تا 13 نومبر کا عرصہ موافق ہوگا۔ باقی عرصہ آپ کی اُمیدیں پوری ہوتی نظر نہیں آتیں۔

تعلیمی کیریئر: قوس بچوں کے لیے یہ سال قدرے ملا جلا ہوگا۔ جبکہ اعلیٰ تعلیمات حاصل کرنے والے قوس افراد کو آغازِ سال تا 21 مارچ 22 مئی تا 22 جون اور 24 ستمبر تا 24 اکتوبر مشکل حالات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ اس حوالہ سے صدقات اور ورد وظائف اختیار کرنا بہتر ہوگا۔

سفر: امسال قریبی سفروں کے حوالہ سے یکم تا 13 جنوری 21 جنوری تا 19 فروری سفر سے گریز بہتر ہوگا۔ 15 مارچ تا 2 اگست آپ کے پروگرام آخری وقت ملتوی ہو سکتے ہیں۔ آپ کی طبیعت سفر پر مائل نہ ہوگی اور سفر سے قبل صدقہ ضرور ادا کریں تا کہ مشکلات سے بچ سکیں۔ بیرونِ ملک یا طویل سفروں کے حوالہ سے 21 مارچ تا 22 مئی 22 جون تا 24 ستمبر 24 اکتوبر تا 23 دسمبر کا عرصہ موافق ہوگا۔ بتائے گئے عرصہ کے علاوہ سفر یا ویزہ وغیرہ اپلائی کرنے سے گریز کریں۔

شراکتی ازدواجی تعلقات: سال کی ابتدا میں آپ کے تعلقات انشاء اللہ کافی بہتر رہیں گے۔ 14 مارچ تا یکم اپریل بیت الزوج کا حاکم ہبوط میں ہونے سے آپ کے تعلقات معمولی معمولی باتوں پر خراب ہو رہے ہیں ایک دوسرے بارے مثبت سوچ رکھیں اور بحث وتکرار سے گریز کریں۔ وگرنہ مابین بات بڑھنے سے نوبت علیحدگی تک پہنچ سکتی ہے۔ شراکتی معاملات میں بھی آپ کو تحمل کا مظاہرہ کرنا ہوگا۔ 15 اپریل تا 2 مئی اور پھر 28 اگست تا 3 نومبر کا عرصہ بھی سال کا مشکل دورانیہ ہوگا۔ اپنی طبع کے عین مطابق آپ کو بردباری سے معاملات حل کرنا ہوں گے۔ بتائے گئے عرصہ کے علاوہ انشاء اللہ ماحول خوشگوار رہے گا۔ آپ اپنی ازدواجی زندگی انجوائے کریں گے۔

علی جنرل سٹور اینڈ ایزی پیسہ شاپ ٹمینی چوک جنڈ (اٹک)
کینٹ ہومیو پیتھک سٹور بلاک 7 سرگودھا

معیشت، کیریئر، روزگار: ساڑھ ستی کے مشکل ترین دور میں آپ کے کیریئر، روزگار کی اہمیت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ اس لیے اس شعبہ پر اپنی توجہ ہر وقت مرکوز رکھیں سال کا آغاز گو کہ بہتر ہے مگر کیریئر کا حاکم چونکہ ایک تیز رفتار ستارہ ہے اس لیے حالات میں اُتار چڑھاؤ لازمی ہے۔ 14 مارچ تا یکم اپریل کیریئر کا حاکم ہبوط میں ہوگا۔ ان ایام میں اہم فیصلے مؤخر کرنا بہتر ہوگا۔ جلد بازی میں فیصلوں سے گریز کریں۔ دوسری طرف 15 مارچ سے خانہ مال کا حاکم بھی رجعت میں چلا جائے گا اور اگست تک رجعت میں رہتے ہوئے آپ کی معاشی پوزیشن کو کمزور تر کرتا رہے گا۔ قرض وغیرہ لینے دینے سے امسال قطعی گریز کریں اسی طرح 15 اپریل تا 2 مئی کا عرصہ بھی محتاط روی سے گذارنا ہوگا۔ 2 مئی تا 8 اگست کا عرصہ بالعموم اور 8 تا 22 اگست تک کا عرصہ بالخصوص آپ کے کیریئر روزگار کے لیے بہتر وقت ہوگا۔ 29 اگست تا 3 نومبر اور 21 نومبر تا 11 دسمبر کا عرصہ بھی احتیاط کا متقاضی ہوگا۔ آپ کو ہر قدم پھونک پھونک کر رکھنا ہوگا کیونکہ غلطی کی گنجائش نہیں ہے۔

